غالب کی خاندانی پنشن اور دیگر امور

سرکاری اسناد و دستاویزات (۱۸۰۵ء تا ۱۸۶۹ء)




غالب: (۱۷۹۷ء تا ۱۸۶۹ء)

نیشنل ڈاکومنٹیشن سنٹر ○ مقتدرہ قومی زبان - پاکستان

غالب کی خاندانی پنشن اور دیگر امور

— سرکاری اسناد و دستاویزات

(۱۸۰۵ء تا ۱۸۶۹ء)



نیشنل ڈاکومنٹیشن سنٹر
مقتدرہ قومی زبان پاکستان

سلسلہ مطبوعات: ۳۳۷
عالمی معیاری کتاب نمبر: ۹۶۹-۴۷۴-۱۸۶-۶ ISBN

نام کتاب: غالب کی خاندانی پنشن اور دیگر امور
---- سرکاری اسناد و دستاویزات

طبع اول: ۱۹۹۷ء

تعداد: ایک ہزار

قیمت: ۳۰۰ روپے

تدوین و حواشی: ڈاکٹر گوہر نوشاہی، معاونت قاضی عزیز الرحمن عاصم

حرف چینی: محمد اسلم، یونیورسل کمپوزنگ سسٹم، اسلام آباد

اہتمام: اجمل وجیہہ

مطبع: ایس ٹی پرنٹرز، گوالمنڈی، راولپنڈی

ناشر: افتخار عارف (صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان، پطرس بخاری روڈ،
ایچ ۸/۴، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

پیش نامہ

غالب کے دو صد سالہ یوم ولادت کی مناسبت سے مقتدرہ قومی زبان اور نیشنل ڈاکو منٹیشن سنٹر کے اشتراک سے "غالب کی خاندانی پنشن اور دیگر امور : سرکاری اسناد و دستاویزات ۱۸۰۵ء - ۱۸۶۹ء" پیش خدمت ہے۔ انیسویں صدی کے ربع اوّل میں مرزا اسداللہ خاں غالب نے کلکتے میں اپنی خاندانی پنشن کا مقدمہ دائر کیا۔ دعویٰ پہلے کلکتے میں اور پھر دہلی میں دائر کیا گیا۔ غالب نے عمر عزیز کے تقریباً سترہ سال اس جدوجہد میں صرف کیے اور آخرکار انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ان سترہ برسوں میں غالب نے جو عرضیاں دیں اور ان کے بارے میں جو رپورٹیں مرتب کیں ان سب کا ریکارڈ کلکتہ، دہلی اور لاہور کے ریکارڈ آفس میں محفوظ ہے۔ ان مسلوں کی کچھ نقلیں انڈیا آفس لائبریری لندن میں بھی موجود ہیں۔ تاریخ ادب میں غالب کی اہمیت کے پیش نظر اہل تحقیق کو ہمیشہ اس مواد کی جستجو رہتی تھی۔ آج سے بیس برس پہلے نیشنل ڈاکو منٹیشن سنٹر کے نگران محترم و مکرم میاں سعداللہ نے پنجاب آرکائیوز، دہلی آرکائیوز اور انڈیا آفس لائبریری لندن وغیرہ کے ذخائر سے تحقیق و جستجو کے بعد ایک سو چھپن ایسی دستاویزات جمع کیں جو غالب کی زندگی کے ایک خاص پہلو اور ایک اہم دور سے تعلق رکھتی تھیں۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے دستاویزات کا یہ مسودہ ۱۹۹۷ء میں مقتدرہ قومی زبان کو اشاعت کی غرض سے دیا گیا تھا۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کی غرض سے مناسب سمجھا گیا کہ انگریزی اور فارسی متن کے ساتھ ان دستاویزات کا اردو ترجمہ شامل ہو اور اس پر ضروری حواشی بھی دیے جائیں۔ اردو کے ممتاز محقق اور مقتدرہ قومی زبان کے شعبہ درسیات کے سربراہ ڈاکٹر گوہر نوشاہی کی نگرانی میں اس کام کو حتمی شکل دی گئی۔

ہمیں یقین ہے کہ سوانح غالب کے حوالے سے اس بکھرے ہوئے مواد کی یکجا اشاعت صاحبان دانش و بینش کے ساتھ عام قارئین کے لیے بھی دلچسپی کا باعث ہو گی۔

افتخار عارف
(مقتدرہ قومی زبان)

نذیر احمد
(نیشنل ڈاکو منٹیشن سنٹر)

مقدمہ

میرزا اسد اللہ خان غالب جن کے نام کی مہروں اور سجعوں میں محمد اسد اللہ خاں بھی موجود ہے، ۸ رجب ۱۲۱۲ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۷۹۷ء کو بدھ کی رات آگرہ میں پیدا ہوئے(۱)۔ ولادت کی تاریخ اس زائچے کے مطابق ہے جو غالب نے اپنے ایک فارسی قصیدے در منقبت سیدا لشہدا حضرت امام حسینؑ میں بیان کی ہے۔ قصیدے کی تمہید یوں ہے:

مگر مرا دل کافر بود شب میلاد
کہ ظلمتش دہد از گور اہل عصیاں یاد

اس قصیدے میں زائچے سے متعلق ۱۸ اشعار ہیں جن کی تشریح سید صمد حسین رضوی، مسلم ضیائی اور مولانا امتیاز علی عرشی کے مقالات میں موجود ہے۔ سلسلہ نسب تور ابن فریدون سے ملتا ہے جو ایران کے عظیم حکمران جمشید کا پوتا تھا۔ ضحاک کے ظلم سے تنگ آکر عوام نے فریدوں کو تخت نشین کیا تھا۔ اس کا بیٹا تو ضحاک ہی کا نواسہ تھا تور اور اس کے ایک بھائی نے ایران سے نقل مکانی کر کے ترکستان میں "توران" کے نام سے ایک نئی سلطنت کی بنیاد رکھی۔ تورانیوں کے اخلاف میں سے ہی ایک گروہ نے سلجوقی سلطنت قائم کی اور سلاجقہ کبیر کے نام سے معروف ہوئے۔ اس خاندان کا بانی طغرل بیگ تھا جس نے اپنے سلسلے کا نام اپنے دادا سلجوق کے نام پر سے وابستہ کیا۔ اسی سلسلے کا ایک بادشاہ بقول غالب برکیاروق تھا اور غالب اسی برکیاروق کی اوالد سے تھے(۲)۔ غالب نے اپنے ایک خود نوشت حالات میں یہ تفصیل یوں بیان کی ہے:

"اسداللہ خاں غالب تخلص قوم کا ترک سلجوقی، سلطان برکیاروق سلجوقی کی اولاد سے۔ اس کا دادا قوقان بیگ خان شاہ عالم کے عہد میں سمرقند سے دلی آیا.... باپ اسداللہ خان مذکور کا عبداللہ بیگ خان دلی کی ریاست چھوڑ کر اکبر آباد میں جا رہا۔ اسداللہ خان اکبر آباد میں پیدا ہوا۔ سال ولادت ۱۲۱۲ ہجری۔(۳)"

۱۔ ذکر غالب ص ۱۸۔

۲۔ بحوالہ "سورج" لاہور دو صد سالہ جشن غالب نمبر اپریل، مئی ۱۹۹۶ء ص ۱۳، ۱۷، ۴۳۔

۳۔ مطبوعہ رسالہ اردو جولائی ۱۹۲۸ء ص ۳۲۸۔

مالک رام نے کلیات نثر غالب' غالب از مہر' درفش کاویانی' اردوئے معلیٰ اور نادرات غالب سے اس اجمال کی تفصیل یوں مرتب کی ہے:

"میرزا غالب کے پردادا قوقان بیگ خان تھے۔ وہ اپنے باپ سے ناراض ہو کر محمد شاہ رنگیلے کے عہد میں سمرقند سے ہندوستان چلے آئے۔ ان کی زبان ترکی تھی اور ہندوستانی بالکل برائے نام جانتے تھے۔ وہ پہلے لاہور میں نواب معین الملک بہادر عرف میر منو کی ملازمت میں داخل ہوئے پھر معین الملک کی وفات پر لاہور سے دہلی پہنچے اور نواب ذوالفقار الدولہ میر نجف خاں بہادر کی سرکار سے وابستہ ہو گئے۔ نواب ذوالفقار الدولہ ہی کے توسل سے وہ شاہ عالم کی سرکار میں پچاس گھوڑے اور نقارہ و نشان سے ملازم ہوئے۔ ایک سیر حاصل پرگنہ پھاسو جو انگریزوں کو سمرو بیگم کی سرکار سے حاصل ہوا تھا' ان کی ذات اور رسالے کی تنخواہ کے لیے مقرر ہوا اور یوں آرام سے بسر ہونے لگی۔ قوقان بیگ خاں کی اولاد میں چار بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں... ہمیں ان میں سے صرف دو صاحبزادوں کے نام معلوم ہیں۔ میرزا عبداللہ بیگ خان اور میرزا نصراللہ بیگ خان۔ یہی میرزا عبداللہ بیگ خان میرزا غالب کے والد بزرگوار ہیں..... میرزا عبداللہ بیگ خان کی ولادت دہلی میں ہوئی(۱)۔

غالب اردوئے معلیٰ کے ایک خط میں اپنے والد کے بارے میں تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"باپ میرا عبداللہ بیگ خاں بہادر لکھنؤ جا کر نواب آصف الدولہ کا نوکر رہا۔ بعد چند روز حیدر آباد جا کر نواب نظام علی خاں کا نوکر ہوا۔ تین سو سوار کی جمعیت سے ملازم رہا۔ کئی برس وہاں رہا۔ وہ نوکری ایک خانہ جنگی کے بکھیڑے میں جاتی رہی۔ والد نے گھبرا کر الور کا قصد کیا۔ راؤ بختاور سنگھ کا نوکر ہوا' وہاں کسی لڑائی میں مارا گیا(۲)

غالب کی والدہ عزت النساء بیگم' میرٹھ سرکار کے ایک فوجی افسر خواجہ غلام حسین کمیدان کی بیٹی تھی اور غالب نے آگرہ کے خداداد خان اور ان کے بیٹے ولی داد خان کے نام ایک خط میں لکھا ہے کہ موصوفہ لکھنا پڑھنا جانتی تھیں۔(۳) مالک رام کے نزدیک یہ خط ۱۸۴۰ء میں لکھا گیا تھا۔(۴) مولانا حالی نے لکھا ہے کہ میرزا غالب کے والد راجہ بختاور سنگھ کی طرفداری میں لڑتے ہوئے گولی کا نشانہ بنے تھے اور راجہ بختاور سنگھ نے ان کی اس جانفشانی کے

۱۔ ذکر غالب' ص ۱۴ تا ۱۵۔

۲۔ اردوئے معلیٰ' مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور۔

۳۔ مطبوعہ زمانہ کانپور جولائی ۱۹۳۶ء' صفحہ ۲۶۔

۴۔ ذکر غالب' حاشیہ ص ۱۶۔

ضلعے میں میرزا عبداللہ بیگ کے دو بیٹوں یعنی میرزا غالب اور ان کے چھوٹے بھائی میرزا یوسف کی پرورش کے لیے دو گاؤں سیر حاصل اور کسی قدر روزینہ مقرر کیا تھا جو ایک مدت تک جاری رہا(۱)۔ میرزا غالب کا عرف میرزا نوشہ تھا۔ ان سے ایک بڑی بہن کا نام چھوٹی خانم تھا جن کی شادی حضرت سرخوش بدخشی کی اولاد میں قبیلہ برلاس کے ایک شخص میرزا جیون کے صاحبزادے میرزا اکبر بیگ سے ہوئی تھی اور ایک بھائی ان سے دو سال چھوٹے تھے جن کا پورا نام میرزا یوسف علی بیگ تھا۔ میرزا عبداللہ بیگ خان کی وفات کے بعد غالب اپنے چچا میرزا نصراللہ بیگ خاں کی سرپرستی میں آئے۔ میرزا نصراللہ بیگ خاں انہیں اولاد کی طرح چاہتے تھے۔ والد کی وفات کے وقت غالب کی عمر پانچ یا چھ برس سے زیادہ نہ تھی۔ چچا کے بارے میں غالب نے اپنے خود نوشت حالات میں لکھا ہے:

> "اس کا (غالب) حقیقی چچا نصراللہ بیگ خاں مرہٹوں کی طرف سے اکبر آباد کا صوبہ دار تھا۔ ۱۸۰۳ عیسوی میں جب جرنیل لیک صاحب اکبر آباد آئے تو نصراللہ بیگ خان نے شہر سپرد کر دیا اور اطاعت کی۔ جرنیل صاحب نے چار سو سوار کا برگیڈیئر کیا اور ایک ہزار سات سو کی تنخواہ مقرر کی۔ پھر جب اس نے اپنے زور بازو سے سونک سونسا دو پرگنے بھرت پور کے قریب ہولکر کے سواروں سے چھین لیے، جرنیل صاحب نے وہ دونوں پرگنے بہادر موصوف کو بطریق استمرار عطا فرمائے مگر خان موصوف جاگیر مقرر ہونے کے دس مہینے کے بعد بمرگ ناگہاں ہاتھی پر سے گر کر مر گیا۔ جاگیر سرکار میں بازیافت ہوئی اور اس کے عوض نقد مقرر ہوئی"(۲)۔

میرزا نصراللہ بیگ خان ۱۸۰۶ء کے ایک معرکے میں لڑتے ہوئے ہاتھی سے گر کر جاں بحق ہوئے۔ غالب نے دوستوں کے نام خطوط میں اس صدمے کو اپنے اور اپنے بھائی کے لیے دوبارہ یتیمی کے مترادف قرار دیا ہے۔ نصراللہ بیگ خان کی وفات کے بعد سرکار انگریزی نے ان کی جاگیر ضبط کر لی اور اس کے عوض ان کے لواحقین کی پنشن مقرر کی جس میں سے مبلغ ڈیڑھ ہزار روپے سالانہ غالب اور اس کے بھائی کے حصے میں آئے اور ان میں سے سات سو پچاس روپے پوری زندگی غالب کو ملتے رہے۔

میرزا غالب کی ابتدائی تعلیم آگرے میں ہوئی ان کے ننھیال چونکہ خاصے خوشحال تھے اس لیے یقین ہے مروجہ تعلیم کی طرف خاطر خواہ توجہ کی گئی ہو گی۔ یادگار غالب میں مولانا حالی نے لکھا ہے کہ غالب نے آگرے میں مولوی محمد معظم سے فارسی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی اور ابتدائی زمانے میں ہی فارسی شعر و سخن کا

۱۔ یادگار غالب، ص ۱۱۔

۲۔ خونوشت حالات کا عکس مطبوعہ اردو جولائی ۱۹۲۸ء، ص ۳۲۸۔ ان بیانات کی وضاحت زیر نظر کتاب میں موجود مختلف دستاویزوں سے ہو گی۔

اعلیٰ ذوق پیدا کر لیا(۱)۔ فارسی زبان و ادب کے رموز و غوامض اور اعلیٰ استعداد بقول غالب، ملا عبدالصمد سے حاصل ہوئی جو ایرانی النسل، یزد کے رہنے والے اصلاً زردشتی تھے لیکن قبول اسلام کے بعد تھوڑی مدت کے لیے آگرہ میں آئے اور غالب کے اتالیق مقرر ہوئے تھے۔ دو برس تک غالب نے ان سے تعلیم حاصل کی۔ غالب کی تصانیف لطائف غیبی اور درفش کاویانی کی رو سے ۱۸۱۱ء میں جب مرزا غالب، ملا عبدالصمد کے شاگرد ہوئے تو ان کی عمر چودہ برس کی تھی(۲)۔ اس وقت تک غالب کی شادی کو تقریباً ایک برس ہو چکا تھا اور وہ عاقل و بالغ قرار پاتے تھے۔ ۷ رجب ۱۲۲۵ھ مطابق ۹ اگست ۱۸۱۰ء کو مرزا غالب کی شادی نواب احمد بخش خاں بہادر والی لوہارو کے چھوٹے بھائی نواب الٰہی بخش خاں معروف کی گیارہ سالہ صاحبزادی امراؤ بیگم سے ہو گئی تھی۔ یہ زمانہ غالب کی زندگی میں عیش و عشرت اور فارغ البالی کا تھا۔ ان میں رئیس زادوں کی وہ تمام عادتیں اور بے اعتدالیاں موجود تھیں جو ایک لاڈ پیار میں پلے بچے اور فارسی محاورے کے مطابق ایک "ناز دانہ" میں ہو سکتی تھیں۔ ان میں سے کچھ عادتیں تو امتداد زمانہ میں دور ہو گئیں لیکن بعض سے تازیست چھٹکارا حاصل نہ ہوا اور غالب کی مالی عسرت اور اقتصادی پریشانیوں کی بنیاد بنی رہی۔

میرزا غالب ۱۸۱۲ء میں آگرے کی سکونت ترک کر کے دہلی آ گئے تھے۔ ان کے ہمراہ ان کے اہل خانہ کے علاوہ ان کے استاد ملا عبدالصمد بھی تھے جنہیں انھوں نے ۱۲۲۸ھ میں دہلی سے رخصت کیا تھا۔ دہلی مغلیہ حکومت کا دارالسلطنت اور پایہ تخت ہونے کے سبب آگرے کی نسبت علمی، ادبی اور اقتصادی وسائل سے زیادہ بہرہ مند تھا اور غالب کو اس ماحول میں اپنے تمام خوابوں کی تعبیر مل سکتی تھی۔ اس کے ساتھ ہی نئی زندگی کے نئے تقاضوں نے مسائل کی جو زنجیر غالب کے لیے تیار کی اس سے انھیں زندگی بھر رہائی نہ مل سکی۔ غالب کی آزادانہ زندگی، فارغ البالی اور عیش کوشی کی عادت زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکی۔ سنجیدگی، متانت، سلامت روی اور شخصیت سازی کی خواہش ان کی زندگی کا محور قرار پائی اور وہ علمی، فکری اور سماجی مناصب میں رفعت اور فتوحات کے زینے چڑھنے لگے۔ البتہ وقت کے ساتھ ساتھ مالی پریشانیوں میں اضافہ ہوتا گیا اور آگرے کی زندگی ان کے لیے خواب بن کر رہ گئی۔

جب تک آگرے میں رہے غالب کو اپنے مالی وسائل اتنے پریشان کن اور حقیر دکھائی نہ دیئے۔ مالک رام کے بقول "انھیں خرچ کی کوئی تنگی نہ تھی بلکہ سچ تو یہ ہے کہ روپے پیسے کی افراط تھی"(۳)۔ دہلی کے ابتدائی ایام بھی زیادہ سخت نہ تھے۔ ساڑھے سات سو روپے سالانہ پنشن نواب احمد بخش خان کی وساطت سے ملتی تھی اور اس کے علاوہ بھی وہ بھائی کا داماد ہونے کے ناطے کچھ نہ کچھ الفت اور حسن سلوک کر دیا کرتے تھے نیز اس وقت تک الور سے بھی تھوڑا بہت مدد معاش کے طور پر پہنچ جاتا تھا۔ غالب کی والدہ زندہ تھیں اور بھی اپنے والد کے وسائل سے

۱۔ یادگار غالب، ص ۱۳۔

۲۔ لطائف غیبی، ص ۳۵ درفش کاویانی ص ۱۸۔

۳۔ ذکر غالب، ص ۳۶۔

کچھ نہ کچھ آگرے سے بھیج دیتی تھیں۔ لیکن آہستہ آہستہ غالب کے اخراجات اور آمدن میں توازن بگڑنے لگا اور غم روزگار کا حصار ان کے گرد تنگ ہونے لگا۔ ڈاکٹر انیس ناگی نے اس صورت حال کی تصویر کشی یوں کی ہے:

"غالب کا لائف سٹائل عام لوگوں سے مختلف تھا۔ انھوں نے اپنی بیگم کی رہائش کے لیے دو مکان کرایے پر لیے ہوئے تھے، چار پانچ نوکر رکھے ہوئے تھے وہ ولائتی کپڑے سے لباس سلواتے تھے۔ انھیں جوا کھیلنے کی عادت تھی۔ ان تمام مصارف کے لیے معقول رقم درکار تھی لیکن غالب کی معیشت کا انحصار ان کے چچا نصراللہ بیگ کے حوالے سے برطانوی پنشن پر تھا۔ جب پنشن کی رقم سے کفالت نہ ہوتی تو وہ کبھی امراؤ بیگم کے زیورات فروخت کر دیتے یا جو کچھ ہاتھ لگتا اسے پار کر دیتے۔ اس سے بھی تسلی نہ ہوئی تو پھر قرض لینا شروع کر دیا۔ اپنی خواہشات پوری کرنے کے لیے وسائل کی ضرورت تھی جو غالب کے پاس نہیں تھے"(۱)۔

اس میں شک نہیں ۱۸۲۸ء کے قریب غالب زندگی کے بدترین مالی بحران میں مبتلا تھے اور تقریباً چالیس سے پچاس ہزار روپے تک قرض ان کے ذمہ تھا جو اس زمانے کے اعتبار سے خطیر رقم تھی۔ غالب کے اس زمانہ عسرت اور تنگدستی کے بارے میں تقریباً سبھی غالب شناسوں نے اظہار خیال کیا ہے۔ غالب کے پاس اس زمانے میں سوائے اس کے کوئی چارۂ کار نہ تھا کہ وہ کسی نہ کسی ذریعے سے اپنی آمدنی میں اضافہ کریں اور قرض خواہوں سے اپنی گلوخلاصی کروائیں۔ مرزا غالب کے علم میں یہ بات تھی کہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو ان کے چچا نصراللہ بیگ خاں کے ورثا کے بارے میں جو شقہ لارڈلیک نے تحریر کیا تھا اور جس کی رو سے پنشن کی رقم نواب احمد بخش خاں کی طرف سے واجب الادا زر استمرار سے منسلک کر دی گئی تھی، اس میں متعلقین نصراللہ بیگ خاں کے لیے دس ہزار روپے سالانہ کی رقم مختص کی گئی تھی لیکن وہ اس بات سے بے خبر تھے کہ لارڈ لیک کا ایک دوسرا شقہ مرقومہ ۷ جون ۱۸۰۶ء بھی نواب موصوف کے پاس تھا جس میں اس رقم کو آدھا یعنی پانچ ہزار روپیہ سالانہ کر دیا گیا تھا اور اسی کی بنا پر غالب اور ان کے خاندان کو پوری رقم ادا نہیں کی جاتی تھی۔ غالب اس بات کے ذمہ دار ہمیشہ نواب احمد بخش خاں کو ٹھہراتے تھے کہ وہ دس ہزار روپے سالانہ ادا نہیں کرتے اور دوسری طرف نواب احمد بخش خاں غالب پر اصل حقیقت واضح کرنے کی بجائے انھیں دلاسے اور استمالے سے مطمئن رکھتے تھے۔ غالب کو پنشن کی تقسیم پر ایک بڑا اعتراض یہ بھی تھا کہ نصراللہ بیگ خاں کے متعلقین میں ایک شخص خواجہ حاجی کو بھی حصے دار بنایا گیا ہے جو موصوف سے دور کی قرابت بھی نہیں رکھتا۔ پنشن کے تعین اور اجراء کے وقت غالب صغیر سن تھے لیکن ہوش سنبھالنے کے بعد انھوں نے کئی مرتبہ نواب احمد بخش خاں سے اس ناانصافی کا تذکرہ کیا کیونکہ وہ انہی کو اس سارے قضیے کا ذمہ دار سمجھتے تھے۔

۱۔ غالب کا مقدمہ پنشن، ص ۷۔

نواب احمد بخش خاں احساس گناہ یا وضع داری یا کسی سیاسی اور ذہنی تحفظ کی بنا پر غالب کو اصل حقیقت سے آگاہ کرنے کی بجائے مستقبل میں ان کے حسب خواہش عمل کرنے کا وعدہ کرتے رہے۔

۱۸۲۶ء میں ان حالات نے ایک نیا رخ اختیار کیا۔ اکتوبر ۱۸۲۶ء میں نواب شمس الدین خاں فیروزپور جھرکہ کے خودمختار نواب مقرر ہوئے اور ان کے والد نواب احمد بخش خاں نے گوشہ گزینی اختیار کی۔ چنانچہ اب غالب کی پنشن کی ادائیگی کا معاملہ نواب احمد بخش خاں کے ہاتھ سے نکل کر ایک ایسے شخص کے اختیار میں چلا گیا جس کے مخالفین سے غالب کے گہرے مراسم تھے اور غالب کو یقین تھا کہ وہ پنشن کی ادائیگی میں ہزار طرح کی مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ دوسرے اسی سال خواجہ حاجی کا انتقال ہو گیا اور غالب کی توقع کے برعکس اور نواب احمد بخش خان کے وعدے کے برعکس پنشن میں مختص خواجہ حاجی کی رقم ان کے دو بیٹوں خواجہ شمس الدین عرف خواجہ جان اور خواجہ بدر الدین عرف خواجہ امان کے نام جاری ہو گئی۔ چنانچہ غالب نے اس تمام صورت حال کو مد نظر رکھتے ہوئے پنشن کی رقم میں اضافے اور اپنے استحقاق کے مطابق پنشن کے حصول کے لیے چارہ جوئی کا فیصلہ کیا۔ وہ اتمام حجت کے لیے پہلے نواب احمد بخش خاں کے پاس آئے اور ان سے داد رسی کی درخواست کی لیکن جب انھیں یقین ہو گیا کہ نواب اس سلسلے میں کچھ نہیں کر پائیں گے تو ناچار خود کلکتہ جا کر مقدمہ دائر کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ ایک طرح سے غالب کے لے جہد للبقا کا مرحلہ تھا۔

غالب اگست ۱۸۲۶ء میں دہلی سے روانہ ہوئے۔ کانپور سے ہوتے ہوئے لکھنؤ پہنچے۔ اہل لکھنؤ نے ان کی تکریم میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ ان کے اعزاز میں بڑے پیمانے پر مشاعرے منعقد کیے۔ درج ذیل اشعار انھی ایام کی یادگار ہیں:

وہاں پہنچ کر جو غش آتا پیہم ہے ہم کو
صدرہ آہنگ زمیں بوس قدم ہے ہم کو

لکھنؤ آنے کا باعث نہیں کھلتا، یعنی
ہوس سیر و تماشا، سو کم ہے ہم کو

مقطع سلسلہ شوق نہیں ہے یہ شہر
عزم سیر نجف و طوف حرم ہے ہم کو

لیے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالب
جادۂ رہ کشش کاف کرم ہے ہم کو

لکھنؤ میں سال بھر قیام کے بعد غالب واپس کانپور آئے اور پھر بنارس، پٹنہ اور مرشد آباد کے راستے بقول مالک رام(۱) ۱۹ فروری اور بقول پرتھوی چندر(۲) ۲۱ فروری ۱۸۲۸ء کو کلکتہ پہنچ گئے۔ اس میں سے کچھ مسافت گھوڑا گاڑی، کچھ کشتی کے ذریعے اور زیادہ گھوڑے پر طے کی گئی۔ اس کی تفصیل غالب نے پنج آہنگ میں شامل خطوط بنام مولوی محمد علی، رائے چھج مل اور علی بخش رنجور وغیرہ میں بیان کی ہے۔ ۲۸ فروری ۱۸۲۸ء کو غالب نے

۱۔ ذکر غالب، ص ۴۲۔

۲۔ جاگیر غالب ص ۴۱

گورنر جنرل با کونسل کو عرضی دعویٰ پر مشتمل اپنی درخواست پیش کی۔ یہ درخواست انڈیا آفس لائبریری لندن سے حاصل کر کے اس کا اردو ترجمہ آنجہانی مالک رام نے پہلی مرتبہ فسانہ غالب میں شامل کیا۔ پرتھوی چندر کے ہاں اس کا متن نہیں ہے لیکن انھوں نے جاگیر غالب کے تعارف میں اس کا خلاصہ درج کیا ہے۔ زیر نظر کتاب میں اس دستاویز کا پورا انگریزی متن اور ترجمہ شامل ہے۔ موجودہ صورت میں یہ دستاویز ۲ مئی ۱۸۲۸ء کو سیاسی روئداد کے طور پر قلمبند کی گئی تھی اور یہ نیشنل آرکائیوز دہلی شعبہ سیاسی کی روئداد نمبر۴۶ میں شامل ہے۔ یہ درخواست بہت طویل ہے لیکن پرتھوی چندر نے اس کے اہم نکات کا خلاصہ اور غالب کے مطالبات کا لب لباب یوں بیان کیا ہے:

۱۔ نواب احمد بخش خاں کو جائیداد اس شرط پر دی گئی تھی کہ وہ پچیس ہزار روپے سالانہ حکومت کو ادا کرتے رہیں گے لیکن جب نصراللہ بیگ کا انتقال ہوا تو یہ فیصلہ کیا گیا کہ صرف پچاس سواروں کی دیکھ بھال کریں گے اور مرحوم کے وارثوں کو گزارہ دیتے رہیں گے۔ اس کے بدلے میں بیس ہزار روپیہ کی معافی دیدی گئی۔ لہٰذا شمس الدین خاں سے بیس بائیس سال کا حساب طلب کیا جائے تاکہ پتہ چلے کہ انھوں نے ان دونوں مدوں پر کتنا خرچ کیا۔

۲۔ احمد بخش خاں نے خود ہی بجائے دس ہزار کے پانچ ہزار روپیہ کر دیئے اور اس میں بھی خواجہ حاجی کو دو ہزار کا حصہ دار بنا دیا گو ہمیں تین ہزار ہی ملے کیونکہ خواجہ حاجی کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ پوری رقم ہمیں ملنا چاہیے تھی تین ہزار بھی صرف دو آدمیوں کو ملے یعنی والدہ نصراللہ بیگ خاں اور ایک بھتیجا کو۔ باقی رشتہ داروں کو نظرانداز کر دیا گیا۔ لہٰذا یہ طریقہ تقسیم درست نہیں ہے۔ "میں برداشت نہیں کر سکتا کہ میرے خاندان کا ایک ملازم میرے ساتھ برابر کا شریک ہو"۔

۳۔ حکومت از راہ مہربانی اس معاملہ کی پوری تحقیقات کرے اور لارڈ لیک کی سن ۱۸۰۵ء اور ۱۸۰۶ء کی خط و کتابت اور سندات ملاحظہ فرمائی جائیں۔ ریکارڈ سے یقیناً معلوم ہو جائے گا کہ احمد بخش خاں کو یہ تین لاکھ کی جاگیر کن شرائط پر دی گئی تھی۔ ہمیں تین ہزار سے زیادہ کچھ بھی نہیں ملا۔

۴۔ خواجہ حاجی کے دو ہزار سے ہمیں کوئی علاقہ نہیں۔ یہ رقم ہمارے خاندان کی رقم میں سے وضع نہیں ہونا چاہیے۔

۵۔ حکومت کو معلوم ہو گا کہ پچاس سواروں کی نگہداشت کے لیے کوئی ملازم نہیں رکھا گیا گویا شرط پوری نہیں کی گئی۔ پھر معافی کس بات کی۔ لہٰذا رقم سرکاری خزانہ میں جمع ہونی چاہیے۔ ہمیں اس سے کوئی واسطہ نہیں۔

۶۔ نصراللہ بیگ خاں کے وارثوں کی تحقیق کی جائے اور ہر ایک کی حیثیت کے مطابق وظیفہ عطا کیا جائے۔ ہر وظیفہ خوار کو الگ الگ اسناد عطا کی جائیں اور وظیفہ پھر سے مقرر کیا جائے۔

تمام وظیفوں کی ادائیگی خزانہ سرکار سے ہونا چاہیے اور ان کا کوئی تعلق فیروزپور کی جاگیر سے نہیں رہنا

چاہیے(۱)۔

غالب کے عرضی دعوے کی سرنوشت کے بارے میں شیخ محمد اکرام لکھتے ہیں :

"اس وقت فارسی دفتر کے سیکرٹری اینڈریو سٹرلنگ تھے اور اسسٹنٹ سیکریٹری مسٹر سائمن فریزر۔ موخرالذکر کی ملاقات مرزا سے دوستانہ طریقہ سے ہوئی اور معانقہ و عطائے عطر و پان کی نوبت آئی۔ مسٹر اینڈریو سٹرلنگ نے جن کی تعریف میں مرزا کا فارسی قصیدہ موجود ہے' نواب گورنر جنرل کے نام غالب کی عرضداشت لے کر اس کا انگریزی ترجمہ کرایا اور کونسل میں پیش ہوئی تو وہاں سے حکم ہوا کہ پہلے یہ درخواست ایجنٹ دہلی کے پاس پیش ہونی چاہیے چنانچہ مرزا خود تو کلکتہ رکے اور اپنے وکیل ہیرا لال کو دہلی لکھا کہ عرضداشت پر سر ایڈورڈ کولبرک ایجنٹ دہلی کی سفارش کرا کے کلکتے بھجوائے"(۲)۔

یہ وہ نقطہ آغاز ہے جہاں پنشن کے مقدمے کے سلسلے میں غالب کی ناکامیوں کی داستان شروع ہوتی ہے جو تقریباً سترہ سال یا اس سے کچھ زاید عرصے پر محیط ہے۔ غالب کے دل و دماغ پر پنشن کے حصول کے مسائل اور ادائے قرض کا بوجھ تادم مرگ رہا اور وہ ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء تک جبکہ انھوں نے اپنی جان عزیز' جان آفرین کے سپرد کی اس بارگراں سے رہائی نہ حاصل کر سکے۔ غالب کے سفر کلکتہ اور قیام کلکتہ کی تفصیلات الطاف حسین حالی' مولانا غلام رسول مہر' مولانا عرشی رامپوری' شیخ محمد اکرام' مالک رام' پرتھوی چندر' ملک حسن اختر وغیرہ نے اپنی تصانیف میں اتنے شرح و بسط سے دی ہے کہ ان محدود اوراق میں انہیں سمونا ممکن نہیں۔ البتہ سفر کلکتہ کے بنیادی مقصد یعنی خاندانی پنشن کے حصول کے لیے چارہ جوئی پر چونکہ زیرنظر کتاب جامع اور سیر حاصل مواد پیش کر رہی ہے اس لیے زیرنظر کتاب کے بارے میں کچھ وضاحت بے محل نہ ہوگی۔

(۲)

غالب کے مقدمہ پنشن پر جن اہم غالب شناسوں اور محققین نے قلم اٹھایا ہے ان میں مولانا الطاف حسین حالی' مولانا امتیاز علی عرشی' مولانا غلام رسول مہر' شیخ محمد اکرام' مالک رام' ڈاکٹر یوسف حسین خان' پروفیسر لطیف الزماں' اختر حسن' ڈاکٹر حسن اختر اور ڈاکٹر انیس ناگی قابل ذکر ہیں۔ سرسری ذکر تو غالب کے تمام سوانح نگاروں کے ہاں ملتا ہے لیکن مذکورہ صاحبان علم نے اس موضوع پر خصوصی توجہ دی ہے۔ مستشرقین میں سے سب سے مبسوط اور منضبط مقالہ

۱۔ جاگیر غالب' مرتبہ ڈاکٹر سید معین الرحمٰن' ص ۴۱ تا ۴۳۔

۲۔ حیات غالب' ص ۸۰۔

P. Hardy کا ہے جو رالف رسل کی کتاب Ghalib, The Poet and His age میں شامل ہے۔ غالب کی اپنی تحریروں میں بھی اس موضوع کی تفصیلات جگہ جگہ بکھری ہوئی ہیں اور خاص طور پر غالب نے اپنے فارسی اور اردو خطوط میں اس واقع پر سیرحاصل روشنی ڈالی ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ۱۹۶۹ء یعنی غالب کے صد سالہ یوم وفات تک اس بارے میں جو کچھ لکھا گیا اس میں سے زیادہ تر غالب کی اپنی تحریروں پر ہی مشتمل تھا اور محققین عام طور پر کلیات نثر غالب (فارسی)، پنج آہنگ، متفرقات غالب، ماثر غالب، اردوئے معلیٰ، عودہندی، مکاتیب غالب اور نادرات غالب وغیرہ کے حوالے سے ہی اس موضوع کی تفصیلات بیان کرتے تھے جب ۱۹۶۳ء میں مالک رام نے غالب کا عرضی دعویٰ انڈیا آفس لندن سے حاصل کر کے اس کا اردو ترجمہ آج کل دہلی کے فروری ۱۹۶۳ء کے شمارے میں شائع کرایا تھا تو مقدمہ پنشن کے دستاویزی ثبوت مہیا کرنے کی طرف غالب شناسوں کا پہلی مرتبہ رجحان ہوا تھا۔

اس سلسلے کا سب سے اہم کام آنجہانی پرتھوی چندر نے انجام دیا جنھوں نے غالب کی خاندانی پنشن کے بارے میں نیشنل آرکائیوز دہلی سے دستاویزات اور اسناد حاصل کر کے انھیں ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کے بقول پہلے ۱۹۷۰ء میں اور پھر اس غیرمعیاری ایڈیشن کو ضائع کر کے ۱۹۷۶ء میں جاگیر غالب کے نام سے شائع کیا(۱)۔ دہلی ریذیڈنسی میں موجود سرکاری ریکارڈ کی ایک فہرست کے نام سے گورنمنٹ پرنٹنگ پریس لاہور سے شائع ہوئی تھی، ممکن ہے پرتھوی ندر نے اس سے بھی استفادہ کیا ہو۔ انھوں نے انے کام کی تفصیل بیان کرتے ہوئے ایک جگہ لکھا ہے:

> "نسخہ ہذا تمام و کمال غالب کی عرضداشتوں، حاکمان ایسٹ انڈیا کمپنی و نیز عدالت ڈائریکٹران کمپنی کی کارروائیوں پر مشتمل ہے۔ مقدمہ پنشن سے متعلق مکمل متن نیشنل آرکائیوز نئی دہلی میں محفوظ ہے اور بہت سے ایسے انکشافات کی حامل جو ابھی تک نظروں سے اوجھل تھے"(۲)۔

جاگیر غالب میں کل ۵۱ دستاویزات ہیں جن میں ایک مکرر ہے اور اس اعتبار سے ان کی صحیح تعداد ۵۰ ہے۔ غالب کی ۲۸ فروری ۱۸۲۸ء کی درخواست جسے مالک رام نے انڈیا آفس سے حاصل کر کے ترجمہ کیا دہلی آرکائیوز میں موجود تھی لیکن نہ تو مالک رام اس کا متن یہاں سے حاصل کر سکے اور نہ ہی پرتھوی چندر نے اسے حاصل کر کے "جاگیرغالب" میں شامل کیا۔

جاگیر غالب کے مولف آنجہانی پرتھوی چندر کی اصل محنت ان دستاویزات کی فراہمی، قرات اور بازنوشت میں مضمر ہے۔ انھوں نے یہ کام اس قدر محنت اور جانکاہی سے انجام دیا ہے کہ وہ اس کام کے بلاشبہ بنیان گزار اور پہل کار مانے جا سکتے ہیں۔ ایک آدھ جگہ پر فروگزاشت اور حزم و احتیاط میں کمزوری بھی نظر آتی ہے مثلاً صفحہ ۱۴۵ سے ۱۵۵ تک لارڈ ولیم بینٹک کے نام غالب کی ایک درخواست ص ۱۶۹ سے ص ۱۹۱ تک دوبارہ درج ہو گئی ہے۔ اور یہ شاید

۱۔ جاگیر غالب، مرتبہ ڈاکٹر سید معین الرحمٰن، ص ۴۱ تا ۴۳۔

۲۔ حیات غالب، ص ۸۰۔

اس لیے ہوا کہ ایک ہی دستاویز کو دو مرتب کتابت کرایا گیا اور نظرثانی کے وقت توجہ اس طرف نہیں گئی۔ اس کے علاوہ ص ۲۲۶ پر اصل دستاویز کے آخر میں ۱۴ نومبر کی تاریخ درج ہے جبکہ صفحہ ۲۲۷ پر اس کی بازنوشت میں یہ ۲۴ نومبر بنا دی گئی ہے۔ صفحہ ۲۴ پر ایڈمونسٹن، صفحہ ۲۵ پر ایڈ منسٹن اور صفحہ ۱۰۱ پر ایڈمانسٹن ہے اسے ایک ہی طرح لکھا جانا چاہیے تھا۔ صفحہ ۲۸۷ پر ۱۸۳۷ء کی بجائے جو اصل دستاویز میں ہے باز نوشت پر اسے ۱۸۸۷ء بنا دیا گیا ہے اور اسی طرح صفحہ ۳۳۱ پر ۱۸۴۴ء کی بجائے ۱۸۵۴ء چھپ گیا ہے وغیرہ وغیرہ لیکن یہ معمولی باتیں پروف خوانی کے ذیل میں آتی ہیں، ان کے کام کی عظمت کو کم نہیں کرتیں۔

جاگیر غالب کا پاکستانی ایڈیشن مرتبہ ڈاکٹر سید معین الرحمٰن اسی نسخے کی صدائے بازگشت ہے اور اس میں کوئی تحقیقی یا علمی اضافہ نظر نہیں آتا۔ حتیٰ کہ پرتھوی چندر کے ہاں جو فروگزاشتیں اور اغلاط رہ گئی ہیں، ڈاکٹر صاحب کے مرتبہ ایڈیشن میں بعینہٖ موجود ہیں مثال کے طور پر جاگیر غالب میں جو دستاویز مکرر شائع ہو گئی تھی ڈاکٹر معین الرحمٰن نے بھی اس پر کوئی توجہ نہیں دی اور اس کے بارے میں کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ پروف خوانی کی اغلاط اور فروگزاشتیں جن کا پرتھوی چندر کے ایڈیشن میں ذکر کیا گیا اس اشاعت میں بھی جوں کی توں موجود ہیں۔ ماہنامہ سورج کے غالب نمبر (لاہور، اپریل مئی ۱۹۹۶ء) میں پروفیسر لطیف الزمان نے جاگیر غالب کو دوبارہ شائع کرایا ہے اور ڈاکٹر معین الرحمٰن کے کام پر مبالغہ آمیز اعتراض کیے ہیں۔ میرے نزدیک ڈاکٹر معین الرحمٰن کے کام میں کوئی ندرت تو نہیں البتہ اس اعتبار سے غیرمفید بھی نہیں کہ ان کی وساطت سے قارئین غالب کو ایک نایاب کتاب میسر آئی۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مقدمہ پنشن کی دستاویزات کی نقول دہلی، لاہور، اور لندن میں محفوظ کی گئی تھیں۔ چنانچہ پنجاب آرکائیوز میں قدیم دستاویزات کے جو بستے اور ریکارڈ محفوظ ہیں ان میں بھی غالب کے مقدمہ پنشن کی اسناد اور دستاویزات ہیں۔ ان دستاویزات کی ایک فہرست بھی ۱۹۱۵ء میں گورنمنٹ پریس لاہور سے Old Record of the Punjab Secretariat کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ نیشنل ڈاکومنٹیشن سینٹر سے وابستہ ایک علم دوست بزرگ میاں محمد سعداللہ نے اس تمام ریکارڈ کی محنت اور لگن سے چھان بین کر کے، نیشنل آرکائیوز دہلی کے ریکارڈ کو دیکھ کر اور انڈیا آفس لائبریری لندن میں موجود مسلوں کی پڑتال کر کے غالب کے مقدمہ پنشن کو ایک جامع منصوبے کی صورت میں مرتب کیا اور اس کا نام Seventeen Years of Ghalib's Life رکھا۔ زیرنظر کتاب کی بنیاد اسی کام پر ہے۔

اس سے پہلے کہ زیرنظر کتاب کے مندرجات پر تفصیلی بات کی جائے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس میں شامل دستاویزات کی اس کے علاوہ ماخذ میں بھی نشاندہی کر دی جائے تاکہ اندازہ ہو سکے کہ زیرنظر کتاب کے مطالب میاں محمد سعداللہ کے علاوہ دوسرے محققین کے ہاں بھی موجود ہیں اور ان کی صورتیں کیا ہیں؟

۱۔ ان دستاویز پر مشتمل پہلی کتاب ڈاکٹر ملک حسن اختر کی ہے جس کا عنوان ہے: حیات غالب کا ایک باب: تحقیق کی روشنی میں۔ اسے مکتبہ عالیہ اردو بازار لاہور نے شائع کیا تھا۔ کتاب پر سال اشاعت درج نہیں لیکن جاگیر غالب مرتبہ ڈاکٹر معین الرحمٰن میں اس کا سال اشاعت ۱۹۸۷ء درج ہے(۱) ڈاکٹر ملک حسن اختر نے جس زمانے میں

کام کیا جب میاں محمد اسلم پنجاب آرکائیوز میں ڈائریکٹر تھے۔ ملک صاحب نے ان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا ہے۔ کتاب کے دائرہ کار کے بارے میں ملک صاحب نے لکھا ہے:

> ''اصل میں دہلی ریذیڈنسی کے بعض کاغذات پنجاب میں منتقل کر دیئے گئے تھے۔ غالب کی دو عرضیوں پر خود ان کے دستخط اور مہر موجود ہے چنانچہ یہ اصل ہوں گی اور دہلی میں ان کی نقل وہی ہو گی۔ ان دستاویزات کی اشاعت سے غالب شناسوں کو یقیناً فائدہ پہنچے گا۔ اس کتاب میں پنشن کے سلسلہ میں مرزا غالب کی بیگم اور ان کی سالی کی درخواست کے بارے میں ایک سرکاری دستاویز بھی شائع کی جا رہی ہے۔ ان دستاویزات کا اردو ترجمہ میں نے کتاب کے متن میں شامل کر دیا ہے تاکہ اردو دان طبقہ اس سے فائدہ حاصل کر سکے۔ مرزا غالب کی پنشن کے بارے میں مجھے بعض دستاویزات پنجاب آرکائیوز میں دستیاب ہوئی ہیں۔ میں نے ان دستاویزات کی عکسی نقول حاصل کر لیں جن کے لیے میں پنجاب آرکائیوز کے ڈائریکٹر جناب میاں محمد اسلم کا شکر گزار ہوں(۲)۔
>
> ان دستاویزات کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ یہ غالب کی پنشن کے مقدمے کے سلسلہ میں اہم ماخذ کا درجہ رکھتی ہیں۔ میں نے ان کی روشنی میں حیات غالب پر لکھی ہوئی کتب کا مطالعہ کیا تو ان میں جا بجا اصلاح کی گنجائش نظر آئی چنانچہ میں نے حیات غالب کے اس حصہ پر ایک طویل مضمون قلم بند کرنے کا فیصلہ کیا جو اب اس کتاب کی صورت میں آپ کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کتاب کے آخر میں جو دستاویزات مجھے ملیں ان کے عکس بھی شائع کیے جا رہے ہیں۔ بعض دستاویزات کے انگریزی تراجم بھی ملے ہیں۔ ان کے عکس بھی شامل کیے جا رہے ہیں کیونکہ انگریز حکام کے سامنے یہ انگریزی تراجم ہی پیش ہوتے تھے۔

ملک صاحب جاگیر غالب کے متن سے لاعلم ہیں۔ ان کے کام کی بنیاد محض پنجاب آرکائیوز پر ہے۔ ''حیات غالب کا ایک باب'' کل ۲۷ دستاویزات پر مشتمل ہے۔ کتاب کے پہلے حصے میں ان دستاویزات کو مقالے کی شکل میں پیش کیا گیا ہے اور آخر میں ان دستاویزات کی عکسی نقول شامل کر دی گئی ہیں۔ پہلے حصے میں غالب کے مقدمہ پنشن کی مفصل روداد کتاب میں موجود دستاویزات اور سوانح غالب کے دیگر ماخذ کی مدد سے قلمبند کی گئی ہے۔ ملک صاحب کا اسلوب نگارش عالمانہ اور تحقیقی شان و شوکت لیے ہوئے ہے انھوں نے موضوع سے متعلق انجام شدہ کاموں کا جائزہ لیا ہے اور غالبیات کے بعض نامور محققین سے اختلاف بھی کیا ہے اور بالخصوص آنجہانی مالک رام، شیخ محمد اکرام اور

۱۔ جاگیر غالب ص ۱۷ (حاشیہ نمبر۶)۔

۲۔ حیات غالب کا ایک باب، ص ۷۔

مولانا غلام رسول مہر کے بعض بیانات پر تنقید کی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ شیخ محمد اکرام نے ۷ جون ۱۸۰۶ء کے جس شقے کی بنیاد پر لکھا ہے کہ اس میں متوسلین نصراللہ بیگ خان کے لیے دس ہزار کی بجائے پانچ ہزار بطور مدد معاش مقرر کیے گئے ہیں، اس میں پانچ ہزار کی رقم کا کوئی ذکر نہیں۔ ملک صاحب کو جو شقہ دستیاب ہوا وہ نواب احمد بخش خاں کی بجائے محالات فیروزپور وغیرہ کے متصدیوں، چودھریوں اور گماشتوں وغیرہ کے نام ہے اور اس میں سہام اور رقوم کی صراحت کی چنداں ضرورت نہ تھی جبکہ اس تاریخ یعنی ۷ جون ۱۸۰۶ء کو ہی ایک دوسرا شقہ لارڈ لیک کی طرف سے نواب احمد بخش خاں کو ارسال کیا گیا تھا جس میں پانچ ہزار روپے کے نامزد حصوں کی صراحت ہے۔ یہ شقہ زیر نظر کتاب اور جاگیر غالب دونوں میں موجود ہے۔ "حیات غالب کا ایک باب" میں مسلوں کی عکسی نقول کی بازنوشت نہیں کی گئی جس کے سبب ایک عام قاری اور محقق اس سے کما حقہ استفادہ نہیں کر سکتا۔ ان سب باتوں کے باوجود غالب کے مقدمہ پنشن پر ڈاکٹر حسن اختر نے جس تفصیل سے قلم اٹھایا ہے، قابل تحسین ہے۔

(۲) مئی ۱۹۹۶ء میں ڈاکٹر انیس ناگی کی کتاب غالب کا مقدمہ پنشن" القمر انٹر پرائزز لاہور سے منظر عام پر آئی۔ ڈاکٹر ناگی نے یہ کتاب اس زمانے میں مرتب کی تھی جب وہ پنجاب گورنمنٹ میں ایک اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ وہ میاں محمد سعداللہ کے کام سے بھی واقف تھے لیکن انھوں نے سرکاری ریکارڈ سے براہ راست استفادہ کر کے اس کتاب کو مرتب کیا۔ ڈاکٹر ناگی کے سامنے جاگیر غالب کا پاکستانی ایڈیشن بھی تھا۔ ڈاکٹر ناگی کی کتاب میں انگریزی اور فارسی دستاویزات کی مجموعی تعداد ۲۷ کے قریب ہے۔ اپنے کام کی وضاحت اور پرتھوی چندر کی کتاب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

> "چند برس ہوئے ہندوستان میں ایک کتاب جاگیر غالب مرتبہ پرتھوی چند(۱) دہلی سے شائع ہوئی تھی۔ یہی کتاب بعد میں لاہور سے بھی اشاعت پذیر ہوئی۔ اس میں غالب کی ۲۲ درخواستیں شامل کی گئی ہیں۔ اس کتاب کے مولف کے مطابق اسے غالب کی پنشن کی درخواستیں دہلی آرکائیوز سے ملیں جو اس نے شائع کر دی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ پرتھوی چندر نے اس سلسلے میں پوری چھان بین نہیں کی کیونکہ غالب کے پنشن کیس کے کاغذات پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ، شعبہ ترجمہ پولٹیکل ایجنٹ کے دفتر کے ریکارڈ میں پھیلے ہوئے ہیں۔ پرتھوی چند نے اپنے دیباچے میں اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ غالب کا دہلی ریذیڈنسی کا ریکارڈ کتاب میں شامل نہیں ہو سکا۔ اس طرح دہلی آرکائیوز میں غالب کی جو فارسی اور بعض انگریزی کی درخواستیں ہیں وہ پرتھوی چندر کی نظر سے نہیں گزریں ان میں سے بعض کی نقول راقم الحروف کے پاس موجود ہیں۔ اس طرح جو درخواستیں انڈیا آفس لائبریری میں موجود ہیں وہ بھی پرتھوی چندر نے جاگیر غالب میں شامل

۱۔ ڈاکٹر ناگی کے پورے اقتباس میں پرتھوی چند ہی لکھا ہے اسے پرتھوی چندر پڑھا جائے۔

نہیں کیں، جن میں سے بعض کی نقول راقم الحروف کے پاس ہیں۔ اس کتاب میں غالب کی پنشن کی درخواستیں شامل کی گئی ہیں جو غالب نے ۱۸۳۵ء ---- ۱۸۳۶ء کے دوران کمپنی کی انتظامیہ کو لکھیں یہ دہلی ریذیڈنسی اور ایجنسیز کا ریکارڈ ہے جو ابھی تک شائع نہیں ہوا ہے۔ اس کی اشاعت کی اجازت حکومت پنجاب نے دی ہے۔ غرض اشاعت یہ ہے کہ اس کتاب میں شامل درخواستیں اور جاگیر غالب میں موجود غالب کی درخواستوں میں ایک طرح کا تسلسل پیدا کیا جائے۔ بہرکیف غالب کے شائقین کے مطالعے کے لیے غالب کی دو فارسی درخواستیں غالب کے حریف افضل خاں اور نواب شمس الدین کی درخواستیں بھی تتمہ کے طور پر شامل کی گئی ہیں۔ یہ تحریریں فارسی میں ہیں"(۱)۔

برادرم انیس ناگی کے کام سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں اسے ختم کرنے کی بہت جلدی تھی۔ تدوین کی بعض فروگزاشتوں مثلاً ص ۶۶ کے بعد ص ۶۷ کی عبارت ص ۶۷ پر چلی گئی ہے' سے قطع نظر تراجم بھی بعض مقامات پر اصل دستاویزات سے ذرا مختلف ہو گئے ہیں نواب شمس الدین خان کی درخواست میں Wilfully کا ترجمہ "جان بوجھ کر" یا "عمداً" کی بجائے "بددیناتی سے" کیا گیا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں اپنے کام پر نظرثانی کا موقع نہیں ملا۔

یہ پس منظر تھا زیر نظر کتاب کا۔ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ نیشنل ڈاکیومنٹیشن سینٹر کے مسودے کی تدوین کے بعد یہ امتیاز اس ادارے تک مختص نہ رہا کہ اس نے غالب کی خاندانی پنشن کے بارے میں جو کام کیا ہے وہ کسی اور کے نصیب میں نہیں آیا کیونکہ اب اس داستان کے اوراق پریشان ہو چکے تھے۔ شاید ایک سبب اس کام کی اشاعت میں تاخیر بھی ہو بہرحال اب یہ مسودہ اردو ترجمے، حواشی تعلیقات اور میری معروضات کے ساتھ قارئین کے سامنے ہے۔ اس مسودے میں غالب کے مقدمہ پنشن کے علاوہ ان کے خاندانی اور ذاتی مسائل سے متعلق بھی کچھ اسناد اور دستاویزات ہیں اور ان کی کل تعداد ۱۵۶ ہے۔ جو پرتھوی چندر، ڈاکٹر حسن اختر اور ڈاکٹر انیس ناگی تینوں سے زیادہ ہے۔ ان میں سے ۳۸ دستاویزات نیشنل آرکائیوز آف انڈیا کے شعبہ سیاسی کی روئداد سے، ۳۷ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز کے دہلی ریذیڈنسی اور ایجنسی ریکارڈ سے اور ۶۰ دستاویزات انڈیا آفس لندن کے ریکارڈ سے حاصل کی گئی ہیں۔ بعض کے ماخذ کی نشاندہی نہیں کی گئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کلکتہ میں موجود سرکاری ریکارڈ کی مختلف نقول لاہور، دہلی اور لندن کے ریکارڈ آفس میں محفوظ کی جاتی تھیں۔ اس لیے کہ پرتھوی چندر کی اصل دستاویزات جو دہلی آرکائیوز سے تعلق رکھتی ہیں خط اور املا کے اعتبار سے پنجاب میں موجود دستاویزات سے مختلف ہیں۔ گمان کہتا ہے کہ اگر کلکتہ کے سرکاری ریکارڈ کی پڑتال کی جائے تو نہ صرف وہاں بھی ان دستاویزات کی نشاندہی ممکن ہو گی

۱۔ غالب کا مقدمہ پنشن، ص ۱۱۔

بلکہ ہو سکتا ہے کچھ نئی اسناد اور دستاویزات بھی دریافت ہو جائیں۔

زیر نظر کتاب Official Record on Ghalib's Pursuit Family Pension and Related Matters 1805 - 1869 میں موجود تمام دستاویزات کا اردو ترجمہ بھی شامل کیا گیا ہے۔ ترجمے کا ابتدائی حصہ جو کل مسودے کا تقریباً ایک تہائی تھا جناب سید محمد عارف نے ترجمہ کیا ہے اور باقی دو تہائی کے مترجم ڈاکٹر محمودالرحمٰن ہیں۔ فارسی دستاویزات کا ترجمہ راقم الحروف نے خود انجام دیا ہے ان میں سے بعض کے سلسلے میں راجہ حسن اختر اور انیس ناگی کے تراجم کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ مترجمین سے درخواست کی گئی تھی کہ جہاں تک ہو سکے ترجمے میں اصل کے مطالب کو مجروح نہ ہونے دیں اور عہد غالب کے ثقافتی مزاج کو مدنظر رکھیں۔ اس کے باوجود دونوں مترجمین کے اسلوب میں کافی اختلاف تھا جسے نظرثانی کے دوران یکساں بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

(۳)

زیر نظر دستاویزات میں بنیادی اہمیت غالب کے عرضی دعویٰ مورخہ ۲۸ فروری ۱۸۲۸ء کو حاصل ہے۔ اس کے بعد مرزا افضل بیگ کی طرف سے داخل کیے گئے جواب دعویٰ کا نمبر آتا ہے۔ باقی ساری دستاویزات انہی دونوں کے گرد گھومتی ہیں۔ غالب نے ان سترہ برسوں میں یعنی ۱۸۲۸ء سے ۱۸۴۵ء تک جتنی عرضیاں دیں ان کا لب لباب مندرجہ ذیل نکات میں مختصر کیا جا سکتا ہے۔

(۱) نصراللہ بیگ کے متوسلین کے لیے پنشن کے دو شقوں مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء اور ۷ جون ۱۸۰۶ء میں سے دوسرا شقہ جس پر پنشن کی رقم پانچ ہزار روپے کی گئی ہے اول تو جعلی ہے کیونکہ اس کی نواب شمس الدین خاں کی ملکیت کے علاوہ کوئی دوسری نقل کسی سرکاری ریکارڈ میں نہیں۔

(۲) خواجہ حاجی جنہیں دوسرے شقے میں دو ہزار روپے سالانہ کا مستحق قرار دیا گیا ہے' کا نصراللہ بیگ خان کے خاندان سے کوئی تعلق نہیں۔ نواب احمد بخش خان نے اپنے ذاتی مفاد اور ناانصافی کے سبب دس ہزار کے بجائے پانچ ہزار روپے خود ہی کر دیئے اور خواجہ حاجی کو دو ہزار کا حصے دار بنا کر لواحقین نصراللہ بیگ خان سے زیادتی کی۔ لواحقین کے درمیان پنشن کی تقسیم بھی درست نہیں۔

(۳) نواب شمس الدین خان سے پچاس سواروں کے دستے کے لیے دی گئی معافی کی رقم کا حساب لیا جائے جو بیس بائیس سال سے ادا نہیں ہوئی۔

(۴) خواجہ حاجی کو ادا کی جانے والی رقم ہماری خاندانی پنشن سے وضع نہیں ہونی چاہیے۔

(۵) پنشن کی تمام رقم سرکاری خزانے میں جمع ہونی چاہیے اور نصراللہ بیگ خان کے متوسلین کو سرکار براہ راست ہر ایک کی حیثیت کے مطابق حصہ ادا کرے۔ یہ پنشن فیروزپور کے خزانے سے ادا نہیں ہونی

چاہیے۔

غالب کی عرضداشت پر جب یہ فیصلہ ہوا کہ اسے ریذیڈنٹ دہلی کی وساطت سے پیش ہونا چاہیے اور دہلی سے نواب شمس الدین خان کی ساز باز سے غالب کے خلاف رپورٹ آئی تو غالب کو مایوسی کے عالم میں غم و غصے کا اظہار کرنا پڑا۔ اس پر طرہ یہ کہ نواب شمس الدین خان نے غالب کو شاعر کہہ کر اس کے دعویٰ کو غیر منطقی' بے بنیاد اور ہوس زر کا سبب قرار دیا۔ میرزا افضل بیگ نے جو خواجہ حاجی کا برادر نسبتی اور ان کے بیٹوں کا ماموں تھا اپنے جواب دعویٰ میں غالب کو خلل دماغ کا مریض قرار دیا۔ میرزا افضل بیگ دربار دہلی کی طرف سے سرکار انگریزی میں سفیر تھے اس لیے ان کے مقام سفارت کے احترام میں ان کی سخت گوئی پر توجہ نہ دی گئی جبکہ نواب شمس الدین خان کے رویے کو قابل اعتراض سمجھا گیا۔ مرزا غالب نے اپنی بعد کی درخواستوں میں جو موقف اختیار کیا اس کے چند مطالب درج ذیل ہیں۔

(۱) ضلع اکبر آباد میں نصراللہ بیگ خان کی جاگیر نواب احمد بخش کی جاگیر سے الگ واقع تھی لہٰذا اس جاگیر کے عوض پنشن سے فیروزپور کے نواب کا کوئی تعلق نہیں یہ انگریز حکومت اور متوسلین نصراللہ بیگ خاں کے درمیان براہ راست معاملہ ہے۔

(۲) لارڈ لیک سے منسوب دوسرا شقہ جعلی ہے اگر مجھ سے اس دستاویز کے جعلی ہونے کے بارے میں استفسار کیا گیا تو میں اپنی حمایت میں معتبر گواہ پیش کروں گا۔ عقلی دلائل اور نقلی شواہد سے بھی اس دستاویز کو جعلی قرار دیا جا سکتا ہے۔

(۳) فدوی کا دعویٰ باطل قرار پائے تو اس دروغ گوئی کے لیے سزا کا مستوجب ہوگا۔

(۴) چونکہ اس خاندان کا سرپرست بے اولاد چھوڑے دنیا سے چلا گیا' میں جو اس کا سب سے بڑا بھتیجا ہوں' اس کس بیٹے کی مانند ہوں' نصراللہ بیگ خاں کا جانشین قرار پا سکتا ہوں' میں اس لائق ہوں کہ ان کے تمام لواحقین کی رقم مجھے دے دی جائے اور ان کی پرورش میرے ذمے کر دی جائے۔

(۵) ان پانچ شرکاء میں سے ہر ایک کے نام ان کی رقم مقرر کر دی جائے۔

(۶) رئیس خاندان کے آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے مجھے امتیازی حیثیت دی جائے تا کہ میری زندگی میں فراغت اور دنیا کی نظر میں میری عزت قائم رہے۔

یاد رہے کہ نصراللہ بیگ خاں کے لواحقین کی مدد معاش کے لیے مبلغ پانچ ہزار روپے کی رقم کا بٹوارہ ۷ جون ۱۸۰۶ء کے شقے میں مندرجہ ذیل طریقے سے کیا گیا تھا۔

(۱)	خواجہ حاجی رسالدار	دو ہزار روپے سالانہ
(۲)	نصراللہ بیگ خاں کی والدہ اور تین ہمشیرہ	پندرہ سو روپے سالانہ
(۳)	میرزا غالب اور ان کے بھائی میرزا یوسف	پندرہ سو روپے سالانہ

غالب کا اس سلسلے میں موقف مبنی بر صداقت ضرور تھا لیکن ان کی توجہ بعض بنیادی حقائق کی طرف نہیں جا رہی تھی۔

(الف) میرزا نصراللہ بیگ خاں کے لواحقین کو یہ وظیفہ نواب احمد بخش خان کی سفارش پر عطا کیا گیا تھا۔ لہٰذا اس کی تقسیم بھی انہی کی رضامندی اور سیاسی مصلحت کے تحت ضروری تھی۔ غالب جیسے صغیر سن اور خاندان کی چند خواتین کی اس وقت کیا حیثیت تھی۔

(ب) خواجہ حاجی' نصراللہ بیگ خاں کے مختار کل اور رسالدار تھے لہٰذا پچاس سواروں کے رسالے کو قائم رکھنے کے لیے ان کا وجود ضروری تھا۔ وہ نصراللہ بیگ خاں کے لواحقین میں سے نہ سہی متوسلین میں سے ضرور تھے۔ انگریز حکومت کو نواب احمد بخش اور ان کے رسالے کے ساتھ تعلقات استوار رکھنے کے لیے خواجہ حاجی کا وجود زیادہ اہم نظر آتا تھا۔ اس لیے انھوں نے اپنے سیاسی اور ذہنی تحفظات کے تحت خواجہ حاجی کا نام بطور خاص شقے میں شامل کیا۔

غالب کی عرضداشتوں کے اسلوب نگارش پر ڈاکٹر ناگی نے جن فنی اور لسانی اسقام کی نشاندہی کی ہے ان پر توجہ ضروری ہے۔ ڈاکٹر ناگی لکھتے ہیں:

> "غالب نے یہ درخواستیں فارسی میں تحریر کیں جن کا ترجمہ دہلی میں موجود مدراسی پٹیشن رائٹرز اور مترجمین نے انگریزی میں کیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ غالب ان کو اپنا درخواست کا متن بتا دیتے ہوں اور وہ الٹی سیدھی انگریزی میں ان کا ترجمہ کر دیتے۔ اکثر جگھوں پر نظام اوقاف' جملوں کی ساخت اور الفاظ کا استعمال بھی غلط ہے۔ ایک ہی نام کو مختلف ہجوں میں تحریر کیا گیا ہے۔ درخواست نویسی کے القابات کو بھی مضحکہ خیز طریقے سے استعمال کیا ہے۔ ان درخواستوں کو عرائض نویس شکستہ انگریزی میں لکھتے اور ان کے آخر میں غالب کا نام اسداللہ خاں' محمد اسداللہ خاں یا مرزا نوشہ آف دہلی لکھا ہوتا اور ان کے نیچے غالب کے نام کی مہر ثبت ہوتی"(۱)۔

البتہ مجھے ڈاکٹر ناگی کے اس مطالبے سے اتفاق نہیں ہے کہ ان درخواستوں میں ادبی چاشنی بھی ہونی چاہیے تھی' غالب نے اپنی درخواستوں کے ساتھ انگریز حکام کے قصیدے لکھے' کیا وہ ادبی چاشنی کی کمی پور نہیں کرتے؟ میرے نزدیک غالب کی یہ عرضیاں جن میں یقیناً کسی ماہر وکیل کی مشاورت یا غالب کے اپنے ذہن رسا کا دخل ہے' قانونی نکات اور منطقی موشگافیاں لیے ہوئے ہیں۔ خاص طور پر خواجہ حاجی کے خلاف ان کے دلائل ایسے ٹھوس اور قطعی ہیں کہ ان کی اولاد کے وکیل کا جواب دعویٰ معذرت خواہانہ دکھائی دے رہا ہے۔

۱۔ غالب کا مقدمہ پنشن' ص ۱۱۔

زیر نظر کتاب کا جو انگریزی متن میاں محمد سعداللہ نے تیار کیا تھا اس کی کمپوز شدہ صورت کے ساتھ پنجاب آرکائیوز میں موجود دستاویزات کے انگریزی متون کی چند عکسی نقول بھی منسلک تھیں۔ چنانچہ اس متن کو جب اصل سے ملایا گیا تو اندازہ ہوا کہ میاں صاحب کا متن نہ صرف بعض مقامات پر اصل سے دور ہے بلکہ اغلاط سے بھی پاک نہیں۔ چنانچہ زیر نظر کتاب میں ایسے بے شمار مقامات کو اصل کے مطابق کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں جناب قاضی عزیزالرحمٰن عاصم کا احسان مند ہوں کہ ان کی علمی معاونت نے میرے لیے ان میں سے بعض عقدے حل کیے۔ انگریزی متن کی صحت کا سارا دارومدار قاضی صاحب پر ہے اگر وہ تمام پروف بے حد احتیاط ' صبر اور ہمت سے نہ پڑھتے تو یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچنا اس قدر جلد ممکن نہ ہوتا۔ میں قاضی صاحب کا بے حد سپاس گزار ہوں۔

ناسپاسی ہو گی اگر صدر نشین مقتدرہ قومی زبان جناب افتخار عارف کا شکریہ بطور خاص ادا نہ کیا جائے۔ انھوں نے جس محبت اور حسن سلوک سے یہ کام مجھ سے کرایا وہ انھی کی مدبرانہ حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔ نیشنل ڈاکو منٹیشن سینٹر کے سابق جوائنٹ سیکرٹری اور موجودہ کنسلٹنٹ جناب نذیر احمد کا شکر گزار ہوں کہ انھوں نے نہ صرف اس کام کی تحریک کی بلکہ مفید مشوروں اور علمی معاونت سے بھی نوازا۔

میرزا غالب کے دو سو سالہ جشن ولادت پر ہماری یہ حقیر کوشش اگر صاحبان علم و ادب کے درمیان شرف قبول پائے گی تو یہ امر ہمارے لیے سربلندی کا باعث ہو گا۔

مقتدرہ قومی زبان
اسلام آباد

ڈاکٹر گوہر نوشاہی
نائب ناظم شعبہ درسیات

فہرست

(۱)

سیاسی روئداد۔ ۲ مئی ۱۸۲۸ء

منجانب اسداللہ خان موصولہ ۲۸ اپریل ۱۸۲۸ء(۱)

جب مسٹر پیرن(۲) کماندار تھے تو آں جناب کی طرف سے صوبہ آگرہ کا انتظام و انصرام میرے چچا نصراللہ بیگ خان(۳) کے پاس تھا۔ انگریزی فوج جب اس علاقے میں پہنچی تو نصراللہ بیگ خان نے اس کی اطاعت قبول کر لی' خود سرکار برطانیہ کے ساتھ وابستہ ہو گئے اور جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر(۴) کی خدمت میں حاضر ہوئے جنھوں نے آگرہ صوبے کا انتظام ان کے حوالے کر دیا۔ بعد میں جب مسٹر ولیسرز آگرے کی قلعہ داری کے منصب پر فائز ہوئے تو صوبہ داری کی حیثیت وہ نہ رہی جو سابق کماندار کے زمانہ میں ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ نصراللہ بیگ خان متھرا چلے گئے اور جنرل موصوف کی خدمت میں حاضر ہوئے جنھوں نے انھیں سترہ سو روپے ماہانہ تنخواہ پر چار سو سواروں کے ایک دستے کی رسالداری سونپ دی۔

راجہ بھرت پور کے ساتھ دوستانہ مراسم کے قیام اور جنرل موصوف کی ولایت کو واپسی طے ہونے کے بعد آں جناب لارڈ صاحب بہادر نے واپسی سے پہلے نصراللہ بیگ خان کی وفاداری اور خدمات کے صلے میں انھیں تاحین حیات صوبہ آگرہ کے دو پرگنے سونک اور سونسا پندرہ ہزار آٹھ سو روپے پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے عنایت فرمائے جن کا مالیہ ایک لاکھ روپیہ سے زیادہ تھا۔

اس عطیے میں' سواروں کے دستہ کی رسالداری کے ساتھ اگر ان کی پنشن کو بھی شامل کر لیا جائے تو ان کی طاقت اور مرتبے میں بڑا اضافہ ہو گیا تھا۔ جنرل صاحب بہادر کی مہرشدہ سند اور کرنل براؤن صاحب بہادر کی سند جو لفظ بہ لفظ جنرل موصوف کی سند کی نقل ہے اور وظائف کی بابت نصراللہ بیگ خان کے نام جنرل موصوف کا پروانہ جس پر ان کی مہر لگی ہوئی ہے' میرے پاس موجود ہیں اور ان میں سے ہر دستاویز کی نقل اپنی اس عرضداشت کے ساتھ منسلک کر رہا ہوں۔

جاگیر پر ان کی تقرری کے دس یا گیارہ مہینے بعد نصراللہ بیگ خان ہاتھی پر سوار جا رہے تھے کہ اتفاقاً" نیچے گرے اور پیر کی ہڈی ٹوٹ جانے اور اندرونی چوٹوں کی وجہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔ جس روز یہ واقعہ ہوا حکومت نے اسی دن ان کی جاگیر پر قبضہ کر لیا اور کچھ ہی عرصے بعد ان کے چار سو سواروں کے دستے کو بھی سبکدوش کر دیا گیا۔

۲۔ چونکہ نصراللہ بیگ خان لاولد تھے(۵) اس لیے مندرجہ ذیل چھ اشخاص کے سوا ان کا اور کوئی وارث نہیں تھا جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ میں خود کہ نصراللہ بیگ خان کا بھتیجا تھا۔
۲۔ میرا بھائی جو مجھ سے دو سال چھوٹا تھا۔
۳۔ میری دادی یعنی نصراللہ بیگ خان کی والدہ اور
۴۔۶ نصراللہ بیگ خان کی تین بہنیں۔

اس وقت میری عمر صرف نو سال تھی اور میرے بھائی کی عمر سات سال۔ میری دادی ستر سال کی عمر کو پہنچ چکی تھیں اور بیٹے کی موت کے غم میں ان کی دنیا اندھیر ہو چکی تھی۔ اسی طرح نصراللہ بیگ خان کی بہنیں بھی اس ناگہانی آفت کی وجہ سے دل گرفتہ اور مغلوب جذبات تھیں چنانچہ ہم میں سے کوئی اس قابل نہیں تھا کہ نصراللہ بیگ خان کی چھوڑی ہوئی املاک و جائیداد کو سنبھال سکتا اور نہ ہی کوئی اس قابل تھا کہ جنرل موصوف کی خدمت میں حاضر ہو سکتا اور اپنا حال بیان کر سکتا۔

ایک شخص نے جس کا نام خواجہ حاجی(۶) تھا اور جس کا حال نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے احوال کے ضمن میں آگے چل کر بیان کیا جائے گا' یہ شخص نصراللہ بیگ خان کے گھرانے کا ایک ملازم تھا۔ میدان کھلا پایا تو اس نے بے اصول حاشیہ نشینوں اور طفیلیوں کے ساتھ دوستانہ مراسم بڑھائے اور نصراللہ بیگ خان کے سارے مال و متاع' فرنیچر' خیمہ' خرگاہ' اونٹوں اور پالکیوں وغیرہ پر قبضہ کر لیا اور ستر اسی سواروں' ایک ہاتھی' مذکورہ بالا لاؤ لشکر اور سامان حرب کے ساتھ چل پڑا اور نواب احمد بخش خان(۷) سے جا ملا۔

چونکہ نصراللہ بیگ خان نواب احمد بخش خان کے داماد(۸) تھے اور ظاہر ہے ہر شخص ان کے داماد اور عزیز و اقارب سے واقف تھا اس لیے یہ نہیں ہو سکتا تھا کہ نواب احمد بخش خان خواجہ حاجی کو نصراللہ بیگ خان کا وارث و جانشین اور رشتہ دار سمجھ بیٹھتے خصوصا اس لیے بھی کہ نصراللہ بیگ خان کی اہلیہ جو احمد بخش خان کی بیٹی تھیں (کذا) اپنے شوہر سے پہلے ہی وفات پا چکی تھیں اور ان کی کوئی اولاد نہیں تھی لیکن صرف یہ خیال کر کے کہ اپنے تمام سواروں' ہاتھیوں' لاؤ لشکر اور طاقت کے ساتھ حاجی ایک قیمتی اثاثہ ہے' نواب احمد بخش خان نے اسے اپنے دوستوں میں شامل کر لیا اور اسے اپنی جگہ چھوڑ کر وہ خود لارڈ لیک صاحب بہادر سے ملاقات کے لیے کانپور چلے گئے۔

اسی زمانے میں فیروز پور' جھرکہ' پونا ہانا' نگینہ سانکرس (Sankurus) اور دوسرے اضلاع حکومت نے ہمیشہ کے لیے بیس یا تیس ہزار روپیہ سالانہ احمد بخش خان اور ان کے وارثوں کو دائمی قبضہ پر دے دیے تھے چنانچہ احمد بخش خان اور ان کے وارثوں پر یہ لازم قرار دیا گیا کہ وہ یہ رقم باقاعدگی سے ادا کرتے رہیں۔ تاہم انھوں نے جنرل موصوف سے درخواست کی کہ "میرے داماد (کذا) نصراللہ بیگ خان کا جو سونک اور سونسا کے جاگیردار تھے انتقال ہو گیا ہے اور وہ اپنے پیچھے بہت سے عزیز و اقارب اور پچاس سوار چھوڑ گئے ہیں۔ اگر حکومت اس رقم کی ادائیگی مجھے کرنی رہنے اور طے کر دے کہ یہ رقم نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی گذر اوقات کے لیے ہو گی تو وہ بے نصیب محتاج و مفلس لوگ مملکت کی خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے ساری زندگی دست بہ دعا رہیں گے اور وہ پچاس سوار

ہمیشہ میری سپردگی میں رہیں گے اور جب بھی حکومت انھیں بجا آوری خدمات کے لیے طلب کرے گی تو انھیں ہمہ وقت تیار پائے گی۔

جنرل صاحب بہادر نے اس درخواست کو منظور کر لیا اور اس کی ایک رپورٹ کلکتہ ارسال کر دی۔ جہاں گورنر جنرل صاحب بہادر نے بھی اس کی منظوری دے دی۔ چنانچہ گورنر جنرل صاحب بہادر نے احمد بخش خان کے نام ایک پروانہ جاری کر دیا جس میں نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی پرورش و کفالت اور مقررہ پچاس سواروں کی خدمات مہیا کرنے کی شرط کو پورا کرنے کا حکم دیا گیا۔

چونکہ جنرل صاحب بہادر کو احمد بخش خان کی باتوں پر مکمل اعتماد تھا اس لیے انھوں نے نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے حقیقی احوال و حالات کے متعلق تفتیش نہیں کی بلکہ ان کی درخواست پر خواجہ حاجی کے نام ایک پروانہ جاری کر دیا جس میں بتایا گیا ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی گذراوقات کے لیے جو وظیفہ اور پچاس سواروں کے لیے جو الاؤنس مقرر کیا گیا ہے وہ احمد بخش خان کو دی جانے والی جاگیر کے سمجھوتے کی شرائط میں شامل ہے اور یہ رقم ہمیشہ ان سے وصول کی جانی چاہیے۔

آخر کار جب احمد بخش خان کانپور سے پلٹے اور میوات پہنچے جہاں ان کی جاگیر تھی تو انھوں نے خواجہ حاجی کو ان کے ستر اسی سواروں کے دستے سمیت جو نصراللہ بیگ خان چھوڑ گئے تھے برقرار رکھا اور دستے کو اپنی ملازمت میں لے لیا اور پھر اس کی مدد سے اپنے اضلاع کا بندوبست کیا۔

جب وہ (نواب احمد بخش خان) اپنی جائیداد کے بندوبست سے مطمئن ہو گئے اور جنرل صاحب بہادر بھی یورپ واپس چلے گئے تو یہ دیکھتے ہوئے کہ نصراللہ بیگ خان کے ہم دونوں بھتیجے ابھی ناسمجھ ہیں اور یہ جانتے ہوئے کہ ماں اور بہنیں گوشہ نشین اور بے علم ہیں انھوں نے خواجہ حاجی کے ذریعہ پہلے پچاس سواروں کے دستے کو برطرف کر دیا اور پھر اس وعدے اور اقرار کے ساتھ خواجہ حاجی سے جنرل صاحب بہادر کے پروانے کا مطالبہ کیا کہ اگر وہ پروانہ حوالے کر دیں تو نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے گزر بسر کے لیے ملنے والے وظیفے میں وہ انھیں بھی ایک حصہ دار کی حیثیت سے شامل کر لیں گے۔

چونکہ وہ بدبخت اور بدقماش اچھی طرح جانتا تھا کہ اس کی کوئی حیثیت نہیں اور نصراللہ بیگ خان کے ساتھ اس کی کوئی قرابت داری بھی نہیں لیکن یہ سوچ کر کہ نصراللہ بیگ خان کے خاندان کے ساتھ یہ تعلق اس کی خوش بختی کے لیے ایک نادر موقع ہے، اس نے پروانہ احمد بخش خان کے حوالے کر دیا۔

احمد بخش خان نے خواجہ حاجی کو چند روز اپنے ساتھ رکھا اور پھر برطرف کر دیا۔ اس کے بعد انھوں نے اعلان کیا کہ حکومت نے ان کی جاگیر سے پانچ ہزار روپیہ سالانہ کی جو رقم نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی کفالت کے لیے مقرر کی تھی اسے انھوں نے اپنی مرضی سے مندرجہ ذیل لوگوں میں اس طرح تقسیم کیا ہے: مبلغ دو ہزار روپے سالانہ خواجہ حاجی کو، پندرہ سو روپے سالانہ نصراللہ بیگ خان کی والدہ کو اور پندرہ سو روپے سالانہ مجھے

(آپ کے درخواست گذار کو)۔

چند برس بعد جب میں بلوغت کو پہنچا اور اس قابل ہوا کہ صحیح اور غلط' اچھے اور برے میں تمیز کر سکوں تو میں نے محسوس کیا کہ پانچ ہزار روپیہ کی تقسیم میں احمد بخش خان نے صریحاً" ناانصافیوں کا ارتکاب کیا ہے۔ پہلی یہ کہ انھوں نے عزیز و اقارب میں ایک ادنیٰ درجہ کے نوکر کو شامل کر لیا ہے دوسرے یہ کہ انھوں نے اس تقسیم سے میرے بھائی کو بالکل علیحدہ رکھا ہے جو میری ہی طرح نصراللہ بیگ خان کا حقیقی بھتیجا ہے۔

مزید بر آں مجھے یہ بات بڑی غیر معمولی لگی کہ جنرل صاحب بہادر نے جو بے پایاں سخاوت اور فیاضی کا پیکر تھے اور لاکھوں روپیہ بخش دیا کرتے تھے۔ ایک استمرار دار کے عزیز و اقارب کی پرورش کے لیے سالانہ صرف پانچ ہزار روپیہ مقرر کیے ہوں جبکہ جو اراضی اس کے پاس تھی اس کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپیہ تھی۔

میں نے ہر ممکن طریقہ سے اپنے دعاوی کا مسئلہ اٹھانے کی کوشش کی اور وقتاً" فوقتاً" کبھی تحریری اور کبھی زبانی اپنا مقدمہ احمد بخش خان کے سامنے پیش کیا اور ان سے عرض کیا کہ جناب عالی آخر وہ کون سا محرک ہے جس نے آپ کو اس بات پر آمادہ کیا کہ آپ نے ایک اجنبی کو عزیز و اقارب کے زمرے میں شامل کر لیا اور ایک حقیقی بھتیجے کو اس زمرے سے خارج کر دیا؟ اگر آپ خواجہ حاجی کے کاموں سے بہت خوش ہیں تو اسے، آپ اپنی جیب خاص سے دیں یا نصراللہ بیگ خان کے دستے میں سے دو تین سواروں کا وظیفہ ان کے لیے مقرر کردیں۔ اس کے کیا معنی ہیں کہ نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے وظیفے میں سے خواجہ حاجی کو تنخواہ دی جا رہی ہے؟

احمد بخش خان مجھے خط کے ذریعہ بھی جواب دیا کرتے تھے اور اپنے دعوے کے حق میں جھوٹی قسمیں کھا کر کہا کرتے تھے "میں کیا کر سکتا ہوں؟ میں عزت ماب جنرل صاحب بہادر کو بتا چکا ہوں کہ خواجہ حاجی نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب ہی شامل نہیں اور میری غلطی سے ان کا نام سرکاری ریکارڈ میں بھی درج کیا جا چکا ہے۔ اب مجھے ذلیل و رسوا نہ کرو اور چند روز صبر کرو خواجہ حاجی کے انتقال کے بعد میں یہ دو ہزار روپے تم دونوں بھائیوں کو دیا کروں گا۔

چونکہ احمد بخش خان دو طرح سے میرے بزرگ اور عزیز تھے اول اس طرح کہ میرے چچا نصراللہ بیگ خان اُن کے داماد(۹) تھے دوسرے یوں کہ میں ان کے بھائی الٰہی بخش خان(۱۰) کا داماد تھا۔ ان واقعات و حالات کے بارے میں میں نے احمد بخش خان کی بزرگی اور ان کے ساتھ قرابت داری کا احترام کیا اور خود بھی اپنے ساتھ کی گئی ناانصافیوں کی اذیت کو خاموشی سے برداشت کر لیا۔ میں نے اپنے بھائی کو بھی باز رکھا کہ وہ بھی اپنی شکایات کا اظہار نہ کرے اور نہ ہی حکومت سے داد رسیٔ کا طالب ہو۔

اس طرح سے ایک زمانہ گزر جانے کے بعد خواجہ حاجی کا انتقال ہو گیا اور وہ اپنے پیچھے دو بچے(۱۱) چھوڑ گیا۔ میں نے سوچا کہ اس سال کی آمدنی مجھے ملے گی۔ لیکن جب تنخواہ کی تقسیم ہوئی تو احمد بخش خان کی ریاست سے دو ہزار روپیہ سالانہ کی رقم جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہے' فوراً خواجہ حاجی مرحوم کے بچوں کو ادا کر دی گئی۔

مایوسی کے عالم میں' میں احمد بخش خان کے پاس فیروزپور گیا اور ان سے کہا کہ آپ کو اپنا وعدہ پورا کرنا

چاہیے اور جو لوگ قانونی طور پر مستحق ہیں ان کے حقوق بحال کر دینے چاہئیں یا پھر مجھے اجازت دیں کہ میں اپنا مقدمہ حکومت کے سامنے پیش کر دوں۔ اس وقت وہ اپنے بستر سے اٹھ بیٹھے جس پر وہ زخمی ہو جانے کی وجہ سے لیٹے ہوئے تھے اور الور کی مختاری نکل جانے کے باعث بڑے دل شکستہ تھے۔ انھوں نے سسکیاں بھر بھر کر میرے سامنے رونا شروع کر دیا اور کہنے لگے۔ "برخوردار تم میرے بچے اور میری آنکھوں کا نور ہو' تم دیکھ رہے ہو کہ میں زخمی بھی ہوں اور بے در بھی ہو چکا ہوں اور فریب سے مجھے اپنے واجبات سے محروم کر دیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ جنرل آکٹر لونی(۱۲) سے نہ میری دوستی رہی ہے اور نہ پہلے جیسے پرتپاک مراسم۔ کچھ دن اور انتظار کر لو تمہارے تمام کے تمام حقوق بالاخر بحال کر دیے جائیں گے۔

بعد میں جنرل آکٹر لونی کا انتقال ہو گیا اور سر چارلس منکاف(۱۳) کی آمد کا اعلان ہوا۔ احمد بخش خان نے مجھ سے بہت سے وعدے کیے اور کہا "خاموش اور مطمئن رہو۔ جب سر چارلس منکاف آئیں گے تو میں تمہارا ان سے تعارف کراؤں گا' تفصیل سے تمہارا مقدمہ ان کے سامنے پیش کروں گا اور بتاؤں گا کہ حکومت کے ساتھ تمہارے چچا کے تعلقات و مراسم کی نوعیت کیا تھی اور مستحق کو اس کا حق دلاؤں گا میں تم پانچوں کے نام حکومت کی جانب سے سند بنواؤں گا تاکہ میرے انتقال کے بعد میرے بچے تمہاری گزر اوقات کے لیے مقرر تنخواہ ادا کرنے میں نہ تو کوئی لیت و لعل کر سکیں اور نہ ہی کوئی دشواری پیدا کر سکیں۔

موصوف (سر چارلس منکاف) کی آمد کے بعد چونکہ بھرت پور کا معاملہ ان کی توجہ کا مرکز بنا ہوا تھا اور وہ راجہ کی امداد اور بھرت پور میں باغیوں کی گوشمالی کی جانب اپنی ساری توجہ مبذول کیے ہوئے تھے' اس لیے احمد بخش خان نے کہا کہ مجھے اس سفر میں ان کے ساتھ جانا چاہیے بادجودیکہ میں اس زمانے میں اپنے بھائی کی علالت اور قرض خواہوں کے سخت تقاضوں کی وجہ سے اذیت ناک پریشانی میں مبتلا تھا اور بالکل اس سفر کے قابل نہیں تھا اس امید پر کہ موصوف (سرچارلس منکاف) کی طرف سے جو فرض منصبی مجھ پر عائد ہوتا ہے وہ ادا ہو جائے گا۔ میں نے اپنے بھائی کو بخار اور ہذیانی حالت میں چھوڑا' چار آدمی اس کی دیکھ بھال اور نگہداشت پر مقرر کیے' کچھ قرض خواہوں سے وعدے وعید کر کے انھیں راضی کیا' دوسروں سے چھپتا چھپاتا اور بھیس بدل کر کسی قسم کی سہولت کے بغیر بمشکل تمام احمد بخش خان کے ساتھ بھرت پور روانہ ہو گیا۔

بھرت پور کی فتح کے بعد میں نے احمد بخش خان سے بات کی تاہم انھوں نے اب بھی سر چارلس منکاف سے میرا تعارف نہیں کروایا۔ اسی زمانے میں ان کے چہرہ پر فالج کا حملہ ہوا لیکن ڈاکٹر ڈنکن کے بہترین علاج سے بالاخر انہیں شفا حاصل ہوئی اور وہ فیروزپور واپس آ گئے۔ سر چارلس منکاف نے اگرچہ فیروزپور میں تین روز قیام کیا اور میں تینوں دن روزانہ احمد بخش خان سے التجائیں کرتا رہا لیکن انھوں نے میرا تعارف ان سے نہ کراتا تھا اور نہ کروایا۔

جب موصوف (سر چارلس منکاف) دہلی چلے گئے تو میں نے احمد بخش خان سے وابستہ اپنی تمام امیدیں ختم کر دیں اور اپنے دل میں کہا انصاف پسند حکمران اپنے حمایتیوں میں سے ہر ایک کی خدمات کا اعتراف کرتے ہیں اس لیے

کیا ضرورت ہے کہ میں اس کام کے لیے احمد بخش خان کے وسیلہ اور اعانت کا سہارا لوں؟

بہتر یہ ہے کہ کسی اور کو بیچ میں ڈالے بغیر میں خود سر چارلس مٹکاف سے ملوں اور اپنا سارا احوال شروع سے آخر تک، بلا کم و کاست ان کی خدمت میں پیش کروں۔ تاہم قرض خواہوں کے تقاضوں کے خوف نے میرے لیے یہ ناممکن بنا دیا کہ میں دہلی جاؤں۔ علاوہ اپنی نیک نامی کے خیال سے کہ اسے بٹہ نہ لگ جائے میں نے یہ ارادہ ترک کر دیا۔ اس کے علاوہ ان ہی دنوں گورنر جنرل کی آمد کی خبر عام ہوئی اور امکان یہ تھا کہ سر چارلس مٹکاف گورنر جنرل کی ہم رکابی کے لیے تشریف لائیں گے تو میرے دل میں کانپور جانے اور وہاں سے ان کے خدم و حشم کے جلوس کے ساتھ واپس آنے اور راستے میں خود کو سر چارلس مٹکاف سے متعارف کرانے، اپنی عسرت و تنگ دستی کی ذلت بھری داستان بے چارگی اور قرض کا احوال ان کے گوش گذار کرنے اور انصاف حاصل کرنے کی خواہش پیدا ہوئی۔ مختصر یہ کہ اس ارادے کے ساتھ میں فیروز پور سے فرخ آباد اور کانپور کی جانب روانہ ہوا۔ اتفاق دیکھیے کہ کانپور پہنچتے ہی میں بیمار پڑ گیا۔ اچانک نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ ہلنے جلنے کی طاقت بھی جاتی رہی۔ چونکہ مجھے اس شہر میں کوئی مناسب طبیب نہ مل سکا اس لیے مجبوراً دریائے گنگا کو عبور کر کے کرایہ کے ایک فینس میں مجھے لکھنؤ کی راہ لینا پڑی۔ میں لکھنؤ میں پانچ ماہ اور چند روز صاحب فراش رہا۔ میں نے گورنر جنرل کی آمد کی خوش کن خبر سنی اور آں جناب سے ملاقات کے لیے شاہ اودھ کے سفر کا حال سنا۔ ان دنوں میں اس قابل بھی نہ تھا کہ اپنے بستر سے اٹھ سکوں کیونکہ لکھنؤ کی آب و ہوا مجھے کبھی راس نہ آئی۔

چونکہ میرے اور نواب ذوالفقار علی بہادر کے آبا و اجداد میں دوستانہ مراسم زمانہ قدیم سے چلے آ رہے تھے اور میرے دل میں بھی نواب بہادر کے لیے بڑی محبت اور لگاؤ تھا اس لیے میں نے ایسی تدبیریں شروع کر دیں کہ جس طرح بھی بن پڑے میں بندیل کھنڈ میں باندے پہنچ جاؤں۔ میں وہاں نواب صاحب کے دولت کدے پر چھ مہینے تک مقیم رہا۔ اللہ کے فضل اور نواب صاحب کی توجہ اور تیمارداری کی بدولت مجھے اس خطرناک بیماری سے شفا حاصل ہوئی۔ اس وقت تک موسم برسات گذر چکا تھا اور گورنر جنرل واپس کلکتہ جا چکے تھے۔ میں جب فیروزپور سے دہلی نہ جا سکا تو باندے سے کلکتہ کیسے جا سکتا تھا؟ اس کے علاوہ میں نے محسوس کیا کہ دہلی اور کلکتہ کے درمیان ہر جگہ ایک ہی قانون نافذ ہے اس لیے میں حکومت ہی کے انصاف پر اعتماد کروں گا۔

میں کشتی کے ذریعے سفر کرنے کے قابل بھی نہیں تھا اس لیے مجبوراً دو تین نوکروں کے ساتھ آرام و آسائش کے کسی سامان کے بغیر خشکی کے راستے گھوڑے پر کلکتہ روانہ ہوا۔ ان دنوں میری حالت یہ تھی کہ میں بہت کمزور، ناتواں اور مضمحل تھا۔

میں جب مرشد آباد پہنچا تو مجھے احمد بخش خان کے انتقال(۱۴) اور شمس الدین احمد خان کی جانشینی کی خبر ملی۔ لیکن چونکہ میرا دعویٰ احمد بخش خان کے موقف سے متعلق تھا لہٰذا میں نے سوچا کہ ان کی زندگی یا موت سے کوئی فرق نہیں پڑتا اور میں کلکتہ پہنچ گیا۔

پچھلے بیس برس کے واقعات بیان کرنے کے بعد اب میں نصراللہ بیگ خان کے خاندان کے حالات کا خاکہ بیان کرتا ہوں۔ جس میں، میں نے اپنی شکایات بھی تفصیلاً بیان کی ہیں اور اپنے مخصوص مطالبات کا لب لباب بھی اجمالاً پیش کیا ہے۔

جناب عالی!

نصراللہ بیگ خان کے متوسلین میں پہلا وہ شخص تھا جس کا نام خواجہ حاجی تھا جو اٹھارہ انیس سال احمد بخش خان کے توسط سے دو ہزار روپیہ سالانہ وصول کرتا رہا اور جو ابھی تک احمد بخش خان کی جاگیر سے اس کے بچوں کو مل رہا ہے۔ اس کی تاریخ یہ ہے نصراللہ بیگ خان کے والد محترم کے زمانے میں جن کا نام قوقان بیگ خان تھا۔ ایک نوجوان ہوا کرتا تھا جس کا نام خواجہ مرزا تھا اور جو پانچ سو روپیہ ماہانہ تنخواہ پر اسپ سواروں کے دستے میں بطور بارگیر ملازم تھا۔

کوکا بیگ خان☆ کی اہلیہ یعنی نصراللہ بیگ خان کی ماں کی ایک بیوہ بہن تھی جن کی ایک غیرشادی شدہ بیٹی تھی۔ نصراللہ بیگ خان کی والدہ کسی دوسرے متوسل کی طرح اپنی بہن اور بھانجی کی کفیل اور محافظ تھیں۔

کوکا بیگ خان☆☆ نے اپنی بیوی کی بہن کی بیٹی کا عقد خواجہ مرزا سے کر دیا اور یہ خواجہ حاجی ان ہی کا بیٹا تھا۔

سوائے اس کے کہ خواجہ حاجی کی والدہ نصراللہ بیگ خان کی ماں کی بہن کی بیٹی تھی خواجہ حاجی اور نصراللہ بیگ خان کے والدین کے درمیان نہ کبھی کوئی قرابت داری یا تعلق تھا اور نہ ہے۔

نصراللہ بیگ خان کے جائز وارثوں میں ایک میری دادی، نصراللہ بیگ خان کی والدہ تھیں۔ جن کے لیے احمد بخش خان نے اپنی زندگی ہی میں پندرہ سو روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا تھا ان کے انتقال کے بعد یہ وظیفہ ان کی سب سے بڑی بیٹی کو ملتا رہا جو نصراللہ بیگ خان کی سب سے بڑی بہن ہیں اور یہ وظیفہ انھیں اب بھی مل رہا ہے۔ وہ اپنی آمدنی اس طرح تقسیم کرتی ہیں کہ اس آمدنی کا ایک حصہ اپنی دو نوجوان بہنوں کو دے دیتی ہیں اور بقیہ رقم خود اپنی ضروریات پر خرچ کرتی ہیں لیکن چونکہ بھائی اور ماں کے بہت سے پرانے گھریلو ملازمین اور وابستگان ان ہی کے پاس رہتے ہیں اس لیے ان کی قلیل آمدنی خود ان کی ضروریات کے لیے بھی ناکافی ہوتی ہے چنانچہ انھوں نے اپنا بہت سا پرانا اثاثہ، ہر قسم کا سازوسامان اور مال و متاع جو ان کے پاس تھا فروخت کر دیا ہے اور کئی ہزار روپیہ کی مقروض بھی ہو گئی ہیں۔ وہ اسی امید کے ساتھ گذر بسر کر رہی تھیں کہ حکومت سے انھیں معاوضہ مل جائے گا۔ ان کی دو نوجوان بہنیں بھی اسی قلیل وظیفہ پر صبر و شکر اور جذبہ احسان مندی کے ساتھ گذر بسر کرنے پر مجبور ہیں جو انھیں ان کی بڑی بہن سے مل رہا ہے۔

☆، ☆☆ متن میں کوکا بیگ ہے جبکہ صحیح نام قوقان بیگ ہے۔ غالب نے بھی قلمی سوانح میں قوقان بیگ ہی لکھا ہے (گ ۔ ن)

میرے چچا نصراللہ بیگ خان کے ایک اور وارث نصراللہ بیگ خان کے بھتیجے اور میرے بھائی یوسف علی خان المعروف مرزا یوسف ہیں(۱۵)۔ ان کا معاملہ یہ ہے کہ احمد بخش خان نے ان کے لیے ایک پھوٹی کوڑی بھی وقف نہیں کی اور اس بندوبست میں انھیں بالکل فراموش کر دیا۔ اگرچہ وہ اکثر احمد بخش خان کے پاس جاتے تھے اور گذراوقات کے لیے ان سے اعانت و امداد کی التجائیں کرتے تھے۔ احمد بخش خان بعض اوقات وعدوں سے ان کا منہ بند کر دیتے کہ خواجہ حاجی کے مرنے کے بعد وہ انہیں کچھ نہ کچھ ضرور دیں گے اور بعض اوقات چرب زبانی' فریب اور خوشامد سے انھیں خاموش کر دیتے تھے۔ ان کی گذربسر کا ایک بڑا ذریعہ تو یہ تھا کہ وہ اپنے والد مرحوم کی چھوڑی ہوئی املاک کو بیچ ڈالتے تھے اور کچھ اس طرح کہ تھوری بہت میں ان کی اعانت کر دیا کرتا تھا۔

وہ نوجوان اور شادی شدہ(۱۶) تھے اور ان کے اخراجات میں بے پناہ اضافہ اور ان کی ذریعہ معاش نہ ہونے کی پریشانی بدبختی اور غربت کے آلام و مصائب نے انھیں جنون کی ایک ایسی کیفیت میں مبتلا کر دیا جس کے بعد رفتہ رفتہ وہ دماغی توازن کھو بیٹھے اور پاگل ہو گئے۔

میں مجبور تھا کہ سالانہ پندرہ سو روپیہ کی رقم میں سے چھ سو روپیہ ان کے علاج معالجے کے لیے علیحدہ کر دوں۔ ان کی ایک بیوی اور ایک بیٹی(۱۷) ہے۔ بیٹی اس زمانے میں پیدا ہوئی تھی جب ان کا دماغ درست تھا۔ خادماؤں اور نوکروں کے علاوہ چار آدمی محض ان کی دیکھ بھال اور حفاظت پر مامور تھے۔ سالانہ چھ سو روپے جو میں دیتا ہوں وہ ملا کر ہزار روپیہ ان کے علاج پر خرچ ہو جاتے ہیں اور تنخواہوں کی ادائیگی اور گھر کے دیگر اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ان کی بیوی اپنے زیورات اور اسباب فروخت کرتی رہتی ہے۔ لیکن وہ بھی آخر کب تک اس قابل رہیں گی کہ اپنا اثاثہ بیچتی رہیں؟ انجام کار وہ کیا کریں گی؟ تاہم حال ہی میں گھر سے موصول ہونے والے ایک خط سے پتہ چلا ہے کہ اللہ کے فضل و کرم سے اسے (مرزا یوسف) کو کچھ افاقہ ہوا ہے۔ قوی امید ہے کہ اس آزار سے انہیں مکمل شفا ہو جائے گی اور ان کی صحت ویسی ہی ہو جائے گی جیسی پہلے ہوا کرتی تھی اور یہ کہ حکومت کے التفات کی بدولت وہ مایوسیوں اور آزمائشوں کے بیس برس گزارنے کے بعد بالاخر اپنی تمام آرزوؤں اور تمناؤں کو پورا کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

نصراللہ بیگ خان کا ایک اور جائز وارث میں آپ کا درخواست گزار محمد اسداللہ خان المعروف مرزا نوشہ ہوں۔ احمد بخش خان نے میرے گزارے کے لیے پندرہ سو روپیہ سالانہ مقرر کیے تھے۔ کچھ عرصے تک میں نے جائیداد اور اثاثہ جات جو میرے مرحوم والد(۱۸) نے چھوڑے تھے اور اپنے نانا غلام حسین(۱۹) جو آگرہ کے ممتاز امراء میں سے اور نواب نجف خان کے درباری امیر تھے' کا خزانہ' اشیا اور املاک بیچ کر گزارہ کیا۔ بالاخر' ضرورت سے مجبور ہو کر میں دہلی گیا جو میرے آباواجداد کا اصل زاد بوم ہے۔ یہاں میں نے اپنے نانا اور والد کے تمام اثاثے جو میرے پاس بچ رہے تھے بیچ ڈالے اور قرض خواہوں سے قرض چکانے کے لیے رابطہ قائم کیا اور اس آمدنی سے قرض چکانے کے باوجود اس وقت بھی میں بیس ہزار روپے کا مقروض ہوں۔

اس زمانے میں میرا بھائی دماغی عارضے میں مبتلا ہو چکا تھا اور اس کی دیکھ بھال کے لیے مجھے چھ سو روپے نکالنے پڑتے تھے اور میرے پاس قرض خواہوں کو ادا کرنے کے لیے نو سو روپے بچ رہتے تھے۔ دو تین نوکروں کے ساتھ بھیس بدل کر دہلی سے گھوڑے پر روانہ ہو گیا اور بھرت پور کی فتح تک میں نے احمد بخش خان کے ساتھ رہنے کی اذیتیں محض اس لیے برداشت کیں تاکہ وہ اپنے وعدوں کو ایفا کریں۔ بالآخر قرض خواہوں کے واجب الادا قرضوں کے ڈر اور اپنی نیک نامی کی لاج کے خیال سے میں نے دہلی واپس جانا ناممکن خیال کیا اور کانپور چلا گیا۔ وہاں میں بیمار پڑ گیا اور پانچ مہینے کچھ دن لکھنؤ میں گزارے اور چھ مہینے تک بندیل کھنڈ میں باندے میں صاحب فراش رہا۔ اب دو مہینے سے میں یہاں ہوں جہاں انصاف کی گدی ہے۔ میرا ارادہ ہے کہ اگر حکومت نے میرے ساتھ کی گئی ناانصافیوں کی تلافی کر دی اور میرے دعوؤں کی شنوائی کی تو بامراد و مطمئن اپنے گھر چلا جاؤں گا اور آرام سے زندگی بسر کروں گا اور اپنے غریب بھائی کی معالجے کی کوشش کروں گا اور اگر ارباب حکومت میرے مقدمہ میں تحقیق کرنے کی زحمت گوارا نہیں کریں گے تو میں یہاں سے جدھر منہ اٹھے گا چلا جاؤں گا' اپنے لباس کو تار تار کر دوں گا اور خاک چھانتا عرب اور دوسرے ممالک کے اجنبی شہروں میں ساری زندگی بھیک مانگ کر گزار دوں گا کیونکہ اس اعزاز کے ساتھ کہ حکومت سے میرے مراسم بڑے اچھے ہیں میں ہندوستان میں کسی کے در پر بھیک مانگنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا(۲۰)۔

میری شکایات کا لب لباب یہ ہے کہ حکومت نے احمد بخش خان کو بیس بائیس ہزار روپیہ کی رقم واجب الادا ادائیگی سے اس لیے مستثنیٰ کیا تاکہ نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کو دیے جاتے اور نصراللہ بیگ خان کے اسپ سوار دستے کی خدمات حاصل کرنے کے لیے خرچ کیے جاتے اور یہ کہ احمد بخش خان نے ایک شخص کے ساتھ مل کر' جو نصراللہ بیگ خان کا ایک ملازم تھا اسپ سوار دستے کو فی الفور برطرف کر دیا اور بلا جھجک دستے کی خدمات اپنے لیے حاصل کر لیں اور یہ کہ نصراللہ بیگ خان کے خاندان والوں کا وظیفہ موقوف کر کے صرف پانچ ہزار روپیہ کی رقم مقرر کی جس میں سے دو ہزار روپیہ اس سے خواجہ حاجی کو اس کی ان خدمات کے صلے میں دیے جو اس نے نصراللہ بیگ خان کے اسپ سوار دستے کو برباد کرتے میں انجام دی تھیں اور تین ہزار روپیہ سالانہ نصراللہ بیگ خان کی ایک بہن اور ایک بھتیجے کو دیے تاکہ یہ بات کہی جا سکے کہ نصراللہ بیگ خاں کے قرابت داروں کو وظیفہ مل رہا ہے حالانکہ حکومت نے نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے وظیفے کے لیے' جو رقم مقرر تھی اس میں سے انھیں سالانہ تین ہزار روپے ملے اور وہ بھی پانچ میں سے صرف دو کو' دوسرے تین اعزہ کو ان میں شامل ہی نہیں کیا گیا۔ بحیثیت مجموعی میں نہ تو احمد بخش خان کی مقرر کی ہوئی رقم سے مطمئن ہوں اور نہ ان کے رقم کی تقسیم کے طریقہ کار سے اور اب میں مزید یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ میں اپنے حقوق کسی اور کے ہاتھوں سے وصول کروں اور نہ یہ برداشت کر سکتا ہوں کہ میرے ایک ادنیٰ ملازم کو میرے برابر کھڑا کر دیا جائے۔

میرے مطالبے کا لب لباب یہ ہے کہ حکومت ہی میری سند' میری گواہ' میری سلامتی' میری شناخت اور میری طاقت و قوت کا سرچشمہ ہے۔ وہ از راہ مہربانی جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر کے زمانے کے کاغذات اور وہ رپورٹیں

ملاحظہ کر لے جو انھوں نے ۱۸۰۵ء سے ۱۸۰۶ء کے اختتام تک کلکتہ بھیجی تھیں۔ ان سے پتہ چلے گا کہ یہ جائیداد جس لی مالیت تین لاکھ روپیہ تھی۔ حکومت نے صرف چند ہزار روپیہ کی مقررہ ادائیگی کے عوض احمد بخش خان کو دی تھی اور پھر انھیں اس رقم کی ادائیگی سے مستثنیٰ بھی کر دیا تھا۔ آخر کیوں؟ اور کس لیے؟ اس لیے کہ یہ رقم نصراللہ بیگ خان کے خاندان والوں کے وظیفے کے طور پر مقرر کی گئی تھی! حکومت کو چاہیے کہ وہ شمس الدین خان(۲۱) سے اس تمام رقم کا حساب طلب کرے اگر ایسا ہو تو پتہ چل جائے گا کہ نصراللہ بیگ خان کے خاندان والوں کو پانچ ہزار روپیہ سالانہ سے زیادہ کبھی نہیں ملے۔

جیسا کہ میرے ادعا کے موجب خواجہ حاجی کی کارستانی اور نصراللہ بیگ خان کے سواروں کے دستے کی بربادی' ثابت ہو چکی ہے اس لیے وہ دو ہزار روپیہ یقیناً اس وظیفے کے حساب میں شامل نہیں کیے جائیں گے جو نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے لیے مقرر کیے گئے تھے اس لیے کہ استحقاق کے بغیر شراکت داری ناممکن ہوتی ہے۔ نہ ہی حکومت کو وہ رقم شامل حساب کرنی چاہیے جو اسپ سوار دستے کے لیے رکھی گئی تھی کیونکہ اس کے لیے گھوڑوں اور سواروں کی موجودگی ایک ضروری شرط تھی لیکن جب گھوڑوں اور سواروں کا کوئی وجود ہی نہیں تو حکومت کا ان کے لیے کوئی بھتہ مقرر کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ حکومت کو احمد بخش خان کی جاگیر سے تقاضا کرنا چاہیے کہ وہ ۱۸۰۶ء کے آغاز سے اسپ سوار دستے کے لیے مقرر کیا گیا الاؤنس واپس کرے اور اسے سرکاری خزانے میں جمع کرائے کیونکہ میرا اور میرے ساتھیوں کا اس روپیہ پر کوئی دعویٰ نہیں۔ نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کا وظیفہ کچھ بھی ہو' حکومت کو اس میں سے تین ہزار روپیہ سالانہ کے حساب سے منہا کر لینا چاہیے اور بقیہ رقم احمد بخش خان کی جاگیر سے لینی چاہیے اور جب یہ ساری رقم سرکاری خزانے میں جمع ہو جائے تو پھر حکومت کو نصراللہ بیگ خان کے متوسلین کے بارے میں جانچ پڑتال کرنی چاہیے اور میرے بیانات کے مطابق اگر یہ ثابت ہو جائے کہ دو بھتیجے اور تین بہنیں نصراللہ بیگ خان کی وارث ہیں تو گذشتہ برسوں کی رقم پانچ افراد میں ان کے دعوؤں' استحقاق اور ان میں سے ہر فرد کی عسرت و مفلسی کے مطابق تقسیم کر دی جانی چاہیے۔

اور آئندہ کے لیے یہ متعین کر دیا جانا چاہیے کہ حکومت کو واجب الادا اصل رقم کل کی کل اور پوری کی پوری احمد بخش خان کی جاگیر سے ادا کی جائے اور اسپ سوار دستے کے لیے مقررہ رقم سرکاری خزانے میں جمع کرائی جائے اور حکومت نصراللہ بیگ خان کے دو بھتیجوں اور تین بہنوں کی گزر اوقات کے لیے' ان کے حقوق و استحقاق کے مطابق ان میں سے ہر ایک کے انفرادی اخراجات کو ملحوظ رکھتے ہوئے وظیفے کی جو تقسیم کرے اس کے مطابق ہر ایک کو جداگانہ سند جاری کی جائے تاکہ ہر ایک کو دہلی کے خزانے سے فرداً" فرداً" وظیفہ ملنے لگے اور وہ سب مملکت کی ابدی فلاح و بہبود کے لیے ہمیشہ دست بہ دعا رہیں اور اراکین حکومت کی انصاف پسندی اور عدل گستری کا ڈنکا ساری دنیا میں بجتا رہے۔ حکومت کی واجب الادا رقم محفوظ ہو جائے اور ہم پانچوں ستائے ہوئے لوگوں کو ان کا حق دوبارہ حاصل ہو جائے۔☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا--- پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر۴۶' ۲ مئی ۱۸۲۸ء

(۲)

لارڈ لیک صاحب بہادر کے پروانہ کی نقل

نصراللہ بیگ خان کے اختیار و اقتدار اور عزت میں اضافہ

جارج لارڈ لیک صاحب بہادر، کمانڈر انچیف ممبر کونسل وغیرہ

در آں حا یئد سونک و سونسا پرگنے سے جو آپ کی دائمی ملکیت ہے آپ کے یومیہ پنشن داروں کے لیے مبلغ ۵۶۰۰ روپیہ بطور ایک امدادی وظیفے کے مقرر کر دیا گیا ہے جو انہیں ہمیشہ ملتا رہا ہے اور چونکہ یہ رقم سونک اور سونسا کے پرگنہ کے منافع میں سے ہے لہٰذا یہ آپ کے مقررہ مالیہ کے علاوہ ہے۔

مطلوب ہے کہ ان میں سے ہر شخص کو مذکورہ وظیفہ ادا کرنے کے بعد، آپ ان سے رسید حاصل کریں گے اور اسے سرکاری دفتر میں جمع کرائیں گے۔ اس فیصلے پر ہمیشہ عمل کیا جائے گا اور یہ کہ آپ کسی سے بھی کسی نئی سند کا مطالبہ نہیں کریں گے۔

۲۱ ستمبر ۱۸۰۵ء

اس فیصلے کو قطعی تصور کیا جائے☆

(دستخط)

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا --- پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۴۶

(۴)

لارڈ لیک کے ایک حکم نامہ کی نقل

صوبہ آگرہ کے پرگنے سونک سونسا کے چودھریوں' زمینداروں' قانون گوؤں اور اوور سیروں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مذکورہ پورا پرگنہ اپنے تمام محاصل اور چونگی کے ساتھ سوائے بغیر مالیہ کی جاگیروں املاک' عطیات اور باغات وغیرہ کے' عزت مآب (ہز ایکسی لینسی) نے نصراللہ بیگ خان کو تازیست بطور استمرار مبلغ پندرہ ہزار آٹھ سو روپیہ سالانہ لگان پر اس شرط کے ساتھ عطا کر دیا ہے کہ وہ عطیات وصول کرنے والوں سے متعلق احکامات پر برضا و رغبت اور سرگرمی سے عمل کرتے رہیں گے (جن کے نام ایک پروانہ جاری کر دیا گیا ہے) اور مقررہ لگان قسطوں میں باقاعدگی سے ادا کرتے رہیں گے۔

حکم دیا جاتا ہے کہ وہ پوری خوش دلی کے ساتھ مرزا موصوف کے نائبین کی خدمت میں حاضر ہوا کریں گے اور حکومت کے واجبات ادا کیا کریں گے اور ہر طرح سے اپنے کام میں خوشنودی کو ملحوظ رکھیں گے اور ان کی خوشی اور تنبیہ کو مقدم تصور کریں گے۔

وہ (مرزا) اپنے حسن سلوک سے ان لوگوں کو مطمئن اور خوش رکھنے کی کوشش کریں گے تاکہ محال کی پیداوار میں اضافہ ہو۔

عزت مآب (ہز ایکسی لینسی) کو پورا یقین ہے کہ ظلم و ستم کی کوئی شکایت ان کے کانوں تک نہیں پہنچے گی اور یہ کہ مرزا طے شدہ شرائط پر عمل کریں گے۔

اسے حتمی تصور کیا جائے۔

۲۶ ستمبر ۱۸۰۵ء

اس کے بعد کرنل جارج سیک ویل براؤن کا پروانہ ہے' جو لفظ بلفظ جنرل لارڈ لیک کے پروانے کی نقل ہے۔

(درست ترجمہ)

(دستخط) جارج میکس ول بیٹن

نائب معتمد فارسی برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا --- پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۴۶' ۲ مئی ۱۸۲۸ء

حکم ہوا ہے کہ سائل کو مطلع کر دیا جائے کہ مندرجہ بالا عرض داشت ریذیڈنٹ دہلی کی خدمت میں پیش کی جانی چاہیے☆۔

(دستخط) ایس۔ فریزر☆☆

قائمقام معتمد فارسی

برائے حکومت

۲۰ جون ۱۸۲۸ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا--- پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر۴۶' ۲ مئی ۱۸۲۸ء

☆☆ میں مسٹر فریزر جوائنٹ سکریٹری سے ملنے گیا' شائستہ طریقہ پر ملاقات ہوئی۔ استقبال مشایعت اور معانقہ کی رسم عمل میں آئی۔ عطر و پان سے تواضع کی۔ اس خوش صفات افسر کی طرز ملاقات سے میں بہت محظوظ ہوا اور اس نے مجھے تازہ دم اور توانا دل کر دیا۔ (غالب : پنج آہنگ بحوالہ اوراق معانی ص ۷۹)

(۴)

مسٹر فریزر کے نام اسداللہ خان غالب کے مراسلہ مورخہ ۲۸ اپریل ۱۸۲۸ء کی نقل
(فارسی سے اردو)

صاحب والا مناقب، والا شان، عادل با انصاف، فیض پہنچانے والے،

آپ کا شان و شکوہ قائم رہے

خدمت عالی میں عرض گزار ہوں کہ فدوی سرکار عالی مقام کمپنی انگریزی بہادر دام اقبالہ، کے متوسلین، پرورش یافتگان اور نمک خواروں میں سے فدوی کے سگے چچا نصراللہ بیگ خان، اعلیٰ خوبیوں کے مالک جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر کے عہد میں سرکار کی طرف سے چار سو سواروں کے رسالے کا افسر اور سرکار کی جانب سے ایک لاکھ روپے کی جاگیر کا مالک تھا۔ اس کی وفات کے بعد اس کے لواحقین کی پرورش کے لیے احمد بخش خان جاگیردار میوات کی جاگیر سے سرکار نے وظیفہ مقرر کیا چونکہ میں اس رقم کے تعین اور احمد بخش خان کے طریقہ تقسیم سے راضی نہیں ہوں، اپنا مدعا بیان کرنے کے لیے خود کلکتہ آیا ہوں اور چاہتا ہوں کہ نواب والا القاب گورنر جنرل بہادر کی خدمت میں اپنی درخواست پیش کروں۔ صاحب ریذیڈنٹ شاہجہان آباد کی خدمت میں فدوی کے حاضر نہ ہو سکنے کی دو وجوہ ہیں۔ پہلی وجہ یہ کہ فدوی احمد بخش خان کی زیادتیاں برداشت کرتا رہا۔ پھر بھرت پور کی فتح تک احمد بخش خان کے وعدے پر سفر میں سرگرداں رہا، احمد بخش خان پر اپنا مدعا ظاہر کیا۔ اپنے قرض خواہوں کے ڈر اور اس رسوائی کے سبب شاہجہان آباد سے دور رہا اور کانپور چلا گیا۔ کانپور میں بیمار پڑ گیا۔ یہ مفصل روئداد میں نے آپ کی خدمت میں پیش کردہ عرضداشت میں بیان کر دی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جن دستاویزات پر میرے دعوے کا انحصار ہے ریذیڈنسی کے دفتر واقع شاہجہان آباد میں نہیں ہیں۔

ایک رپورٹ جو احمد بخش خان کی جاگیر اور سرکار انگریزی کی طرف سے اس پر زر استمراری کی معافی کے بارے میں والا مناقب جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر نے (۱۸۰۶ء) کو کلکتہ سے ارسال کی تھی وہ بھی کلکتہ کے دفتر میں موجود ہو گی۔ چونکہ دہلی، کلکتہ اور ہندوستان کے جملہ شہر ایک ہی حکومت کے تابع ہیں لہٰذا فدوی حصول انصاف اور کامیابی کی امید سے بے سروسامانی، بیماری اور ناتوانی کی حالت میں دو سو فرسنگ (چھ سو میل) کا فاصلہ طے کر کے اس

دادگاہ تک پہنچا ہے اور اس مقدمے سے فدوی کا مقصد سرکار جہاندار کی خیراندیشی اور حصول حمایت ہے۔ چنانچہ میری عرضداشت کے ملاحظے کے بعد یہ بات واضح ہو جائے گی۔ امید ہے کہ فدوی کی درخواست حضور سراپا نور کی پر برکت نظر سے فیض یاب ہو گی۔ جو کچھ ضروری تھا عرض کیا گیا۔ آپ کے اقبال اور حکومت کا سورج تابان اور درخشاں رہے۔

عرضے

اسداللہ خاں عرف مرزا نوشہ برادر زادۂ نصراللہ بیگ خان

جاگیردار سونک سونسا

لفافے پر:

صاحب والا توصیفات،

عادل اور فیض بخش جناب فریزر صاحب بہادر

دام شوکتہ، کی پرستانہ نظر فیض اثر سے گزرے

اسداللہ خان عرف مرزا نوشہ برادر زادہ مرزا نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا کی عرضداشت

مرقومہ ۲۸ اپریل ۱۸۲۸ء

(۵)

اسد اللہ خان غالب کے مراسلے کی نقل جو فروری ۱۸۲۹ء کو موصول ہوا۔
(فارسی سے اردو)

خداوند نعمت، فیاض زماں، بیکسوں کا ہاتھ تھامنے والے، زیردستوں کی عزت بڑھانے والے، آپ کا اقبال بلند رہے۔

بڑے احترام کے ساتھ عرض گزار ہوں کہ چونکہ بخشش کرنے والے ایزد پاک نے آپ کی ذات کو صفات کا مجموعہ بنایا ہے اس لیے آپ کی ذات خدمت گزاروں کو عطائے مدعا کے لیے بھی ہزار گنا کامیاب رہتی ہے۔ خاص طور پر فدوی جس کا آپ کے در دولت کے علاوہ کوئی ذریعہ نہیں اور حصول مدعا کے لیے آپ کے علاوہ اور کوئی وسیلہ نہیں اور آپ کے علاوہ کسی دوسری امیدگاہ سے واقف نہیں، آپ کی عنایات سے امیدوار ہے کہ اسے معلی الالقاب نواب گورنر جنرل بہادر کی باریابی کا شرف عطا کیا جائے تاکہ اس فدوی کی توقیر اپنے ہم عصروں کے درمیان زیادہ ہو، اور آپ کی بے پناہ عنایات کا روزافزوں امیدوار رہے۔ ہم اپنے بلند مقصد تک نہیں پہنچ سکتے تاوقتیکہ آپ کی عنایات چند قدم ہماری طرف نہ بڑھائیں۔ اس سے زیادہ حد ادب مانع ہے۔ آپ کی سلطنت اور اقبال مندی کا سورج چمکتا رہے۔

عرضی

فدوی اسد اللہ خان برادر زادہ نصر اللہ بیگ خان

(۶)

سیاسی روئداد۔ ۱۳ مارچ ۱۸۲۹ء

بخدمت گرامی : اے۔ اسٹرلنگ صاحب بہادر(۲۲)
نائب معتمد برائے حکومت شعبہ سیاسی فورٹ ولیم
جناب عالی

اسداللہ خان کی طرف سے جو اپنے آپ کو نصراللہ بیگ خان کا بھتیجا بتاتا ہے ایک طویل عرضداشت میرے سامنے پیش کی گئی ہے جس پر کی گئی تصدیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ سائل نے یہ درخواست ۲۸ اپریل ۱۸۲۸ء کو آپ کے دفتر میں داخل کی تھی ترجمہ ۱۴ مئی کو کیا گیا۔ یہ ترجمہ اور اس کے ساتھ سائل کے نام جناب فریزر کا ایک اصل خط مورخہ ۲۸ جون جس میں قاعدے کے مطابق انھیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ یہ عرضداشت ریذیڈنسی کی وساطت سے پیش کریں۔

عرضداشت کا نفس مضمون یہ ہے کہ نصراللہ بیگ خان کی وفات کے وقت مقرری میں سونک اور سونسہ پرگنے تاحین حیات پندرہ ہزار روپے زراشتی پر ان کے پاس تھے۔ احمد بخش خان مرحوم کے پاس بیس اور تیس ہزار روپے کے درمیان زراشتی پر فیروزپور وغیرہ میں زمینیں تھیں' جن سے وہ دست بردار ہو گئے تھے کیونکہ انہوں نے نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی کفالت کی ذمہ داری قبول کر لی تھی اور یہ کہ اس مقصد کے لیے احمد بخش خان نے کبھی بھی سالانہ پانچ ہزار روپیہ سے زیادہ نہیں دیے۔ جس میں سے وہ دو ہزار روپے ایک شخص خواجہ حاجی کو دیا کرتے تھے جس کا ہمارے خاندان سے کوئی تعلق نہیں تھا' پندرہ سو روپیہ اس درخواست دہندہ کو اور پندرہ سو روپے درخواست دہندہ کی ایک بہن کو دیتے تھے۔ انہوں نے درخواست دہندہ کے ایک بھائی اور دو بہنوں کو بالکل فراموش کر دیا تھا اور انھیں کچھ نہیں دیتے تھے۔

حکومت کی طرف سے احمد بخش خان کو فیروزپور وغیرہ کی جو سند ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو ملی تھی اس میں مندرجہ ذیل شق درج تھی اور میں خواجہ حاجی کے متعلق بس یہی کچھ معلوم کر سکا ہوں۔

"خواجہ حاجی اور مرحوم مرزا نصراللہ بیگ خان کے دوسرے متعلقین کی دیکھ بھال پرورش اور کفالت کی ذمہ

داری تم پر عائد ہوتی ہے اور تم بوقت ضرورت طلب کرنے پر پچاس سوار' سرکار کے لیے بالکل تیار رکھو گے۔"

تاہم عرضداشت میں بیان کیا گیا ہے کہ اس معاملہ کی کچھ توضیح لارڈ لیک کی مراسلت سے مل جائے گی جو سال ۱۸۰۵ء کے آخر یا سال ۱۸۰۶ کے آغاز میں ہوئی تھی اور جس کا تعلق فیروزپور کی جاگیر سے ہے جو بالاخر احمد بخش خان کو عطا کر دی گئی تھی۔ اور اگر عزت ماب گورنر جنرل صاحب درخواست گذار کے الزامات کی تحقیق کرانا پسند فرمائیں تو میں آپ سے اپنے لیے ایسی دستاویزات کی نقول کے لیے التماس کروں گا جن کا اس مقدمہ سے تعلق ہو۔

آپ کا مخلص

(دستخط) ایڈورڈ کول بروک

دہلی ریذیڈنسی ریذیڈنٹ☆

۲۴ فروری ۱۸۲۹ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۲۲ ۔ ۱۳ مارچ ۱۸۲۸ء

(۷)

حکم ہوا کہ لیفٹیننٹ کرنل میلکم کا جو بیان ۴ مئی ۱۸۰۶ء کے مراسلہ میں دیا گیا ہے جو انھوں نے محکمہ خفیہ میں ایک سرکاری کارروائی کے دوران ۱۵ مئی کو دیا تھا۔ اس کا ایک اقتباس دہلی کے ریذیڈنٹ کو مندرجہ ذیل خط کے ساتھ ارسال کر دیا جائے۔

یہ حکم مسٹر ایڈورڈ کول بروک' ریذیڈنٹ دہلی ریذیڈنسی کے خط مورخہ ۲۴ فروری ۱۸۲۹ء پر ریکارڈ کیا گیا تھا جو انھوں نے اے اسٹرلنگ صاحب' نائب معتمد برائے حکومت محکمہ سیاسی' فورٹ ولیم کو لکھا تھا جو صفحات نمبر ۱۹ اور ۲۰ پر ہے۔

(۸)

بخدمت گرامی :
سر ایڈکول بروک بارنٹ ریذیڈنٹ دہلی
جناب عالی!

مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کے پچھلے مہینے کی ۲۴ تاریخ کے خط کی وصولی کی اطلاع دوں اور آپ کی اطلاع کے لیے ایک مراسلہ کا اقتباس روانہ کروں جو لیفٹیننٹ کرنل میلکم(۲۳) کے ایک بیان سے لیا گیا ہے جو انھوں نے ۴ مئی ۱۸۰٦ء کو نواب احمد بخش خان کے ساتھ ایک تصفیہ کی بابت دیا تھا۔

۲۔ مجھے مزید ہدایت کی گئی ہے کہ آپ سے اس خواہش کا اظہار کروں کہ آپ اسداللہ خان کی درخواست کی چھان بین کریں اور رپورٹ پیش کریں۔

فورٹ ولیم — (دستخط) اے اسٹرلنگ

۱۳ مارچ ۱۸۲۹ء — معتمد برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۲۳ ۔ ۱۳ مارچ ۱۸۲۹ء

(۹)

اسداللہ خان غالب کی طرف سے مسٹر اینڈریو سٹرلنگ کو ۴ مئی ۱۸۲۹ء کے موصولہ خط کی نقل

(فارسی سے اردو)

بہترین خوبیوں کے مالک، صاحب قوت، فیض بخشنے اور پہنچانے والے، بے سہاروں کے سہارا کا اقبال بلند ہو!

احترام کے ساتھ کہ فدوی دہلی ریذیڈنسی کی کچہری میں وکیل کی وساطت سے درج اپنے مقدمے کے سلسلے میں عرض پرداز ہے کہ والا مناقب عالی شان روشن الدولہ ضیاء الملک مسٹر جیمس ایڈورڈ کول بروک بارنٹ بہادر منصور جنگ دام شوکتہ، کا میرے نام ایک خط مرقومہ ۱۷ اپریل ۱۸۲۹ء جو میرے وکیل کے خط کے ساتھ مجھے دہلی سے موصول ہوا ہے۔ آپ کے ملاحظے کے لیے ارسال ہے۔ بادی النظر میں صاحب والا مناقب نے میری عرض کردہ چار دفعات کے ضمن میں کونسل عالیہ سے تحقیقات کی اجازت طلب کی ہے۔ دفعات حسب ذیل ہیں۔

دفعہ اول: نصراللہ بیگ خان کی وفات کے بعد سرکار کی طرف سے جاری کردہ استمراری رقم جو نصراللہ بیگ خان کے لواحقین اور اسپ سوار ملازمین کے لیے جناب جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر کی رپورٹ پر ۱۸۰۵ء کے آخر یا ۱۸۰۶ء کے اوائل میں کانپور سے کلکتہ پہنچی اور احمد بخش خان کو بخشی گئی اس کا نصراللہ بیگ خان کے لواحقین کو کچھ علم نہیں۔

دفعہ دوم: احمد بخش خان نے نصراللہ بیگ خان کے گھوڑوں کو غائب اور نیست و نابود کر کے پچاس سواروں کی رقم خورد برد کر لی ہے اور فدوی اور دیگر متعلقین کا یہ دعویٰ گھوڑوں کے معدوم ہونے کی وجہ سے نہیں کیونکہ یہ امر سرکار سے متعلق ہے۔

دفعہ سوم: یہ کہ نصراللہ بیگ خان کے حقیقی بھتیجے اور حقیقی بھانجے کو ابتدا سے اب تک ہزار گونہ رسوائی اور سرگردانی کے ساتھ ابتدا سے اب تک احمد بخش خان کی جاگیر سے صرف ۳ ہزار روپے سالانہ وصول ہوئے ہیں باقی سب خوردبرد کی نذر ہو گئے ہیں چنانچہ فدوی کے قول کی صداقت تحقیقات کے بعد جناب عالی کے سامنے آشکارا ہو جائے گی۔

دفعہ چہارم: احمد بخش خان نے خواجہ حاجی نامی ایک شخص کو جو نصراللہ بیگ کا نمک خوار تھا اپنے کاموں پر پردہ داری اور نگہداشت کے لیے جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر کے سامنے نصراللہ بیگ خان کا رشتہ دار ظاہر کیا اور ہم پانچ افراد میں اسے بھی شریک پرورش کر لیا ہے۔ یقین ہے کہ جب صاحبان انصاف معاملے کی جزئیات اور خواجہ حاجی کی اس خاندان سے نسبت سے آگاہ ہوں گے اس کے استحقاق کو پورے طور پر پرکھ لیں گے، وہ رقم جو احمد بخش خان کی جاگیر سے خواجہ حاجی کو ملی اور خواجہ حاجی کو اور اب اس کی وفات کے بعد اس کی بیٹوں کو مل رہی ہے وہ اس کے ہرگز مستحق قرار نہ پائیں گے اور نہ ہی وہ نصراللہ بیگ کے اقربا میں تصور کئے جا سکیں گے۔ یہ چار دفعات عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس طرح سرکار کی طرف سے متعین رقم ضائع نہ ہو گی۔ اور مستحقین بھی اپنے انصاف کو پا کر سرکار کی عطا کی ہوئی روزی سے بہرہ اندوز ہو سکیں گے۔ عزواقبال کا سورج چمکتا رہے۔

عرضے

محمد اسداللہ خان

لفافے پر:

فیض اثر ربوبیت مظہر جناب مستطاب خداوند خدایگان فیض بخش فیض رسان بے کسوں کے دستگیر حضور پرنور ایڈورڈ اسٹرلنگ بہادر دام اقبالہ' کی نظر سے گزرے۔

(۱۰)

اسد اللہ خان غالب کے مراسلہ مورخہ ۱۵ جولائی ۱۸۲۹ء کی ایک نقل
(فارسی سے اردو)

غریب پرور سلامت!

خواجہ حاجی کے بارے میں فدوی کا دعوئی یہ ہے کہ خواجہ حاجی اس امر کا مستحق نہیں ہے کہ سرکار دولت مدار اس کی پرورش کرے اور نواب احمد بخش خاں کی جاگیر سے خواجہ حاجی کو جو رقم ملتی ہے وہ اس لائق نہیں کہ نصراللہ بیگ کے رشتہ داروں کی پرورش و نگہداشت کے لیے محسوب ہو۔اس کی دلیل یہ ہے کہ خواجہ حاجی براہ راست متوسل اور سرکار کا نمک خوار نہ تھا اور نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے رسالے میں دیگر چار سو سواروں کی طرح یہ بھی ایک ملازم تھا اس کی وجہ غالباً یہ تھی کہ وہ نصراللہ بیگ خان کا خانہ زاد یا نمک پروردہ تھا اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ جو رقم سرکار کی جانب سے احمد بخش خاں کے لیے معاف ہوئی وہ نصراللہ بیگ کے لواحقین کی کفالت اور پرورش کے لیے ہے جو یقیناً نصراللہ بیگ کی خدمات اور جانفشانی کا صلہ ہے۔ چاہیے کہ یہ رقم نصراللہ بیگ کے لواحقین میں تقسیم ہو اور نصراللہ بیگ کے لواحقین اور ورثا میں یہی پانچ اشخاص ہیں۔ تین حقیقی بہنیں اور دو حقیقی بھتیجے چونکہ نصراللہ بیگ لاولد فوت ہوئے اس لیے بلاشبہ کے اس کے بھائی کے حقیقی بیٹے بہرصورت اس کے اپنے بیٹوں کے برابر متصور ہوں گے لہٰذا خواجہ حاجی کا قرابت دار ہونا مشہور تو ہے امرواقع نہیں۔ اس کا یہ بیان کہ خواجہ مرزا نام کا ایک جوان نصراللہ بیگ خاں کے والد کے پاس پانچ روپے ماہانہ کا سائیس تھا(۲۴)۔ حسن اتفاق ہے کہ نصراللہ بیگ خاں کی والدہ کی ایک بہن بیوہ تھی اس کی ایک بیٹی کنواری تھی۔ خواجہ حاجی کی ماں☆ نے اپنی بہن اور اس کی بیٹی کو محل میں پرورش پانے والے دیگر افراد کی طرح پالا اور جب یہ مذکورہ لڑکی جوان ہوئی تو مذکورہ سائیس خواجہ مرزا کے ساتھ اس کی شادی کر دی۔ خواجہ حاجی مرحوم اسی خواجہ مرزا مرحوم کا بیٹا ہے۔ خواجہ مرزا والد خواجہ حاجی کا نصراللہ بیگ کے باپ اور ماں کے ساتھ سوائے ایک ملازم ہونے کے کسی اور رشتہ داری کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ہاں خواجہ حاجی کی ماں نصراللہ بیگ خاں کی ماں کی بھانجی تھی۔ چنانچہ خواجہ حاجی شرعاً عقلاً عرفاً گویا کسی لحاظ سے بھی اس امر کا مستحق نہیں ہے کہ اسے نصراللہ بیگ خاں کے اقربا میں داخل کیا جا سکے یا اس کی پرورش نصراللہ بیگ خاں کی بہنوں اور بھتیجوں کے ساتھ ہو۔ چونکہ وہ ذاتی طور پر پرورش کا استحقاق نہیں رکھتا لہٰذا اسے درخواست کرنے کا بھی کوئی حق نہیں لیکن چونکہ اس کا نام سرکار کے پاس درج ہے جو نواب احمد بخش مرحوم کی بدنیتی کی دلیل ہے۔ احمد بخش خان نے قصداً اسے نصراللہ بیگ کے رشتہ داروں میں شمار نہیں کیا☆☆۔ کیونکہ نصراللہ بیگ خاں نواب احمد بخش خان

☆ غالباً اشتباہ یا سہو کتابت ہے۔ یہاں نصراللہ بیگ خاں کی ماں ہونا چاہیے۔ (گ۔ ن)

☆☆ انگریزی عبارت کے مطابق 'اشتباہ' "احمد بخش خاں نے اسے قصداً نصراللہ بیگ خاں کے رشتہ داروں میں شمار کیا" ہونا چاہیے۔

کا داماد تھا اور ہر شخص اپنے داماد اور داماد کے رشتہ داروں کو خوب پہچانتا ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ احمد بخش خان نے نصراللہ بیگ خاں کی ماں کو جو اس وقت زندہ تھیں نصراللہ بیگ خاں کی تینوں بہنوں کے ہمراہ جو ابھی تک بقید حیات ہیں بے بس اور پردہ نشین مستورات خیال کرتے ہوئے اور نصراللہ بیگ کے دونوں بھتیجوں کو کم سن اور بے خبر گردانتے ہوئے جان بوجھ کر اپنے مفاد کی خاطر خواجہ حاجی کو نصراللہ بیگ کا رشتہ دار ظاہر کیا اور اسے اپنے کاموں پر پردہ ڈالنے کے لیے آلہ کار بنایا۔ چنانچہ نصراللہ بیگ خاں کے گھوڑوں کی بربادی اور پچاس سواروں کی نوکری کا خاتمہ اس پردے سے ظاہر ہوا اور یہ بات اتنی واضح ہے کہ محتاج بیان نہیں۔ بہرکیف ثابت ہوا کہ سرکار کے پاس خواجہ حاجی کے نام کا اندراج احمد بخش خاں کی غلط بیانی کی بنا پر ہوا ہے۔ احمد بخش خاں کی غلط بیانی اس وجہ سے تھی کہ حقائق کی پردہ داری کی جائے اور اپنے آپ کو بدنامی سے بچایا جائے۔ میں جو کہ اسد اللہ خاں عرف مرزا نوشہ' نصراللہ بیگ کا بڑا بھتیجا ہوں' نے خواجہ حاجی مذکور کے مرنے کے بعد احمد بخش خاں کی خدمت میں عرض کیا کہ اب یہ دو ہزار روپیہ سالانہ جو خواجہ حاجی کو ملتا ہے مجھے دے دیا جائے تاکہ میں اسے حقیقی ورثا کی ضرورتوں کے مطابق تقسیم کر کے باقی رقم اپنے استعمال میں لاؤں۔ نواب احمد بخش نے اس کے باوجود اپنی عاقبت اندیشی و دور نگاہی کی بنا پر خواجہ حاجی کی تنخواہ کو جاری رکھا۔ بظاہر انہیں یہ اندیشہ تھا کہ کہیں یہ مقدمہ طول نہ پکڑ جائے اور معاملہ سرکار تک نہ پہنچ جائے۔ جس سے پرورش و نگہداشت کی رقم کی مقدار ظاہر ہو جائے لیکن حضور پرنور معلی القاب نواب گورنر جنرل بہادر نے احمد بخش خاں کے نام جو شقہ مورخہ ۱۸۰۶ء میں تحریر کیا ہے کہ خواجہ حاجی وغیرہ متوسلین مرزا نصراللہ بیگ خاں کی پرورش و کفالت ان کے ذمہ ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ سرکار نے نصراللہ بیگ کے رشتہ داروں کی کفالت منظور کی ہے اور خواجہ حاجی کو احمد بخش خاں کے بیان کے مطابق نصراللہ بیگ خاں کا رشتہ دار گردانا ہے اور احمد بخش خاں کی درخواست پر خواجہ حاجی کے نام کا اندراج کیا ہے حالانکہ صورت حال یہ ہے کہ خواجہ حاجی کی نصراللہ بیگ کے ساتھ نسبت نہایت کمزور ہے۔ اس کا ہونا یا نہ ہونا برابر ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ جو رقم خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کو ملے' نصراللہ بیگ خاں کے لواحقین کی کفالت میں شمار نہ کی جائے اور نہ ہی ان کی پرورش و نگہداشت کے لیے محسوب کی جائے۔ سرکار والا کی تحریر سے یہ مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے کہ پچاس سواروں کی تنخواہ احمد بخش خاں کے حساب میں منہا کر دی جائے اور وہ بھی خواجہ حاجی کی زندگی تک اور وہ بھی محض سرکار جہاندار کی تحریر کے احترام میں۔ یہ بات بہرصورت ثابت ہوتی ہے کہ نصراللہ بیگ خاں کی تین بہنیں اور دو بھتیجے ۱۸۰۶ء سے ۱۸۲۹ء تک نواب احمد بخش خاں مرحوم کی جاگیر سے صرف تین ہزار روپے سالانہ حاصل کر رہے ہیں۔

میرا خیال ہے کہ خواجہ حاجی مرحوم کے بیٹے یہ دلیل لائیں گے اور یقیناً یہ ظاہر کریں گے کہ خواجہ حاجی نے نصراللہ بیگ خاں کی ماں کا دودھ پیا ہے۔ یہ توجیہہ انتہائی بے وزن اور یہ دعویٰ بالکل باطل ہے لیکن میری یہ خواہش ہے کہ خواجہ حاجی کا حال پوشیدہ نہ رہے لہٰذا اس مقدمہ کا حال بلا تامل عرض کرتا ہوں۔ آپ بھی اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ دنیائے اسلام خصوصاً ہندوستان میں یہ رسم موجود ہے کہ مستورات غیر محرم سے پردہ کرتی ہیں اور اپنے

حقیقی بھائیوں، بھتیجوں، بھانجوں کے سوا کسی دوسرے کے سامنے نہیں آتیں۔ جب خواجہ حاجی پیدا ہوا اور نصراللہ بیگ خاں کی ماں نے جب یہ دیکھا کہ میرے بیٹے، بھوئیں خاندانی رسم و رواج کے مطابق خواجہ حاجی سے پردہ برقرار نہیں رکھ سکیں گی اس لیے کہ خواجہ حاجی کے باپ کی حیثیت ایک سائیس سے زیادہ نہیں اور ہمارے ساتھ اس کی نسبت مستحکم نہیں اس لئے نصراللہ بیگ خاں کی ماں نے اپنی بہن کی عزت افزائی اور دل جوئی کی غرض سے خواجہ حاجی کو دودھ پلایا اور اپنے بیٹوں کو حکم دیا کہ جب خواجہ حاجی جوان ہو جائے تو کوئی اس سے پردہ نہ کرائے۔ چنانچہ اس پر عمل کیا گیا۔ فدوی کی خواجہ حاجی سے بیگانگی پر یہ دلیل انتہائی محکم اور ٹھوس ہے کہ جب تک خواجہ حاجی نے نصراللہ بیگ خاں کی ماں کا دودھ نہ پیا اور اضافی رشتہ استوار نہ کیا وہ اس قابل نہ ہو سکا کہ نصراللہ بیگ خاں کی بہنیں اس کے سامنے آتیں۔

میرا یہ بھی خیال ہے کہ خواجہ حاجی مرحوم کے بیٹوں نے اس سلسلے میں نصراللہ بیگ کی مہر کے ساتھ کوئی دستاویز پیش کی ہو گی اور اسے اپنی سچائی کی دستاویز بنایا ہو گا حالانکہ یہ ایک جعلی ہبہ نامہ ہے جو خواجہ حاجی نے نصراللہ بیگ کی رحلت کے بعد تحریر کیا اور اس پر نصراللہ خاں کی مہر ثبت کی اور متھرا شہر کے قاضی کو رشوت دے کر اس جعلی ہبہ نامہ پر اس کے دستخط حاصل کر لیے۔ لہٰذا وہ دستاویز نصراللہ بیگ کے زیر کفالت افراد میں خواجہ حاجی کی شمولیت کے دعویٰ کو ثابت نہیں کرتی۔ اگر مجھ سے اس ہبہ نامہ کے جعلی ہونے کے بارے میں استفسار کیا گیا تو میں اس سلسلے میں معتبر گواہان پیش کروں گا۔ عقلی دلائل اور نقلی شواہد سے بھی اس دستاویز کو جعلی قرار دیا جا سکتا ہے۔ وضاحت بالا سے فدوی کا مقصد یہ ہے کہ خواجہ حاجی کفالت کے مستحق نہ تھا اور پرورش نگہداشت میں اس کی شمولیت کی وجہ نواب احمد بخش خاں کی بدنیتی کے سوا کچھ اور نہیں۔ امید ہے کہ فدوی کے جھوٹ اور سچ کی تحقیق کی جائے گی۔ سوائے اس کمزور رشتے اور معمولی وجہ کے جو میں نے اوپر بیان کی ہے نصراللہ بیگ خاں کے ساتھ خواجہ حاجی کا کوئی اور رشتہ یا قرابت داری ثابت ہو یا فدوی کا دعوی باطل قرار پائے تو فدوی اس دروغ گوئی کے لئے سزا کا مستوجب ہو گا اور اگر فدوی اپنے دعوی میں کلی طور پر سچا ثابت ہو تو وہ رقم جو آج تک خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کو نصراللہ بیگ خاں کے زیر کفالت افراد کی پرورش و نگہداشت کے لیے ملتی رہی ہے، نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کے نام پر احمد بخش کو آئندہ جاری نہ کی جائے اور خواجہ حاجی کے بیٹوں کو کفالت میں شامل نہ کیا جائے اور پرورش کی اس رقم سے وہ کچھ حاصل نہ کر سکیں۔ جو ضروری سمجھا عرض کر دیا۔ آپ کی خوش بختی وسطوت کا آفتاب ہمیشہ طلوع و تابندہ رہے۔

عرضے

اسداللہ خاں عرف مرزا نوشہ برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں مورخہ ۱۵ جولائی بروز بدھ ۱۸۲۹ء۔

(۱۱)

اسد اللہ خاں غالب کی جانب سے مسٹر اینڈریو اسٹرلنگ کے نام خط مورخہ ۱۱ اگست ۱۸۲۹ء کی نقل

(فارسی سے اردو)

جناب مستطاب خداوند خدایگان داور فریدوں فرہنگ نشاں دام اقبالہ و زاد افضالہ'

مودبانہ گذارش ہے کہ!

چونکہ اب میں حضور سے اجازت چاہتا ہوں کہ دہلی کو پلٹوں جو فدوی کا وطن ہے اور ابھی حضور کے رسالے کے کوچ میں تین ماہ کا عرصہ باقی ہے اور میں اس امر کی استطاعت نہیں رکھتا کہ اپنی جگہ حضور کے پاس کسی وکیل کو بھیج سکوں تاکہ اگر کسی وقت فدوی کا مقدمہ فدوی کی عدم موجودگی میں پیش ہو تو مذکورہ وکیل' فدوی کی جانب سے اس کا مدعا حضور کی خدمت میں پیش کر سکے اور اگر یہ ضروری کوائف رپورٹ کے کونسل عالیہ کو پہنچنے تک بیان نہ ہوئے تو مقدمے کے سلسلے میں فدوی کی جانب سے انصاف کے مطالبے کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ لہٰذا ضروری حقائق و کوائف اپنے دستخطوں کے ساتھ پانچ دفعات پر مشتمل عرضداشت کی صورت میں آپ کے حضور پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ کے حکم سے پانچ دفعات پر مبنی اس عرضداشت کا انگریزی میں ترجمہ کرانے کے بعد ریذیڈنٹ بہادر دہلی دام شوکتہ' کی جانب سے رپورٹ موصول ہونے کے ساتھ ہی اسے فلک مقام کونسل عالیہ کی خدمت میں پیش کیا جائے گا اور ان پانچ دفعات میں سے ہر دفعہ کے بارے میں واضح احکام صادر فرمائے جائیں گے تاکہ فدوی داد رسی اور انصاف کے حصول میں کامیاب ہو سکے۔

نوازش۔ آپ کی شان و شکوہ اور جاہ و جلال کا سورج پورے عالم پر سایہ فگن رہے۔

عرضے

فدوی بقلم خود اسد اللہ معروضہ ۱۱ اگست ۱۸۲۹ء

لفافے پر:

جناب فیض اثر ربوبیت مظہر جناب مستطاب خداوند خدایگان داور فریدون فرہنگ نشاں آقای مظلوم پرور جناب مسٹر اینڈریو اسٹرلنگ صاحب بہادر دام اقبالہ' و زاد افضالہ کی نظر سے گزرے۔

(۱۲)

اسد اللہ خاں غالب کی طرف سے یادداشت مورخہ ۱۱ اگست ۱۸۲۹ء کی نقل
(فارسی سے اردو)

پانچ دفعات پر مشتمل گزارشات کی تفصیل

دفعہ اول:

حضور والا!

خواجہ حاجی کو نصراللہ بیگ خاں کے رشتہ داروں میں شامل و محسوب کرنا فدوی کو گوارا نہیں اور اس ناگواری کی بنیاد طمع و لالچ نہیں بلکہ حق کا حصول ہے کیونکہ فدوی کے خیال کے مطابق خواجہ حاجی بلحاظ قرابت و استحقاق اس لائق نہیں کہ اس کی پرورش و کفالت سرکار کرے جبکہ اس کی زیر کفالت افراد میں شمولیت احمد بخش مرحوم کی غلطی کے باعث ہے اور محض نواب احمد بخش کی تجویز پر استحقاق قائم نہیں کیا جا سکتا۔ لٰہذا میں چاہتا ہوں خواجہ حاجی کی قرابت اور استحقاق اور اس کی پرورش و کفالت میں شمولیت کے احوال کی تحقیقات کے بعد گورنر جنرل بہادر کونسل عالیہ کے اجلاس میں اس مقدمے کے بارے میں احکام صادر فرمائیں کہ مسئلے کا تصفیہ ہو جائے اور آئندہ کسی فریق کو بات کرنے کی جرات نہ ہو سکے۔

دفعہ دوم:

فیض رساں! میرا اس کونسل عالیہ میں اس درخواست کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ نصراللہ بیگ کے لواحقین میں چار اصلی شرکا جن میں ایک میرا چھوٹا بھائی اور نصراللہ بیگ کی تین بہنیں شامل ہیں کا احوال انتہائی سچائی کے ساتھ بیان کر دوں، دراصل استحقاق کی رو سے ہم پانچوں متوسلین برابر ہیں، لیکن یہ مدد معاش سرکار کی طرف سے مال متروکہ کی بجائے جاگیر کے معاوضے کا درجہ رکھتی ہے، ایک لحاظ سے ریاست کا حق ملکیت ہے اور چونکہ اس خاندان کا سرپرست بے اولاد چھوڑے دنیا سے چلا گیا ہے، میں جو اس کا سب کے بڑا بھتیجا ہوں، اس کے بیٹے کی مانند ہوں، نصراللہ بیگ خاں کا جانشین قرار پا سکتا ہوں۔ میں اس لائق ہوں کہ ان تمام لواحقین کی پرورش کی رقم مجھے مرحمت فرمائی جائے اور ان کی پرورش میرے ذمے کر دی جائے تاکہ ہماری خاندانی وضع داری باقی رہے لیکن چونکہ میں نے بعض اوقات اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ نواب احمد بخش خاں جاہ و مرتبے کے باوجود متعلقین نصراللہ بیگ

خاں کی پرورش میں حیل و حجت کرتے تھے' ڈرتا ہوں کہ کہیں ان شرکا میں سے بھی کوئی مجھ سے ناراض نہ ہو جائے یا غیرارادی طور پر بھی کسی کی حق تلفی ہو جائے لہٰذا میں دوسرے شرکا کا کفیل بننا نہیں چاہتا اور التماس کرتا ہوں کہ ان پانچ شرکا میں سے ہر ایک کے نام اس کی رقم مقرر کر دی جائے تاکہ فدوی کو کسی کمی بیشی کی مجال اور متعلقین کے لیے کسی ناراضگی یا حق سے زیادہ مانگنے کی گنجائش باقی نہ رہے۔ تاہم میں اتنا چاہتا ہوں کہ رئیس خاندان کے آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے مجھے امتیازی حیثیت دی جائے تاکہ میری زندگی میں فراغت اور دنیا کی نظر میں میری عزت قائم رہے۔

دفعہ سوم:

مظلوم پرورا! جب یہ بات واضح ہے کہ نصراللہ بیگ خاں کی جاگیر احمد بخش کی جاگیر سے ضلع اکبر آباد میں الگ واقع تھی۔ اس سلسلے میں ہمارا موقف یہ ہے کہ نصراللہ بیگ خاں' نواب احمد بخش کا داماد تھا اور نصراللہ بیگ خاں کی وفات کے بعد اس کی جاگیر کو احمد بخش کی جاگیر میں شامل کرواتے ہوئے اس کے لواحقین کی کفالت کے لئے احمد بخش خاں کی جاگیر سے وظیفہ مقرر کیا گیا' حالانکہ یہ جاگیر احمد بخش کی جاگیر سے بالکل علیحدہ ہے اگر اس بنا پر کفالت کی رقم میں معافی نہ دی جاتی تو اس رقم کو سال بہ سال خزانہ عامرہ میں داخل کرایا جاتا۔ پس زر استمراری سرکار والا کے تصرف میں ہے۔ لہٰذا ان مذکورہ بالا وجوہ کی بنا پر درخواست کرتا ہوں کہ یہ وظیفہ خزانہ سرکار سے مقرر ہو۔ مذکورہ وجوہ سے قطع نظر شمس الدین کے خزانہ سے وظیفہ کی وصولی انتہائی معیوب ہے کیونکہ جاگیر شمس الدین کے تصرف میں نسل در نسل چلے گی اور وظیفہ بھی نصراللہ بیگ خاں کے زیر کفالت افراد کے لیے نسل بعد نسل ہو گا اور دفعہ دوم میں میں نے خود یہ درخواست کی ہے نصراللہ بیگ خاں کے پانچوں لواحقین میں سے ہر ایک کے لیے الگ وظیفہ مقرر کیا جائے اس صورت میں ان پانچوں اشخاص میں سے اگر کوئی مر جائے گا تو دو حالتوں سے ایک ضرور ہو گی اگر وہ متوفی صاحب اولاد مرے گا تو اس صورت میں اس کی اولاد اس وظیفے کی حق دار ہو گی لیکن اگر ان پانچ میں سے کوئی شخص لا ولد ہو گا تو بلاشبہ اس کے وظیفے کی رقم کے لیے تنازعہ اٹھ کھڑا ہو جائے گا۔ ایک طرف جاگیر دار فیروزپور اس وظیفے کے ضبط کرنے کی کوشش کرے گا اور دوسری طرف دیگر شرکا کی اولاد اس رقم کی دعویٰ دار بن جائے گی لہٰذا میں امید کرتا ہوں کہ حکومت اس سلسلے میں کوئی واضح قاعدہ بنائے گی اور جاگیردار فیروزپور کو حکم جاری کرے گی کہ نصراللہ بیگ خاں کے زیر کفالت افراد کی پرورش و نگہداشت کے لیے مقرر کردہ وظیفہ ہر سال خزانہ عامرہ میں داخل کرایا جائے اور سرکار والا سے ان پانچ افراد میں سے ہر ایک کے لیے اس کے خرچے کے مطابق مشاہرہ مقرر کیا جائے تاکہ فدوی بلاواسطہ اور میرے واسطے سے شرکائے فدوی' تاحیات ریذیڈنسی کے دفتر میں وصولی کی رسید داخل کرا کر اپنے مقرر حصے کو بلاخوف حاصل کر سکیں اور آئندہ جو لاولد فوت ہو تو اس کی تنخواہ بحق سرکار ضبط کر لی جائے۔ اگر متوفی صاحب اولاد ہو تو اس کی اولاد سرکار کو اپنی شناخت کروائے اور اس وظیفے کو اپنے تصرف میں لائے اس صورت میں سرکاری رقم کے ضیاع کا اندیشہ بھی نہیں رہے گا نیز ہم پانچوں کی اولاد کے درمیان کسی قسم کا کوئی اختلاف و تنازعہ پیدا نہیں

ہو گا۔ فقط۔

دفعہ چہارم :

حضور والا !

مجھے امید ہے کہ مقدمہ ہذا کے فیصلہ کے بعد گزشتہ سالوں کے بقایا جات کے لیے دعوی دائر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور مقدمہ کے تصفیہ کے ساتھ گزشتہ سالوں کے بقایاجات پر مشتمل رقم جاگیردار فیروزپور سے کسی انتظار کی زحمت کے بغیر وصول ہو جائے گی۔ فقط۔

دفعہ پنجم :

فریادرس !

چونکہ ۔ بات اظہر من الشمس ہے کہ فدوی کے حقیقی چچا نصراللہ بیگ خاں کا شمار آپ کے متوسلین میں ہوتا ہے۔ فدوی کو بھی آپ کی عنایت سے آپ کی سرپرستی کی نسبت حاصل ہے لیکن نواب احمد بخش نے جو فدوی کے حقیقی چچا کا سسر اور فدوی کے سسر کا حقیقی بھائی تھا فدوی کو ناکام' نامراد' بیزار اور گمنام بنا دیا لہٰذا میری خواہش ہے کہ اس مقدمہ کے فیصلے اور عدالتی کارروائی کے دوران فدوی کی مایوسی وحرمان زدگی اور ناکامی ونامرادی دور کر دی جائے' فدوی کی قدر افزائی کی جائے حضور والا کی جانب سے ایک خلعت عطا ہونا چاہیے تاکہ فدوی کی جاہ وحشمت میں اضافہ ہو اور مایوسی وناکامی کا غم جاتا رہے۔ ایک دنیا جانتی ہے کہ میں بھی سرکار جہاںمدار کے متوسلین میں سے ایک ہوں۔

آپ کی شان وشوکت کا سورج تمام دنیا پر چمکتا رہے۔

عرضداشت

فدوی اسد اللہ خاں عرف مرزانوشہ برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں

جاگیردار سونک سونا

معروضہ ۱۱ اگست ۱۸۲۹ء

(۱۳)

سیاسی روداد ۱۹ دسمبر ۱۸۲۹ء

بخدمت گرامی:

اے اسٹرلنگ صاحب بہادر

فارسی معتمد برائے حکومت

شعبہ سیاسی فورٹ ولیم

جناب عالی!

میں آپ کی توجہ سر۔ای۔ کول بروک کی طرف سے گزشتہ فروری کی ۲۴ تاریخ کو لکھے گئے اس خط کی جانب جس اسداللہ خاں کی عرضداشت پر رپورٹ کرنے کے لیے کہا گیا تھا مبذول کرانا چاہتا ہوں' ابھی تک مذکورہ بالا خط کا کوئی جواب دفتر میں موصول نہیں ہوا۔

میرے لیے اعزاز ہے' جناب!

آپ کا ناچیز خادم

(دستخط) ایف ہاکنز

قائم مقام ریذیڈنٹ☆

دہلی ریذیڈنسی

۵ دسمبر ۱۸۲۹ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر۲۹' ۱۹ دسمبر ۱۸۲۹ء

(۱۴)

حکم ہوا ہے کہ مراسلہ بنام ریذیڈنٹ مورخہ ۱۳ مارچ سابق کی ایک ہو بہو نقل مندرجہ ذیل خط کے ساتھ قائم مقام ریڈیڈنٹ کو ان کے پتے پر ارسال کر دی جائے۔

یہ حکم اسٹرلنگ صاحب، فارسی معتمد برائے حکومت شعبہ سیاسی فورٹ ولیم کے نام دہلی ریذیڈنسی کے قائم مقام ریذیڈنٹ کے خط مورخہ ۵ دسمبر ۱۸۲۹ء میں جو صفحہ ۴۴ پر درج کیا گیا تھا☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن، نمبر آئی او آر۔ ایف /۴/ ۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر ۵۳۴۲۹

(۱۵)

بخدمت گرامی : قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر

بر مقام دہلی

جناب عالی!

مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کے خط مورخہ ۵ ماہ رواں کی وصول یابی سے آپ کو مطلع کروں اور جوابا" آپ کو آگاہ کروں کہ سر۔ای۔ کول بروک کے خط مورخہ ۲۴ فروری کا جواب ۱۳ مارچ کو ارسال کر دیا گیا ہے جس میں اسد اللہ خان جو خود کو نصراللہ بیگ خان کا بھتیجا بتاتا ہے کی اس عرضداشت کے بارے میں رپورٹ دی گئی ہے جو اس نے ان کی خدمت میں پیش کی تھی ایسے کسی معاملے میں مزید کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی ہے جس میں نصراللہ بیگ خان کے نام کا ذکر آیا ہو۔ جیسا کہ معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ بالا ہدایات دہلی کے دفتر میں موصول نہیں ہو رہی ہیں اس لیے میں اپنے خط کا ایک مثنیٰ اور اس سے منسلکات آپ کی خدمت میں روانہ کر رہا ہوں☆۔

آپ کا خادم

فورٹ ولیم (دستخط) اے اسٹرلنگ

۱۹ دسمبر ۱۸۲۹ء نائب متعمد برائے حکومت

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ۔ پروسیڈنگز نمبر ۳۰' ۱۹ دسمبر ۱۸۲۸ء

(۱۶)

نقل عرضی برائے جواب دعوی از افضل بیگ

(فارسی سے اردو)

مورخہ ۸ مارچ ۱۸۳۰ء

عزت ماب، عالی جناب کی خدمت میں عرض پرداز ہوں!

خواجہ حاجی خاں مرحوم کے فرزند خواجہ شمس الدین عرف خواجہ جان و خواجہ بدرالدین عرف خواجہ امان جو سرکار انگریز بہادر کے نمک پرور وہ ہیں، میرے حقیقی بھانجے ہیں۔ اسد اللہ خاں عرف مرزا نوشہ نے ان کی حق تلفی کے ارادہ سے مذکورہ لڑکوں کے تخفیف حق کے موضوع پر کلکتہ سے اپنی مراجعت کے وقت ایک درخواست حضور کی انصاف پسند خدمت میں پیش کی نیز اس درخواست کے مطالب ریذیڈنٹ کی خدمت میں بھی پیش کیے ہیں۔ لہٰذا میں جو عرضی کے متن میں ذکر کیے گئے خواجہ شمس الدین اور خواجہ بدرالدین کا حقیقی ماموں ہوں۔ مذکورہ اشخاص کی اجازت سے اسد اللہ خاں کی عرضی کا جواب آپ کے حضور میں پیش کرتا ہوں اور امیدوار ہوں کہ اس جواب کے مطالب تک رسائی کے بعد اسد اللہ خاں غالب کے مقدمے کی تحقیق کے دوران ان مطالب کو ریذیڈنٹ بہادر شاہجہان آباد کی تحویل میں دے دیا جائے اور فدوی کو بھی ان کی خدمت میں پیش ہونے کی اجازت ہو۔ چونکہ اسد اللہ خاں نے یہ معاملہ ریذیڈنٹ بہادر شاہجہاں آباد کے علم میں ہونے کے باوجود محض خواجہ حاجی کے بیٹوں کی حق تلفی کے لیے آپ تک پہنچایا ہے لہٰذا حضور کی اطلاع کے لیے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسد اللہ خاں کا بیان صاف جھوٹ پر مبنی ہے۔ اس مقدمے کا جواب داخل کر کے امید کرتا ہوں کہ از راہ ملازم پروری اور متوسل نوازی فدوی کے جواب کو بذریعہ مراسلہ ریذیڈنٹ صاحب کی خدمت میں روانہ فرما دیں تاکہ انھیں مقدمے کی رپورٹ کے دوران میں دعویٰ و جواب دعویٰ دونوں کے مطالب سے آگاہی رہے تاکہ مدعیان آپ کی عنایت اور جناب ریذیڈنٹ کی توجہ سے انصاف حاصل کر سکیں اور سرکار کمپنی انگریز بہادر کی ہمیشہ قائم ودائم رہنے والی حکومت کے دعاگو اور وفادار رہیں۔ فقط۔

درخواست گزار

عبدہ، افضل بیگ۔(۲۵) مورخہ ۸ مارچ ۱۸۳۰ء

(۱۷)

افضل بیگ خاں کی طرف سے دائر کردہ جواب دعویٰ مورخہ ۸ مارچ ۱۸۳۰ء کی نقل

(فارسی سے اردو)

غریب پرور سلامت!

افضل بیگ خان جو خواجہ شمس الدین عرف خواجہ جان اور خواجہ بدرالدین عرف خواجہ امان پسران خواجہ حاجی مرحوم نمک پروردہ سرکاری عالیہ کا مختاری ہے کی جانب سے اسد اللہ خاں کی عرضی کا جواب حسب ذیل ہے:

۱۸۰۶ء میں فیروزپور جھرکہ 'سانکرس' 'پونا' 'ہانا' وبچھورد' نگینہ کی جاگیریں نواب احمد بخش خاں کو استمراری حق (نگان داری) پر مع سند دس مخصوص شرائط کے مطابق نسلاً" بعد نسل عطا ہوئیں۔

اول : یہ کہ مرزا نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے زیر کفالت افراد خواجہ حاجی وغیرہ کی پرورش اور دیکھ بھال نواب موصوف کے ذمہ ہو گی۔ فقط۔

دوم : یہ کہ پچاس سوار بوقت ضرورت سرکار کے لیے حاضر کئے جائیں فقط۔ اگرچہ نواب موصوف نے عالی مرتبت جنرل سرجان مالکم صاحب بہادر کے حضور دس ہزار روپیہ نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے زیر کفالت افراد خواجہ حاجی وغیرہ کے درمیان تقسیم کرنے کا ذمہ لیا لیکن نصراللہ بیگ مرحوم کے زیر کفالت افراد یعنی خواجہ حاجی وغیرہ کو اس معینہ رقم کی کوئی خبر (اطلاع) نہ کی تھی۔ اس صورت میں نواب موصوف از راہ بخل نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے زیر کفالت افراد حاجی وغیرہ کو صرف پانچ ہزار روپے سالانہ دیتے تھے۔ یعنی مبلغ دو ہزار روپے خواجہ حاجی کو مبلغ ایک ہزار پانچ سو روپے مرحوم کی بہنوں کو ایک ہزار پانچ سو روپے اسد اللہ خاں اور مرزا یوسف کو جو نصراللہ بیگ خان مرحوم کے بھتیجے تھے سالانہ ملتے تھے۔ گزشتہ سال اسداللہ خاں نے اولاً شرکا کی رضامندی سے نواب احمد بخش مرحوم کے ورثاء کے خلاف تنخواہ میں اضافے کے لیے ایک عرضی حضور کی خدمت میں پیش کی۔ ثانیاً" طمع اور بے انصافی کے تحت خواجہ حاجی خاں کے بیٹوں کو ان کے حق سے محروم کرنے کے لیے ایک دوسری عرضی پیش کی اور خواجہ حاجی کے بیٹوں کی جو اسد اللہ بیگ کے لیے بھی واجب الاحترام بزرگ ہیں کی تحقیر و تذلیل کو مفید مطلب سمجھتے ہوئے لکھا کہ خواجہ حاجی ہرگز اس امر کا مستحق نہیں کہ سرکار اس کی کفالت کا اہتمام کرے۔

غریب پرور! دشمنی اور کینہ پروری نے اسد اللہ خاں کے ذہن کو بالکل ماؤف کر دیا ہے یہاں تک کہ

اس نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ حکومت کے اہل کاروں کو امور مملکت کے انتظام میں تعلیم دینے پر کمربستہ ہے اور حکومت کے خیر خواہوں کی درجہ بندی اور کفالت کے سلسلے میں کسی کوتاہی کو سرکاری اہل کاروں کی غفلت پر محمول کرتا ہے۔ اگر سرکاری اہل کاروں کو خواجہ حاجی کی خیر خواہی اور خدمت گزاری پر مکمل اعتماد نہ ہوتا اور خواجہ حاجی خاں کی نصراللہ بیگ مرحوم کی معیت میں حسن خدمت کے صلے کے طور پر خواجہ حاجی اور اس کی اولاد کی کفالت سرکاری اہل کاروں کی خصوصی توجہ کا مرکز نہ ہوتی تو خواجہ حاجی کا نام نصراللہ بیگ مرحوم کے زیر کفالت افراد کے زمرے میں شامل نہ ہوتا اور حضور کی جانب سے عطا کردہ سند میں اس کا نام کمپنی انگریز بہادر کی حکومت کی سرپرستی کے مستحق افراد میں درج نہ ہوتا۔ دیگر دلائل سے قطع نظر سند کی عبارت بلاشبہ خواجہ حاجی مرحوم کے لازوال استحقاق کے لئے ایک ناقابل تردید دلیل ہے۔

ثانیاً : اسد اللہ خاں خواجہ حاجی کے بیٹوں کی رسوائی کی غرض سے لکھتا ہے کہ خواجہ حاجی یعنی فدوی کے بھانجوں کا باپ نصراللہ بیگ خاں کا غلام زادہ اور نمک خوار تھا۔ خواجہ مرزا' خواجہ حاجی کا باپ نصراللہ بیگ خاں کے باپ کے پاس صرف پانچ روپے ماہانہ پر بطور سائیس ملازم تھا لیکن خان مذکور اپنے بیان کے تناقض کی پرواہ کئے بغیر دوبارہ لکھتا ہے کہ نصراللہ بیگ خاں کی ماں نے اپنی بھانجی کا نکاح جو اس بزرگ خاتون کو اپنی بیٹی کی طرح عزیز تھی خواجہ مرزا کے ساتھ کر دیا اور خواجہ حاجی مرحوم بن خواجہ مرزا اسی بیٹی کے بطن سے ہے۔ غریب پرور! نصراللہ بیگ خاں کی ماں اور اسد اللہ خاں کی دادی کی حالت پر تاسف ہے کہ بقول اسد اللہ خاں اس نے اپنی بھانجی کا نکاح کمال رضامندی کے ساتھ ایک غیر اور گھٹیا شخص کے ساتھ کر دیا۔ حیف ہے اسد اللہ خاں کے حال پر کہ وہ خواجہ حاجی کے لیے جو اس کی دادی کی بھانجی کا بیٹا ہے غلام زادہ اور اسی قسم کے دوسرے آمیز الفاظ استعمال کرتا ہے حالانکہ یہ شخص (اسد اللہ خاں) خود گھٹیا ہے۔ نصراللہ بیگ خاں کی ماں یعنی اس (اسداللہ خاں) کی دادی نے اپنی بہن کی عزت افزائی و خاطرداری کے لیے خواجہ حاجی کو دودھ پلایا اور اپنے بیٹوں سے کہا کہ جب خواجہ حاجی جوان ہو جائے تو کوئی اس سے پردہ نہ کرائے لیکن اسد اللہ خاں اپنے بزرگوں کے برعکس اپنی دادی کی بہن اور اس کی اولاد کی قدر افزائی کی بجائے ان کی عزت کو حاکمان وقت کے حضور بار بار اپنی زبان درازی سے مجروح کرتا ہے اور اپنے بزرگوں کی توہین و تحقیر کو اپنے لئے باعث افتخار سمجھتا ہے۔ غریب پرور! اسد اللہ خاں اولاً خواجہ حاجی خاں سے کسی قسم کی رشتہ داری سے انکار کرتا ہے اور خواجہ حاجی کو صرف نصراللہ بیگ خاں کے نوکروں کے زمرے میں شمار کرتا ہے اور آخر کار نصراللہ بیگ مرحوم اور خواجہ حاجی مغفور کے درمیان کمزور تعلق کو ظاہر کرتا ہے فقط۔ خان مذکور پر یہ بات پوشیدہ نہ ہوگی کہ خواجہ حاجی مرزا نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے زیر کفالت افراد میں سب سے اول نمبر پر ہے۔ سند کی عبارت نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے زیر کفالت افراد یعنی خواجہ حاجی وغیرہ

کی کفالت و نگہداشت وغیرہ ان کے ذمہ ہے اس امر پر صریحاً" دلالت کرتی ہے۔ لغوی طور پر توسل کے معنی ہیں کسی چیز کے واسطے سے نزدیکی چاہنا۔ اور توسل الیہ سے مراد ہے (بوسیلہ الی القرب الیہ بعمل)۔ اس صورت میں خواجہ حاجی پر لفظ متوسل کا اطلاق دوسروں کی نسبت نہایت صحیح اور واضح ہے۔ عرف عام میں متوسلین کا لفظ ان رشتہ داروں دوستوں اور غیروں پر صادق آتا ہے جن کا تعلق کسی دوسرے شخص سے ہو۔ چنانچہ گورنر جنرل بہادر کا متوسل اور نامور بادشاہوں کے متوسلین وغیرہ کا لفظ خواص کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ خواجہ حاجی جو نصراللہ بیگ خاں کی خالہ کا نواسا ہے اور مہمات کے انتظام میں بھی ان کے ساتھ رہا ہے' قرابت داری اور دوستی کے اعتبار سے نصراللہ بیگ خان مرحوم کے خصوصی متوسلین میں سے ہے اور دوسرے اشخاص نصراللہ بیگ خان کے عمومی متوسلین میں داخل ہیں۔ چنانچہ سند میں متوسلین سے متعلق جو عبارت درج ہے وہ ان ہی حقائق کی مصداق ہے اور نصراللہ بیگ خاں مرحوم کی رفاقت میں خواجہ حاجی خان کی خدمات' جانفشانی اور اعتبارات کے پیش نظر سرکاری اہل کار' خواجہ حاجی مرحوم کی اس پرداخت کو اولین اور اہم تصور کرتے ہوئے خواجہ حاجی مذکور اور اس کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں کی کفالت کرتے چلے آرہے ہیں۔ غریب پرور سلامت! اسد اللہ خاں' خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کو حق سے محروم کرنے کی خاطر معلی القاب جارج بارلو گورنر جنرل بہادر کی عطا کردہ سند کو جس پر خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کے دعویٰ اور اسد اللہ خاں اور اس کے بھائی اور نصراللہ بیگ خاں مرحوم کی بہنوں کی مخالفت کا دارومدار ہے کو ساقط الاعتبار قرار دیتا ہے اور بیان کرتا ہے کہ حضور کی سند میں خواجہ حاجی کے نام کا اندراج نواب احمد بخش خاں مرحوم کے غلط بیانی کی وجہ سے ہے کیونکہ نواب احمد بخش خاں نے خواجہ حاجی کو اپنے معاملات کا راز دار بنا رکھا تھا۔ انصاف پرور! اس صورت میں کہ نواب احمد بخش خان مرحوم کو سند استمراری کا اجرا اور خواجہ حاجی وغیرہ نصراللہ بیگ خان متوسلین کو سرکار کی طرف سے تنخواہ کا حصول سپہ سالار نامدار جنرل لارڈ لیک بہادر کے تجربہ و تحقیق کی بنا پر نہیں بلکہ اس کا دارومدار احمد بخش خاں کی بد نیتی اور غلط بیانی پر تھا سند استمراری اور دائمی تنخواہ کا کوئی جواز باقی نہیں رہتا' اس لیے کہ جس شے کی بنیاد ہی دھوکہ اور فریب پر ہو وہ قابل اعتبار و استمرار نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کے حق کو غلط ثابت کرنے کی خاطر اسد اللہ خاں نے خود اپنے حق کا ابطال بھی کر دیا ہے۔ اس سے اسداللہ خاں کے طمع و حرص اور واضح عناد کے سوا کچھ اور ظاہر نہیں ہوتا۔

غریب پرور! اس کے باوجود کہ سرکاری اہل کاروں نے خواجہ حاجی وغیرہ متوسلین نصراللہ بیگ خاں مرحوم جو سرکار کے جانثار رہے ہیں کی کفالت و نگہداشت کا ہر صورت تہیہ کر رکھا ہے اسد اللہ خاں غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے ظاہر کرتا ہے کہ چونکہ سرکار نے نصراللہ بیگ مرحوم کے قریبی رشتہ داروں کی پرورش اپنے ذمہ لی تھی لہٰذا وہ رقم جو خواجہ حاجی اور اس کے بیٹوں کو بغرض پرورش دی جاتی ہے اسے

نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے رشتہ داروں کی پرورش اور نگہداشت پر محمول نہ کیا جائے۔ انصاف پرور! سرکاری اہل کاروں کی نیت اور ارادے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں بلکہ کونسل کی جانب سے عطا کردہ سند کی عبارت سرکار کے اس ارادے پر صریحاً" دلالت کرتی ہے اور اسد اللہ خان یا کسی دوسرے کی تشریح و توضیح کی محتاج نہیں۔ افسوس کہ اس حرص کے بندے کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اگر خواجہ حاجی اپنے نام کی صراحت کے باوجود سرکاری پرورش کا مستحق نہیں تو نصراللہ بیگ خان مرحوم کے زیر کفالت افراد کے علاوہ دیگر افراد جن میں اسداللہ خاں کا نام بھی شامل ہے اور جن کا ذکر وغیرہ میں ہے کسی طرح بھی سرکار کی طرف سے پرورش کے مستحق نہیں ٹھہرتے۔ اسد اللہ خاں کی درخواست کی عبارت سے ظاہر ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے دونوں بھتیجے یعنی اسداللہ خان و مرزا یوسف استمراری کے اجرا اور تنخواہ کے تقرر کے وقت کم سن یا بے خبر نہ تھے اس صورت میں ظاہر ہے کہ خواجہ حاجی نے جو کہ نصراللہ بیگ خاں قرابت داروں میں سے ایک ہے ان (نصراللہ بیگ) کی رفاقت میں سرکار دولت مدار کی خدمات سرانجام دیں تھیں۔ اس لیے ایسے آدمی جس نے بذات خود خدمت و جانثاری کی ہو' کے مقابلے میں ناسمجھ لڑکوں کا استحقاق فائق نہیں ہوتا۔ غریب پرور! اسد اللہ خاں کے بیان سے یہ ظاہر ہے کہ نصراللہ بیگ کے بھتیجے سند کے حصول سے قبل اس سے بالکل بے خبر تھے۔ بلکہ مقام افسوس ہے کہ ابھی بھی ان میں سے ایک یعنی مرزا یوسف پاگل ہے اور شریعت کا مکلف نہیں ہے اور دوسرے کا مزاج اکثر و بیشتر قمر کے زوال و کمال کے ساتھ ساتھ اعتدال سے تجاوز کر جاتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ عرضی جو خاندان اور عزیزوں کی رسوائی اور ذلت کا مرقع ہے آثار قمر کے غلبہ کے موقع تحریر کی گئی ہو فقط۔ اسدا للہ خاں نے عرضی کے آخر میں اپنے سوئے ظن کے اظہار میں بعض فضول باتیں بھی کی ہیں اسداللہ خاں کا یہ واضح ہذیان اس قابل نہیں کہ اس کا سرکار جواب دے یا اس پر غور کرے۔

غریب پرور! مذکورہ بالا محالات نواب احمد بخش خاں نسل در نسل دو خاص شرائط یعنی خواجہ حاجی وغیرہ متوسلین نصراللہ بیگ خاں کی کفالت و حسب طلب سرکار کے حضور پچاس سوار حاضر کرنے پر عطا ہوئی تھی۔ اس صورت میں ظاہر ہے کہ ان دو شرائط پر محالات دواماً عطا کرنے سے سرکار دولت مدار کے پیش نظر اور ملحوظ خاطر یہ ہے کہ علی ہذا القیاس یہ دو شرائط کی نوعیت بھی مدامی و مستقل ہے۔ لہٰذا آپ کی انصاف پروری سے مجھے امید واثق ہے کہ آپ نواب موصوف کے ورثا کے نام فرمان صادر فرمائیں گے نواب احمد بخش کے اس معاہدہ کے مطابق جو سرکاری اہل کاروں کے ساتھ طے پایا ہے مبلغ چار ہزار روپے سالانہ تنخواہ اور باقی ماندہ رقم بھی خواجہ حاجی کے بیٹوں کو جو سرکار دولت مدار کے نمک خوار ہیں عطا فرمائیں اور آئندہ اس سلسلے میں کسی تنگ چشمی اور غفلت کا مظاہرہ نہ کیا جائے تاکہ آپ کے یہ پرانے نمک خوار مع قبیلوں اور خانوادوں کے آپ کی حکومت کی سلامتی و درازی کے لئے دعاگو رہیں۔

مورخہ ۸ مارچ ۱۸۳۰ء افضل بیگ' مقام کلکتہ عبدہ افضل بیگ

(۱۸)

سیاسی روئداد۔ ۲۸ مئی ۱۸۳۰ء

بخدمت گرامی:
اے سٹرلنگ صاحب بہادر
نائب معتمد برائے حکومت
فورٹ ولیم

جناب عالی:

میں اپنے خط کے حوالے سے جو میں نے آپ کو گذشتہ دسمبر کی ۵ تاریخ کو لکھا تھا اور آپ کے خط کے حوالے سے جو آپ نے مجھے اس مہینے کی ۱۹ تاریخ کو لکھا عزت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کی اطلاع کے لیے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسد اللہ خاں جو عرف عام میں مرزا نوشہ کہلاتا ہے کہ دعویٰ کے جواب میں نواب شمس الدین خاں کے مراسلہ کا لارڈلیک صاحب بہادر کے مراسلہ مورخہ ۸ جون ۱۸۰۶ء کا ترجمہ جس میں ان افراد کی صراحت کی گئی ہے جنھیں پانچ ہزار روپیہ سالانہ کی وہ رقم ملنا تھی جو سرکار برطانیہ نے مرحوم نصراللہ بیگ خاں کے عزیزواقارب کی کفالت کے لیے مقرر کی تھی اور اس بارے میں میں اپنی رائے سے آپ کو آگاہ کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ میری رائے میں شکایت کنندہ کو اس سے زیادہ مطالبہ کرنے کا کوئی حق نہیں جتنا کہ لارڈلیک صاحب بہادر نے ان کے اور ان کے بھائی مرزا یوسف کے لیے مقرر کر دیا تھا یعنی پندرہ سو روپیہ سالانہ جو نواب شمس الدین خان ہمیشہ ادا کرنے کے لیے تیار رہے ہیں۔

میں ہوں آپ کا خادم

دہلی ریذیڈنسی — (دستخط) ایف ہاکنز

۵ مئی ۱۸۳ء — قائم مقام ریذیڈنٹ☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۱۲ مورخہ ۲۸ مئی ۱۸۳۰ء

(۱۹)

فیروز پور کے نواب شمس الدین خان کے خط کا ترجمہ جو انھوں نے دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ کو ارسال کیا۔

آپ کا وہ خط جس میں اطلاع دی گئی تھی کہ محمد اسد اللہ خان لی شکایت کی تحقیق و تفتیش کے احکامات موصول ہو چکے ہیں اور جس کے ساتھ آپ نے مجھے ان کی عرضداشت کی ایک نقل ارسال کر دی ہے اور اس کے جواب میں آپ نے مجھ سے ایک تفصیلی وضاحت کی خواہش کا اظہار فرمایا ہے، مجھے مل گیا ہے اور میں نے اس کے مندر جات کو سمجھ لیا ہے۔ میرے والد محترم نواب احمد بخش خان مرحوم کے زمانے سے مرزا نصراللہ بیگ خان مرحوم کے عزیز و اقارب کی کفالت کے لیے جو کچھ کیا جاتا رہا ہے اس سے وہ اچھی طرح واقف ہیں اور انہیں دہرانے سے آپ کو غیر ضروری الجھن و پریشانی میں مبتلا کرنے کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوگا تاہم آپ کے احکام کی تعمیل کرتے ہوئے میں مندرجہ ذیل توضیحات پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں :

اسد اللہ خان نے اپنے عریضہ میں جن مبینہ ناانصافیوں کا ذکر کیا ہے اور جن کے ازالے کے لیے وہ رجوع کرنے پر مجبور ہوئے، اس سے بادی النظر میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ مرحوم نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کی کفالت کے لیے جو رقم مقرر کی گئی تھی وہ اس کی مقدار سے بالکل ناواقف ہیں تاہم یہ بڑی حیرانی کی بات ہے کہ اس انتظام کے نفاذ سے کی ابتدا سے اب تک وہ فصل بہ فصل اور سال بہ سال مقررہ رقم ہی سے اتنا حصہ وصول کرتے رہے ہیں اور اس کی رسیدیں اس دفتر میں جمع کراتے رہے ہیں لیکن اب وہ مقررہ رقم سے اپنی لاعلمی کا اظہار کر رہے ہیں۔ البتہ وہ ایک شاعر ہیں اور شاعر ہونے کی حیثیت سے انھیں آزادی حاصل ہے کہ وہ اپنی عرضداشت بیان کرنے کے لیے جس قدر چاہیں مبالغہ آرائی سے کام لیں۔

سب جانتے ہیں کہ لارڈلیک صاحب بہادر کے احکامات کے مطابق نصراللہ بیگ خان کے خاندان کی کفالت کے لیے مبلغ پانچ ہزار روپے ایک زمانے سے مقرر ہیں جس میں سے سالانہ وظیفہ کے طور پر دو ہزار روپے خواجہ حاجی کے لیے، پندرہ سو روپے مرحوم مرزا کے بھتیجوں کے لیے جو وہ باقاعدگی سے وصول

کرتے آرہے ہیں سوائے گذشتہ دو فصلوں کے جب شکایت کنندہ نے عمداً اپنا وظیفہ لینے اور رسید دفتر میں داخل کرنے سے انکار کر دیا۔ انھیں کرنا صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ رسید دیں اور معمول کے مطابق خزانچی سے اپنا وظیفہ وصول کرلیں۔ میں نے نہ کبھی کسی شخص کے واجبات ادا کرنے سے انکار کیا نہ کبھی عدم آمادگی ظاہر کی۔

اپنی عرضداشت کے دوسرے پیراگراف میں انہوں نے پچاس سواروں پر اعتراض کیا ہے۔ مجھے ان کے اس اعتراض کا جواب دینے کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ سرکار برطانیہ کے دست نگر آج بھی اس کے دست نگر ہیں اور کل بھی اس کی ہی فیاضی اور لطف و کرم کے دست نگر رہیں گے۔ خان کا اس مسئلے سے کوئی واسطہ نہیں حکومت جب بھی چاہے گی سواروں کی خدمات طلب کرلے گی اور یہ خدمت ۵۰ سواروں تک محدود نہیں ہوگی۔ جان ومال سب اس کے ہیں۔ دکن کی تازہ ترین مہم کے دوران جس فیاضی' لطف وکرم اور عنایات کی بارش کی گئی اسی کا بدلہ کسی طرح بھی نہیں دیا جا سکتا۔ میرے والد' جنرل سرڈی۔ آکٹر لونی کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انھوں نے انھیں بتایا کہ گورنر جنرل صاحب بہادر نے ایک خط میں جو حضور والا سے موصول ہوا ان (نواب) کی اپنے دستوں سمیت ہمرکابی پر انتہائی اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ میرے والد نے جواب دیا کہ حکومت برطانیہ اپنے ملازمین اور متوسلین کی وفاداریوں اور اچھائیوں پر ان کی جتنی قدر کرتی ہے اور ان کے ساتھ جس قدر اخلاق ومروت اور احسان مندی کے ساتھ پیش آتی ہے میں اس کے جواب میں اس کے سوا اور کیا کر سکتا ہوں کہ ان لیے اپنی جان بھی قربان کردوں اور جب ان کے لطف وکرم اور عنایات کا یہ عالم ہو تو مفاد پرستوں کی غلط بیانیاں ہمارا کیا بگاڑ سکتی ہیں۔

تیسرے یہ کہ خان نے وظائف میں نظرثانی کا ذکر کیا ہے جس سے میرا کوئی تعلق نہیں۔ انھیں مجھ سے اتنی ہی رقم ملتی رہے گی جتنی میرے والد محترم سے ملا کرتی تھی اور میری ذمہ داری صرف یہیں تک ہے۔ اگر کوئی تنازعہ ہے تو وہ جس طرح مناسب سمجھیں آپس میں حل کرسکتے ہیں' اور۔۔۔۔۔

چوتھے یہ کہ خان نے الزام لگایا ہے کہ میرے والد کی غلط بیانی کی وجہ سے خواجہ حاجی کو جائز شرکا کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ اس نکتہ پر بھی میرے والد یا میرے خلاف کسی شک وشبہ کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ خواجہ حاجی اور نصراللہ بیگ خان کے دوسرے متوسلین کی کفالت کا ذکر گورنر جنرل صاحب بہادر کی سند میں خاص طور سے کیا گیا ہے جس سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ گورنر جنرل صاحب بہادر خواجہ حاجی کو خاندان کا ایک سینئر رکن تصور کرتے ہیں اور اسی لیے انھوں نے ان کا نام سند میں شامل کیا جبکہ مرزا کے خاندان والوں کے لیے ''وغیرہ'' کا لفظ استعمال کیا ہے۔ خان آپ کے حضور اپنی عرض داشت کے چوتھے پیراگراف میں اپنی فراست وطباعی سے اپنے شدید مصائب کے چار اسباب بیان کرتے ہیں لیکن

حقیقت یہ ہے کہ بے معنی خواہشات سے مایوسیوں کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
میں نے مندرجہ بالا سطور میں آپ کی اطلاع کے لیے سب کچھ گوش گزار کر دیا ہے۔

(مہرودستخط) شمس الدین خان

(صحیح ترجمہ)

(دستخط) ایم۔ بلیک

معاون برائے ریذیڈنٹ دہلی☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ۔ پروسیڈنگز نمبر ۱۲ مورخہ ۲۸ مئی ۱۸۳۰ء

(۲۰)

سند کا ترجمہ

(دستخط) لارڈلیک

بخدمت گرامی :
احمد بخش خان

سرکار برطانیہ مرحوم نصراللہ بیگ خان کے بقید حیات عزیزو اقارب کی سرپرستی اور کفالت کرنا چاہتی ہے جیسا کہ اس سند میں پہلے ہی بیان کیا جا چکا ہے جو گورنر جنرل صاحب بہادر نے آپ کو عطا کی ہے بنا بریں آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ پرگنہ سے جو حکومت نے آپ کو عطا کیا ہے سالانہ پانچ ہزار روپے سکہ رائج الوقت باقاعدہ ماہانہ اقساط میں منسلکہ ذیل تفصیلات کے مطابق مرحوم مرزا کے ہر متوسل کو ادا کیا کریں تاکہ ان کی کفالت ہو اور وہ برطانوی حکومت کی خوشحالی کے لیے ہمیشہ دعاگو رہیں۔ آپ اس حکم کو لازمی تصور کریں۔

خواجہ حاجی ۲۰۰۰ روپے
مرحوم مرزا کی ماں اور بہن ۱۵۰۰روپے
مرحوم مرزا کے برادر زادے مرزا نوشہ اور مرزایوسف ۱۵۰۰ روپے
مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء مطابق ۱۹ ربیع الاول ۱۲۲۱

صحیح ترجمہ
(دستخط) ایم۔ بلیک
معاون برائے ریڈیڈنٹ دہلی☆

☆ نیشنل آر کائیوز آف انڈیا۔ پولیٹکل ڈیپارٹمنٹ پرسیڈنگز نمبر ۱۲، ۲۸ مئی ۱۸۳۰ء

(۲۱)

حکم ہوا کہ مندرجہ ذیل جواب مسٹر ہاکنز کو ارسال کر دیا جائے۔
مندرجہ بالا حکم قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی ایف ہاکنز صاحب بہادر کے مراسلے مورخہ ۵ مئی ۱۸۳۰ء بنام اے۔ اسٹرلنگ صاحب بہادر نائب معتمد برائے حکومت فورٹ ولیم جو صفحہ ۴۳ پر ہے درج کیا گیا ہے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن' نمبر آئی او آر۔ایف/۴/۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر ۵۳۴۲۹

(۲۲)

بخدمت گرامی:
محترم ایف۔ ہاکنز صاحب بہادر
قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی

جناب عالی!

مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کے مراسلے مورخہ ۵ ماہ رواں کی وصول یابی سے آپ کو مطلع کروں اور جواب میں آپ کو آگاہ کروں کہ جناب عالی مرتبت گورنر جنرل صاحب بہادر' اسداللہ خان عرف مرزا نوشہ کے دعویٰ کے بارے میں' آپ کی رائے سے متفق ہیں۔

آپ کا خیراندیش

دستخط جی۔ سوئٹن فورٹ ولیم
معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۱' مئی ۱۸۳۰ء

(۲۳)

سیاسی روئداد ۲۰ اگست ۱۸۳۰ء

بخدمت گرامی: نائب معتمد برائے حکومت شعبہ سیاسی فورٹ ولیم

جناب عالی!

میں ایک انگریزی درخواست مودبانہ طور پر منسلک کرنے کی اجازت چاہتا ہوں اور آپ سے ملتمس ہوں کہ آپ ازراہ کرم یہ درخواست عالی جناب گورنر جنزل صاحب بہادر ان کونسل کے حضور پیش کر دیں۔

میں آپ کی خدمت میں اس التماس کو بھی اپنے لیے باعث عزت تصور کرتا ہوں کہ عالی جناب گورنر جنزل بہادر اگر میری درخواست پر کوئی احکام صادر فرمانے پر ملتفت ہوں تو آپ ازراہ کرم میری رہنمائی و اطلاع کے لئے وہ (احکام) مجھے دہلی میں ضرور بھجوائیں۔

دہلی

۷ جولائی ۱۸۳۰ء

آپ کا مخلص و تابعدار

(دستخط) فارسی رسم الخط میں

محمد اسداللہ خان☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۳۵، ۲۰ اگست ۱۸۳۰ء

(۲۴)

عرضداشت اسداللہ خان، برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں سابق جاگیردار سونک اور سونسا ضلع آگرہ حال مقیم دہلی۔

بخدمت گرامی: عزت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل فورٹ ولیم
بعز عرض عالی جناب!

(۱) فدوی نے ۱۸۲۸ء میں خود کلکتہ کا سفر کیا اور ایک عرضداشت قائم مقام گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل عزت ماب ڈبلیو، بی، بیلی صاحب بہادر کی خدمت میں ایس، فریزر صاحب بہادر (نائب) معتمد برائے فارسی کی وساطت سے پیش کی اور اس عرضداشت پر سرکاری احکامات میں فدوی کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنا مقدمہ پہلے دہلی کے ریذیڈنٹ صاحب بہادر کی خدمت میں پیش کرے۔ اس موقع پر جو عرضداشت حکومت کو پیش کی گئی تھی وہ (نائب) معتمد برائے فارسی کے دفتر کے ریکارڈ میں موجود ہے۔
(۲) اس عرضداشت میں، درخواست گزار نے عرض کیا تھا کہ اس کے چچا نصراللہ بیگ خان کے انتقال کے بعد جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر نے ان کے اہل خاندان کی کفالت کے لئے سالانہ کچھ رقم دینے کا فیصلہ کیا جو انہیں مرحوم نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے ملنا تھی۔ لیکن انہیں سالانہ صرف پانچ ہزار روپے مذکورہ جاگیر سے ادا کئے جاتے تھے اور ان میں سے بھی دو ہزار روپے سالانہ خواجہ حاجی کو دیئے جاتے تھے جو ہمارے لئے بیگانہ محض تھا اور کسی طرح سے بھی اس کا کسی قسم کا تعلق درخواست گزار کے خاندان کی کسی شاخ سے نہیں تھا۔ اس ادائیگی کے بعد آپ کے اس درخواست گزار اور اہل خاندان کے لئے سالانہ صرف تین ہزار روپے بچتے ہیں۔
(۳) اس عرضداشت میں آپ کے درخواست گزار نے یہ التجا کی تھی کہ حکومت سرکاری دفاتر کے ریکارڈ کی مدد سے اس امر کی تفتیش کروائے کہ نصراللہ بیگ خان کے انتقال کے بعد آپ کے درخواست گزار کے خاندان والوں کی کفالت کے لئے کتنی رقم مقرر کی گئی تھی؟ اور یہ تفتیش بھی کروائے کہ خواجہ حاجی جو

زبردستی کا رشتہ دار بن بیٹھا ہے، نصراللہ بیگ خان کے ساتھ اس کی قرابت داری کی نوعیت کیا ہے؟ کیا یہ خونی رشتہ ہے یا خاندانی رشتہ۔

(۴) مسٹر ایڈ ورڈ کول بروک سابق ریذیڈنٹ دہلی(۲۶) نے جب حضور والا کے درخواست گزار کی عرضداشت پر حکومت کو رپورٹ پیش کی تو انہوں نے خاندان کی کفالت کے لئے طے پانے والے سالانہ وظیفہ کی جملہ تفصیلات سے آگہی حاصل کرنے کی خاطر سرکاری ریکارڈ سے اس خط و کتابت کی نقول فراہم کرنے کو کہا۔ جن کا ذکر آپ کے درخواست گزار نے اپنی عرضداشت میں کیا تھا۔ انہوں نے خواجہ حاجی کے معاملے کا بھی ذکر کیا جو خاندان کے لیے ایک غیر ہے حکومت نے ' جناب اسٹرلنگ صاحب بہادر کے ذریعہ ریذیڈنسی کے ریکارڈ سے کرنل میلکم کے خط کی ایک نقل ارسال کی اور حضور والا نے اس موقع پر ازراہ کرم یہ حکم جاری کیا کہ معاملہ کے صحیح یا غلط ہونے کا تعین کرنے کے لیے تفتیش کی جائے۔

مسٹر ایڈورڈ کول بروک کی رپورٹیں اور ان پر حکومت کے احکامات اور لیفٹیننٹ کرنل میلکم کا خط سرکار کے دفتر میں ریکارڈ پر موجود ہیں۔

(۵) مبنی بر انصاف مناسب تو یہ ہوتا کہ حکومت کے احکامات کے مطابق کرنل میلکم کے خط میں جو وظیفہ مقرر کیا گیا تھا اسی کو جائز بنیاد تصور کیا جاتا اور اسی بنیاد پر آپ کے درخواست گزار اور اس کے خاندان والوں کی پنشن جاری رکھی جانی چاہیے تھی۔ جیسا کہ آپ کا درخواست گزار محسوس کرتا ہے بلکہ انصاف کا تقاضا بھی یہی تھا کہ خواجہ حاجی کے ان دعووں کی کہ وہ نصراللہ بیگ خان کا قرابت دار ہے فوری تفتیش کرائی جانا بہت ہی ضروری تھی لیکن آپ کا درخواست گزار عالی جناب لارڈ صاحب ان کونسل کی خدمت میں عرض پرداز ہے کہ دہلی ریذیڈنسی میں ان واضح نکات پر ذرا بھی توجہ نہ دی گئی۔ معاون برائے ریذیڈنٹ جناب بلیک صاحب بہادر نے آپ کے درخواست گزار کو بلا بھیجا اور مطلع کیا کہ قائم مقام ریذیڈنٹ مسٹر ایف ہاکنز نے فیصلہ کیا ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے خاندان کو اتنی ہی رقم ملنی چاہیے جتنی پہلے ملتی تھی یعنی سالانہ پانچ ہزار روپیہ اور خواجہ حاجی کو (زبردستی کا حصہ دار) اس وظیفہ میں سے بدستور دو ہزار روپے سالانہ ملتے رہنا چاہئیں۔

(۶) یہ کہ آپ کا درخواست گزار یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ دہلی ریذیڈنسی کے دفتر میں آخر ایسی کون سی دستاویز یا مراسلت دریافت ہوئی ہے جس نے اس شرط کو منسوخ یا بے اثر کر دیا ہے جس کا ذکر لیفٹیننٹ کرنل میلکم کے خط میں کیا گیا ہے اور خواجہ حاجی کے دعووں کو کیونکر قانوناً" تسلیم کر لیا گیا ہے جس کے تحت خواجہ حاجی کے بیٹوں کو بھی دو ہزار روپیہ سالانہ وصول کرنے کا حق مل جائے۔

(۷) فیروز پور کے جاگیردار نے اپنے دفتر سے دہلی کے ریذیڈنٹ کو ایک سند ارسال کی ہے جس پر ۷ جون ۱۸۰۶ء کی تاریخ درج ہے اور جس کے بارے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس پر لارڈ لیک صاحب بہادر کے

دستخط بھی ہیں اور مہر بھی۔ اس سند میں نصراللہ بیگ خان کے خاندان کے لئے صرف پانچ ہزار روپیہ سالانہ مقرر کئے گئے ہیں۔ فیروز پور کے کے جاگیردار اس جعلی سند کی بنیاد پر آپ کے درخواست گزار کے خاندان کو ناحق ان کے جائز حقوق سے محروم کر دینا چاہتے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس جعلی سند میں جیسا کہ ایسی صورتوں میں ہوتا ہے' کوئی ایسی دفعہ نہیں جس میں کسی سابقہ دستاویز یا بندوبست کا ذکر کیا گیا ہو یا جس میں یہ ذکر کیا گیا ہو کہ کرنل میلکم کے خط میں حکومت کی منظوری کی جس شرط کا ذکر کیا گیا تھا وہ منسوخ کر دی گئی ہے۔ جب آپ کا درخواست گزار آپ کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرتا ہے کہ جو سند اب ثبوت کے طور پر پیش کی گئی ہے' پوری جستجو کے بعد اس کا کوئی سراغ نہ تو دہلی کے ریذیڈنٹ کے دفتر میں ملا ہے اور نہ ہی سرکار کے ریکارڈ میں' تو حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔

(۸) اس جعلی سند کی ایک نقل آپ کے درخواست گزار کو مہیا کی گئی تھی جس پر اس زمانے میں دہلی کے معاون برائے ریذیڈنٹ دہلی مسٹر ٹریوی لین کے تصدیقی دستخط تھے آپ کے درخواست گزار نے ریذیڈنٹ صاحب کی خدمت میں دو درخواستیں پیش کیں ایک ۶ مارچ کو اور دوسری ۲۰ مارچ کو جس میں یہ ثابت کرنے کی پیش کش کی گئی تھی کہ جو سند اب پیش کی گئی ہے وہ ایک جعلی دستاویز ہے۔ آپ کا درخواست گزار محسوس کرتا ہے کہ ریذیڈنٹ صاحب نے حکومت کو اس معاملہ کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے میری ان مذکورہ درخواستوں پر غور نہیں کیا۔

(۹) آپ کے درخواست گزار نے لارڈلیک صاحب بہادر کی زیر دستخطی دو باضابطہ سندوں کا ذکر کیا ہے اصل دستاویزات فیروز پور کے جاگیردار کے دفتر میں ہیں اور نقول دہلی کے ریذیڈنٹ کے دفتر میں موجود ہیں۔ ان میں سے ایک مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء فیروز پور جھرکہ اور سونک اور سونسا کے پانچ ہزار روپیہ سالانہ پر استمرار سے متعلق ہے اور دوسری سند' مورخہ ۴ مارچ ۱۸۰۶ء پونا ہانا' بچھوڑ اور نگینہ کے بیس ہزار روپیہ سالانہ پر استمرار سے متعلق ہے۔ دونوں نواب احمد بخش خان کے نام ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جناب ریذیڈنٹ نے اپنی رپورٹ میں جو انہوں نے حکومت کو دی ہے' ان دونوں جائز سندوں کو نظرانداز کر دیا ہے۔

(۱۰) ان حالات میں دہلی میں کی گئی تحقیق کو بالکل یک طرفہ سمجھا جانا چاہیے۔ اور چونکہ اس کے اور اس کے خاندان والوں کے حقوق کا اس سے گہرا تعلق ہے اس لیے آپ کا درخواست گزار استدعا کرتا ہے کہ وہ دو درخواستیں جو ریذیڈنٹ صاحب کی خدمت میں پیش کی گئی تھیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے اور جنرل لیک صاحب بہادر کی عطا کردہ دو سندیں مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۹۰۴ء اور ۴ مارچ ۱۸۰۶ء ریذیڈنٹ دہلی سے طلب کی جائیں اور اصل درخواست کے سلسلے میں جو آپ کے درخواست گزار نے حکومت کو اس وقت پیش کی تھی جب وہ کلکتہ میں تھا' جس کا اس درخواست کے دوسرے پیراگراف میں ذکر کیا گیا ہے' جناب ایڈورڈ کول بروک کی رپورٹ اور اس پر حکومت کے احکامات اور کرنل میلکم کے خط' ان تمام دستاویزات کی ایک مسل

بنا کر غور کے لیے حضور والا کی خدمت میں پیش کی جائے۔ پھر جب آپ کے درخواست گزار کو یقین ہو جائے گا کہ جعلی سند کی صحت قابل اعتراض پائی گئی ہے اور آپ کے درخواست گزار کے دعوے کی صداقت اور اس کے بر حق و منصفانہ ہونے کا تعین ہو گیا ہے تو حضور والا درخواست گزار کی مفرد درخواست کے قابل پذیرائی ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں جو بھی فیصلہ صادر فرمائیں گے وہ اس پر مطمئن ہو گا۔

جیسا کہ آپ کے درخواست گزار پر واجب ہے وہ برطانوی حکومت کی خوشحالی اور استحکام کے لئے ہمیشہ دست بدعا رہے گا۔



دہلی

مورخہ ۷ جولائی ۱۸۳۰ء　　　　(دستخط) فارسی رسم الخط میں

محمد اسد اللہ خان☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۳۶ مورخہ ۲۰ اگست ۱۸۳۰ء

(۲۵)

بخدمت گرامی: نائب معتمد برائے حکومت شعبہ سیاسی، فورٹ ولیم

منجانب: اسداللہ خاں

جناب عالی:

۱۔ آپ کو بخوبی علم ہوگا کہ مسٹر سٹرلنگ کی وفات کے بعد میں آپ کے سوا کسی اور کے متعلق یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ وہ میرا مربی اور سرپرست ہے اور یہ کہ میں اس شریف النفس انسان کی بجائے اب آپ ہی کو اپنا معاون سمجھتا ہوں جو دادرسی کے لیے حکومت کے سامنے میرے دعووں کی حمایت کرتا ہے۔

۲۔ یہ معلوم ہو جانے کے بعد کہ دہلی ریذیڈنسی میں فیروز پور کے جاگیردار نواب شمس الدین خان کے ساتھ جانبداری برتی جاتی ہے اور ان کا خاص خیال رکھا جاتا ہے اور یہ کہ میں (وہاں سے) کسی دادرسی کی توقع نہیں کر سکتا، میں نے ضرورت محسوس کی کہ میں ماہ رواں کی ۷ تاریخ کو عالی جناب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے سامنے ایک عرضداشت پیش کروں جو میں نے سرکاری طور پر آپ کو ارسال کر دی ہے اور مجھے آپ سے قوی امید ہے کہ حکومت میری عرضداشت پر توجہ دے گی جو سب کو ایک نظر سے دیکھتی ہے چاہے وہ امیر ہو یا غریب۔

۳۔ قاعدہ یہی ہے کہ حکومت کے احکامات کی نقول متعلقہ اشخاص کو فراہم کی جاتی ہیں اور ایسے متعدد لوگ میرے علم میں ہیں جن کی درخواست کے بارے میں احکامات کی نقول دفتر سے سرکاری طور پر فراہم کی گئی ہیں۔ تاہم یہ بڑی غیر معمولی بات ہے کہ اس رعایت سے جو سب کو عام طور سے ملتی ہے مجھے خاص طور پر محروم رکھا گیا حالانکہ میں ذاتی طور پر اور میرے وکیل معاون برائے ریذیڈنٹ جناب بلیک صاحب بہادر کی خدمت میں متعدد درخواستیں گزار چکے ہیں۔ میں آپ کا بہت زیر بار احسان ہوں اگر آپ ازراہ کرم میری درخواست پر جو میں نے حال ہی میں ارسال کی ہے اور جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے گورنر جنرل صاحب بہادر کونسل جو بھی احکامات صادر فرمائیں گے ان کی ایک نقل سرکاری لفافے میں مجھے ارسال کر دیں۔

۴ـ میرے لیے باعث اعزاز ہے کہ میں اپنی فارسی درخواست بنام جناب سوئٹن صاحب بہادر معتمد اعلیٰ منسلک کر رہا ہوں اور پر امید ہوں کہ آپ موصوف کو میری درخواست ارسال فرما دیں گے۔

دہلی

۲۸ جولائی ۱۸۳۰ء — آپ کا تابعدار



(دستخط) فارسی اسم الخط میں

محمد اسد اللہ خان☆

☆ نیشنل آر کائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۳۷ مورخہ ۱۸ جولائی ۱۸۳۰ء

(۲۶)

منجانب: محمد اسداللہ خاں

بخدمت گرامی: معتمد سیاسی برائے حکومت

مورخہ ۲۸ جولائی موصولہ ۱۲ اگست

آپ کو بخوبی علم ہوگا کہ جب میں نے اپنا مقدمہ سرکار عالیہ کی خدمت میں پیش کیا تھا تو میں نے درخواست کی تھی کہ میری طرف سے سرکاری ریکارڈ بطور شہادت پیش کیا جائے۔ چنانچہ اس اپیل کے جواب میں حکومت نے کرنل میلکم کا خط جو دہلی ریذیڈنسی کے سرکاری ریکارڈ میں موجود تھا پیش کیا تھا تاکہ اس وظیفہ کی نوعیت کا صحیح تعین کیا جا سکے جو گزارہ کے لئے مجھے دیا گیا تھا۔

اگرچہ میں انگریزی زبان سے نابلد ہوں اور میں نے کرنل میلکم کا خط نہیں دیکھا ہے تاہم آنجہانی جناب اینڈریو اسٹرلنگ نے مجھے مطلع کیا تھا کہ کرنل میلکم کے خط میں جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے سالانہ مبلغ دس ہزار روپیہ کی رقم نصراللہ خان کے عزیز و اقارب کے گزارہ کے لئے منظور کی گئی تھی اور یہ کہ اس میں خواجہ حاجی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

مزید برآں مجھے اچھی طرح علم ہے کہ سرکاری دفتر سے ابھی تک ایسی کوئی دستاویز نہیں نکلی ہے جو کرنل میلکم کے خط کے مندرجات کو منسوخ یا ان کی تردید کرتی ہو بلکہ اس کے برعکس اگر سرکاری ریکارڈ میں تلاش کیا جائے تو لارڈ لیک صاحب بہادر کی وہ رپوٹیں بھی ملیں گی جو ہر اعتبار سے کرنل میلکم کے خط کے مندرجات کے عین مطابق ہوں گی۔

فیروز پور والے چاہتے ہیں کہ جعلی سند اور دہلی کے ریذیڈنٹ کی مدد سے میرے حقوق کو تاراج کروا دیں اور میری شہرت و آبرو کو خاک میں ملا دیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دہلی ریذیڈنسی کے دفتر میں اس سند کی جو فیروز پور والوں نے پیش کی ہے کوئی نقل موجود نہیں اور نہ ہی سرکاری ریکارڈ میں لارڈ لیک صاحب بہادر کی کوئی ایسی رپورٹ دستیاب ہوگی جو اس سند کے مطابق ہو یا اس سند کی توثیق کرتی ہو۔

کسی پر تہمت لگانا یا الزام عائد کرنا میری عادت نہیں لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ فیروز پور کے جاگیردار

دولت مند ہیں اور میں غریب ہوں ---- یقیناً بہت غریب۔ دہلی ریذیڈنسی کے تمام اہل کار دل و جان سے فیروز پور والے کے ساتھ ہیں۔ اللہ میرا نگہبان ہوا اگر سرکار عالیہ نے میرے لیے کچھ نہ کیا تو تو میرا کیا حشر ہو گا؟

اس مہینے کی سات تاریخ کو میں نے گورنر جنرل صاحب بہادر کے نام انگریزی زبان میں ایک درخواست' بذریعہ ڈاک جناب سائمن فریزر صاحب بہادر کو ارسال کی ہے۔ جس کے آخری پیرا گراف کا خلاصہ یہ ہے کہ میں نے جو عرضیاں پیش کی ہیں اور جن سندوں کے حوالے دیے ہیں وہ دہلی ریذیڈنسی سے طلب کی جائیں اور ان کاغذات اور سرکاری دفتر میں موجود دستاویزات کا معائنہ کیا جائے اور سپریم کونسل کے سامنے میرے مقدمہ کی تفتیش کی جائے۔

پچھلے سال ۱۵ اگست کو میں نے جناب اسٹرلنگ مرحوم کی اجازت سے پانچ نکات پر مشتمل ایک درخواست ان کی خدمت میں پیش کی تھی اور درخواست کی تھی کہ میرے مقدمہ کے متعلق رپورٹ جب بھی دہلی سے موصول ہو تو اس کے ساتھ سرکار عالیہ کے سامنے میری درخواست بھی پیش کی جائے اور میری درخواست کے پانچ پیراگرافوں میں سے ہر پیراگراف کے متعلق احکام صادر کئے جائیں۔

جناب اسٹرلنگ نے میری التماس منظور کر لی اور وعدہ کیا کہ اس پر غور کیا جائے گا لیکن افسوس کہ میری بد نصیبی آڑے آئی اور وہ اس دنیا سے کوچ کر گئے۔

مایوسی کی حالت میں اب میں یہی شکایت آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں اور آپ کی اطلاع کے لئے اس کے ساتھ اس درخواست کی نقل منسلک کر رہا ہوں جو میں نے جناب اسٹرلنگ کی خدمت میں پیش کی تھی۔

(صحیح ترجمہ)

(دستخط) جی لشنگٹن(۲۷) معاون معتمد برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگ نمبر ۳۸

(۲۷)

حکم ہوا کہ مندرجہ ذیل خط قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی کو ارسال کیا جائے۔
مندرجہ بالا حکم اس خط پر درج ہے جو صفحہ نمبر۵۹ پر ہے۔☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن' نمبر آئی۔ او۔ آر/۴/۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر۵۳۴۲۹۔

(۲۸)

بخدمت گرامی : قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر دہلی

جناب عالی!

اسداللہ خان کے مقدمے اور حکومت کے گزشتہ ۲۸ مئی کے احکامات کے موضوع پر آپ کے مراسلے کے حوالے سے مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کو اس امر سے آگاہ کروں کہ حکومت کے نام اس شخص کی یادداشت، جس میں گورنر جنرل صاحب بہادر کے حکم پر اس بنا پر نظرثانی کی درخواست کی گئی ہے کہ لارڈ لیک صاحب بہادر کا خط مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء ایک جعل سازی ہے اور چونکہ عیاں ہے کہ اس قسم کی کوئی دستاویز ریذیڈنسی کے ریکارڈ میں موجود نہیں لہٰذا گورنر جنرل ضروری سمجھتے ہیں کہ نواب شمس الدین خان سے اصل دستاویز طلب کی جائے اور دستاویز کے درست ہونے کا اطمینان کرنے کے لئے حکومت کو ارسال کی جائے۔ اس کے بموجب آپ اصل دستاویز حاصل کریں اور بلا تاخیر مجھے ارسال کریں۔

فورٹ ولیم	آپ کا مخلص
۲۰ اگست ۱۸۳۰ء	(دستخط) جی۔ سوئن
	معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۴۰

(۲۹)

نقل

ایس ۔ فریزر صاحب بہادر معاون معتمد برائے حکومت شعبہ سیاسی۔ فورٹ ولیم

جناب عالی!

اس عرضداشت کے حوالے سے جو میں نے آپ کی وساطت سے گزشتہ جولائی کے مہینے میں گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے غور و خوض اور احکام کے لیے پیش کی تھی، میں بصد احترام منسلکہ یادداشت آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں اور آپ سے مودبانہ التماس کرتا ہوں کہ اصل سند کے ساتھ یہ یادداشت بھی آنرایبل کونسل بورڈ کے سامنے پیش کر دی جائے۔ دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ کو میری سابقہ درخواست کے جواب میں پہلے ہی کہا گیا ہے کہ وہ فیروز پور کے جاگیردار سے اصل سند حاصل کی جائے اور عزت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کے معائنہ اور غور و خوص کے لئے پیش کریں۔

دہلی ۲۹ ستمبر ۱۸۳۰ء

آپ کا تابعدار

(دستخط) محمد اسد اللہ خان

برادر زادہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات ۔ جلد نمبر ۲۰۸

(۳۰)

عرضداشت اسداللہ خان برادرزادہ مرحوم نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسہ، ضلع آگرہ، حال مقیم دہلی۔

بخدمت گرامی: عزت ماب ولیم بینٹنک(۲۸) اور لیفٹیننٹ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل، کلکتہ فورٹ ولیم

مودبانہ عرض پرداز ہے کہ آپ کے درخواست گزار کو معلوم ہوا ہے جس پر وہ شکرگزار اور بہت پر امید ہے کہ حضور والا ان کونسل نے اس کی ایک درخواست کے جواب میں جو اس نے آنرایبل بورڈ کو گزشتہ جولائی میں پیش کی تھی، دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ سے وہ اصل سند طلب کی ہے جس کی وجہ سے آپ کے درخواست دہندہ کے دعوے کو مسترد کر دیا گیا تھا۔

۲۔ اس عرضداشت میں آپ کے درخواست گزار نے حضور والا ان کونسل کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ فیروز پور کے جاگیردار نے اس کے دعوؤں کو باطل قرار دینے کے لیے جو سند پیش کی تھی وہ جعلی، جھوٹی اور غیر اہم ہے اور چونکہ اب وہی دستاویز آنرایبل بورڈ کے سامنے پیش کی جانے والی ہے آپ کا درخواست گزار مودبانہ ان اسباب کی بر وقت وضاحت کی جرات کرتا ہے جن کی بنیاد پر وہ مذکورہ دستاویز کو جعلی قرار دیتا ہے، جس میں کوئی واقعاتی صداقت موجود نہیں۔

۳۔ یہ سب کو معلوم ہے کہ لارڈلیک صاحب بہادر نے یہ واجب التعمیل ضابطہ نافذ کیا تھا کہ جب کسی جاگیردار کو کوئی سند عطا کی جائے تو اس کی ایک نقل ریکارڈ کے طور پر سرکاری دفتر میں ضرور جمع کرائی جائے اس ضابطہ کا اطلاق پنشن کے شعبے پر بھی ہوتا تھا۔ اور ہر جاگیردار سے متعلق تمام حالات و واقعات کی ایک رپورٹ فوراً تیار کی جاتی تھی اور اس پر حکومت کا حکم حاصل کیا جاتا تھا۔ آنجناب کے لیے یہ بات بڑی غیر معمولی ہو گی کہ سرکاری امور و معاملات چلانے کے لئے جو ضروری احتیاط اور طریقہ کار مقرر کیا گیا تھا مذکورہ سند جاری کرتے وقت اس پر عمل نہیں کیا گیا اس میں اشارتاً" اور کنایتاً" بھی ایسی کسی مراسلت کا ذکر نہیں جس سے رسمی اور سرکاری طور پر اس کے درست ہونے کا پتہ چلتا ہو اس لیے نہ تو دہلی میں ریذیڈنٹ کے دفتر میں اس سند کی نقل کا کوئی سراغ ملتا ہے نہ پریذیڈنسی میں

حکومت کے شعبہ سیاسی میں، نہ ہی مرحوم نصراللہ بیگ خان کے اعزہ کے لئے صرف پانچ ہزار روپیہ کی فراہمی سے متعلق لارڈلیک صاحب بہادر اور حکومت کی کسی مراسلت کا سراغ ملتا ہے اور نہ ہی سرکار برطانیہ کی طرف سے اس کی توثیق کا کوئی ریکارڈ سرکاری دفاتر میں موجود ہے۔ صرف ان اہم اسباب کی بنا پر وہ سند جس پر اعتراض کیا گیا ہے مشتبہ ہو جاتی ہے۔

اس جعلی سند میں اس مد کا بھی ذکر نہیں کیا گیا ہے جس سے سالانہ پانچ ہزار روپے مرحوم نصراللہ بیگ خان کے خاندان والوں کو ادا کیے جاتے تھے اور نہ ہی اس کے نفس مضمون سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لارڈلیک صاحب بہادر نے یہ وظیفہ کیوں دیا تھا۔ اس میں جتنی صداقت ہے اتنی ہی یہ بات غور طلب بھی ہے کہ اس تاریخ سے قبل جو اس جعلی دستاویز پر درج ہے میوات کا علاقہ مرحوم نواب احمد بخش خان کو بطور جاگیر عطا کیا گیا تھا۔ چنانچہ یہ علاقہ، اس پر قبضے کے تسلسل میں کسی انقطاع کے بغیر انہیں ہبہ ہونے سے کسی شک و شبہ کے بغیر وہ بڑے محترم اور واجب التعظیم ہو گئے۔ اس کی کوئی توجیہ نظر نہیں آتی نہ پالیسی اعتبار سے نہ اعتماد کے اعتبار سے کہ لارڈلیک صاحب بہادر نے بعد میں کیسے مداخلت کی اور جاگیردار پر مرحوم نصراللہ بیگ کے عزیز و اقارب کو سالانہ مبلغ پانچ ہزار روپے مہیا کرنے کا فیصلہ مسلط کر دیا۔ لیکن اصل صورت حال کچھ اور ہے جیسا کہ اس یادداشت کے چھٹے پیراگراف سے عیاں ہوگا۔

۵۔ ۱۹۰۶ء میں (اس وقت) کرنل میلکم صاحب بہادر کے خط میں نصراللہ بیگ خان کے عزیز و اقارب کے لئے سالانہ دس ہزار روپیہ کی رقم مقرر کی گئی تھی، خط میں خواجہ حاجی یا اس کی کسی آل اولاد کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ آپ کا درخواست گزار مودبانہ عرض پرداز ہے کہ یہ بڑی عجیب بات ہے کہ فارسی کی سند میں، جو اب سامنے لائی گئی ہے، اس سابقہ انتظام کا اشارے کنائے یا تفصیل سے کوئی حوالہ دیے بغیر ہی جو کرنل میلکم صاحب بہادر کے خط میں سے کیا گیا تھا خاندان کے لیے پانچ ہزر روپیہ کی رقم اور خواجہ حاجی کے نام کا ذکر کہاں سے آ گیا۔ اس کے علاوہ سند میں معمول اور روایت کے مطابق، سند وصول کرنے والے کی خدمات کا تفصیلی ذکر ہوتا ہے جس پر وظیفہ کی بنیاد ہوتی ہے اور بتایا جاتا ہے کہ وظیفہ کہاں سے ملے گا لیکن اس سند میں اس کا کہیں کوئی ذکر نہیں۔ سند میں خواجہ حاجی کے ساتھ قرابت داری کے جھوٹے ادعا پر بھی کوئی روشنی نہیں پڑتی کہ یہ قرابت داری خون کے رشتے کی بنا پر ہے یا شادی بیاہ کی وجہ سے یا کسی اور قریبی رشتہ کی وجہ سے۔

۶۔ میوات کا علاقہ لارڈلیک صاحب بہادر نے نواب احمد بخش خان کو جاگیر کے طور پر عطا کیا تھا اور طے پایا تھا کہ وہ دواما" سالانہ پچیس ہزار روپے حکومت برطانیہ کے خزانے میں جمع کراتے رہیں گے۔ اس سلسلے میں دو اصل سندات لارڈلیک صاحب بہادر کی مہر اور دستخط کے ساتھ فیروز پور کے جاگیردار کے دفتر میں موجود ہیں اور ان دو سندات کی نقول دہلی میں ریذیڈنٹ کے دفتر میں بھی محفوظ ہیں جن میں سے ایک پر ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء کی تاریخ درج ہے اور دوسری پر ۴ مارچ ۱۸۰۶ء کی۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ ان دونوں تاریخوں میں لارڈلیک صاحب بہادر کی رپورٹ شعبہ سیاسی میں موجود ہو گی اور اس پر حکومت کے احکامات درج ہوں گے۔ آپ کا درخواست گزار ملتمس ہے کہ آپ مندرجہ ذیل

حقائق کی طرف توجہ مبذول فرمائیں۔ مئی ۱۸۰۶ء میں لارڈلیک صاحب بہادر نے مبلغ پچیس ہزار روپے کی وصولی کے لیے جو مرحوم نواب کو ہر سال سرکاری خزانے میں جمع کروانے پڑتے تھے ایک اور انتظام کو قرین مصلحت جانا یعنی یہ کہ پندرہ ہزار روپے سالانہ نصراللہ بیگ خان کی وفات کے وقت ان کے پاس سواروں کا جو دستہ تھا اس کی دیکھ بھال اور دیگر معاملات پر خرچ کئے جائیں گے اور دس ہزار روپے سالانہ مرحوم کے خاندان والوں کو بطور پنشن دیے جائیں گے لارڈلیک صاحب بہادر نے حکومت کو اس بندوبست کی اطلاع دی اور اس کی منظوری حاصل کی جیسا کہ پریذیڈنسی کے ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اگر فیروزپور کے جاگیردار اس بات پر زور دیتے ہیں کہ وہ سند جو اب سامنے لائی گئی ہے اور جس میں مرحوم نصراللہ بیگ خان کے اعزہ کے لیے پانچ ہزار روپیہ کی رقم مقرر کی گئی تھی وہ بالکل اصل ہے اور یہ کہ وہ اپنی جاگیر سے ۵۰ سواروں کے دستے کے اخراجات برداشت کرنے کے پابند نہیں تو یہ بات بالکل واضح ہے کہ انہیں اس وقت تک سالانہ ۲۰ ہزار روپے سرکار برطانیہ کے خزانے میں جمع کروانا چاہئیں جب تک وہ کوئی ایسی دستاویز پیش نہ کر دیں جس میں انہیں اصل معاہدہ سے بری الذمہ قرار دیا گیا ہو۔

۷ ۔ جب ۲۵ ہزار روپے کی رقم میں سے جو فیروزپور کے جاگیردار نے ہر سال برطانوی خزانے میں جمع کروانے کا اقرار کیا تھا' دس ہزار روپے سالانہ مرحوم نصراللہ بیگ خان کے قرابت داروں کے لیے مخصوص کئے گئے اور لارڈلیک صاحب بہادر نے حکومت کو اطلاع دے کر عبوری مدت کے اس اقدام کی منظوری حاصل کر لی تو حضور والا کو یہ بات بڑی عجیب محسوس ہو گی کہ آخر لارڈلیک صاحب بہادر طے شدہ اور منظور شدہ فیصلے سے جس پر خود ان کے اپنے دستخط تھے یک بارگی کیسے منحرف ہوگئے اور انھوں نے حکومت سے کوئی خط وکتابت کئے بغیر یا حتیٰ کہ اسے اطلاع دیے بغیر ہی دس ہزار کی رقم نصف یعنی پانچ ہزار روپے کر دی اور سابقہ بندوبست کو منسوخ کر دیا۔

۸ ۔ ان مختلف اسباب کی بنا پر آپ کا درخواست گزار کسی پس وپیش کے بغیر پورے وثوق سے عرض پرداز ہے کہ مذکورہ سند جعلی ہے اور یہ کہ یہ لارڈلیک صاحب بہادر کے دفتر میں ان جیسے شریف النفس انسان کی منظوری سے کبھی زیر تحریر نہیں لائی گئی اور انھوں نے کبھی اصل پنشن کو نصف کرنے کی اجازت نہیں دی اور آپ کے درخواست گزار کو یقین ہے کہ دہلی یا پریذیڈنسی کے امورعامہ کے شعبوں میں اس قسم کی کوئی مراسلت دستیاب نہیں جو بلاواسطہ یا بالواسطہ اس واحد دستاویز کے "قانونا" جائز اور باضابطہ ہونے کی توثیق کر سکے یا جس سے کسی طرح سے بھی اس کے درست اور صحیح ہونے کا شائبہ ہو سکے۔ چنانچہ کسی صحیح نتیجے پر پہنچنے کے لیے دو نکات ایسے ہیں جن پر غور کرنا ہو گا۔ پہلا یہ کہ سند اس پر لگی ہوئی مہر اور دستخط سب جعلی ہیں اور دوسرے یہ کہ مرحوم نواب احمد بخش خان نے اپنی رہائش گاہ پر تیار کی اور لکھوائی اور عملہ کو رشوت دے کر اس زمانے میں جب لارڈلیک صاحب بہادر دوسرے اہم امور ومعاملات میں بہت الجھے ہوئے تھے' اس دستاویز کو فارسی زبان کی دوسری ڈھیروں دستاویزات اور کاغذات میں رکھ کر جو روزانہ دستخط کے لیے ان کے سامنے سے گزاری جاتی تھیں یہ درخواست بھی پیش کروائی اس پر دستخط حاصل کر لیے اور یہ اپنی نوعیت کا بدترین فریب اور انتہائی گھٹیا اور خطرناک جعل سازی تھی۔

۹۔ آخر میں آپ کا درخواست گزار مودبانہ عرض پرداز ہے کہ اصل معاہدہ کے مطابق جس پر لارڈلیک صاحب بہادر کے دستخط تھے فیروزپور کے جاگیردار سے کہا جائے وہ سالانہ ۲۵۰۰۰ روپے برطانوی خزانے میں جمع کرائیں۔ پندرہ ہزار روپے کی عدم ادائیگی کی پاداش میں جو اصلاً" پچاس سواروں کے دستے کی دیکھ بھال کے لیے اصل دستاویز میں مقرر کئے تھے سرکاری حساب میں جمع کرائیں اور حکم دیا جائے کہ دس ہزار روپیہ سالانہ کی جو رقم کرنل میلکم صاحب بہادر کے خط کے مطابق مرحوم نصراللہ بیگ خان کے عزواقارب کے لیے جن کی تعداد حقیقت میں پانچ ہے جس میں آپ کا یہ درخواست گزار اس کا چھوٹا بھائی اور مرحوم نصراللہ بیگ کی تین بہنیں جن کا کوئی وارث نہیں شامل ہیں کے وظیفہ کے طور پر مقرر کی گئی تھی انہیں آئندہ سرکاری خزانے سے ادا کی جائے اور آپ کے احقر درخواست یعنی مجھے مرحوم نصراللہ بیگ خاں کے بھائی کا بیٹا ہونے کے ناطے سے اس کا حقیقی جانشین اور خاندان کی دیکھ بھال کرنے والا قرار دیا جائے۔ اگر ریذیڈنسی کے ریکارڈ سے پوری احتیاط کے ساتھ چھان بین اور تفتیش کی جائے توحقیقت کا پتہ چل جائے گا اور اس حقیقت کے سوا اور کچھ حقیقت نہیں۔ حضور والا کی جانب سے غیرجانبدارانہ فیصلے سے مرحوم نصراللہ بیگ خان کے اقربا اور ورثا کے اصل حقوق ثابت اور متعین ہو جائیں گے۔

آپ کا درخواست گزار اسے اپنا فرض تصور کرے گا کہ وہ آپ کے حق میں ہمیشہ دست بدعا رہے گا۔

(دستخط) محمد اسد اللہ خان

برادر زادہ نصراللہ بیگ خان

جاگیردار

دہلی

۲۶ ستمبر ۱۸۳۰ء

صحیح نقل

(دستخط) جی سوئن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا' فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۳۱)

بخدمت گرامی:
جناب لارڈ ولیم کینونڈش بینٹک صاحب بہادر وغیرہ
گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل برطانوی ہندوستان

اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونا۔ مقیم دہلی۔

مودبانہ التماس ہے کہ حضور والا کو علم ہوگا کہ آپ کے درخواست گزار نے اولاً اپنی شکایات جیسا کہ سرکاری ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت کلکتہ میں بورڈ کے سامنے پیش کیں جب عزت ماب ڈبلیو۔ بی۔ بیلے صاحب بہادر قائم مقام گورنر جنرل تھے جس پر اس وقت یہ حکم صادر کیا گیا کہ آپ کے درخواست گزار کو اپنی عرض داشت دہلی میں ریذیڈنٹ کے سامنے پیش کرنی چاہیے۔

۲۔ اس درخواست کے ملاحظہ سے جو آپ کے درخواست گزار نے کلکتہ میں قیام کے دوران آنریبل بورڈ کے سامنے پیش کی تھی پتہ چلے گا کہ آپ کے درخوست گزار نے دو گزارشات کی تھیں ایک یہ کہ فیروزپور کے جاگیردار نے سالانہ وظیفہ میں جو نصراللہ بیگ خان کے انتقال کے وقت ان کے اقربا کے لیے مقرر کیا گیا تھا بہت کمی کر دی ہے۔ دوسرے یہ کہ اس تھوڑے سے وظیفے میں جو اقربا کے لیے مقرر کیا گیا زبردستی کا ایک شریک خواجہ حاجی مسلط کر دیا گیا ہے جسے مذکورہ جاگیردار غیر قانونی اور غیر منصفانہ طور پر ایک معقول رقم ادا کر دیتا ہے۔ اس عرضداشت میں آپ کے درخواست گزار نے استدعا کی تھی کہ حضور والا سرکاری ریکارڈ کی روشنی میں اس بات کی تحقیقات کرائیں کہ لارڈ لیک صاحب بہادر نے نصراللہ بیگ خان کے خاندان کی کفالت کے لیے جو رقم مقرر کی تھی وہ کتنی تھی؟ اور اس بات کی بھی تفتیش کرائیں کہ وظیفہ میں سے ایک معقول رقم وصول کرنے کے سلسلہ میں خواجہ حاجی کے ادعا کی حقیقت کیا ہے؟ اور آپ کے درخواست گزار نے ان امور کے متعلق حکومت سے انصاف کی استدعا کی تھی۔

۳۔ سرایڈورڈ کول بروک نے جو اس زمانے میں دہلی کے ریذیڈنٹ تھے آپ کے درخواست گزار کے مقدمہ سے متعلق کاغذات حکومت سے طلب کیے کیونکہ ریذیڈنسی آفس میں اسی قسم کی کوئی دستاویز دستیاب نہیں تھی اور انہوں نے

خواجہ حاجی کے دعاوی کے متعلق حکومت کو رپورٹ ارسال کر دی۔ مسٹر اسٹرلنگ نے کرنل میلکم کا ۱۸۰۶ء کا خط ان احکامات کے ساتھ دہلی کے ریذیڈنٹ کو ارسال کیا کہ آپ کے درخواست گزار کے ادعا کی چھان بین کی جائے۔ سر۔ ایڈورڈ کول بروک کی رپورٹ سے نتیجۃً "آپ کے درخواست کے موجودہ دعوے کی تصدیق ہوئی ہے۔

۴۔ حکومت کے احکامات کے مطابق انصاف تو یہ تھا کہ کرنل میلکم کے خط میں وظیفہ کی جو رقم مقرر کی گئی تھی وہ متعین کی جاتی اور نصراللہ بیگ خان کے قرابت داروں کو جاری کر دی جاتی اور حاجی خان کے دعوے کی مناسب طریقے سے کما حقہ' چھان بین کی جاتی۔ مسٹر بلیک نے جو دہلی میں معاون برائے ریذیڈنٹ تھے آپ کے درخواست گزار کو طلب کیا اور اسے مطلع کیا کہ ریذیڈنٹ مسٹر ہاکنز نے انہیں ہدایت کی ہے کہ فیصلہ یہ کیا گیا ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے اقربا کو حسب سابق سالانہ پانچ ہزار روپے ملتے رہیں گے۔ مسٹر ہاکنز کے اس فیصلہ کا آپ کے درخواست گزاز کے دعاوی اور گزارشات سے کوئی تعلق نہیں۔ اس لیے وہ طالب اجازت ہے کہ اس سلسلے میں اپنے مقدمہ کی تفصیلات حضور والا کی خدمت میں پیش کرے۔

۵۔ حضور والا نے جب یہ فیصلہ فرما دیا کہ نصراللہ بیگ خان کے اقربا کو پنشن کرنل میلکم کے خط کی دفعات کے مطابق دی جائے تو لفظی اور معنوی طور پر دہلی کے ریذیڈنٹ کا فیصلہ جو انہوں نے لکھا بڑا عجیب ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس محکمے سے ایسی کون سی دستاویز ہاتھ آگئی ہے جس کے تحت کسی طرح بھی وہ دفعات کالعدم قرار دی جا سکیں جو کرنل میلکم کے خط میں بیان کی گئی ہیں۔

۶۔ حضور والا نے حکم دیا ہے کہ آپ کے درخواست گزار کی عرض داشت کی کما حقہ چھان بین اور دہلی میں اس کی جانچ پڑتال کی جانی چاہیے لیکن ابھی تک اس معاملے کے صحیح یا غلط ہونے کے متعلق کوئی تفتیش نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی خواجہ حاجی کے دعوؤں کی کوئی جانچ پڑتال کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ خواجہ حاجی کی شکایت کو پانچ ہزار روپے کی کفالت میں شامل کر لیا گیا ہے اور یہ تکلیف دہ صورت حال اسی طرح برقرار رہے گی جیسے وظیفہ کی رقم دس ہزار روپے تھی۔

۷۔ اگر دہلی کے ریذیڈنٹ نے اپنے فیصلے کی بنیاد اس سند پر قائم کی ہے جو فیروز پور کے جاگیردار نے پیش کی ہے اور جس پر لارڈلیک صاحب بہادر کی مہر ثبت ہے تو آپ کے درخواست گزار کو اس پر تین مختلف اسباب کی بنا پر بڑی حیرت ہے' پہلا یہ کہ فیروز پور کے جاگیردار نے جو سند پیش کی ہے اگر دہلی کے ریذیڈنٹ اور حکومت کے ریکارڈ میں اس کی کوئی نقل موجود نہیں تو اسے درست تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرا یہ کہ فیروز پور کے جاگیردار نے جو سند اب پیش کی ہے وہ کسی سابقہ سند یا کسی بندوبست۔ کو منسوخ نہیں کر سکتی۔ اس لیے اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ سند اصل ہے۔

تیسرا یہ کہ سرکاری ریکارڈ سے ثابت ہے کہ ۲۵۰۰ روپے سالانہ ۵۰ گھوڑ سواروں کے دستے کی دیکھ بھال وغیرہ اور میرے خاندان کے لیے دیے گئے تھے۔ ان دستاویزات کو دیکھنے سے اس بات کا کوئی جواز نہیں کہ بقیہ ۲۰۰۰

روپے منہا کیے جا سکتے ہیں یا وظیفہ سے دیے جا سکتے ہیں اور کسی دوسرے کا حق فیروز پور کے جاگیردار کو دیا جا سکتا ہے۔

۸ ۔ آپ کے درخواست گزار نے دہلی کے ریذیڈنٹ کے سامنے دو عرضداشت پیش کی تھیں ایک مورخہ ۶ مارچ ۱۸۳۰ء کو اور دوسری، اسی سال اسی مہینے کی ۲۰ تاریخ کو اور آپ کے درخواست گزار کے لیے یہ تصور کرنا ہی بڑا تکلیف دہ ہے کہ ریذیڈنٹ نے نہ تو ان عرضداشتوں پر غور کیا نہ ہی انہیں حکومت کے سامنے پیش کیا بلکہ یک طرفہ فیصلہ صادر کر دیا۔

۹ ۔ آپ کے درخواست گزار نے ریذیڈنٹ کے نام اپنی عرضداشت میں دو سندوں کا جن پر لارڈلیک صاحب بہادر کی مہر ثبت ہے ذکر کیا تھا۔ اصل سندیں فیروز پور میں ہیں اور نقول دہلی کے ریذیڈنٹ کے دفتر میں۔ ایک سند مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء نواب احمد بخش خان مرحوم کے نام ہے جس کے تحت سالانہ پانچ ہزار روپے استمرار پر فیروز پور جھرکہ اور سانکرس انہیں بطور جاگیر عطا کیے گئے ہیں دوسری سند مورخہ ۴ مارچ ۱۸۰۶ء بھی ان ہی کے نام ہے جس کے تحت سالانہ بیس ہزار روپے استمرار پر پونا ہانا بچھوڑ اور نگینہ انہیں بطور جاگیر عطا کئے گئے ہیں ---- اور آپ کے درخواست گزار کا خیال ہے کہ ریذیڈنٹ نے حضور والا کے غور کرنے کے لئے ان سندوں کا مسئلہ پیش نہیں کیا ہے☆۔

☆ نیشنل آر کائیوز آف انڈیا---- فارن ڈیپارٹمنٹ۔ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸۔

(۳۲)

فورٹ ولیم میں ۳۱ دسمبر ۱۸۳۰ء کے سیاسی مشوروں سے اقتباس

منجانب:
قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی
بخدمت جناب معتمد اعلیٰ سوئٹن بہادر
مورخہ ۸ اکتوبر ۱۸۳۰ء

جناب عالی

لارڈلیک صاحب بہادر کا مراسلہ بھیجا جائے جو معتمد اعلیٰ کے مراسلہ مورخہ ۲۰ اگست سابق میں نسب کیا تھا۔

آپ کا خط مورخہ گذشتہ ۲۰ اگست موصول ہوتے ہی یعنی پچھلے مہینے کی ۱۳ تاریخ کو میں نے ایک خط نواب شمس الدین احمد خان کو ارسال کیا اور ان سے درخواست کی کہ لارڈلیک صاحب بہادر نے ان کے والد نواب احمد بخش خان کو ۱۸۰۶ء کی ۷ جون کو جو خط ارسال کیا تھا' جس میں مرحوم نصراللہ بیگ خان کے اقربا کو دیے جانے والے وظیفہ کی رقم مقرر کی گئی تھی اور جو خط انہوں نے پہلے بھی ایک موقع پر جب اسد اللہ خان المعروف مرزا نوشہ کے دعوے کی تفتیش کی جا رہی تھی میرے ملاحظے کے لیے ارسال کیا تھا۔ میں نے انہیں بتایا کہ اب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل وہ خط دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ مرزا اسداللہ خان نے ان کے سامنے ایک یادداشت پیش کی ہے جس میں اس مذکورہ خط کے جعلی ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ نواب صاحب نے مطلوبہ خط جو فارسی میں لکھا ہوا ہے اور جس پر لارڈلیک صاحب بہادر کی مہراور دستخط ثبت ہیں مجھے ارسال کر دیا ہے اور اسے پیش کرتے ہوئے مجھے امید ہے کہ اسے دیکھنے کے بعد حکومت کو اس کے اصلی ہونے کا اسی طرح یقین ہو جائے گا جس طرح مجھے گذشتہ مئی میں اس وقت یقین ہو گیا تھا جب میں نے اسے دیکھا تھا اور میں نے اسداللہ خان کے دعوے کے بارے میں رپورٹ دی تھی اور اس شخص کے جھوٹے دعوے کو تسلیم کرنے کی اذیت میں مبتلا نہیں ہو گی جس نے نہ صرف حکومت کو بلکہ آپ کو اور مجھے بہت پریشان کیا اور نواب کی دل شکنی کی اب وہ شخص سزا سے نہیں بچ سکے گا۔

اسداللہ خاں کا ادعا کہ مذکورہ مراسلہ بالکل جعلی ہے قطعاً جھوٹا ہے سزا کا مستحق ہے۔

دہلی ریذیڈنسی
۸ اکتوبر ۱۸۳۰ء

میں آپ کا خادم☆
آپ کا مخلص
(دستخط) ایف ہاکنز' قائم مقام ریذیڈنٹ

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸۔

(۳۴)

بنگال سے سیاسی خط کا اقتباس مورخہ ۱۴ اکتوبر ۱۸۳۰ء

ہم اسداللہ خان کے دعوے کے بارے میں مسٹر ہاکنز کی رائے سے متفق ہیں جو مدعی نے نواب شمس الدین خان خلف نواب احمد بخش خان کے خلاف سالانہ ۵۰۰۰ روپے کی اس رقم کے بارے میں پیش کیا ہے جو لارڈ لیک صاحب بہادر نے مرحوم نصراللہ بیگ خان کے اقربا کی گزر اوقات کے لیے نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے مقرر کیا تھا۔ اسداللہ خان نے دعویٰ کیا تھا کہ انہیں اور ان کے بھائی مرزا یوسف کو سالانہ ۵۰۰۰ روپے کی رقم میں ان کے جائز حصہ سے محروم کر دیا گیا ہے کیونکہ نواب احمد بخش خان نے دو ہزار روپے سالانہ کے حق دار کی حیثیت سے اقربا میں خواجہ حاجی کے نام کی شمولیت کو مناسب جانا۔

مسٹر ہاکنز نے اس دعوے کو تسلیم نہیں کیا کہ اسداللہ خان کو اب تک جتنا حصہ ملتا رہا ہے وہ اس سے زیادہ کے حق دار ہیں☆۔

مراسلہ ۲۰ مئی نمبر ۱۲ - ۱۳

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن نمبر آئی او آر۔ ایف / ۴ / ۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر ۵۳۴۲۹

(۳۴)

بخدمت گرامی: سی نورس صاحب بہادر معتمد اعلیٰ برائے حکومت بمبئی، شعبہ سیاسی

جناب عالی

عزت ماب نائب صدر ان کونسل نے مجھے ہدایت کی ہے کہ میں منسلکہ دستاویزات جو حاشیہ میں درج ہیں آپ کو ارسال کروں اور گزارش کروں کہ عزت ماب گورنر اصل فارسی دستاویز کا جائزہ لینے کے بعد جس کے بارے میں ایک فریق کا کہنا ہے کہ وہ لارڈلیک صاحب بہادر کا خط ہے اور دوسرا فریق اسے جعلی سازی قرار دیتا ہے، اسداللہ خان کے دعوے کے حق و نا حق ہونے اور ان کے اس ادعا کے بارے میں کہ مذکورہ دستاویز یا تو جعلی سازی ہے یا دھوکہ دہی کے ذریعہ حاصل کی گئی ہے اپنی رائے سے مطلع فرمائیں۔

۱۔ اسداللہ خان کے دعوئی پر معتمد اعلیٰ کا ۱۴ اگست ۱۸۳۰ء کا نوٹ۔
۲۔ قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی کا مراسلہ مورخہ ۸ اکتوبر
۳۔ سند منسلک ہے ایضاً
۴۔ اسداللہ خان کی جانب سے مراسلہ مورخہ ۲۶ ستمبر
۵۔ لیفٹیننٹ کرنل میکم کی جانب سے مراسلہ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء
۶۔ منسلکہ سند کا ترجمہ ایضاً
۷۔ مراسلہ بجانب لیفٹیننٹ کرنل میلکم مورخہ ۱۶ مئی ۱۸۰۶ء
۸۔ مراسلہ منجانب کرنل میلکم مورخہ ۱۰ جون ۱۸۰۶ء

۲۔ عزت ماب جناب گورنر ملاحظہ فرمائیں گے کہ فارسی خط کی پشت پر انگریزی زبان میں کوئی تصدیقی دستخط نہیں ہیں جیسا کہ دستور ہے کہ دفتر فارسی کے معتمد کے دفتر سے فارسی زبان میں جاری کیے جانے والے خط کی پشت پر دستخط ہوا کرتے تھے۔

۳۔ مجھے آپ سے یہ التماس کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے کہ اصل فارسی کاغذات مجھے واپس کر دیے جائیں اور یہ کہ لارڈلیک صاحب بہادر کے مبینہ اصل خط کا خاص طور سے خیال رکھا جائے تاکہ اسے نواب شمس الدین خان کو واپس کیا جا سکے۔

مخلص

فورٹ ولیم (دستخط) جی سوئٹن معتمد اعلیٰ برائے حکومت

۲۲ اکتوبر ۱۸۳۰ء صحیح نقل دستخط جارج سوئٹن معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر۲۰۸۔

(۳۵)

اسداللہ خان کے مقدمہ پر معتمد اعلیٰ کا نوٹ ۱۹ اگست ۱۸۳۰ء

(۱) اسداللہ جو خود کو مرحوم نواب نصراللہ بیگ خان کا برادر زادہ بتاتا ہے جو جنرل پیرون کے تحت آگرہ ضلع کا منتظم تھا اور مرہٹوں سے جنگ کے دوران لارڈلیک صاحب بہادر سے آن ملا تھا اور اس کی خدمات کے صلہ میں لارڈ لیک صاحب بہادر نے اسے آگرہ ضلع میں کچھ اراضی استمراری مدت کے لئے ۱۵٬۸۰۰ روپے پر بخش دی تھی۔ یہ سونک اور اور سونسا کے پرگنے تھے۔ جہاں کا مالیہ، جیسا کہ اسداللہ نے اپنی عرضداشت میں بیان کیا ہے ایک لاکھ روپیہ سے زیادہ تھا۔

(۲) نصراللہ بیگ خان فیروزپور وغیرہ کہ سردار نواب احمد بخش خان مرحوم کا داماد☆ تھا۔

(۳) نصراللہ بیگ خان کا انتقال ہوا تو اس کے پسماندگان میں اس کی ماں، ایک بیوہ، تین بہنیں اور دو بیٹے☆☆ تھے یعنی درخواست گزار اور اس کا چھوٹا بھائی یوسف علی خان (یا مرزا یوسف) تھے۔

(۴) درخواست گزار مزید بیان کرتا ہے کہ ایک اور شخص خواجہ حاجی نام کا ہوا کرتا تھا جو نصراللہ بیگ خان کا رشتہ دار نہیں تھا بلکہ شادی کی وجہ سے اس کی قرابت داری ہوئی تھی۔ وہ نصراللہ بیگ خان کے والد کی بیوی کی بھانجی کا بیٹا تھا۔ اس نے نصراللہ بیگ خان کی جائیداد کا انتظام وانصرام سنبھال لیا اور کہا جاتا ہے کہ ان (نصراللہ بیگ خان) کے انتقال کے بعد اس نے احمد بخش خان کے ساتھ مل کر سازش کی اور مرحوم کے خاندان والوں کے ساتھ جعل سازی کی۔ احمد بخش خان نے نصراللہ بیگ خانِ کے خسر اور ان کے خاندان کے فطری ولی ہونے کی حیثیت سے اس نے اس شرط پر کہ وہ یہ رقم نصراللہ بیگ خان کے اقربا کی گزراوقات کے لیے دیا کرے گا۔ لارڈلیک صاحب بہادر سے اس رقم کی ادائیگی سے استثنی کا پروانہ حاصل کر لیا جو وہ فیروزپور کے لیے ادا کیا کرتا تھا درخواست گزار کا کہنا ہے کہ نواب (نواب احمد بخش)

☆ مطابق انگریزی متن، نصراللہ بیگ خان، نواب احمد بخش خاں کے داماد نہیں بہنوئی تھے۔ (گ۔ ن)

☆☆ مطابق انگریزی متن، یہاں بیٹے نہیں بھتیجے ہونا چاہیے۔ (گ ۔ ن)

نے غیر منصفانہ طور پر خواجہ حاجی کو نصراللہ بیگ کے اقربا کی فہرست میں شریک غالب کی حیثیت سے شامل کر لیا اور نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کی عمومی گزراوقات کے لیے مقرر کی گئی مبلغ پانچ ہزار روپیہ سالانہ کی رقم کو اس طرح تقسیم کر دیا:

خواجہ حاجی	۲۰۰۰ روپے
نصراللہ بیگ خان کی والدہ	۱۵۰۰ روپے
درخواست گزار	۱۵۰۰ روپے

خواجہ حاجی کے انتقال کے بعد احمد بخش خان نے دو ہزار کی رقم ان کے بچوں کو ادا کرنا شروع کر دی۔ جب ماں کا انتقال ہوا تو اس کے حصہ کی رقم ان کی سب سے بڑی بیٹی (نصراللہ بیگ خان کی بہن) کو ملنے لگی جو اس رقم سے اپنی دو چھوٹی بہنوں کی کفالت کرتی تھیں۔

درخواست گزار کا کہنا ہے اس نے اپنے حصہ کی رقم سے اپنے چھوٹے بھائی کی کفالت کی جسے اس (اسداللہ خان) کی شکایت کے مطابق نواب احمد بخش نے بے آسرا چھوڑ دیا تھا۔ تاہم اسداللہ خان کے لیے =/۱۵۰۰ روپے کی طے شدہ رقم غالباً دونوں بھائیوں کی مشترکہ کفالت کے لیے تھی جیسا کہ =/۱۵۰۰ روپے کی دوسری رقم خواتین یعنی درخواست گزار کی پھوپھیوں کے لیے تھی۔

اب یہ تفتیش کرنا تو بے مصرف ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے وارثوں کے ساتھ خواجہ حاجی کو جو حصہ ملتا تھا وہ اس کا مستحق تھا یا نہیں کیونکہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کے پروانے میں جو احمد بخش خان نے گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل سے حاصل کیا اور جس پر ان کی مہر اور دستخط ثبت ہیں خواجہ حاجی کو نصراللہ بیگ کے خاندان کا ایک فرد تسلیم کیا گیا ہے لیکن یہ تفتیش کرنا ضرور فائدہ مند ہو گا کہ جب احمد بخش خان نے نصراللہ بیگ خاں کے اقربا بشمول خواجہ حاجی کی گزراوقات کے لیے ۵۰۰۰ روپے کی رقم مقرر کی تو انھوں نے اپنی سند کی شرائط کو پورا کیا یا نہیں اور یہ کہ احمد بخش خان کے وارث اور جانشین شمس الدین خان گزارے کی رقم بڑھانے کے پابند ہیں یا نہیں۔

یہ تفتیش کرنا بھی مفید ہو گا کہ جیسا کہ درخواست گزار نے دعویٰ کیا ہے لارڈ لیک صاحب بہادر کی جانب سے مورخہ ۶ جون ۱۸۰۶ء کو جاری کی گئی سند جعلی ہے اور یہ کہ آیا اس معاملے میں پوری طرح تفتیش کی گئی ہے یا نہیں۔

درخواست گزار نے اپنی متعدد یادداشتوں میں سے جو کچھ بیان کیا ہے ان کی تفصیلات میں جائے بغیر میں یہ کہوں گا کہ ان یادداشتوں میں معلومات کا ایک انبار موجود ہے اور مجھے یقین ہے کہ حکومت ان تمام امور سے بخوبی واقف ہے اس لیے میں صرف وہ حالات بیان کروں گا جو حال ہی میں وقوع پذیر ہوئے ہیں۔

اسد اللہ ۱۸۲۸ء میں کلکتہ میں آئے اور دفتر فارسی کے معتمد کو ایک یادداشت پیش کی ملاحظہ ہو

یادداشت موصولہ مورخہ ۲۸ اپریل ۱۹۲۸ء جو ۲ مئی کو ریکارڈ ہوئی جس کا نمبر ۴۶ ہے۔

(۱۲) اس یادداشت پر حکم صادر ہوا۔

حکم ہوا کہ درخواست گزار کو مطلع کیا جائے کہ مندرجہ بالا عرضداشت دہلی کے ریذیڈنٹ کو پیش کی جانی چاہیے۔

(۱۳) دہلی کے ریذیڈنٹ سر ای کول بروک نے ۲۴ فروری ۱۸۲۹ء کو حکومت کو اطلاع دی کہ اسداللہ خان نے ان کے سامنے ایک عرضداشت پیش کی ہے جس کا نفس مضمون یہ ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے انتقال پر جن کے پاس مقرری میں سونک اور سونسا کے پرگنے زندگی بھر کے لیے ۱۵،۰۰۰ زر اشتی پر تھے، ۲۰۰۰۰ روپے اور ۳۰۰۰۰ روپے کے درمیان زر اشتی پر مرحوم احمد بخش خان کے پاس فیروزپور وغیرہ کی زمینیں تھیں۔ جب احمد بخش خان، نصراللہ بیگ خان کے قرابت داروں کی کفالت کے ذمہ دار بنے تو انہیں اس رقم کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا اور یہ کہ احمد بخش خان نے اس کفالت کے لیے سالانہ ۵۰۰۰ روپے سے زیادہ کبھی ادا نہیں کیے جس میں سے ۲۰۰۰ روپے وہ ایک شخص خواجہ حاجی کو دے دیتے تھے، جو خاندان کے لیے ایک اجنبی تھا، ۱۵۰۰ روپے درخواست گزار کو اور ۱۵۰۰ روپے نصراللہ بیگ خاں کی بہنوں میں سے ایک بہن کو جبکہ درخواست گزار کے ایک بھائی اور دو بہنوں کو بالکل فراموش کر دیا گیا☆۔

(۱۴) سر ایڈورڈ کول بروک آگے چل کر کہتے ہیں:

"حکومت کی طرف سے احمد بخش خان کو فیروزپور کی جو سند مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو ملی تھی اس میں مندرجہ ذیل شق درج ہے اور جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں یہ واحد شق ہے جو اس معاملہ سے متعلق ہے:

"خواجہ حاجی اور مرحوم نصراللہ بیگ خان کے دوسرے متوسلین (متعلقین) کی دیکھ بھال اور کفالت کے تم ذمہ دار ہو گے اور بوقت ضرورت تم سے جب بھی طلب کیا جائے گا تم سرکار کے لیے پچاس سواروں کا دستہ تیار رکھو گے۔""

(۱۵) سر ایڈورڈ کول بروک نے اپنی رپورٹ کے آخر میں درخواست کی ہے کہ سرکاری ریکارڈ میں اس مقدمہ سے متعلق اگر کوئی بھی دستاویز موجود ہو تو انہیں اس کی نقول فراہم کی جائیں۔

(۱۶) اس کے جواب میں نواب احمد بخش خان کے ساتھ تصفیہ کے بارے میں لیفٹیننٹ کرنل میلکم کے مراسلے مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کا ایک اقتباس دہلی کے ریذیڈنٹ کو ۱۳ مارچ ۱۸۲۹ء کو ارسال کیا گیا تھا اور ان سے کہا گیا تھا کہ وہ درخواست گزار کی شکایت کے بارے میں تحقیقات کریں اور رپورٹ ارسال کریں۔

☆ یہ غلطی ہے۔ یہ ایک بھائی اور دو پھوپھیاں ہونا چاہیے۔

(۱۷) ۵ دسمبر ۱۸۲۹ء کو دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ مسٹر ہاکنز نے حکومت کی توجہ سر ایڈورڈ کول بروک کے خط مورخہ ۲۴ فروری کی طرف مبذول کرائی جس کے متعلق انہوں نے بتایا کہ اس کا کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ اس کے جواب میں انھیں مطلع کیا گیا کہ ۱۳ مارچ کو جواب ارسال کیا گیا تھا اور اس وقت سے اس مقدمہ کے بارے میں کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوئی اور انھیں اس کی ایک نقل فراہم کی گئی کیونکہ اصل کہیں ادھر ادھر ہو گئی تھی۔

(۱۸) مسٹر ہاکنز نے گزشتہ ۵ مئی کو اسداللہ خان کے مقدمے کے بارے میں اپنی رپورٹ پیش کر دی تھی(۲۹)۔ اس سے پتہ چلے گا کہ انہوں نے اسد اللہ خان کی عرضداشت نواب شمس الدین خان "مرحوم احمد بخش خان کے فرزند اور جانشین" کو شکایت کے متعلق ان کے جواب کے لیے بھجوا دی تھی۔ نواب شمس الدین خان کے جواب کا ترجمہ اور لارڈلیک صاحب بہادر کا مبینہ خط مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء جس میں ان اشخاص کی صراحت کی گئی ہے جنہیں سالانہ ۵۰۰۰ روپے دیے جانا تھے مسٹرہاکنز کی رپورٹ کے ساتھ موصول ہوئے اور انہوں نے اس بارے میں اپنی رائے ظاہر کی کہ لارڈلیک صاحب بہادر کے واضح فیصلے کے بموجب شکایت کنندہ اور ان کے بھائی مرزا یوسف کو جو کچھ ملتا رہا وہ اس سے زیادہ کے مستحق نہیں تھیں۔ =/۱۵۰۰ روپے سالانہ جس کے بارے میں انہوں نے کہا کہ نواب شمس الدین ہمیشہ ادا کرنے کے لیے تیار رہے ہیں۔

(۱۹) اس کے جواب میں حکومت نے گذشتہ ۲۸ مئی کو بتایا کہ اس نے مسٹر ہاکنز کے فیصلے کی توثیق کر دی ہے۔

(۲۰) اسد اللہ خان کے ۷ جولائی کو ایک یادداشت انگریزی زبان میں ارسال کی جس میں ایک سند کی بنیاد پر مسٹرہاکنز کے فیصلے کے خلاف شکایت کی گئی ہے جس کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ وہ جعل سازی ہے اور درخواست کی گئی ہے کہ اس کے ثبوت میں ریکارڈ کی چھان بین کی جائے۔

(۲۱) انہوں نے ۲۸ جولائی کو مسٹر ہاکنز کے فیصلے کے خلاف ایک بار پھر شکایت کی کہ یہ نواب شمس الدین کے ساتھ جانب داری پر مبنی ہے اور درخواست کی کہ انہیں سرکاری احکام کی ایک نقل مہیا کی جائے۔انہوں نے میرے نام ایک خط بھی منسلک کیا جس کا ترجمہ ارسال کیا جاتا ہے اس خط میں انہوں نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں تمام کاغذات کو ایک بار پھر دیکھوں اور حکومت کو زحمت دوں کہ وہ میری بیان کردہ ساری روداد پڑھے خصوصاً اس لیے کہ مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اسداللہ خان کی شکایت پر یقین کرنے کے اسباب موجود ہیں اور وہ بالکل بے بنیاد نہیں ہیں۔

(۲۲) لارڈلیک صاحب بہادر کا مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء کا کوئی خط سرکاری ریکارڈ میں موجود نہیں۔

(۲۳) یہ بھی عیاں نہیں ہوتا کہ اصل خط مسٹر ہاکنز کو پیش کیا گیا ہے۔

(۲۴) مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۷ جون کا خط پیش کیا جائے اور اس کی جانچ پڑتال کی جائے اور اگر دہلی میں اس کے صحیح ہونے کے متعلق کوئی شکوک وشبہات پیدا ہوں تو اسے ریذیڈنسی ارسال کر دیا جائے۔

(۲۵) اگر شمس الدین اس تقاضے سے بچنے کی کوشش کریں اور کہیں کہ اصل خط گم ہوگیا ہے تو ان کے خلاف قوی گمان قائم کیا جاسکتا ہے۔

(۲۶) شمس الدین خان کا جواب جیسا کہ مسٹر ہاکنز کے مراسلے مورخہ سابقہ ۵ مئی میں پیش کیا گیا ہے بڑا غیر سنجیدہ ہے اور ان کی اس رائے سے کہ وہ ایک شاعر ہے اور شاعر کے اس استحقاق سے وہ مبالغہ آرائی سے کام لیتا ہے اور پورا فائدہ اٹھاتا ہے' اسد اللہ خان کے دعوے کی تصدیق ہو جاتی ہے۔

(۲۷) لیکن مقدمے کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔

(۲۸) ہمیں احمد بخش کو عطا کی گئی سند مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کا جائزہ لینا چاہیے جو اصل وحقیقی ہے اور گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل نے اس کی توثیق کی تھی۔ اس کی ایک نقل سرجان میلکم کے اسی تاریخ کے مراسلے میں شامل ہے اور وہیں دیکھی جا سکتی ہے وظیفے کی مد میں حقیقتاً نصراللہ بیگ خان کے عزیزواقارب کے لیے دس ہزار روپے رکھے گئے ہیں لیکن بدقسمتی سے جس ڈھیلے ڈھالے انداز میں ۴ مئی ۱۸۰۶ء کی سند کو الفاظ کا جامہ پہنایا گیا ہے اس میں ٹھیک رقم کا کوئی ذکر نہیں۔ زرا مشتی کو ایک مقررہ مقصد یعنی نصراللہ بیگ خان کے عزیزواقارب کی کفالت اور گزراوقات کے لیے ۲۵۰۰۰ سے کم کرکے پندرہ ہزار کر دیا گیا ہے۔

اس میں کنایتاً" مذکورہ بالا منہائیوں اور شرائط کا ذکر تو کیا گیا ہے لیکن یہاں منہائی اور شرائط کے الفاظ عمومی معنوں میں استعمال کیے گئے ہیں۔ کیا یہ ممکن ہے کہ لارڈ لیک صاحب بہادر نے جو اس وقت کانپور میں تھے ۴ مئی کو یہ پروانہ عطا کرنے اور اسی مہینے کی سولہ تاریخ کو حکومت کا جواب ملنے کے بعد جس میں جو کچھ کیا گیا تھا اس کی منظوری دی گئی تھی۔ احمد بخش خان کو یہ بتانے کے لیے کہ گذشتہ مہینے کی سولہ تاریخ کو کیا طے پایا ۷ جون کو دوبارہ خط لکھا ہو؟

(۲۹) تاہم نواب احمد بخش کی درخواست پر (جو اس وقت لارڈ لیک صاحب بہادر کی معیت میں کانپور میں تھے) اگر لارڈ موصوف نے ۷ جون، کا خط لکھا تھا تو کرنل میلکم صاحب بہادر نے جنھوں نے چند روز بعد (۱۰ جون) ۱۶ مئی کے سرکاری احکامات کے وصول پانے کی اطلاع دی' یہ رپورٹ کیوں نہ دی کہ احمد بخش خان کو ایک خط ارسال کیا گیا ہے جس میں ۵۰۰۰ روپیہ کی ایک معینہ رقم نصراللہ بیگ خان کے خاندان والوں کی کفالت کے لیے مقرر کی گئی ہے اور ان اسباب کی وضاحت کی گئی ہے جن کی بنا پر زرا مشتی کی بقیہ رقم وظیفہ میں دوبارہ شامل نہیں کی گئی جو نواب کی جاگیر سے ادا کی جاتی ہے؟ لیکن ایسی کوئی رپورٹ نہیں۔ اگر دستاویز اصلی ہے تو یہ بعیدازقیاس نہیں کہ احمد بخش نے یہ فریب اور دھوکہ سے حاصل کی ہو لیکن اگر یہ

تسلیم کر لیا جائے کہ یہ ایک ایسا حکم ہے جو لارڈ لیک صاحب بہادر نے اپنی رضامندی سے جاری کیا ہے تو کیا لارڈ موصوف اتنے بااختیار تھے کہ گورنر جنرل ان کونسل کے منظور کیے ہوئے کسی سابقہ فیصلے کو درہم برہم کر سکیں؟ اور کیا حکومت اس کی پابند ہوگی؟ مجھے یہ تصور بھی نہیں کرنا چاہیے اور خواہ یہ دستاویز اصلی ہو یا جعلی، ظاہر یہی ہوتا ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے اقربا زیادہ وظیفے کے حق دار ہیں۔

(۳۰) اس نوٹ میں جن کاغذات کا حوالہ دیا گیا ہے وہ حوالے کے لیے منسلک ہیں۔

(دستخط) جی۔ سوئٹن

۱۹ اگست ۱۸۳۰ء

معتمد اعلیٰ برائے حکومت

(صحیح نقل)

(دستخط) جی۔ سوئٹن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۳۶)

بخدمت گرامی:
این۔ بی۔ ایڈمونسٹون صاحب بہادر

جناب عالی!

میرے لیے باعث عزت ہے کہ آپ کا پچھلے مہینے کی ۱۲ تاریخ کا لکھا ہوا مراسلہ مجھے موصول ہوا۔ میں نجابت علی خان اور عبدالصمد خان کو دی جانے والی سندوں کے مسودے ارسال کرنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں (جہاں تک میرا اندازہ ہے) یہ مسودات عزت ماب گورنر جنرل کی مرضی کے عین مطابق تیار کئے گئے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ میری درخواست کے ساتھ ان کا احترام کیا جائے گا۔ نجابت علی خان کی جائیداد کو اس بات سے مشروط کر دیا گیا کہ وہ بدستور اپنے سردار کی اطاعت و فرمانبرداری کرتے رہیں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اول الذکر (اسمٰعیل خان) کو ذاتی طور پر یہ امتیاز حاصل ہے کہ وہ برطانوی حکومت سے داد ودہش کے مدعی ہو سکتے ہیں لیکن جو جاگیر انہیں نواب کی بالادستی کے بغیر عطا کی گئی ہے وہ اس سے بالکل مطمئن ہیں اور جو جائیداد اصلاً کسی اور شرط پر نہیں بلکہ سربراہ خاندان اطاعت کی شرط پر پر دی ہے وہ تقسیم اور کمزوری کا موجب بنے گی اور ان کے اس مقصد کو جس کے لیے یہ تمام بندوبست کیا ہے ضرر پہنچائے گی۔

احمد بخش خان جب رہتک اور ہریانہ سے دستبردار ہوئے تو عزت ماب لارڈلیک صاحب بہادر نے انھیں میوات کے وہ اضلاع جو ان کے قبضہ میں تھے زندگی بھر کے لیے پچیس ہزار روپے کی سالانہ ادائیگی پر دینے کا وعدہ کیا۔ اس کے فوراً بعد احمد بخش خان کے ایک قریبی رشتہ دار نصراللہ بیگ خان کی اچانک موت پر سونک اور سونسا کے اضلاع جو اس سردار (نصراللہ بیگ خاں) کو دیے گئے تھے واپس لے لیے گئے لیکن عزت ماب نے ضروری سمجھا کہ ان کے بھائی اور خاندان والوں کے لیے کوئی معقول بندوبست کیا جائے اور یہ اس لیے اور بھی ضروری ہو گیا کہ بے قاعدہ سواروں کے دستے کو جس میں ان میں سے بہت سے لوگ برسرروزگار تھے ختم کرنے کی ضرورت پیدا ہو گئی اور جس میں ایک یا دو افسر ایسے بھی تھے جو دشمن کو چھوڑ کر اس وعدہ پر ہم سے آن ملے تھے کہ ہم ان پر عنایات ونوازشات کریں گے اور انھیں تحفظ فراہم کریں گے۔ ان مقاصد کو اس طرح حاصل کرنے کے لیے کہ ان پر کم سے کم اعتراض کیا جا سکے'

عزت ماب نے اسی طریقے کو بہتر جانا کہ احمد بخش خان کو ان کی کفالت کے لیے چھوٹ دے دی جائے چنانچہ اس نقطہ نظر سے انہوں نے سالانہ صرف پندرہ ہزار روپے کی رقم مقرر کر دی جو انہیں ادا کرنا ہوگی۔

احمد بخش خان کے زیر انتظام اضلاع کی حالت' ان کے پر آشوب حالات اور وہ رقم جو وہ ادا کرتے تھے کی قلیل مقدار کی بنا پر اور ان کی خدمات کو پیش رکھتے ہوئے عزت ماب نے انہیں پیش کش کی کہ اگر وہ امداد کے تمام دعوؤں سے دست بردار ہو جائیں اور وعدہ کریں کہ اپنے علاقے میں امن وامان قائم رکھیں گے اور بوقت ضرورت پچاس سواروں کا دستہ فراہم کریں گے تو انہیں ہر قسم کی ادائیگی سے مستثنیٰ کر دیا جائے گا اور ان کے پاس جو زمینیں ہیں وہ ان ہی شرائط پر انہیں دے دی جائیں گی جن شرائط پر نجابت علی خان اور صمد خان کو دی گئی ہیں۔ انہوں نے اس پیش کش کو فوراً قبول کر لیا اور لارڈلیک صاحب بہادر کی خواہش کے مطابق سند کا بالکل ویسا ہی مسودہ تیار کیا گیا جو مذکورہ بالا دونوں سرداروں کو دی گئی تھیں۔

عزت ماب لارڈلیک صاحب بہادر نے مجھے ہدایت کی ہے کہ میں اس عرضداشت کی ایک نقل اور ترجمہ بھی ارسال کروں جو انہیں احمد بخش خان کی جانب سے موصول ہوئی ہے۔

سوناہ اور نوہ کے اضلاع جو وہ اپنے پاس رکھنے کے خواہش مند تھے اب کرایہ پر پنچ سنگھ چودھری ریواڑی کو تین سال کی مدت کے لیے اضافہ شدہ لگان پر دے دیے گئے ہیں۔

عزت ماب (لارڈلیک صاحب بہادر) کو معلوم نہیں کہ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل بالاخر ان صوبوں کا تصفیہ کس طرح کرنا چاہتے ہیں اس لیے احمد بخش خان کے پاس یہ نتیجہ اخذ کرنے کی کوئی وجہ نہیں کہ ان کی درخواست منظور کر لی جائے گی۔ تاہم عزت ماب نے مجھے یہ عرض کرنے کی ہدایت کی ہے کہ ان علاقوں کو فوری طور پر براہ راست اپنے انتظام میں لینے کے علاوہ کوئی اور بندوبست کیا جائے جس میں یہ خواہش بھی کارفرما ہو کہ وہ بندوبست' یا تو سرکار برطانیہ کے لیے فائدہ مند ہو یا اس کے استحکام کا موجب تو عزت ماب کی نظر میں نواب احمد بخش خان جیسا اور کوئی مقامی سردار ایسا نہیں جس سے پورے اعتماد کے ساتھ یہ توقعات وابستہ کی جاسکیں کہ وہ ہر مسئلے کا حل ڈھونڈ نکالے گا کیونکہ نواب موصوف بڑے سرگرم اور ذہین ہیں اور اپنے علاقے میں بڑے بااثر و باعزت ہیں اور (عزت ماب پر یقین ہیں) خلوص دل سے سرکار برطانیہ کے وفادار ہیں۔

عزت ماب لارڈلیک صاحب بہادر نے مجھے یہ عرض کرنے کی بھی ہدایت کی ہے کہ انہیں مرتضیٰ خان' بہادر خان' اور محمد خان آفریدی کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں انہوں نے تشویش ظاہر کی ہے کہ ان کے ورثا کی کفالت کے لیے کوئی انتظام کیا جائے (چاہے وہ نسبتاً" چھوٹا ہی کیوں نہ ہو)۔ یہ انتظام ایک تو اس طرح کیا جاسکتا ہے کہ انہیں ایک چھوٹی سی جاگیر دے دی جائے جیسا کہ بو آئی شنکر کے بیٹوں کو دی گئی تھی۔ (جو ان کے زمینوں پر بھی مشتمل ہو سکتی ہے جو اس وقت ان کے تصرف میں ہیں) یا ان کی معافی حق ملکیت کے ساتھ انہیں عطا کر دی جائے جس پر وہ حکومت کو معقول مالیہ ادا کریں مطلب یہ ہے کہ انہیں ان ہی اصول وضوابط کے تحت جن کے

تحت کمپنی نے اپنی عمل داری میں دوسروں کو زمینداریاں عطا کی ہیں انہیں بھی حق زمینداری عطا کر دیا جائے

عزت ماب نے صرف ان کی خواہش کے اظہار کا وعدہ کیا تھا لیکن انہوں نے مجھے ہدایت کی ہے کہ میں خود ان کی رائے کو بھی ظاہر کردوں کہ سیاسی اعتبار سے مختلف جاگیرداروں کے لواحقین کے لیے اس قسم کا انتظام بڑا دانش مندانہ ہو گا انہیں مستقل طور سے اپنی زمینوں سے دلچسپی پیدا ہو گی جس سے نہ صرف ملک کو ترقی ملے گی بلکہ برطانوی حکومت کے ساتھ ان کے میل جول اور وابستگی میں اضافہ ہو گا۔

کانپور　　　　　　　　　　آپ کا مخلص

ہیڈکوارٹرز　　　　　　　　　　(دستخط) لیفٹیننٹ کرنل جان میلکم☆

۴ مئی ۱۸۰۶ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۳۷)

کرنل میلکم صاحب بہادر کا مکتوب (نمبر ۱۹۲) مرقومہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کا جو ۱۳ مئی ۱۸۰۶ء منسلکہ کو موصول ہوا۔ احمد بخش خاں بہادر کے نام شقہ کی نقل کا ترجمہ

سرکار برطانیہ کے لیے آپ نے جس خدمت گزاری، خیراندیشی، اور جاں فشانی کے جذبے کا مظاہرہ کیا ہے اس کے مدنظر فضیلت مآب جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر آپ کو محالات فیروزپور جھرکہ، پٹہ، سانگرس، بچھانہ، نجھور اور نگینہ کی سند استمراری (پروانہ) مرحمت فرماتے ہیں۔ بایں ہمہ آپ ان علاقوں کے مال وسائر اور تمام دیگر وسائل کے حق دار اور دروبست کے ذمہ دار ہوں گے۔ (باغاتی املاک، ایمہ، جاگیریں، پن ارتھ اور دیگر لگان معاف زمینیں، روزینہ وغیرہ جو زمانہ قدیم سے مقرر چلے آتے ہیں ان سے مستثنیٰ ہوں گے) یہ شرط بھی ملحوظ خاطر رہے کہ ان محالات کے انتظام وانصرام کے لیے آپ کو اپنا فوجی دستہ بحال کرنا ہو گا اور اس ضمن میں سرکار برطانیہ سے کسی نوع کی امداد کے حق دار نہیں ہوں گے علاوہ ازیں، آپ کی یہ بھی ذمہ داری ہوگی کہ مرزانصراللہ بیگ خان مرحوم کے متوسلین خواجہ حاجی وغیرہ کی پرورش وپرداخت کریں گے آپ اس امر کے بھی مکلف ہوں گے کہ بوقت ضرورت وحسب الطلب پچاس سواروں کا دستہ سرکار برطانیہ کو مہیا کریں گے۔ آپ سے یہ توقع بھی کی جائے گی کہ آپ سرکار برطانیہ کے ہمیشہ خدمت گزار اور خیراندیش رہیں گے۔

سرکار برطانیہ عزت مآب لارڈلیک صاحب بہادر کمانڈر انچیف کے مراسلات کے ذریعے آپ کے کردار و دوست داری اور حکومت کے لیے آپ کی گراں قدر خدمات اور وابستگی سے کما حقہ، آگاہ ہونے کے بعد بخوشی آپ کی خدمت کے صلے میں آپ کو اور آپ کے ورثاء کو ۱۲۱۳ فصلی سال کی فصل ربیع (بمطابق ستمبر ۱۸۰۵ء) کی ابتدا سے نسلاً بعد نسل مندرجہ بالا محالات بشمول مال وسائر محلات بے منہائیوں اور محولہ بالا شرائط پر تفویض کرتی ہے۔ مذکورہ تاریخ سے سرکار برطانیہ کا ان محالات سے کوئی سروکار نہ ہو گا۔ جو ہمیشہ ہمیشہ آپ اور آپ کے فرزندوں کے تصرف میں رہیں گے چونکہ آپ کو ان علاقوں میں حاکمانہ اختیار حاصل ہو گا اس لیے وہاں کے باشندوں کی شکایات قابل سماعت قرار نہیں پائیں گی۔

اس عطیہ عظمیٰ کے پیش نظر یہ توقع کی جاتی ہے کہ آپ سرکار برطانیہ کے ساتھ جذبہ خیراندیشی اور مخلصانہ وابستگی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے اور اس کے مفادات کا تحفظ برقرار رکھیں گے۔ اس میں آپ ہی کی فلاح وبہود مضمر ہے۔

(دستخط) آئی۔ مونکٹن
نائب معتمد فارسی برائے حکومت

مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۵ء مطابق ۱۴ صفر ۱۲۲۱ء (نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سوشس
معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۳۸)

بخدمت گرامی: جناب لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر

جناب عالی!

۱۔ حسب ہدایت یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کا ارسال کردہ ماہ ہذا کی ۴ تاریخ کا مکتوب نمبر ۱۹۲ موصول ہوا۔

۲۔ آپ نے اپنے مراسلے کے ساتھ نجابت علی خان وعبدالصمد خان کے نام سند کے جو مسودے ارسال کئے ہیں انہیں بعینہٖ منظور کرلیا گیا ہے۔ مذکورہ مسودوں کے مطابق جو اسناد (یا پروانے) تیار کی گئی ہیں ان پر نواب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے دستخط اور مہر ثبت ہونے کے بعد بلا تاخیر آپ کی خدمت میں روانہ کردی جائیں گی۔

۳۔ گورنر جنرل بہادر ان کونسل نے اس بندوبست کی بھی جس میں اسمٰعیل خاں اور فیض محمد خاں کو اس شرط پر کہ وہ نجابت علی خاں کے اطاعت گزار رہیں گے جائیداد مرحمت کی ہے توثیق فرما دی ہے۔

۴۔ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل اس امر کی بھی منظوری مرحمت فرما دی ہے کہ احمد بخش خاں کو جاگیر انہی شرائط کے ساتھ عطا کی جائے جن کے تحت نجابت علی خان اور عبدالصمد خاں کو دی گئی تھی۔ اور احمد بخش خاں کو اس کے ذمے واجب الادا پندرہ ہزار روپے کی سالانہ رقم کی ادائیگی سے بھی موجودہ انتظام وانصرام کے تحت مستثنیٰ کیا جاتا ہے تاکہ اس طرح سیاسی نوعیت کے فوائد حاصل کیے جاسکیں۔ اس ضمن میں احمد بخش خاں کے نام سند تیار کر کے آپ کی خدمت میں روانہ کردی جائے گی جو آپ کے مکتوب سے منسلکہ مسودے کے عین مطابق ہو گی۔

۵۔ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل ریواڑی' سوناہ اور نوہ کے زرخیز اضلاع کے انتظام کی بابت ہنوز کوئی فیصلہ نہیں کر پائے ہیں تاہم گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کی تجویز ہے کہ زرخیز اضلاع کو برطانوی قلمرو سے خارج رکھنا عین مناسب ہو گا۔ جب اس بندوبست کا حتمی فیصلہ صادر ہو جائے گا تو گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کی تجویز کے مطابق نجابت علی خاں کو ان کی دو آبہ کی جاگیر کے عوض ریواڑی کا علاقہ دے دیا جائے اور انھیں سوناہ اور نوہ کے علاقے مجوزہ شرائط پر احمد بخش خاں کو عطا کر دینے پر کوئی اعتراض نہ ہو گا۔

۶۔ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے خیال میں سردست مذکورہ فیصلے کو کسی لیت و لعل کے بغیر اس وقت تک کے لیے موخر کر دیا جائے جب تک آپ بہ نفس نفیس دفتر خانہ کلکتہ تشریف لائیں اور گورنر جنرل صاحب بہادر

کو ذاتی طور پر جملہ حقائق سے آگاہ کریں تاکہ اس معاملے کا فیصلہ صادر کیا جا سکے۔ آپ کے لیے یہ مناسب ہو گا کہ احمد بخش خاں کو مطلع کر دیں کہ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل موصوف کی خواہشات کو بروئے کار لانے کے لیے مناسب اقدامات کریں گے بشرطیکہ عمومی انتظامات جو حکومت کے زیر غور ہیں اس کے عین مطابق ہوں اور یہ بھی کہ مذکورہ معاملہ آپ کے صدر دفتر آنے کے بعد ہی حتمی طور پر طے کیا جائے گا۔

۷ ۔ مرتضیٰ خان، بہادر خان اور محمد خان آفریدی کی موصولہ عرضداشتوں کے سلسلے میں حسب ہدایت یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل اس عمومی اصول کی مصلحت کے تحت کہ جاگیرداروں کے متوسلین کو زمین کی صورت میں دائمی مفاد مہیا کئے جائیں، آپ سے اتفاق کرتے ہیں اور اس اصول کے حوالے سے ان اشخاص کی جاگیروں پر مشتمل زمینیں زمینداریوں کے پٹے کی شرط پر معمولی بالمقطع لگان پر جس کا اب تعین کیا جائے گا ان کے ورثاء کو عطا کرنے پر انھیں کوئی اعتراض نہیں بشرطیکہ ان جاگیرداروں کی زمینوں پر اور زمیندار نہ ہو اور وہ زمینیں ہماری مطلوبہ سرحدوں کے اندر واقع ہوں۔ مالاگڑھ جو بہادر خان کو عطا کیا گیا ہے کا محل وقوع ہمارے کسی نقشہ پر نہ ہونے کی بنا پر ہمارے علم میں نہیں۔

۸ ۔ اگر مذکورہ جاگیر کی حدود میں کوئی زمین دار موجود ہے تو جاگیردار کے متوسلین کو حسب سابق حق استمراری حاصل رہے گا بشرطیکہ بالمقطع لگان کی ادائیگی کے عوض خدمات ہوتی رہیں۔

۹ ۔ مروجہ دستور کے مطابق زمین داروں کو استمراری پٹہ دینے پر کوئی اعتراض نہیں۔ ایسی صورت حال میں استمراردار حکومت کے نائب کے طور پر گردانا جائے گا وہ انھیں قوانین کے تحت لگان وصول کرے گا جن کے تحت حکومت خود لگان وصول کرتی ہے۔

۱۰ ۔ محولہ بالا نکات پر تیار کی جانے والی آپ کی رائے پر، حکومت کو آپ کے مراسلہ کے ساتھ منسلکہ ریفرنس پر فیصلہ کرنے میں آسانی رہے گی۔

فورٹ ولیم ۱۲ مئی ۱۸۰۶ء

آپ کا مخلص

(دستخط) این، بی ایڈ مونسٹون معتمد برائے حکومت

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سونٹن معتمد اعلیٰ برائے جکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا، فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۳۹)

بخدمت گرامی : این' بی ایڈمونسٹون

جناب عالی!

حسب ہدایت گزارش ہے کہ آپ کا ماہ گذشتہ کی ۲۶ تاریخ کا مکتوب موصول ہوا۔ نیز' مجھے عزت مآب لارڈ لیک صاحب بہادر نے یہ عرض کرنے کی ہدایت بھی فرمائی ہے کہ آپ نے اپنے ماہ گزشتہ کی ۱۸ تاریخ کے مکتوب کے ساتھ جو اسناد روانہ کی تھیں وہ نجابت علی خان اور احمد بخش کو جب وہ کانپور میں عزت مآب (لارڈ لیک صاحب بہادر) کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے دے دی گئیں۔ البتہ عبدالصمد خاں کی سند ان کے وکیل کے حوالے کر دی گئی ہے۔

میں چند روز میں کانپور سے روانہ ہونے والا ہوں۔ فورٹ ولیم پہنچنے کے بعد فضیلت مآب نواب گورنر جنرل بہادر کی خدمت میں اپنی امکانی حد تک تمام معلومات گوش گزار کروں گا تاکہ آنجناب کو ریواڑی نوہ اور سوناہ کے زرخیز اضلاع کا معاملہ حتمی طور پر طے کرنے میں سہولت رہے۔

عزت مآب نواب گورنر جنرل کے عندیے سے احمد بخش خان کو مطلع کر دیا گیا ہے۔ وہ ان مراعات کے لئے سراپا سپاس ہیں جو انھیں پہلے ہی مل چکی ہیں اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ حکومت کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھر پور سعی کریں گے۔

کمپنی بہادر کی قلمرو میں نجابت علی خاں کو جو جاگیر عطا ہوئی ہے وہ دس ہزار روپے سالانہ سے زیادہ کی نہیں اور نہ ہی دوابہ کی جاگیر کی نصف مالیت سے زیادہ ہے۔ صوبہ ریواڑی کا معاملہ اب طے شدہ ہے اور یہ اندرونی ہنگامے کا موجب بھی نہیں رہا۔ تاہم حالیہ غارت گری کے اثرات سے یہ علاقہ ابھی پوری طرح نہیں سنبھلا اور پہلے کی طرح دو لاکھ سالانہ محصول ادا کرنے کا متحمل بھی نہیں ہو سکتا۔ فضیلت مآب لارڈ لیک صاحب بہادر کا احتمال ہے کہ عزت مآب گورنر جنرل صاحب بہادر دونوں مقبوضات کی مالیت کے اس فرق سے کما حقہ' واقف نہیں اور شاید اسی وجہ سے وہ نجابت علی خاں سے اس معاملے میں گفتگو نہیں فرما سکے ہیں۔

مرتضیٰ خان اور دیگر سرداروں کی عرضداشتوں کے جواب میں اسی موضوع کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوتا رہا ہے نیز انہیں عمومی طور پر مطلع بھی کیا گیا ہے کہ حکومت ان کے حسب خواہش معاملات کو حل کرنے کا مصمم ارادہ

رکھتی ہے لہٰذا انہیں یہ باور کر لینا چاہیے کہ جلد ہی کشادہ دلی کے ساتھ مناسب انتظام وانصرام عمل میں آئے گا۔

فضیلت ماب لارڈ لیک صاحب بہادر کو یقین ہے کہ جملہ سربراہوں کے مقبوضات عزت ماب گورنر جنرل کے مجوزہ معیار کے مطابق ہیں، مثلاً ضلع کوئل میں بہادر خاں کی جاگیر موسوم بہ مالا گڑھ۔ میرے مرسلہ مکتوب مورخہ ۲۴ جنوری ۱۸۰۶ء سے آپ کو ان تمام حقائق کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا۔

صدر دفتر — آپ کا مخلص

کان پور — (دستخط) جان مالکم

۱۰ جون ۱۸۰۶ء — ریذیڈنٹ

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سوئن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۰)

بخدمت گرامی: جارج سوئنٹن صاحب معتمد اعلیٰ برائے حکومت

فورٹ ولیم

جناب عالی!

عرض گزار ہوں کہ میرا مقدمہ بہ اجلاس کونسل زیر غور ہے اور عین ممکن ہے کہ میرے معاملات جناب ریذیڈنٹ صاحب بہادر دہلی کی خدمت عالیہ میں برائے غور و خوض پیش کیے جائیں چنانچہ فدوی بصدادب التماس گزار ہے کہ آپ حکومت سے سفارش فرما دیں کہ فضیلت ماب جناب مارٹن صاحب بہادر ریذیڈنٹ دہلی کے دربار عالیہ میں میری بازیابی شایان شان ہو کہ آخر میں نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا ضلع آگرہ کے لواحقین میں سے ہوں۔ نیز فدوی کو اسی اعزاز و افتخار کے ساتھ بازیابی کا شرف حاصل ہو جو قبل ازیں دوران قیام کلکتہ عزت ماب گورنر جنرل بہادر کے دربار عام میں بوقت باریابی حاصل ہوا تھا۔

۲۔ اس غیر معمولی عرضداشت کے پیش کرنے کی غرض و غایت دراصل یہ ہے کہ فدوی جب کلکتہ سے واپسی کے بعد ہاکنز صاحب بہادر کے زمانہ کمشنری میں پہلی مرتبہ ریذیڈنسی میں حاضر ہوا تو اس کا استقبال اس انداز سے کیا گیا جو اس کے اعزاز و افتخار کے مطابق نہ تھا بلکہ یوں باور ہوتا تھا جیسے بندہ ایشیاٹک سوسائٹی کے ملازمین کی صف میں دست بستہ کھڑا ہو۔ یہ رویہ فدوی کے لیے سراسر سوہان روح بنا رہا خصوصاً اس صورت حال کے پیش نظر کہ کچھ ہی دن قبل عزت ماب جناب گورنر جنرل صاحب بہادر نے اسے امتیازی سلوک سے سرفراز فرمایا تھا۔

مقام دہلی مورخہ ۲۷ نومبر ۱۸۳۰ء

حکومت کا تابعدار اور آپ کا خدمت گزار

محمد اسداللہ خاں

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سوئنٹن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۱)

بخدمت گرامی: معتمد اعلیٰ صاحب بہادر شعبہ سیاسی
حکومت عالیہ، فورٹ ولیم

جناب عالیٰ!

حسب ہدایت اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کا ارسال کردہ مکتوب مورخہ ۲۲ اکتوبر اور اسداللہ خان کے دعاوی پر مبنی متعدد منسلکات موصول ہوئے جن کی جانب۔آپ نے فضیلت ماب گورنر صاحب کی خصوصی توجہ مبذول کرائی ہے۔

مجھے یہ کہنے کی ہدایت کی گئی ہے کہ عزب ماب نائب صدر ان کونسل نے اس ضمن میں اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ ۳۰ نومبر کی روداد میں شامل ہیں۔ اس کی نقل ملفوف ہے۔

۲۔ اصل منسلکات واپس ارسال ہیں۔

قلعہ بمبئی
۲۷ دسمبر ۱۸۳۰ء

آپ کا مخلص
(دستخط) سی نورس معتمد اعلیٰ☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۲)

عزت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کی روداد مورخہ ۳۰ نومبر ۱۸۳۰ء

میں نہایت وثوق کے ساتھ یہ کہتا ہوں کہ اس سند پر لارڈ لیک صاحب بہادر کے دستخط ثبت ہیں۔ جس زمانے میں یہ حاصل کی گئی تھی' اس وقت واجبات کی ادائیگی کر دی گئی تھی۔ معزز ہندوستانی باشندے احمد بخش خاں کو لارڈ لیک صاحب بہادر اور ان کے دیگر واقف کاروں کا بھرپور اعتماد حاصل تھا۔ نیز مقامی باشندوں کی دیانت دارانہ نظر میں بھی وہ قابل احترام تھے۔ ایسی صورت حال کہ میں ان پر غیردیانتدارانہ طرز عمل کے لگائے گئے الزامات کے خلاف صفائی پیش کی جا سکتی ہے۔ اگر وہ ان نازیبا اقدامات کے قرار واقعی مرتکب ہوتے تو میرے خیال میں کسی نہ کسی فریق کی جانب سے ان پر اعتراضات ضرور صادر کیے جاتے۔

(دستخط) جان میلکم

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) سی' نورس

معتمد اعلیٰ

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سوئٹن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۳)

بخدمت گرامی: جناب ہنری تھوبی پرنسپ صاحب بہادر(۳۱)

معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر شعبہ سیاسی

جناب عالی!

۱۔ حسب ہدایت آپ کی خدمت میں حکومت بمبئی کے معتمد اعلیٰ کی چٹھی مورخہ ۷ دسمبر ۱۸۳۰ء کی نقل اور دہلی کے ریذیڈنٹ صاحب بہادر کے نام مذکورہ تاریخ کا ایک مراسلہ بابت مقدمہ اسداللہ خان' عزب ماب جناب گورنر جنرل کے ملاحظے کے لیے ارسال کر رہا ہوں۔

۲۔ چونکہ یہ بات بعید از قیاس نہیں کہ مذکورہ مدعی' نواب شمس الدین کے خلاف استغاثہ بحضور گورنر جنرل صاحب بہادر پیش کرے' لہٰذا میں حسب ہدایت دفتر ہذا میں تیار کی جانے والی یاد داشت کی ایک نقل بطور حوالہ ارسال کر رہا ہوں۔ اس کے ساتھ مقدمے کا خلاصہ اور اس ضمن میں ہونے والی مراسلت کی نقلیں منسلک ہیں۔

۱۔ لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر کی چٹھی مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء۔

۲۔ لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر کی چٹھی مورخہ ۱۲ مئی ۱۸۰۶ء۔

۳۔ لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر کی چٹھی مورخہ ۱۰ جون ۱۸۰۶ء۔

۴۔ قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر دہلی کی چٹھی مورخہ ۸ اکتوبر ۱۸۲۰ء مع سند۔

۵۔ محمد اسداللہ خان کی چٹھی مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۸۳۰ء۔

۳۔ بہرحال نائب صدر ان کونسل مذکورہ یاداشت کے اختتامی حصے میں پیش کیے گئے اس نکتے سے بالکل متفق نہیں ہیں کہ نصراللہ خان کے متوسلین اضافہ تنخواہ کے حق دار ہیں ان کا یہ خیال ہے کہ نصراللہ خان کے متوسلین کو دس ہزار روپے دینے کے لیے احمد بخش کو جس انداز میں پابند کیا گیا وہ قابل اعتنا نہیں نیز مذکورہ مقاصد کے لیے رقم کی کوئی تخصیص متعین نظر نہیں آئی۔ نیز ان کا یہ بھی خیال ہے کہ یہ دستاویز جس میں رقم کی حد پانچ ہزار مقرر

۶ ۔ معتمد اعلیٰ صاحب بہادر مقیم بمبئی کے نام مرسلہ چٹھی مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۸۳۰ء۔

۷ ۔ محمد اسداللہ خان کی چٹھی مورخہ ۲۷ نومبر ۱۸۳۰ء۔

کی گئی ہے احمد بخش نے اس مقصد کے تحت حاصل کی تھی اگر ادائیگی کی رقم میں مزید اضافے کا مطالبہ ہو تو اس کا سدباب کیا جا سکے۔

فورٹ ولیم
۳۱ دسمبر ۱۸۳۰ء

آپ کا خادم
(دستخط) جارج سوئن
معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۴۰۸

(۴۴)

شعبہ سیاسی
بخدمت گرامی : ولیم بائم مارٹن صاحب بہادر
ریذیڈنٹ، دہلی

جناب عالی

مسمی اسد اللہ خان کے مقدمے کے سلسلے میں سابق قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر نے ۸ اکتوبر ماہ گذشتہ کو جو چٹھی لکھی تھی اس کے حوالے سے حکومت بمبئی کے معتمد اعلیٰ بہادر کا ماہ ہذا کی ۷ تاریخ کا مراسلہ حسب ہدایت ارسال خدمت ہے۔ اس کے مطالعے سے آپ پر یہ حقیقت منکشف ہو گی کہ مدعی نے لارڈ لیک صاحب بہادر کے دستخط اور مہر سے جاری ہونے والے جس پروانے یا مراسلے کو جعلی قرار دیا ہے اسے جناب سر جون میلکم صاحب نے صحیح دستاویز تسلیم کیا ہے۔ مذکورہ پروانہ اس مراسلے کے ساتھ واپس ارسال ہے تاکہ نواب شمس الدین خاں کے سپرد کر دیا جائے۔

آپ کا مخلص

فورٹ ولیم

۳۱ دسمبر ۱۸۳۰ء

(دستخط) جارج سوئنن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) جارج سوئنن

معتمد اعلیٰ برائے حکومت☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۵)

۳۱ دسمبر ۱۸۳۰ء کو فورٹ ولیم سے جاری ہونے والے سرکاری مراسلے سے اقتباس

پیراگراف نمبر۰۷ حواشی کے مطابق کی جانے والی مراسلت سے حکومت کے نام اسداللہ خان ولد☆ نصراللہ بیگ خان مرحوم جاگیردار سونک کی متعدد عرضداشتوں کا انکشاف ہوتا ہے۔ داد خواہ نے دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ کے اس فیصلے کے خلاف شکایت کی ہے جو موصوف نے سرکار برطانیہ کی جانب سے مدعی (اسداللہ) کو ملنے والی پنشن کے سلسلے میں صادر فرمایا ہے۔ عرض گزار نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ مذکورہ پنشن کا ایک حصہ فیروزپور کے جاگیردار نواب احمد بخش خان نے لارڈلیک صاحب بہادر کی جانب سے عطا کردہ ایک سند کے مطابق اپنے ایک منظور نظر شخص کو دے دیا۔ اسداللہ کا دعویٰ ہے کہ نواب موصوف نے مذکورہ سند میں جعل سازی کی ہے چنانچہ یہ جاننے کے لیے کہ لارڈلیک صاحب بہادر کی جانب سے ۱۸۰۶ء میں مرحمت کی جانے والی سند کے متعلق اسداللہ کا موقف صحیح یا غلط قائم مقام ریذیڈنٹ بہادر کو ایک چھٹی لکھی گئی تھی اس میں یہ بات واضح کی گئی تھی کہ اسداللہ خاں کی جانب سے حکومت کو ایک عرضی موصول ہوئی ہے جس میں مذکورہ شخص نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ فیروزپور کے جاگیردار نے جو سند پیش کی وہ سراسر جعلی ہے نیز اس نوع کی کوئی دستاویز ریذیڈنسی کے ریکارڈ میں سرے سے موجود نہیں ہے جناب ہاکنز صاحب بہادر کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ احمد بخش خان (اب مرحوم) کے فرزند اور وارث نواب شمس الدین سے مذکورہ سند کا اصل نسخہ حاصل کر کے پیش کریں تاکہ حکومت اس کی اصلیت کا اندازہ لگا سکے☆☆۔

☆ انگریزی متن کے مطابق ہے۔ غلط' اس جگہ برادر زادہ ہونا چاہیے (گ۔ ن)

☆☆ انڈیا آفس ریکارڈ لندن نمبر آئی او آر ایف۔ ۴۔ ۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر ۵۳۴۲۹

(۴۶)

بخدمت گرامی: جناب جارج سوئٹن صاحب بہادر
معتمد اعلیٰ برائے حکومت، فورٹ ولیم

جناب عالی

۱۔ حسب ہدایت عرض ہے آپ کا ارسال کردہ ماہ گزشتہ کی ۳۱ تاریخ کا مکتوب اور اس کے ساتھ اسد اللہ خاں کے مقدمے سے متعلق منسلکات موصول ہوئے۔ جناب گورنر جنرل شکر گزار ہیں کہ آپ نے یہ کاغذات روانہ کرنے میں خصوصی دلچسپی لی۔

۲۔ واضح ہو کہ اسد اللہ خان نے حضور والا کی خدمت میں ہنوز کوئی عرضداشت ارسال نہیں کی ہے بہرحال عرض ہے کہ نواب احمد بخش خاں مرحوم کے وارثوں کی جانب سے مہیا کردہ لارڈلیک صاحب بہادر کے خط کی اصلیت کی بابت سرجان میلکم بہادر کا جو تصدیق نامہ پیش کیا گیا ہے نیز نائب صدر ان کونسل کی مصدقہ رائے، دونوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حضوروالا نصراللہ خاں کے متوسلین کی مالی امداد کے ضمن میں فیروزپور کے جاگیردار کے کیے ہوئے انتظام والنصرام میں مداخلت پسند نہیں فرمائیں گے۔

آپ کا مخلص

کیمپ ماہولی
۲۷ جنوری ۱۸۳۱ء

(دستخط) ایچ ٹی پرنسپ
معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) ڈبلیو ایچ میکناگٹن (۳۲)
معتمد برائے حکومت ہندوستان☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

(۴۷)

فورٹ ولیم سے جاری شدہ سیاسی مراسلہ مورخہ ۴ مارچ ۱۸۳۱ء سے اقتباس

پیراگراف نمبر۷۵ : ہم نے عمومی مراسلہ مورخہ ۳۱ دسمبر ۱۸۳۰ء کے پیراگراف ۷۰ کی وساطت سے آپ کی عدالت کی توجہ اسداللہ خان ولد☆ مرحوم جاگیردار سونک سونسا کی عرضداشت کی جانب مبذول کرائی تھی عرضی گزار نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ حکومت کی جانب سے عطا کردہ پنشن کا ایک حصہ فیروزپور کے جاگیردار نواب احمد بخش خان (شمس الدین خان کے مرحوم والد) نے غیر قانونی طور پر روک لیا ہے اور اسے اپنے ایک منظور نظر شخص کو عنایت کردیا ہے اوراس اقدام کے جواز میں لارڈلیک صاحب بہادر کی ایک سند کا حوالہ دیا جاتا ہے لیکن اسداللہ خان کا دعویٰ ہے کہ نواب موصوف نے مذکورہ سند میں جعل سازی کی ہے چنانچہ اصل حقائق کا پتہ چلانے کے لیے ہم نے اصلی دستاویزات طلب کی تھی۔ ہم نہایت مودبانہ طور پر عدالت عالیہ میں متعدد دستاویزات پیش کر رہے ہیں جن کا شمار اور تاریخ حاشیے میں درج ہے' جس سے یہ معلوم ہو گا کہ اصل سند کو وصولیابی کے بعد بمبئی ارسال کر دیا گیا تھا تاکہ فضیلت ماب گورنر صاحب بہادر بذات خود اس کو جانچ کر اسداللہ کے دعوے اور دستاویز کی صداقت کی بابت اپنی گراں قدر رائے کا اظہار کر سکیں۔

۷۶ ۔ مذکورہ مکتوب کے ساتھ سرجان میلکم صاحب بہادر کی ایک روداد بھی منسلک ہے جس میں موصوف نے متنازعہ دستاویز کی صداقت کی بابت اپنی رائے کا اظہار فرمایا ہے۔

مکتوب مورخہ ۲۲ اکتوبر نمبر۴۱
مکتوب مورخہ ۳۱ دسمبر نمبر ۳ تا ۹
مکتوب نمبر ۱۰' مورخہ ۳۱ دسمبر

۷۷ ۔ بمبئی کے گورنر صاحب بہادر کا جواب اور نائب صدر ان کونسل کے مشاہدات پر مبنی خط جس کا ذکر حاشیہ میں ہے گورنر جنرل صاحب بہادر کی خدمت میں باقاعدہ ارسال کر دیا گیا تھا۔ ہم عدالت عالیہ کی توجہ اس کی جانب بصدادب مبذول کرانا چاہیں گے۔☆☆

☆ انگریزی متن کے مطابق ہے۔ بیٹا غلط' برادر زادہ ہونا چاہیے۔ (گ۔ ن)

☆☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن ۔ نمبر آئی او آر۔ ایف/۴/۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر۵۳۴۲۹

(۴۸)

عرضداشت اسداللہ خان بنام نائب صدر

بخدمت گرامی عزت ماب جناب گورنر جنرل صاحب بہادر برائے برطانوی ہندوستان۔
فضیلت ماب' گرامی قدر!

آپ کا درخواست گزار حضور والا کی خدمت میں مندرجہ ذیل حقائق و واقعات پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہے اور امیدوار ہے کہ حضور والا اس جانب فوری اور ذاتی توجہ مبذول فرمائیں گے۔ علاقہ دہلی کے جاگیرداروں نے حکومت کے حقوق و واجبات جس طرح غصب کیے ہیں ان کی مثال پیش خدمت ہے اس معاملے کی چھان بین کیے جانے کے بعد خاطر خواہ نتائج برآمد ہونے کی توقع ہے۔

۲۔ یہ کہ آپ کے درخواست گزار کے چچا نصراللہ بیگ خان کو جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر نے چار سو اسپ سواروں کے دستے کی سالاری مرحمت فرمائی تھی۔ ان کی رحلت کے بعد اس دستے کو ختم کر دیا گیا تھا۔ لیکن جرنیل لیک صاحب بہادر نے ۵۰ اسپ سواروں کو جو مرحوم کے ذاتی دستے سے تعلق رکھتے تھے مستقلاً" برقرار تھا۔ نیز جرنیل صاحب بہادر موصوف نے مذکورہ اسپ سواروں کی تنخواہ کے لیے۱۵۰۰۰ روپے سالانہ کی رقم مختص فرمائی تھی جس کی ادائیگی نواب احمد بخش خاں کی جاگیر سے ہونا تھی۔ یہ نواب احمد بخش کی ذمہ داری تھی کہ وہ پچاس اسپ سواروں کو باقاعدگی سے تنخواہ ادا کرتے رہتے اور عامتہ الناس کی بہبود کی خاطر دستے کو قائم ودائم رکھتے۔ جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر نے ۴ مئی ۱۸۰۶ کو حکومت کو اس ضمن میں جو رپورٹ ارسال کی تھی اور مذکورہ واقعہ کی تصدیق فرمائی تھی وہ شعبہ سیاسی میں محفوظ ہے۔

۳۔ لیکن جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر کی ہندوستان سے مراجعت کے بعد نواب احمد بخش خان مرحوم نے ۵۰ اسپ سواروں کے اس دستے کو بالکل ہی موقوف کر دیا حالانکہ ان سب کی تنخواہ اپنی جاگیر سے ادا کرنے کے وہ ہر طرح پابند تھے۔ اس دوران جب کبھی ان اسپ سواروں کی ضرورت درپیش ہوئی تو موصوف اپنے علاقے کے سپاہیوں کو بھیج کر مطالبہ پورا کرتے رہے اور اس طرح پچاس اسپ سواروں کی تنخواہ اپنے مصرف میں لاتے رہے انھیں یہ یقین تھا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کا یہ مجرمانہ اقدام اور معاہدے کی صریحاً" خلاف ورزی کا سراغ نہیں لگایا نہیں جا سکے گا۔

۴۔ یہ بات حضور والا کے اختیار میں ہے کہ فیروزپور کے جاگیردار سے حکومت کی واجب الادا رقم ۴ مئی ۱۸۰۶ء سے تا حال، ۱۵۰۰۱ روپے سالانہ کے حساب سے مجموعی رقم ۳،۵۷،۲۵ روپے ادا کرنے کے لیے کہا جائے اور جاگیردار مذکور کو اس امر کا پابند کیا جائے کہ وہ نہایت پابندی سے سالانہ رقم مبلغ ۱۵،۰۰۱ روپے دہلی کے سرکاری خزانے میں جمع کراتا رہے۔

آپ کے درخواست گزار کا فرض ہے کہ وہ آپ کا دعاگو رہے۔

دستخط☆

دہلی

مورخہ ۲۱ جولائی ۱۸۳۱ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۴۲ اور ۴۳

(۴۹)

عرضداشت اسداللہ خان بنام سر سی ٹی مٹکاف

بخدمت گرامی:
فضیلت مآب نائب صدر ان کونسل
فورٹ ولیم

عرضداشت اسداللہ خان برادر زادہ
نصراللہ بیگ خان مرحوم، جاگیردار سونک سونسا

جناب عالی!

بصد ادب عرض ہے:

فدوی ۱۸۲۸ء نے کلکتہ پہنچ کر فضیلت مآب گورنر جنرل ان کونسل کے حضور میں ایک عرضداشت پیش کی تھی اور یہ استدعا کی تھی کہ حکومت کی دستاویزات کی چھان بین کر کے یہ معلوم کیا جائے کہ سونک سونسا کے جاگیردار نصراللہ بیگ خان کے انتقال پر جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر نے مرحوم کے متوسلین کے گزارے کے لیے کس قدر رقم مختص فرمائی تھی؟ سرکاری ریکارڈ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر نے مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو یہ فیصلہ صادر فرمایا تھا کہ مرحوم کے عزیزوں اور متوسلین کو سالانہ دس ہزار روپے نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے مستقلاً" ادا کئے جائیں گے۔ آپ کا درخواست گزار ملتمس ہے کہ مذکورہ فیصلے کے مطابق وہ فیروز پور کے جاگیردار سے مبلغ دس ہزار روپے سالانہ کی رقم ۴ مئی ۱۸۰۶ء سے وصول کرنے کا حق دار ہے نیز یہ کہ لارڈ لیک صاحب بہادر کے مذکورہ فیصلے اور بندوبست کے مطابق حکومت مستقبل میں اس ادائیگی کو ممکن جانے کے لیے موثر اقدامات کرے۔

۲۔ سرکاری دستاویزات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ لارڈ لیک صاحب بہادر مرحوم نصراللہ بیگ خاں کے زیر کمان

فوجی دستے کے پچاس اسپ سوار فلاح عامہ کے لیے استعمال کیا کرتے تھے۔ ان کی سالانہ تنخواہ مبلغ ۱۵۰۰۱ روپے فیروز پور کے خزانے سے باقاعدہ ادا کی جاتی تھی لیکن نواب احمد بخش خان مرحوم نے پچاس اسپ سواروں کو سبکدوش کر دیا اور ان کی تنخواہیں اپنے مصرف میں لے آئے۔ حکومت کو جب بھی مذکورہ دستے کی ضرورت درپیش ہوئی تو موصوف کے اپنے آدمی فرض کی ادائیگی کے لئے بھیج دیے جاتے۔ للذا فدوی عرض گزار ہے کہ حکومت فیروز پور کے جاگیردار کو اس امر کا پابند کرے کہ وہ ۴ مئی ۱۸۰۴ء سے واجب الادا سالانہ رقم مبلغ ۱۵۰۰۱ روپے سالانہ کے حساب سے حکومت کے خزانے میں جمع کروائے اور مستقبل میں باقاعدگی سے ۱۵۰۰۱ روپے سرکاری خزانے میں جمع کرواتا رہے۔

۳۔ مدعی اپنی اس عرضداشت کے ساتھ دو عدد فارسی اسناد کی نقول حضور والا ان کونسل کے ملاحظے کے لیے منسلک کر رہا ہے۔ اصل سندیں جن پر جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر کی مہر اور دستخط ثبت ہیں' جاگیردار فیروز پور کے دفتر میں جمع کروا دی گئی ہیں ان کی نقول بھی دہلی کے ریذیڈنٹ بہادر کے دفتر میں محفوظ ہیں۔ مذکورہ دستاویزات کے ملاحظے سے یہ حقیقت بخوبی آشکارا ہو جاتی ہے کہ جاگیردار فیروز پور سرکار برطانیہ کے شاہی خزانے میں سالانہ ۲۵۰۰۱ روپے جمع کرانے کے پابند ہیں جیسا کہ سطور بالا میں عرض کیا جا چکا ہے' جرنیل لارد لیک صاحب بہادر کے ایما کے بموجب ۲۵۰۰۱ روپے کی یہ رقم نصراللہ بیگ مرحوم کے متوسلین کو ادا کی جانی چاہیے نیز ۵۰ اسپ سواروں کی تنخواہیں بھی تقسیم کی جائیں۔ واضح ہو کہ اس ضمن میں جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر نے حکومت وقت کی خدمت میں باقاعدہ ایک رپورٹ پیش کی تھی جسے حضور والا ان کونسل نے منظور فرما لیا تھا۔ چنانچہ مدعی کی یہ درخواست ہے کہ فیروز پور کے جاگیردار کو سالانہ ۲۵۰۰۱ روپے سرکاری خزانے میں جمع کرانے کا پابند کیا جائے نیز یہ عرض بھی ہے کہ سرکار برطانیہ مرحوم نصراللہ بیگ خاں کے پدری اقربا کے جائز اور قانونی واجبات مستقبل میں ادا کرنے کے انتظامات فرمائے۔

۴۔ فیروز پور کے جاگیردار نے حال ہی میں جو سند مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء پیش کی ہے اور جسے کسی طرح بھی جعلی ثابت نہیں کیا گیا ہے' اس کی رو سے اس داد خواہ کے دعوے ہرگز باطل قرار نہیں پاتے۔ نیز مذکورہ سند سے زر استمراری کی کسی طور بھی نفی نہیں ہوتی۔ متعلقہ دستاویزات کی نقول لف ہذا ہیں۔ ان کے مطالعہ سے یہ حقیقت آشکارا ہوتی ہے کہ جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر نے نصراللہ بیگ مرحوم کے اقربا کی پرورش و پرداخت کے لئے مبلغ دس ہزار روپے سالانہ کی رقم مختص فرمائی تھی نیز مذکورہ سند سے یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ مبلغ ۵ ہزار روپے کی جو رقم سرکار برطانیہ نے مختص فرمائی تھی وہ اضافی اور بالکل جداگانہ نوعیت کی ہے۔ اس کی ادائیگی بھی برطانیہ کے سرکاری خزانے میں جاگیردار فیروز کی جمع شدہ رقم سے ہونی از بس ضروری ہے۔

۵۔ بفرض محال' جاگیردار فیروز پور مبلغ ۲۵۰۰۱ روپے کے زر استمراری کے برعکس مذکورہ ۵۰۰۰ ہزار کی رقم ادا کرنے کے خواہاں ہوں تو فدوی دست بستہ عرض گزار ہے کہ وہ اس ضمن میں ضروری دستاویزات بطور ثبوت فراہم کریں تاکہ

۲۰٬۰۰۱ روپے کی مجموعی رقم انہیں ادا نہ کرنی پڑے۔ بصورت دیگر مبلغ ۵ ہزار روپے کی ادائیگی کی بابت سند پیش کرنے سے مبلغ ۲۵۰۰۱ روپے کی ادائیگی منسوخ نہیں ہوتی۔

فدوی برطانوی حکومت کی سرفرازی و سربلندی کے لئے دعاگو ہے☆۔

دہلی

مورخہ ۲۵ جولائی ۱۸۳۱ء

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر۴۶ و ۴۷

(۵۰)

بخدمت گرامی: ریذیڈنٹ صاحب بہادر دہلی

جناب عالی!

حسب ہدایت آپ کی خدمت میں مسمی اسداللہ خاں کی عرضداشت ارسال کی جا رہی ہے۔ مدعی کی یہ عرضی گورنر جنرل بہادر ان کونسل کے نام ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ سائل کی عرضداشت کا اپنی صوابدید کے مطابق جائزہ لے کر رائے سے مطلع فرمائیں۔

آپ سے استدعا ہے کہ جب ضرورت باقی نہ رہے اصل دستاویزات واپس ارسال کر دی جائیں۔

شملہ

مورخہ ۱۰ اگست ۱۸۳۱ء

آپ کا مخلص (دستخط) ایچ، ٹی، پرنسپ

معتمد برائے گورنر جنرل

(نقل مطابق اصل) (دستخط) ایچ، ٹی، پرنسپ

معتمد برائے گورنر جنرل☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۴۱ مورخہ ۱۶ ستمبر ۱۸۳۱ء

(۵۱)

بخدمت گرامی معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر' ہیڈ کوارٹرز

جناب عالی!

مودبانہ عرض ہے کہ آپ کا مرسلہ مکتوب مورخہ ۱۰ اگست ۱۸۳۱ء مع منسلکات موصول ہوا۔ جواب میں سر جون میلکم کے حکومت کو لکھے گئے مکتوب مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کا ایک اقتباس لف ہذا ہے۔

۲ ۔ فضیلت مآب گورنر جنرل صاحب بہادر کے علم میں منسلکہ اقتباس کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آ جائے گی کہ مدعی نے پچاس اسپ سواروں کے قیام و انتظام کی جو وجوہات بیان کی ہیں' وہ احمد بخش خان کو جاگیر عطا کرنے سے مشروط ہیں' حالانکہ دستاویز سے یہ حقیقت کسی طرح ثابت نہیں ہوتی۔

۳ ۔ اگرچہ جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر کی اصل غرض و غایت یہ تھی کہ مذکورہ جاگیر اس شرط کے ساتھ عطا کی جائے کہ نصراللہ خان کے متوسلین کی مناسب پرورش و پرداخت کے ساتھ ساتھ مبلغ ۱۵۰۰۱ روپے سالانہ بھی ادا کیے جائیں۔ تاہم احمد بخش کی خدمات اور ان کی جاگیر کے بعض اضلاع کے پر آشوب حالات کے پیش نظر گورنر جنرل بہادر ان کونسل نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ یہ مراعات اسی صورت میں نافذالعمل ہوں گی جب ضرورت کے وقت پچاس اسپ سوار مہیا کیے جائیں گے اور نصراللہ خان کے اقربا کی پرورش و پرداخت کی جائے گی۔ بعد ازاں' مذکورہ تجاویز پر مشتمل سند کا مسودہ حکومت کی منظوری کے لئے پیش کیا گیا تھا۔

۴ ۔ چونکہ سر جان میلکم بہادر کے خط کا جواب دفتر ہذا میں دستیاب نہیں ہو رہا ہے' لہٰذا حکومت کی منظوری کا گمان موجودہ سند سے پیدا ہوتا ہے جس پر مئی ۱۸۰۶ء کی تاریخ درج ہے اور اس میں وہی شرائط مرقوم ہیں جن کی بابت جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر نے تجاویز پیش کی تھیں۔

۵ ۔ واضح ہو کہ مرحوم نصراللہ خان کے متوسلین کی کفالت کے ضمن میں احمد بخش خان کو کسی مخصوص رقم کی ادائیگی کا پابند نہیں کیا گیا تھا۔ البتہ پرورش و پرداخت کی بابت اکثر و بیشتر اظہار خیال کیا جاتا رہا ہے۔ چنانچہ اس ذمہ داری کے تعین کے لیے ۷ جون ۱۸۰۶ء کو ایک اضافی سند تیار کی گئی تھی جس کی نقل اور ترجمہ ملفوف ہے۔ اس کی رو سے سالانہ امدادی رقم مبلغ ۵ ہزار روپے مقرر کی گئی تھی نیز مستحقین کے نام اور ان کو ملنے والی امدادی رقم کی وضاحت

بھی کر دی گئی تھی۔

۶ ۔ یہی وہ دستاویز ہے جس کی بابت اسد اللہ خان کا دعویٰ ہے کہ اس میں تحریف کی گئی ہے لیکن جب اصل دستاویز سر جان میلکم بہادر کو تجزیے کے لیے پیش کی گئی تھی تو موصوف نے اس کے صحیح ہونے کی تصدیق کی تھی۔ چنانچہ ان تمام حقائق کو مد نظر رکھتے ہوئے میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ نہ تو مدعی کوئی نالش کرنے کا مجاز ہے نہ ہی حکومت کسی رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کر سکتی ہے جیسا کہ داد خواہ چاہتا ہے۔

۷ ۔ میرے لیے اس حقیقت کا اظہار ناگزیر ہے کہ اس نوع کی عرضداشتیں پہلے بھی دو مرتبہ حکومت کو پیش کی جا چکی ہیں اور دفتر ابذا کی پیش کردہ رپورٹ کے مد نظر دونوں مرتبہ مذکورہ درخواستیں مسترد کر دی گئی تھیں۔

۸ ۔ آپ کے مراسلے کے ہمراہ جو اصل دستاویز بھیجی گئی تھی' وہ واپس ارسال ہے۔

دہلی ریذیڈنسی
۲۴ اگست ۱۸۳۱ء

آپ کا مخلص
(دستخط) ڈبلیو' بی' مارٹن☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل پروسیڈنگز نمبر ۴۴

(۵۲)

شعبہ سیاسی

بخدمت گرامی ریذیڈنٹ صاحب بہادر، دہلی

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا ماہ ہذا کی ۲۴ تاریخ کا مکتوب موصول ہوا اور جواب میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے آپ نے اسداللہ خاں کی عرضداشت کے ضمن میں جو رپورٹ ارسال کی ہے وہ ہر طرح تسلی بخش ہے اور حضور والا (گورنر جنرل) کی جانب سے مزید احکامات کی ضرورت نہیں۔

شملہ ۳۱ اگست ۱۸۳۱ء

آپ کا مخلص

(دستخط) ایچ، ٹی، پرنسپ

معتمد برائے گورنر جنرل

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) ایچ، ٹی پرنسپ

معتمد برائے گورنر جنرل☆

☆ نیشنل آرکائیوز آف انڈیا۔ پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ پروسیڈنگز نمبر ۱۵

(۵۳)

اسداللہ خاں کے مکتوب مورخہ ۲۵ نومبر ۱۸۳۱ء کی نقل
(فارسی سے اردو)

بخدمت والا مناقب عالی شان، قلزم فیض، بحر احسان، زاد افضالہ،

بے پناہ شکرو سپاس کے بعد عرض پرداز ہوں کہ یہ مجھ ستم کش کی خوش نصیبی ہے کہ نواب معلی القاب نے اس پر توجہ فرمائی ہے۔ یہ انصاف طلب قسمت کی یاوری ہے کہ اس عالی مرتبہ کے نیاز مندوں کی چارہ جوئی ہو جائے۔

دوسری حقیقت حال اس نیاز مند کی یہ ہے کہ میں ۱۸۲۸ء میں شخصاً" مرکز میں حاضر ہو چکا ہوں اور کونسل عالیہ کے حضور پیش ہو کر یہ عرض کر چکا ہوں کہ حکومت کے دفتر سے اس بات کی تحقیق ہونی چاہیے کہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا کی وفات کے بعد اس کے سواروں اور متعلقین کے لیے کس قدر رقم احمد بخش خاں کی جاگیر میں شامل کی گئی ہے۔ حکومت کے دفتر سے جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر کی رپورٹ کے مطالعے کے بعد یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ پچیس ہزار ایک روپیہ سالانہ بطور استمرار سرکاری خزانے کے بندوبست اول میں احمد بخش خاں کے ذمے واجب الادا تھا جو جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر کی تجویز اور منظوری کے مطابق بندوبست ثانی میں سواروں کی تنخواہ کی مد میں اور متعلقین نصراللہ بیگ خاں کی پنشن کے ذیل میں مقرر ہو چکا ہے۔ لہٰذا میری یہ درخواست ہے کہ آئندہ بندوبست اول کے مطابق یہ استمراری رقم سرکاری خزانے میں داخل کرائی جائے اور نصراللہ بیگ خان کے قانونی اور شرعی وارثوں کی پرورش کے لیے رقم سرکاری خزانے سے جاری ہو، تاہم اس سلسلے میں کونسل عالیہ کی طرف سے ابھی کوئی قطعی حکم جاری نہیں ہوا اور یہ مقدمہ ابھی تک زیر غور ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ ان دنوں میرے مقدمے کے اصلی متن کے ساتھ یہ فروعی بات بھی کونسل کے اجلاس کے مدنظر ہے کہ ایک حکم جو ریذیڈنسی دہلی کے دفتر سے جاری ہوا ہے اس مقدمے سے مناسبت یا عدم مناسبت سے قطع نظر میرے لیے وہ حکم حیرت افزا بھی ہے اس لیے کہ اس ملک کا وتیرہ ہے نیز دوسرے ممالک میں بھی دستور ہے کہ جو مقدمہ بھی صاحب کمشنر صاحب بہادر کے زیر سماعت ہو اس کے بارے میں مجسٹریٹ صاحب بہادر کوئی حکم نافذ نہیں کرتے اور اس طرح جناب اعلیٰ کمشنر صاحب بہادر کے زیر سماعت مقدمے میں کمشنر صاحب مداخلت نہیں کرتے

اس صورت حال میں میرے مقدمے میں اس امر کی رعایت نہیں کی گئی کیونکہ میرا مقدمہ اس وقت جناب گورنر جنرل کی کونسل میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے دہلی ریذیڈنسی کے دفتر کا حکم کیا معنی رکھتا ہے۔

چوتھی شق یہ ہے کہ میں اپنی عدم رضامندی کی وجوہات عدالت گستر فیض رساں جناب گورنر جنرل بہادر کی خدمت میں ارسال کر چکا ہوں اور اپنی معروضات پر مبنی درخواست ان کی خدمت میں ارسال کر چکا ہوں مجھے امید ہے کہ اس عرضداشت کا ترجمہ جناب گورنر جنرل صاحب بہادر کی نظر سے گزرا ہو گا اور جب تک اس فدوی کے مقدمے کا کونسل عالیہ کی طرف سے قطعی فیصلہ سامنے نہیں آتا ریذیڈنسی کا جاری کردہ حکم ملتوی سمجھا جائے۔ آپ کی حکومت اور اقبال کا سورج روشن اور تابندہ رہے۔

انصاف کا طالب، عرض گزار اسد اللہ تحریر کردہ ۲۵ نومبر ۱۸۳۱ء



اللہ محمد اسد اللہ خان

(۵۴)

جناب مستطاب معلی القاب جہانیان ماب جمجاہ انجم سپاہ کیوان بارگاہ
نواب گورنر جنرل بہادر دام اقبالہ'

(فارسی سے اردو)

خدمت عالی میں عرض پرداز ہوں کہ فدوی کا مقدمہ ۱۸۲۸ عیسوی کے آغاز سے کونسل عالیہ کے اجلاس کے لیے حضور کے زیر غور ہے۔ اس دعوے کا خلاصہ یہ ہے کہ نصراللہ بیگ خان کے متوسلین کی مدد معاش کے لیے دس ہزار روپے سالانہ کی رقم نواب احمد بخش خان کی جاگیر میں بطور دوام شامل ہے نواب احمد بخش خاں نے اس رقم کو پانچ ہزار روپیہ سالانہ ظاہر کیا اور ان میں سے بھی مبلغ دو ہزار روپے سالانہ خواجہ حاجی کو دے دیے اور باقی تین ہزار روپے سالانہ نصراللہ بیگ خان کے متوسلین کو ان کی مدد معاش کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔

دفعہ دوم: یہ کہ خواجہ حاجی' نصراللہ بیگ کے سوار دستے کا جمعدار تھا اور نصراللہ بیگ خاں کے سواروں کی تنخواہ کے مبلغ پندرہ ہزار روپے بھی نواب احمد بخش خاں کی جاگیر سے قابل پرداخت تھے۔ اسی بناپر میں نے کونسل کے اجلاس سے درخواست کی ہے کہ خواجہ حاجی سے واپس شدہ رقم نصراللہ بیگ خان کے متعلقین کے مدد معاش کے لیے جاگیردار فیروزپور کو جاری نہ کی جائے کیونکہ افسر کی تنخواہ بھی سواروں کی تنخواہ میں شامل ہوتی ہے۔

دفعہ سوم: مقدمے کے آغاز میں میں نے کونسل کے اجلاس کے حضور عرض کیا تھا کہ فدوی کے ہر دعوے کی تصدیق متعلقہ محکمے سے کی جائے اور فدوی کے ہر دعوے کے اخراجات کا دارومدار حضوروالا کے حکم پر ہو اور حضور پر نور فدوی کی یہ دونوں التجائیں اجلاس میں منظور فرما چکے ہیں۔

دفعہ چہارم: جنرل لارڈلیک کی ۱۸۰۶ء تحریر کردہ رپورٹ جس کی نقل حضور کے حکم کے مطابق کولبرک صاحب بہادر کی رپورٹ کے جواب میں فدوی کی درخواست میں شامل ہے حکومت کے دفتر (سے دیکھی جائے)☆ جس میں حضوروالا کی تجویز کے مطابق اس رپورٹ کا متن فیصلے (کا حصہ بنایا گیا ہے اور جس کی رو سے)☆☆ صرف دس ہزار روپیہ سالانہ متعلقین نصراللہ بیگ خاں کے نام پر درج ہے' خواجہ (حاجی)☆☆☆ کا نام (موجود نہیں)۔

☆ تا ☆☆☆ اصل مسودے سے یہ الفاظ مٹے ہوئے ہیں ترجمہ کرتے وقت اندازے سے یہ معنی لکھے گئے۔ اسی لیے قوسین میں ہیں۔ (گ ۔ ن)

دفعہ پنجم: فدوی کے مقدمے میں کولبرک صاحب بہادر کی رپورٹ کے جواب میں حضوروالا کا حکم یہ ہے کہ اسداللہ خاں کے دعوے کے اسباب کی تحقیقات کر کے اس سلسلے میں صدر مقام کو رپورٹ ارسال کی جائے لامحالہ صاحب بہادر ریذیڈنٹ دہلی کو چاہیے کہ حضور والا کے حکم کے مطابق فدوی کے مقدمے کے بارے میں رپورٹ کریں اور حضورَ والا کا آخری حکم اس سلسلے میں حاصل کیا جائے۔

دفعہ ششم: اس دوران میں خواجہ حاجی مرحوم کے بیٹوں شمس الدین اور بدرالدین نے مبلغ دو ہزار روپے سالانہ حاصل کرنے کے لیے ریذیڈنٹ دہلی صاحب بہادر اجازت حاصل کر لی ہے لیکن فدوی حیران ہے کہ یہ اجازت کس دلیل کے تحت حاصل کی گئی ہے اگر انھوں نے نصراللہ بیگ خاں سے اپنی قرابت دکھائی ہے تو ظاہر ہے کہ جب خواجہ ہی نصراللہ بیگ خاں کے اقربا میں سے نہیں ہے تو اس کے بیٹے کس طرح نصراللہ بیگ خاں کے اقربا سے ہو سکتے ہیں۔

دفعہ ہفتم: گورنر جنرل بہادر کے شقّے میں جو ۱۸۰۶ء میں دارالحکومت سے احمد بخش خاں کے نام جاری ہوا خواجہ حاجی کا نام اس طرح لکھا گیا ہے کہ اب دیکھنے کے بعد شک گزرتا ہے کہ شاید خواجہ حاجی نصراللہ بیگ خاں کے اقربا میں سے ہے حالانکہ شقّے میں خواجہ حاجی کا نام محض احمد بخش خاں کی استدعا پر لکھا گیا ہے اور یہ مقدمہ فدوی کی جانب سے کونسل کے پیش نظر ہے اور ابھی حضور پر نور (نے)[1] اس کے بارے میں قطعی حکم صادر نہیں فرمایا ہے۔

دفعہ ہشتم: خواجہ حاجی کا مسئلہ فدوی کے دعوے کی شقوں میں سے ایک شق ہے اور اصل مقدمے کے فیصلے سے پہلے کسی دفعہ کے بارے میں حکم کا صدور اس دادخواہ کے لیے باعث حیرت ہے کیونکہ جو مقدمہ کونسل کے زیر سماعت ہو اس پر ریذیڈنسی کے دفتر سے حکم کا صدور ضابطے کے مطابق نہیں۔

دفعہ نہم: مجھے امید ہے کہ اس سلسلے میں کوئی پائیدار حکم نافذ کیا جائے گا کہ جب تک فدوی کا مقدمہ حضور کے زیر سماعت ہے خواجہ حاجی مرحوم کے بیٹے شمس الدین اور بدرالدین ان دو ہزار روپے سالانہ پر قبضہ نہ جما سکیں اور دوسری استدعا یہ ہے کہ درخواست ہذا آپ کے حکم کے مطابق متعلقہ محکمے کو بھیجی جائے اور میرے مقدمے کی دوسری دستاویزات میں اسے شامل کیا جائے اور میری یہ تجویز کونسل کے زیر سماعت مقدمے میں شامل ہو۔ حد ادب کا تقاضا ہے کہ اس سے آگے نہ بڑھوں۔ آپ کی حکومت اور اقبال مندی کا سورج جاہ و جلال کے افق پر روشن اور درخشاں رہے۔

عرضداشت اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں مرحوم جاگیردار سونک سونسا۔

معروضہ ۲۵ نومبر ۱۸۳۱ء عیسوی



(۵۵)

فورٹ ولیم سے جاری شدہ سرکاری مراسلہ مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۸۳۱ء سے اقتباس

پیرا گراف نمبر ۱۷۳ ---- اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا نے گورنر جنرل صاحب بہادر کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا تھا جس میں حضور والا ان کونسل کی توجہ اس جاگیر کی جانب مبذول کرائی تھی جو نواب احمد بخش خاں مرحوم کو عطا کی گئی تھی۔ چنانچہ دہلی کے ریذیڈنٹ صاحب بہادر سے یہ گزارش کی گئی تھی کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس عرضداشت کا جائزہ لے کر رائے سے مطلع کریں۔

۱۸۳۱ء مراسلت مورخہ ۱۹ ستمبر نمبر۴۱، ۴۲ اور ۴۳

پیرا گراف نمبر ۱۷۴ کے حاشیئے میں مندرج جناب مارٹن کی رپورٹ سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ نہ تو مدعی کوئی نالش کرنے کا مجاز ہے نہ ہی حکومت فیروز پور کے نواب سے کسی رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کر سکتی ہے جیسا کہ داد خواہ چاہتا ہے۔ مزید برآں، جناب مارٹن نے اس حقیقت کا اظہار بھی کیا ہے کہ اس نوع کی عرضداشتیں پہلے بھی دو مرتبہ سرکار عالیہ میں پیش کی جا چکی ہیں۔ اور ریذیڈنٹ بہادر کے دفتر کی فراہم کردہ رپورٹ کے مدنظر دونوں مرتبہ رد کی جا چکی ہیں۔ چنانچہ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل محولہ بالا دعوے کے ضمن میں مزید کسی کارروائی کے حق میں نہیں ہے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف ۴ ۔ ۱۳۴۴ بورڈز کلیکشن نمبر۵۳۴۲۹۔

(۵۶)

منجانب: اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں جاگیردار سونک سونسا
بنام فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر

مورخہ یکم اپریل ۱۸۳۲ء

گذشتہ ماہ دسمبر میں فدوی نے حضور کے دربار عالیہ منعقدہ دہلی میں بہ نفیس نفیس حاضر ہونے کا شرف حاصل کیا تھا نیز یہ کہ معتمد پرنسپ صاحب بہادر کے توسط سے ایک عرضی بھی پیش کی تھی جس میں فدوی نے حضور والا سے عرض کیا تھا کہ فدوی کے معاملات سے متعلق جملہ کاغذات و دستاویزات صدر دفتر سے طلب فرما لیے جائیں اور فدوی کی عرضداشت پر حسب دل خواہ فیصلہ صادر فرمایا جائے۔ حضور نے فدوی کی درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور متعلقہ کاغذات کے ساتھ اسے پیش کرنے کے احکامات صادر فرمائے فدوی آپ سے یہ بھی درخواست کرتا ہے کہ مذکورہ معاملے کے متعلق جلد فیصلہ صادر فرمایا جائے اور فدوی کو بھی اس کی نقل فراہم کی جائے۔

فدوی کا دعوی ہر لحاظ سے صائب اور حق پر مبنی ہے۔ مذکورہ معاملہ طے نہ ہونے کی وجہ سے جہاں سرکار برطانیہ کو زر استمراری سے محروم ہونا پڑ رہا ہے وہاں فدوی کو بھی اپنی حق تلفی کی بنا پر نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ لہٰذا گزارش ہے کہ انگریز کمپنی بہادر کے سرکاری خزانے میں زر استمراری جمع کیا جائے اور فدوی کے گزارے کے لیے مختص شدہ رقم از سرنو ادا کی جائے۔ فدوی کو یقین ہے کہ اس کے معاملات ان دستاویزات کے مطالعہ کے بعد بالکل واضح ہو جائیں گے جو اس عریضے کے ساتھ منسلک ہیں۔ ان کاغذات کی صداقت آپ کے سرکاری دفتر کے ریکارڈ سے ثابت ہو جائے گی۔

فدوی ان دنوں شدید الجھنوں کا شکار ہے اور نان جویں کا بھی محتاج بنا ہوا ہے لہٰذا جناب والا سے قوی امید

ہے کہ احقر کے معاملات پر از راہ نوازش غور فرمائیں گے نیز فدوی عرض گزار ہے کہ منسلکہ دستاویزات کا مطالعہ فرما کر اور جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر کی رپورٹ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کا جائزہ لے کر اس کی داد رسی فرمائیں گے اور اس کے حق میں خاطر خواہ فیصلے کے اعلان کریں گے۔

(ترجمہ مطابق اصل) (دستخط) سی' ای' ڑیولیان(۳۳)

مذکورہ بالا عریضہ میں حوالہ شدہ دستاویزات :

۱۔ عزت ماب سر۔ ای' کول بروک کی رپورٹ اور اس کے جواب کی نقول۔

۲۔ مدعی نے ہاکنز صاحب بہادر کے فیصلے سے دل گرفتہ ہو کر حکومت عالیہ میں انگریزی میں جو درخواست پیش کی تھی' اس کی نقل۔

۳۔ جرنیل لارڈ لیک بہادر نے نواب احمد بخش خان کو جو اسناد مرحمت فرمائی تھیں' ان کی نقول۔

۴۔ مدعی نے دہلی کے ریذیڈنٹ ہاکنز صاحب بہادر کے زمانے میں انگریزی میں جو درخواست حکومت عالیہ کو بذریعہ ڈاک ارسال کی تھی اس کی نقل☆۔

☆ نیشنل آر کائیوز آف انڈیا۔ فارن ڈیپارٹمنٹ متفرقات جلد نمبر ۲۰۸

حصہ دوم

۳۰ جون ۱۸۳۵ء تا ۲ مارچ ۱۸۴۰ء

(۵۷)

آگرہ پریذیڈنسی کی سیاسی کارروائی مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۸۳۵ء سے اقتباس

منجانب : اسداللہ خاں

بخدمت گرامی : جناب آر' ایچ' سکاٹ صاحب بہادر

قائم مقام معتمد برائے حکومت آگرہ' شعبہ ریاستی امور

الہ آباد

مورخہ ۱۸ اکتوبر ۱۸۳۵ء

جناب عالی!


فدوی چند یادداشتیں فضیلت ماب گورنر صاحب بہادر آگرہ کی خدمت اقدس میں ہمدردانہ غور اور احکامات کے لیے پیش کر رہا ہے اور حضور والا کی حمایت اور سرپرستی کا خواہاں ہے۔

چونکہ جناب ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر کی عدالت عالیہ میں ایسے متعدد مقدمات زیر سماعت ہیں جن کا تعلق مرحوم شمس الدین خان کے نجی معاملات خصوصاً قرض وغیرہ سے ہے' لہٰذا فدوی نے یہ مناسب سمجھا کہ اپنا مقدمہ آپ کے توسط سے فضیلت ماب گورنر صاحب بہادر آگرہ کے رو برو پیش کر کے ان کے منصفانہ فیصلے کا داد خواہ بنے۔

آخر میں آپ سے دست بستہ التجا ہے کہ فضیلت ماب گورنر صاحب بہادر آگرہ اس عرضداشت پر جو بھی فیصلہ صادر فرمائیں آپ فدوی کو بروقت مطلع فرما دیں۔

دہلی — حکومت بہادر کا تابعدار اور آپ کا خدمت گزار

موخہ ۱۸ اکتوبر ۱۸۳۵ء — (دستخط) اسداللہ خاں☆



☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف ۴ / ۱۴۴۳ برڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۵۸)

عرضداشت اسداللہ خان

بخدمت گرامی : فضیلت ماب ولیم بلنٹ صاحب بہادر(۳۴) گورنر آگرہ

بعز عرض جناب عالی!

فدوی منسلکہ یادداشتوں کے ضمن میں کچھ گزارشات آپ کی خدمت میں مودبانہ پیش کرنا چاہتا ہے۔ وہ یہ کہ یہ کاغذات گزشتہ جون میں تیار کر لیے گئے تھے۔ چنانچہ انھیں سابقہ اہم مقدمات کے آغاز پر ملاحظے کے لیے پیش کر دینا چاہیے تھا۔ لیکن فدوی کے ذہن میں یہ خیال جاگزیں ہوا کہ جب تک مقدمات کے فیصلے نہیں ہو پاتے انہیں سردست پیش کرنا نامناسب ہو گا۔

اب فدوی مذکورہ یادداشتیں آپ کے ملاحظے کے لیے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ نیز یہ یقین دہانی کرانا بھی ضروری تصور کرتا ہے کہ عبارت میں کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ نہیں کی گئی ہے۔

دہلی — حکومت بہادر کا تابعدار اور آپ کا خدمت گزار

۱۴ اکتوبر ۱۸۳۵ء — محمد اسداللہ خاں☆



☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن نمبر آئی او آر ایف/۴/۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۲۶۹

(۵۹)

کیفیت

درخواست گزار اسداللہ خاں نہایت مودبانہ یہ عرض کرتا ہے کہ جب احمد بخش خان کی جاگیر حکومت برطانیہ کے قبضے میں چلی گئی تھی اس وقت درخواست گزار نے آگرہ کے گورنر صاحب کی خدمت میں دو درخواستیں بذریعہ سرکاری ڈاک ارسال کی تھیں۔ انہی کی نقول لف ہذا ہیں۔

محمد اسداللہ خان
برادر زادہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ا

(۶۰)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خاں برادر زادہ نصراللہ بیگ خاں مرحوم

بخدمت گرامی: فضیلت ماب ولیم بلنٹ صاحب بہادر گورنر آگرہ۔

بعز عرض جناب عالی!

یہ کہ نصراللہ بیگ خاں جاگیردار سونک سونسا نے جب رحلت کی تو مرحوم کے ورثا میں مندرجہ ذیل چھ افراد شامل تھے۔ ایک والدہ صاحبہ تین ہمشیریں، دو بھتیجے۔ وفات کے وقت مرحوم کے زیر نگرانی ۴۰۰ سواروں کا ایک دستہ تھا اور اس کے علاوہ پچاس عدد گھوڑے موجود تھے۔ خواجہ حاجی مذکورہ دستے کا سالار تھا۔

نصراللہ بیگ خان کی رحلت کے وقت جرنیل لیک صاحب بہادر نے مرحوم کے پس ماندگان کی کفالت اور ۵۰ اسپ سواروں کی ملازمت کے سلسلے میں کونسل عالیہ بہادر کی خدمت میں ایک رپورٹ پیش کی تھی۔ جس میں انہوں نے اس امر کی پر زور سفارش کی تھی کہ کفالت متعلقین کے لیے مبلغ دس ہزار روپے اور خواجہ حاجی کے سواروں کی امداد کے لیے مبلغ پندرہ ہزار روپے مختص کیے جائیں۔ مذکورہ دو مدوں کی مجموعی رقم مبلغ ۲۵ ہزار روپے تھی جس کی ادائیگی احمد بخش خاں کی جاگیر سے ہونا تھی۔ اس ضمن میں حکومت نے باقاعدہ احکامات جاری کیے تھے۔ (ملاحظہ ہو منسلکہ نمبر ۳) گورنر جنرل بہادر ان کونسل نے مذکورہ رپورٹ کی توثیق ایک فارسی مکتوب کے ذریعے فرما دی تھی۔ (ملاحظہ ہو منسلکہ نمبر ۴)۔

دوم: آپ کا درخواست گزار مرحوم کا بھتیجا ہی نہیں خونی رشتے کی بنا پر ان کا قریبی عزیز بھی ہے' لہٰذا خود کو ان کا فرزند کہنے میں حق بجانب سمجھتا ہے۔ فدوی کے مرحوم حقیقی چچا بھی اپنی زندگی میں ایسا ہی سمجھتے تھے۔ چنانچہ نصراللہ خان کی رحلت کے بعد فدوی ان کے خاندان کا سرپرست بنا اور اس حیثیت میں آپ کے درخواست گزار نے ۱۸۲۸ء میں کونسل عالیہ کی عدالت میں اپنا مقدمہ پیش کیا تھا۔

سوم: فدوی کے چچا کے انتقال کے بعد احمد بخش خاں کی جاگیر سے اسے حکومت کے مختص شدہ دس ہزار روپے میں سے سالانہ تین ہزار روپے ملتے رہے۔ پس مبلغ سات ہزار روپے سالانہ ابھی تک ادا نہیں کیے گئے اور بقایا واجب

الادا رقم مئی ۱۸۰۶ء سے مئی ۱۸۳۵ء تک مبلغ ۲٬۰۳٬۰۰۰ روپے بنتی ہے۔ انتیس سال کا عرصہ گزر گیا اور فدوی کو مذکورہ رقم ابھی تک ادا نہیں کی گئی۔

چہارم: شمس الدین خان کی جاگیر حکومت سرکار برطانیہ کی تحویل میں ہے لہٰذا فدوی بصد آدب عرض گزار ہے کہ براہ کرم ایک فرمان جاری کیجئے کہ فدوی کو سرکاری خزانے سے مبلغ دس ہزار روپے سالانہ ادا کیے جائیں۔ نیز یہ التماس ہے کہ شمس الدین کی جو رقم مبلغ =/۲٬۶۰٬۰۰۰ روپے حکومت کی تحویل میں ہے' اس سے سائل ہٰذا کو ۲٬۰۳٬۰۰۰ کی بقایا رقم ادا کرنے کے احکامات صادر فرمائے جائیں۔

دہلی — حکومت کا تابعدار اور آپ کا خدمت گزار

مورخہ ۳۰ جون ۱۸۳۵ء — محمد اسداللہ خان

اس عرضداشت کے ساتھ فارسی زبان میں تحریر شدہ دو عدد ایسی اسناد پیش کی جا رہی ہیں جو لارڈ لیک صاحب بہادر نے مرحمت فرمائی تھیں۔ ان کی تصدیق کلکتہ یا دہلی کے دفاتر میں موجود ریکارڈ سے کروائی جا سکتی ہے☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۶۱)

نقل سند استمرار فیروزپور جھرکہ و سانگرس،
جرنل لارڈ لیک بہادر کی مہر اور دستخط کے ساتھ
بنام نواب احمد بخش خاں، تحریر ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء
(فارسی سے اردو)

پرگنہ فیروزپور جھرکہ اور سانگرس کے ذمہ دارا افسران، چوہدری، قانون گو، زمیندار، پہل کار اور مزارعین مطلع ہوں کہ چونکہ نواب احمد بخش خان بہادر کمپنی انگریز بہادر کی حکومت کے ہمیشہ جانثار خدمت گزار اور خیرخواہ رہے ہیں لہٰذا نواب مذکور کو اس صلے میں مہربان ہو کر مذکورہ علاقہ مبلغ پانچ ہزار ایک مطابق سکہ رائج الوقت بالقطع تمام وسائل، اموال کے ساتھ بطور استمرار ابتداے ۱۲۱۲ فصلی سے ہمیشہ کے لیے نسل در نسل حضور سرکار دولت مدار کمپنی انگریز بہادر کی طرف سے نواب صاحب مشار الیہ کو عطا کیا جاتا ہے۔ انھیں چاہیے کہ خدمت گزاری اور مالگزاری کے لیے نواب موصوف کے کارندوں کے سامنے حاضر رہ کر فرمان برداری میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں اور نواب صاحب مشار الیہ پر واجب ہے کہ وہ حسن سلوک سے رعایا کو راضی رکھیں اور زراعت کی کثرت میں کوشش کر کے معینہ رقم کو اقساط کی سال بسال اور فصل بہ فصل سرکاری خزانے میں داخل کرائیں۔

۲مرقومہ ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء عیسوی

مذکورہ بالا عبارت کی تلخیص حسب ذیل ہے:

احمد بخش خان کے نام فیروز پور جھرکہ و سانگرس کے دو پرگنوں کی بخشش بطور جاگیر بہ عوض مبلغ پانچ ہزار ایک صد مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۸۰۴ء رو بہ عمل آئی۔

پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز، کیس نمبر ۹۔ بی، پارٹ۔ ۱

(۶۲)

نقل سند استمراری پرگنہ پونا ہانا و بچھور و نگینہ، لارڈ لیک بہادر کے دستخط اور مہر کے ساتھ بنام نواب احمد بخش خان مرحوم نوشتہ ۴ مارچ ۱۸۰۶ء

(فارسی سے اردو)

نمبر دوم

اہم امور کے ذمہ دار افسران حال و مستقبل، چوہدریوں، قانون گوؤں، سرداران دیہہ اور مزارعین پرگنہ پونا ہانا بچھور اور نگینہ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ چونکہ نواب احمد بخش خان بہادر دام اقبالہ سرکار عالیہ کمپنی بہادر کی خیرخواہی خدمت گزاری اور جانفشانی میں دل وجان سے حاضر اور مصروف رہے ہیں لہٰذا ازراہ مہربانی مذکورہ پرگنے تمام وسائل اور اموال کے ساتھ بعوض مبلغ بیس ہزار روپے سکہ رائج الوقت بالمقطع ۱۲۱۳ سال فصلی کی فصل ربیع کی ابتدا سے ماسوائے ان املاک، ایمہ، معافی جاگیروں، پن ارتھ روزانہ یا سالانہ وظائف کے جو زمانہ قدیم سے مقرر ہیں بطور استمرار ہمیشہ کے لیے نواب موصوف کو عطا کیے جاتے ہیں انھیں چاہیے کہ آئندہ کے تعہد کو مدنظر رکھتے ہوئے نواب موصوف کے نائبین کی خدمت میں حاضر رہیں اور پیداوار کی جمع آوری اور خدمت گزاری میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں اور نواب صاحب کی رضامندی اور اور ناراضگی کو اپنے بارے میں موثر سمجھیں نواب صاحب موصوف پر بھی واجب ہے کہ وہ اپنے حسن سلوک سے رعایا اور دیگر مکینوں کو راضی اور شکرگزار رکھیں اور زراعت کی ترقی اور پرگنوں کی آبادی میں کوشاں رہیں نیز مقررہ واجب الادا رقم کی اقساط سال بہ سال اور فصل بہ فصل خزانے میں جمع کرواتے رہیں۔

نمبر۲

مذکورہ بالا سند سے اس حقیقت کا انکشاف ہو تا ہے کہ احمد بخش خاں کو مورخہ ۴ مارچ ۱۸۰۶ء کو تین پرگنے پونا ہانا، پھور او، نگینہ بعوض مبلغ بیس ہزار روپے سالانہ عطا کیے گئے تھے۔

واضح رہے کہ دو مختلف اوقات میں یہ طے کیا گیا تھا کہ مذکورہ رقم مبلغ بیس ہزار روپے احمد بخش خاں حکومت کو ادا کریں گے اس ضمن میں ترسیل زر کی معافی نہ تو ان کے حق میں دی گئی تھی اور نہ ہی ان کے خاندان کے حق میں دی گئی تھی۔☆

☆گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹ بی' پارٹ۔۱

(۶۳)

نمبر ۳

لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر کے مکتوب مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ کا اقتباس۔

مذکورہ حوالہ اس دستاویز کے متعلق ہے جو گزشتہ صفحہ میں درج کی گئی ہے۔

(۶۴)

گورنمنٹ کے شقے بنام احمد بخش خاں مشتمل بر حکم منظوری تجویز جنرل لارڈلیک بہادر کی نقل
(فارسی سے اردو)

شہامت پناہ، عالی مرتبت احمد بخش خاں بہادر حفظ الٰہی میں رہیں۔

صمصام الدولہ اشجع الملک خان دوران جنرل لارڈلیک بہادر فتح جنگ سپہ سالار نے ان کی خیراندیشی اور جانفشانی کے پیش نظر محالات فیروز پور جھرکہ اور ٹپہ سانگرس پوناہانا، بچھور و نگینہ مع مال وسائر اور تمام بندوبست سوائے ان باغات جاگیروں، ایمہ معافی جاگیروں، پن ارتھ اور روزینوں کے جو کہ قدیم سے مقررہ ہیں ہمیشہ کے لیے انھیں بخش دیے ہیں بشرطیکہ وہ حکومت سے کسی قسم کی معاونت طلب نہ کریں☆ اوران علاقوں کا انتظام وانصرام اپنے کارندوں کے ذریعے درست رکھیں اور خواجہ حاجی وغیرہ متوسلین مرزا نصراللہ بیگ خاں کی پرورش وپرداخت کریں اور بوقت ضرورت اور حسب الطلب پچاس سوار سرکار میں حاضر کریں اور کمپنی انگریز بہادر کی سرکار دو لتمدار کی جانفشانی اور خیرخواہی میں مصروف رہیں چنانچہ میں ان کی خدمت گزاری نیک نیتی اور کمپنی کی حکومت کے لیے خیر خواہی کے پیش نظر جو مجھے سپہ سالار مذکور سے معلوم ہوئی متذکرہ محالات شرائط بالا کے تحت از ابتدائے فصل ربیع ۱۲۱۳ فصلی بر سبیل دوام نسل در نسل عطا کرتا ہوں اور حکومت کے افسران آج کے بعد ان محالات سے کوئی سروکار نہیں رکھیں گے اور ان محالات میں رہنے والوں کی کوئی شکایت نہیں سنی جائے گی۔ یہ جاگیر ہمیشہ ان کے اور ان کی اولاد کے قبضے میں رہے گی۔ وہ اس عطیہ عظمیٰ کے لیے حکومت کے مرہون منت رہیں اور حکومت کے لیے خیراندیشی اور جانفشانی کا مظاہرہ کریں۔ یہ ان کے لیے بھلائی اور بہتری کا موجب ہو گا۔

مرقومہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء

☆ فارسی متن میں لفظ "بطلبند" ہے جس کے معنی ہیں طلب کریں حالانکہ یہ لفظ "نطلبند" یعنی طلب نہ کریں ہونا چاہیے۔

نمبر۴

یہ شقہ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء احمد بخش خاں کی درخواست پر جنرل لارڈلیک صاحب بہادر کی منظوری کے مطابق حکومت کی جانب سے ارسال کیا گیا۔ یہ لارڈ لیک صاحب بہادر کے نواب کے ساتھ اس بندوبست جس کا حوالہ سر جون میلکم کی رپورٹ نمبر ۳ میں کیا گیا ہے کی توثیق کرتی ہے۔ یہ اس مسودے کے مطابق تیار کی گئی ہے جو جنرل لارڈلیک صاحب بہادر کے کہنے پر نواب موصوف نے تیار کیا تھا' اگر تلاش کیا جائے تو یہ مسودہ بلاشبہ سرکاری ریکارڈ میں مل جائے گا۔ احمد بخش خاں مذکورہ مسودے میں نہایت بدنیتی کے ساتھ دس ہزار روپے جو سرکارعالیہ نے نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کی اعانت کے لیے مختص کیے تھے کا ذکر گول کر گئے نیز انھوں نے خواجہ حاجی تک کا ذکر بھی نہیں کیا حالانکہ نصراللہ بیگ خاں نے اسے پچاس سواروں کا سالار مقرر کر رکھا تھا۔ تاہم خواجہ حاجی' نصراللہ بیگ خاں کے خاندان سے حسی ونسبی کسی قسم کا تعلق نہیں رکھتا تھا۔

مذکورہ بالا عبارت گزشتہ صفحے پر مندرجہ دستاویز سے متعلق ہے☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹ بی پارٹ ۔ ا

(۶۴ - الف)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خاں عرف مرزا نوشہ

بخدمت گرامی: عزت ماب نواب ولیم بلنٹ صاحب بہادر
گورنر آگرہ۔

بعز عرض جناب عالی!

آپ کا درخواست گزار منسلکہ یادداشت کے پیراگراف نمبر ۲ کے حوالے سے حکومت کے اس فیصلے پر (جو معتمد میکناٹن صاحب بہادر کے دستخطوں سے فدوی کو جاری ہوا ہے) چند گزارشات پیش کرنا چاہتا ہے۔ جب یہ مقدمہ فرانسس ہاکنز صاحب بہادر کی عدالت میں تھا اس وقت شمس الدین خاں، جاگیردار فیروزپور نے مذکورہ مقدمے کے ضمن میں ایک شقہ یہ کہہ کر دفتر میں پیش کیا تھا کہ اسے جناب جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر نے جاری فرمایا تھا۔ جب ریذیڈنٹ بہادر کی خدمت میں یہ عرضداشت پیش کی گی کہ مذکورہ شقہ اصلی نہیں ہے تو سرکاری دستاویزات میں اصلی اور مصدقہ نسخے کی تلاش ہوئی مگر ایسی کوئی چیز نہیں ملی۔ بعدازاں مذکورہ شقہ سرجان میلکم صاحب بہادر کے ملاحظے کے لیے بھیجا گیا تھا۔ فدوی کو یقین ہے کہ موصوف نے جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر کی سرکاری مہر اور دستخط کی تصدیق کر دی تھی۔ مگر چونکہ اس واقعہ کو پچیس سال کا عرصہ ہو چکا تھا۔ اس لیے وہ مقدمے کے متعلق کوئی بات حافظے کے بل پر نہ کہہ سکے۔

محض لارڈلیک صاحب بہادر کے دستخطوں کی سرجون میلکم بہادر کی جانب سے تصدیق کو کافی جان کر فدوی کے مقدمہ کو ناقابل پذیرائی قرار دے دیا گیا اور کسی اور ذریعہ سے اس کی تصدیق نہ کی گی۔ بنابریں فدوی درج ذیل نکات کی بنا پر اپنا مقدمہ پیش کر کے ہمدردانہ غور کا طالب ہے۔

ایسے متعدد اسباب وعوامل ہیں جن کی بنیاد پر فدوی یہ یقین کرنے پر مجبور ہے کہ منسلکہ شقہ (جس سے فدوی کے دعوے کی نفی اور شمس الدین خاں کی مدافعت ہوتی ہے) تمام تر جعلی ہے۔

دفعہ اول: یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ ایسی کوئی سند کوئی شقہ، پروانہ یا سرکاری دستاویز ریکارڈ میں اندراج کیے بغیر نہ تو جرنیل لارڈلیک [illegible] بہادر کے دفتر سے جاری ہو سکتی تھی نہ ہی کسی سرکاری محکمے سے اس کا اجرا ممکن تھا۔ لیکن یہ بات نہایت غیر [illegible] شقہ کی دفتری نقل نہ تو دہلی ریذیڈنسی کے ریکارڈ میں موجود ہے اور نہ

ہی کلکتہ آفس میں۔ مصدقہ اصول وضوابط کی تردید ہی دراصل غلط نتیجے کی بنیاد ہوتی ہے۔
دفعہ دوم: فارسی خط وکتابت میں لفظ "نواب" گورنر جنرل بہادر کے لیے لازماً استعمال ہوتا ہے۔ لیکن مذکورہ شقہ میں صاحب موصوف کے اسم گرامی سے قبل اس لفظ کا استعمال نہیں کیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ اس شقہ کو ایک ایسے شخص نے مرتب کر کے سپرد قلم کیا ہے جو سرکاری دفتر کے فارسی شعبے کے اصول وضوابط سے قطعاً ناآشنا ہے۔
دفعہ سوم: شقہ کے متن سے یہ واضح ہوتا ہے کہ نصراللہ بیگ خاں مرحوم کی امداد کا مسئلہ موضوع تحریر ہے جبکہ اقربا کے ناموں کی فہرست میں خواجہ حاجی کا اندراج محل نظر ہے۔ واضح رہے کہ خواجہ حاجی نامی شخص نصراللہ بیگ خاں کے خاندان سے حسی ونسبی کسی بھی قسم کا تعلق نہیں رکھتا۔ چنانچہ یہ بات بھی سراسر مشکوک ہے کہ ناموں کی فہرست میں خواجہ حاجی کا نام تو شامل کر لیا گیا ہے لیکن مذکورہ خاندان سے اس کے حسی ونسبی تعلق کی قطعاً نشان دہی نہیں کی گئی ہے۔ حالانکہ دیگر ناموں کے ساتھ خاندانی رشتے کی باقاعدہ وضاحت موجود ہے۔
دفعہ چہارم: اس شقہ کے مطابق مبلغ ۵ ہزار روپے نصراللہ بیگ خان مرحوم کے اقربا کی امداد کے لیے مختص کیے گئے ہیں لیکن عجیب بات یہ ہے کہ نہ تو مذکورہ شقہ میں اور نہ ہی اس مقدمے سے متعلق کسی بھی دستاویز میں یہ ذکر موجود ہے کہ اس رقم کا تعلق کس مد سے ہے۔ اگر یہ تصور کر لیا جائے کہ مبلغ ۵ ہزار روپے کی یہ رقم مبلغ ۲۵ ہزار روپے کی اس رقم کے علاوہ ہے تو یہ اقدام نہ صرف انصاف کے سراسر خلاف ہو گا بلکہ نافذالعمل بھی نہیں رہے گا کیا حکومت طے شدہ رقم سے زیادہ رقم کا مطالبہ کرنا چاہے گی؟
دفعہ پنجم: اگر یہ دلیل دی جائے کہ مبلغ ۵ ہزار کی یہ رقم مبلغ دس ہزار روپے کی اس رقم کا نصف ہے جس کا ذکر بالواسطہ طور پر جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر نے اپنی رپورٹ محررہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء میں کیا تھا تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو گورنر جنرل صاحب بہادر نے مذکورہ رپورٹ کی منظوری دے دی تھی تو اس صورت حال میں لارڈلیک صاحب بہادر نے کس طرح آناً" فاناً" مجموعی رقم سے نصف منہا کر لیا ہو گا؟ واضح رہے کہ مذکورہ شقہ پر ایک ماہ بعد کی تاریخ درج ہے یعنی ۶ جون ۱۸۰۶ء۔ مزید برآں جرنل لارڈلیک صاحب بہادر نے اس شقے کے حوالے سے گورنر جنرل بہادر سے کسی قسم کی خط وکتابت نہیں کی تھی۔ علاوہ ازیں' ایسی کوئی دستاویز دستیاب نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ مبلغ ۵ ہزار کی بقایا نصف رقم کہاں خرچ ہوئی۔ حالانکہ اس معاملے کا کہیں نہ کہیں اندراج ہونا چاہیے تھا۔ مذکورہ رقم شقے کے مطابق منقسم کر دی گئی تھی۔
دفعہ ششم: باریک بین نظر بھی یہ شناخت نہیں کر سکتی کہ اس شقہ' لارڈلیک بہادر کی پیش کردہ رپورٹ سے منسلک دو اسناد اور گورنر جنرل کے تصدیق نامے کے درمیان کوئی ہلکی سی بھی مشابہت پائی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ آخرالذکر کے ساتھ ایسی چار دستاویزات بھی منسلک تھیں جن میں احمد بخش خاں کی جاگیر کے انتظام وانصرام کا ذکر موجود تھا اور انھیں اقربا نصراللہ بیگ خاں کی پرورش وپرداخت کی ذمہ داری بھی باقاعدہ تفویض کر دی گئی تھی۔

دفعہ ہفتم: معتمد ڈبلیو' ایچ' میکناٹن صاحب بہادر کے مراسلے سے یہ حقیقت مترشح ہوتی ہے کہ اصل شقہ سرجان میلکم صاحب بہادر کی خدمت اقدس میں بمبئی روانہ کیا گیا تھا تاکہ وہ لارڈلیک صاحب بہادر کی مہراور دستخط کا بغور معائنہ فرمالیں۔ انھوں نے دونوں چیزوں کے اصلی ہونے کی تصدیق فرمادی تھی یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کی تردید کرنے کی جرات فدوی ہرگز ہرگز نہیں کر سکتا لیکن چند ایسے مثبت اسباب ہیں جن کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے اور جنھیں مدنظر رکھتے ہوئے فدوی یہ باور کرتا ہے کہ احمد بخش خاں نے عملہ کو معقول رشوت دے کر لارڈلیک صاحب بہادر سے دستخط کروا لیے تھے۔ حقیقت حال یہ ہے کہ عملہ موقع کی تلاش میں رہا اور موقع ملتے ہی دیگر کاغذات کے انبار کے ساتھ مذکورہ شقہ بھی برائے دستخط پیش کردیا گیا۔ واضح رہے کہ دستخط اور مہر کے سلسلے میں دفتر کے عملے پر ہی مکمل اعتماد کیا جاتا ہے۔

دفعہ ہشتم: خواجہ حاجی سواروں کا سالار تھا۔ چنانچہ خواجہ حاجی کو دستے کے لیے مختص ۱۵ ہزار روپے کی رقم سے تنخواہ ملنی چاہیے تھی۔ یہ سراسرناانصافی کی بات ہے کہ نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کی پرورش وپرداخت کے لیے مختص رقم سے خواجہ حاجی اور اس کے متعلقین کی مالی اعانت کی جائے۔

فی الوقت شمس الدین خاں کی جاگیر حکومت کی تحویل میں ہے لیکن مستقبل میں مندرجہ ذیل صورتوں میں کسی ایک پر عمل درآمد ناگزیر ہو گا:

اول: جاگیر شمس الدین خان کو واپس کردی جائے۔

دوم: حکومت اس کا قبضہ اپنے پاس رکھے اور اس کے عوض شمس الدین خان اور ان کے متعلقین کی پرورش وپرداخت کے لیے ایک مخصوص رقم مہیا کردے۔

سوم: حکومت عالیہ پوری کی پوری جائیداد ضبط کرلے۔

جہاں تک پہلی صورت کا تعلق ہے تو اس ضمن میں فدوی نہایت مودبانہ عرض گزار ہے کہ ایک حکمنامے کے ذریعے پچاس سواروں کے دستے کو معطل کردیا جائے اور جاگیردار کو پابند کیا جائے کہ وہ سواروں کی سالانہ تنخواہ مبلغ پندرہ ہزار روپے اور نصراللہ بیگ خان کے اقربا کی کفالت کے لیے مختص شدہ رقم مبلغ دس ہزار روپے سرکاری خزانے میں جمع کرائے۔

دوسری صورت کی بابت فدوی کی یہ درخواست ہے کہ سواروں کی تنخواہ مبلغ پندرہ ہزار روپے اور نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کی کفالت کی رقم مبلغ دس گزار روپے ان سب کی ادائیگی شمس الدین خاں اور ان کے اہل وعیال کی پرورش وپرداخت کے لیے مختص رقم سے ہونی چاہیے۔

تیسری صورت کے متعلق کچھ عرض کرنے کی چنداں ضرورت محسوس نہیں ہوتی اس لیے کہ اسپ سواروں اور اور خواجہ حاجی کی خدمات غیر ضروری تصور کرکے خود ہی کالعدم قرار دے دی جائیں گی۔ البتہ حکومت پر یہ واجب ہوگا کہ وہ نصراللہ بیگ خاں کے اقربا کی پرورش وپرداخت کے لیے مبلغ دس ہزار روپے ادا کرتی رہے۔

فدوی اس عرضداشت کے آخر میں ملتمس ہے کہ مذکورہ بالا تینوں صورتوں میں جو بھی نافذالعمل ہو حکومت کے پاس شمس الدین خاں کی جو دو لاکھ ساٹھ ہزار کی رقم موجود ہے اس میں سے مبلغ دو لاکھ تین ہزار روپے علیحدہ کر لیے جائیں۔ یہ بڑی پونجی فی الواقع حکومت کی ہے۔ اس پر نصراللہ خاں کے پس ماندگان کا جائزہ حق بنتا ہے۔ یہ رقم کسی صورت میں بھی جاگیردار کی تحویل میں نہیں جانی چاہیے۔

دہلی　　　　　　　　　حکومت کا تابعدار اور آپ کا خدمت گزار

مورخہ ۳۰ جون ۱۸۳۵ء　　　　　　　　　محمد اسداللہ خاں☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹۔ بی' پارٹ ۔ ۱

(۶۵)

(فارسی سے ترجمہ)

نواب احمد بخش خاں بہادر کے نام جرنل لارڈ لیک بہادر کے خط نوشتہ ۷ جون ۱۸۰۶ء کی نقل

شہامت پناہ عالی مرتبت، نواب صاحب، مہربان دوستان نواب احمد بخش خان بہادر سلمکم اللہ تعالیٰ

چونکہ کمپنی انگریز بہادر دام اقبالہ، کو مرزا نصراللہ بیگ خان کے پس ماندگان کی نمود و پرداخت منظور ہے اور اس سے پہلے جناب گورنر جنرل بہادر جو سند انھیں مرحمت فرما چکے ہیں اس میں بھی مختصر طور پر اس بات کا ذکر کیا گیا ہے لہٰذا لکھا جاتا ہے کہ مبلغ پانچ ہزار روپیہ سکہ رائج الوقت اس پرگنہ سے جو حضور والا کی طرف سے انھیں مرحمت ہو چکا ہے مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق مندرجہ ذیل مرزا مرحوم کو مقرر کردہ کے مطابق ماہ بماہ اور سال بسال پہنچتا رہے۔ تاکہ وہ اس سے اپنی گزر اوقات کر سکیں اور حضور والا کی دولت و اقبال کے لیے دعا گو رہیں۔ اس امر پر تاکید کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے عمل کیا جائے۔

خواجہ حاجی	والدہ و ہمشیرہ مرزا مرحوم	مرزا نوشہ و مرزا یوسف برادر زادگان مرزا مرحوم
۲۰۰۰ روپے	۱۵۰۰ روپے	۱۵۰۰ روپے

مرقومہ ۷ جون ۱۸۰۹ء مطابق ۱۹ ربیع الاول ۱۲۲۱ھ

(۲۶)

اقتباس از نقل خط جرنیل لارڈ لیک بہادر بنام نواب احمد بخش خان

سرکار دولت مدار کمپنی انگریز بہادر کے کار پردازوں کی عین خواہش ہے کہ پسماندگان نصراللہ بیگ خان مرحوم کی پرورش و پرداخت کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں چنانچہ اس ضمن میں سابقاً" آپ کو ایک سند مرحمت کی جا چکی ہے جو مبہم انداز میں تحریر کی گئی تھی۔ اُسے اب دوبارہ تحریر کیا جاتا ہے کہ آپ کو جو پرگنہ مرحمت کیا گیا ہے اس سے پانچ ہزار روپیہ مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال مرزا مرحوم کے متوسلین کو پہنچانا مقصود ہے تاکہ ان کی پرورش و پرداخت ہو سکے۔ وہ اقربا آپ کی درازی عمر کے لیے دعا گو رہیں گے اور کمپنی انگریز بہادر کے کارپردازوں کی خوشحالی کے متمنی ہوں گے۔

خواجہ حاجی	والدہ و ہمشیرہ مرزا مرحوم	مرزانوشہ و مرزایوسف
۲۰۰۰ روپے	۱۵۰۰ روپے	برادرزادہ ہائے مرزامرحوم
		۱۵۰۰ روپے

مرقومہ ۷ جون ۱۸۰۶ء بمطابق ۱۹ ربیع الاول ۱۲۲۱ھ ☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹ بی پارٹ ۔ ۱

(۶۷)

حکم ہوا کہ مذکورۃ الصدر کاغذات برائے رپورٹ دہلی کے ایجنٹ صاحب بہادر کی خدمت میں روانہ کیے جائیں۔

(نقل مطابق اصل)

آر' ایچ' اسکاٹ

معتمد برائے حکومت آگرہ☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن نمبر آئی او آر۔ ایف ۴/ ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر۶۵۶۲۹

(۶۸)

نقل سیاسی کارروائی آگرہ پریذیڈنسی، مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۸۳۵ء

منجانب :
جناب ٹی، ٹی، مٹکاف صاحب بہادر،
ایجنٹ برائے گورنر، دہلی۔

بخدمت گرامی :
جناب آر، ایچ، سکاٹ صاحب بہادر،
قائم مقام معتمد،
شعبہ سیاسی برائے حکومت، آگرہ الہ آباد۔
مورخہ ۳ دسمبر ۱۸۳۵ء

۱ : دہلی کے ریذیڈنٹ صاحب بہادر کی جانب سے نائب معتمد حکومت کے نام مراسلہ مکتوبہ، مورخہ ۲۴ فروری ۱۸۲۹ء
۲ : نائب معتمد کا جواب مورخہ ۱۳ مارچ ۱۸۲۹ء
۳ : قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر کا مکتوب مورخہ ۵ دسمبر ۱۸۲۰ء
۴ : حکومت کی جانب سے جواب مورخہ ۱۹ دسمبر۔
مکتوب منجانب قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر مورخہ ۲۰ مئی ۱۸۳۰ء مع منسلکات۔
قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر کا جواب مورخہ ۸ اکتوبر ۱۸۳۰ء مع منسلکات۔

جناب عالی!

میرے لیے باعث افتخار ہے کہ آپ کا مکتوب مورخہ ماہ سابق ۲۸ اکتوبر جس کے ساتھ اسداللہ خان عرف مرزانوشہ کے خط اور دیگر یادداشتوں کی نقول برائے رپورٹ روانہ کیے گئے تھے موصول ہوا۔
منجانب معتمد اعلیٰ بنام قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر، مورخہ ۲۰ اگست ۱۸۳۰ء۔
دوم : فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کے ملاحظے اور احکامات کی خاطر متعلقہ دعاوی میں اٹھائے گئے جملہ نکات کے بارے میں تسلی بخش جواب پیش کیا جا رہا ہے۔ مزید براں میں حاشے میں مندرج

مکتوب معتمد اعلیٰ بنام قائم مقام ریذیڈنٹ' مورخہ ۳ دسمبر ۱۸۳۰ء مع منسلکات۔
منجانب معتمد حکومت بمبئی۔
جناب میکناٹن صاحب بہادر' معتمد کا مکتوب مورخہ یکم مئی ۱۸۳۶ء۔

مکاتیب کی جانب توجہ مبذول کرانا چاہوں گا۔ نیز ضروری حوالے کی خاطر ان تمام دستاویزات کی نقول بھی لف ہیں جو دفتر ہذا میں موصول ہوتی رہی ہیں۔

سوم: مدعی نصراللہ بیگ خاں جنھیں مقرری پر تاحین حیات سونک اور سونسا کے پرگنے عطا کیے گئے تھے اور جو اوائل ۱۸۰۶ء میں وفات پا گئے تھے' کا بھتیجا ہے۔

چہارم: فضیلت مآب جرنیل لارڈلیک بہادر نے ماہ جون ۱۸۰۶ء میں نصراللہ بیگ خاں کے سسر☆ نواب احمد بخش خاں کو فیروزپور کی جاگیر اس معاہدے کے تحت مرحمت فرمائی تھی کہ وہ مرحوم کے اقربا و پسماندگان کی پرورش وپرداخت کے لیے مبلغ ۵ ہزار روپے سالانہ مندرجہ ذیل شرح کے ساتھ ادا کرتے رہیں گے:

خواجہ حاجی	۲۰۰۰ روپے
والدہ وہمشیرہ مرزا مرحوم	۱۵۰۰ روپے
مرزا نوشہ ومرزا یوسف	
برادر زادگان مرزا مرحوم	۱۵۰۰ روپے

اس دستاویز سے یہ حقیقت بخوبی مترشح ہو جاتی ہے کہ مذکورہ دعویٰ ناقابل اعتنا ہے۔

پنجم: مرزا نوشہ نے سب سے پہلے تو یہ دعویٰ کیا کہ مذکورہ شقہ ہی سرے سے جعلی ہے۔ لیکن جب مدعی کو یہ باور کرایا گیا کہ نواب سرجون میلکم صاحب بہادر نے مذکورہ شقہ کی صحت کی تصدیق کردی ہے تو اس نے دوسرا دعویٰ یہ کیا کہ جرنیل لارڈلیک بہادر کی مہر اور دستخط فریب کاری کے ذریعے حاصل کیے گئے تھے' اس طرح مدعی کے متنازعہ شخصیت ہونے کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔

معتمد اعلیٰ برائے حکومت کا مکتوب مورخہ ۳۱ دسمبر ۱۸۳۱ء بنام ریذیڈنٹ دہلی

ششم: جناب معتمد میکناٹن صاحب بہادر کا مکتوب بنام ایجنٹ برائے گورنر جنرل بہادر مورخہ یکم مئی ۱۸۳۲ء جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے دفتر ہذا کے ریکارڈز میں موجود نہیں۔ البتہ میں خط کے منسلکہ کا ترجمہ منسلک کر رہا ہوں جو اس خط کی نقل ہے جو مدعی کو پہنچانے کے لیے بھیجا گیا تھا۔

آپ کا مخلص
(دستخط) ٹی۔ ٹی۔ مٹکاف
ایجنٹ برائے گورنر صاحب بہادر☆☆

دہلی ایجنسی
مورخہ ۳ دسمبر ۱۸۳۵ء

☆ غلط' بہنوئی ہونا چاہیے۔ (گ۔ ن)
☆☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف / ۴ / ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۰

(۶۹)

گورنر جنرل صاحب بہادر کی ہدایات کے تحت جناب معتمد میکناٹن کی جانب سے یکم مئی ۱۸۳۲ء کو اسد اللہ خان عرف مرزا نوشہ کو تحریر کیے جانے والے مکتوب کا ترجمہ

آپ کی جانب سے حال ہی پیش کی گئی عرضداشت میں آپ کی درخواست کہ لارڈلیک صاحب بہادر کی رپورٹ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کی روشنی میں ماہانہ پنشن میں جو کہ آپ کو فیروزپور کے جاگیردار نواب شمس الدین خان کی جانب سے مل رہی ہے اضافے کا معاملہ ان دستاویزات کی روشنی میں جو آپ کی عرضی کے ساتھ ملفوف ہیں، دوبارہ برائے احکامات پیش کیا جائے، منظور کی جا چکی ہے۔ دستور کے مطابق متعلقہ جملہ دستاویزات کا ترجمہ کروانے کے بعد فضیلت ماب گورنر جنرل لارڈولیم بنٹک صاحب بہادر کے حضور پیش کیا گیا۔ نیز مقدمے سے متعلق دیگر دستاویزات کا بھی از سر نو جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں ہاکنز صاحب بہادر قائم مقام ریذیڈنٹ دہلی کے عہد میں جب حکومت نے اس مقدمے کے متعلق رپورٹ طلب کی تھی، نواب شمس الدین خاں نے ایک شقہ داخل کیا تھا جس پر فضیلت ماب جرنیل لارڈلیک بہادر کے دستخط اور مہر ثبت تھی۔ اس کے ذریعے نواب موصوف نے یہ ثابت کیا تھا کہ آپ اور آپ کے چچا نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے دیگر ورثا مبلغ ۵ ہزار روپے سالانہ سے زائد رقم کے قطعاً حق دار نہیں۔ مذکورہ دستاویز میں معاملہ باقاعدہ طے پا چکا ہے۔ علاوہ ازیں اصل دستاویز جسے آپ نے جعلی قرار دیا ہے تصدیق کے لیے بمبئی کے گورنر سرجون میلکم صاحب بہادر کی خدمت میں ارسال کی گئی تھی جو لارڈلیک صاحب بہادر کے زمانے میں ہونے والی تمام سرکاری کارروائیوں سے بہ حسن و خوبی واقف رہے ہیں سرجون میلکم صاحب بہادر نے اس دستاویز کو اصلی قرار دیا ہے۔ بایں ہمہ، نائب صدر ان کونسل (سر سی۔ ٹی۔ مٹکاف صاحب بہادر) نے اس ضمن میں اپنی رائے ظاہر کی ہے کہ مبلغ دس ہزار روپے کی معافی زراستراری کے حوالے سے جس معاہدے کے تحت نواب احمد بخش خاں اور اس کے جانشین اس امر کا مکلف ہیں کہ وہ نصراللہ بیگ خاں مرحوم کے اقربا کو زر کفالت مہیا کریں گے اس کی رو سے نصراللہ بیگ خاں کے ورثا کو وہ تمام کی تمام ادا کرنے کے پابند نہیں نیز یہ حقیقت بھی واضح ہے کہ مختص شدہ گرانٹ کے ضمن میں لارڈلیک صاحب بہادر سے نواب احمد بخش مرحوم نے دوسری سند حاصل کر لی جس میں نصراللہ بیگ کے ورثا کے مطالبوں کو ۵۰۰۰ روپے تک محدود کر دیا گیا تھا۔

چنانچہ فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر' فضیلت ماب نائب صدر ان کونسل کے خیالات سے کلی پر اتفاق فرماتے ہیں۔ لہٰذا ایسی صورت حال میں نواب شمس الدین خاں سے آپ کا موجودہ پنشن میں اضافے کا مطالبہ سراسر ناروا ہے اور جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر کی عطا کردہ سند جس میں مختلف حصہ داروں کے نام مخصوص رقم کا اندراج موجود ہے بالکل صحیح ہے۔

(ترجمہ بمطابق متن)

(دستخط) ٹی۔ٹی۔ مٹکاف

ایجنٹ برائے گورنر☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف /۴/۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر۶۵۶۶۹

(۷۰)

حسب ہدایت دہلی کے ایجنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے چونکہ اسد اللہ خاں کے دعوے کی مکمل جانچ پڑتال کر لی گئی ہے اور اسے سرکار عالیہ نے مسترد کر دیا ہے اس لیے مزید احکامات کی ضرورت نہیں۔ منکاف صاحب بہادر سے استدعا کی جائے کہ وہ خاں موصوف کو مطلع کر دیں کہ فیروزپور کے جاگیردار کے ساتھ طے شدہ معاہدے پر ان کا اعتراض بالکل ناروا ہے۔

(نقل مطابق اصل)

دستخط) آر۔ ایچ۔ سکاٹ
قائم مقام معتمد برائے
حکومت آگرہ☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف /۴ /۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۱۷)

حکومت آگرہ کے سیاسی شعبے میں ہونے والی کارروائی بابت ماہ اکتوبر ۱۸۳۵ء کی اشاریوں اور بیانات سے اقتباس

محررہ ۱۷ فروری ۱۸۳۶ء

پیراگراف نمبر ۳۳:
فیروزپور کے جاگیردار نواب شمس الدین خاں کے خلاف اسداللہ خاں کے دعویٰ سے متعلق
کارروائی مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۸۳۵ء نمبر ۲۰ تا ۲۳
کارروائی نمبر ۱۲
مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۸۳۵ء
مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۸۳۵ء
کارروائی نمبر ۲۲ تا ۲۵
بحوالہ مجموعہ دستاویزات نمبر ۱۷ پیراگراف نمبر ۳۴:

اسداللہ خان کی دو عرضداشتیں موصول ہوئیں۔ جن میں سائل نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ وہ نصراللہ بیگ خان کا وارث ہے اور اسے فیروزپور کی جاگیر سے، جو نواب شمس الدین خاں کی تحویل میں ہے، دس ہزار روپے سالانہ پنشن ملنی چاہیے۔ لیکن اس کے برعکس مئی ۱۸۰۶ء سے اسے صرف تین ہزار روپے سالانہ ملتے رہے ہیں۔ چنانچہ مدعی نے یہ التماس کی ہے کہ اسے بقایاجات نواب کی اس مجموعی رقم سے ملنے چاہئیں جو حکومت کو سرکاری قرضے کے طور پر دی گئی ہے۔ سائل نے یہ موقف بھی اختیار کیا ہے کہ نواب شمس الدین خاں کے والد نے نہایت خفیہ طور پر فیروزپور کی جاگیر حاصل کی تھی۔

کاغذات کے مطالعے سے یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ اسداللہ خان کے دعوے کی پہلے بھی پوری طرح جانچ پڑتال کی جا چکی ہے اور سرکار نے اسے مسترد کر دیا تھا۔ اور دہلی کے ریذیڈنٹ صاحب بہادر کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ مذکورہ شخص کو مطلع کر دیں کہ جاگیردار فیروزپور کے خلاف اس کا دعویٰ سراسر ناروا ہے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف / ۴/ ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۰۶۶۹

(۷۲)

بخدمت گرامی: جی' اے' بش بائی صاحب بہادر
معتمد برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات' شعبہ سیاسی امور

جناب عالی!

فضیلت ماب گورنر جنرل بہادر ہند ان کونسل کی ہدایت کے مطابق آپ کی خدمت میں نصراللہ بیگ خان کے برادر زادہ اسداللہ خان کی اصل عرضداشت اور اس کے منسلکات ارسال کیے جا رہے ہیں تاکہ حسب ضرورت احکامات صادر کیے جا سکیں۔

مجھے یہ عرض کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے کہ معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر اپنے مکتوب مورخہ ۲۷ جنوری ۱۸۳۱ء بنام معتمد سوئٹن صاحب بہادر کے ذریعے اس مقدمے پر باقاعدہ فیصلہ صادر ہو جانے کی اطلاع دے چکے ہیں۔ مذکورہ خط کی نقل برائے حوالہ منسلک ہے۔

آپ کا مخلص

فورٹ ولیم

۲۳ مئی ۱۸۳۶ء

(دستخط) ڈبلیو' ایچ' میکناٹن

معتمد برائے حکومت ہند☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر ۹ بی پارٹ

(۷۳)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خان' برادرزادہ نصراللہ بیگ خان مرحوم

بخدمت گرامی:
فضیلت ماب لارڈ جی آکلینڈ صاحب بہادر' جی سی بی' کے سی بی(۳۵)
گورنر جنرل ہند' فورٹ ولیم
بعز عرض جناب عالی!

یہ فدوی نہایت مودبانہ عرض گزار ہے کہ حضور والا اس کے مقدمے کے تمام متعلقہ کاغذات پر ہمدردانہ غور فرما کر فدوی کو پہنچنے والے نقصانات کی تلافی کے احکامات صادر فرمائیں گے۔

دوم: یہ فدوی بہ نفس نفیس کلکتہ آکر اور آپ کے انصاف کے در دولت پر حاضری دے کر جناب والا کی خدمت اقدس میں چند معروضات پیش کرنے کا متمنی ہے۔ لیکن نہایت تاسف کے ساتھ یہ عرض کرنا پڑ رہا ہے خرابی صحت کی وجہ سے طویل سفر اختیار کرنا فدوی کے بس میں نہیں ہے۔

سوم: ۱۸۲۸ء میں جب ڈبلیو' بی' بیلے صاحب بہادر(۳۶) کلکتہ میں نائب صدر کے عہدہ پر فائز تھے فدوی نے ان کے حضور اپنی گزارشات پیش کرنے کی سعادت حاصل کی تھی۔ حضور والا نے فدوی کو ہدایت فرمائی تھی کہ قائم مقام ریذیڈنٹ صاحب بہادر کی عدالت میں اپنی درخواست پیش کرے۔ لیکن ابھی تک فدوی کے ساتھ کوئی انصاف نہیں ہو سکا۔

اس ضمن میں حکومت کے متعدد احکامات مختلف وقتوں میں دہلی کے کئی ریذیڈنٹ صاحبان کی رپورٹیں اور فدوی کی جانب سے پیش کی گئی عرضداشتیں کلکتہ کے دفتری ریکارڈ میں موجود ہوں گی۔

چہارم: حضور والا ان کونسل کی خدمت میں فدوی اپنی یہ عرضداشت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ تمام متعلقہ کاغذات واحکامات کی نقول بھی منسلک کر رہا ہے۔ جن کاغذات کی نقل یا مثنیٰ فدوی کے پاس موجود نہیں انھیں علیحدہ سے ایک یادداشت کی صورت میں پیش کر دیا گیا ہے۔ یہ کاغذات حکومت کے دفتر خانہ کلکتہ کے ریکارڈ سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

پنجم: یہ فدوی حضور والا سے انصاف کا طلب گار ہے اور مودبانہ عرض گزار ہے کہ حضور والا فضیلت ماب شاہ برطانیہ کے نمائندے کی حیثیت سے فدوی کے مقدمے کا ہمدردانہ جائزہ لیں گے اور انگریز بہادر کے دستور مساوات کے مطابق فیصلہ صادر فرمائیں گے۔

ششم: حضور والا ان کونسل کی خدمت اقدس سے یہ فدوی نہایت دل برداشتگی کے عالم میں آپ کی خصوصی توجہ

ان امور کی جانب مبذول کرانے کے لیے یہ عرض کرنے کی جسارت کرتا ہے کہ مقامی حکام (معتمد صاحبان اور ایجنٹ صاحبان) نے فدوی کے مقدمہ کو غت ربود کیا ہے اور اس کے ساتھ ناانصافی کرتے رہے ہیں چنانچہ فدوی کو یقین واثق ہے کہ مذکورہ افراد کو ملوث کیے بغیر اس کے مقدمے کا جائزہ لیا جائے گا اور حضور والا مذکورہ کاغذات کی بنیاد پر اپنا فیصلہ صادر فرمائیں گے۔

ہفتم: فدوی نے اپنے مقدمے کے سلسلے میں تمام کوائف اس عرضداشت میں پیش کر دیے ہیں۔ مزید برآں' حضور والا کے ملاحظے اور احکامات کی خاطر تمام دعوے ایک علیحدہ درخواست میں پیش کیے گئے ہیں۔

فدوی آپ کی درازی عمر اور خوشحالی کے لیے دعاگو رہے گا۔

دہلی محمد اسداللہ خان برادرزادہ نصراللہ بیگ خان' جاگیردار سونک سونسا

۲۳ مارچ ۱۸۳۶ء

مکرر آنکہ:

حضور والا کا درخواست گزار آپ کی جناب میں یہ گزارشات ارسال کرنے کے بعد اس فکر میں غلطاں و پیچاں رہے گا کہ آیا یہ کاغذات فضیلت ماب کے روبرو پیش کیے گئے یا نہیں؟ چنانچہ فددوی کی یہ مودبانہ درخواست ہے کہ اسے یک سطری رسید سے مطلع فرمایا جائے۔

فدوی نہایت ادب سے التماس گزار ہے کہ حضور والا صفات اس مقدمے کے ضمن میں جو بھی فیصلے وقتاً فوقتاً صادر فرمائیں ان سے احقر کو مطلع کیا جائے۔ (تحقیقات کے بعد جو بھی حکم جاری ہوں) اس لیے کہ مقامی حکام جن کے فیصلہ کے خلاف یہ اپیل کی گئی ہے اگر اس کے مقدمہ کے بارے میں کوئی مبہم رپورٹ دیں گے تو وہ ان کا شافی جواب دے سکے گا۔

محمد اسداللہ خاں

برادرزادہ نصراللہ بیگ خان' جاگیردار سونک سونسا

محررہ ۲۳ مارچ ۱۸۳۶ء☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ پارٹ۔ ۱

(۷۴)

کیا اس مقدمے کا بار بار فیصلہ نہیں ہوا ہے؟

(دستخط) آکلینڈ

شعبہ سیاسی کو ارسال کیا گیا۔

بحکم (گورنر جنرل)

(دستخط) ۲۸ اپریل ۱۸۳۶ء

ذاتی معتمد

درج بالا حکم مورخہ ۲۳ مارچ ۱۸۳۶ء والی درخواست پر تحریر کیا گیا☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر ۹ بی پارٹ۔ ا

(۷۵)

اسد اللہ خان برادرزادہ نصراللہ بیگ خان کی عاجزانہ عرضداشت

بخدمت گرامی: فضیلت ماب لارڈ جی آکلینڈ بہادر جی سی بی' کے سی بی ان کونسل
گورنر جنرل ہند' فورٹ ولیم

بعز عرض جناب عالی!

فدوی مودبانہ عرض گزار ہے کہ اسے قانونی عدالتوں سے جو نفاذ قانون کے لیے بنائی گئیں ہیں' کما حقہ' انصاف حاصل نہیں ہو سکا۔ چنانچہ حضور والا ان کونسل کی خدمت میں جرنیل لارڈ لیک بہادر کی اس رپورٹ کا اقتباس ارسال کر رہا ہے جو موصوف نے ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو سپریم کونسل میں پیش کی تھی۔ اس رپورٹ کی اصل اور اس پر گورنر جنرل ان کونسل کی تصدیق دفتر خانہ کلکتہ کے ریکارڈز میں موجود ہیں۔

دوم: متذکرہ دستاویز کے مطالعہ کے بعد یہ واضح ہو جائے گا کہ فدوی کے چچا نصراللہ بیگ خان' جاگیردار سونک سونسا کی وفات کے بعد مذکورہ املاک حکومت کے قبضے میں آگئی تھیں۔ تاہم فضیلت ماب لارڈ لیک صاحب بہادر نے جاگیر کے عوض نصراللہ بیگ خان کے متوسلین واقربا کی پرورش وپرداخت کے لیے نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے مبلغ دس ہزار روپے سالانہ کی امداد عطا فرمائی تھی اور گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل نے اس کی توثیق فرما دی تھی۔

سوم: نصراللہ بیگ خان کی وفات کے وقت ان کے ورثا کی کل تعداد چھ تھی' یعنی ایک والدہ' تین بہنیں اور دو بھتیجے (ان کے بھائی کے بیٹے' یہ فدوی اور اس کا بھائی)۔ چند سال بعد نصراللہ بیگ خان کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ بقیہ پانچ ورثا بقید حیات ہیں۔

چہارم: اپنے چچا کی رحلت کے بعد فدوی اور اس کے اقربا کو احمد بخش خان کی جاگیر سے حکومت کی طرف سے مختص کیے گئے مبلغ دس ہزار میں سے کل صرف تین ہزار روپے سالانہ ملتے رہے اس طرح فیروزپور کے جاگیردار نے حکومت احکامات پر نہیں بلکہ دھوکہ دہی سے مبلغ سات ہزار روپے سالانہ کی کٹوتی کر دی۔

پنجم: نواب شمس الدین خان کی یہ جاگیر اپریل ۱۸۳۵ء تک اس کی تحویل میں رہی اور مئی ۱۸۳۵ء سے حکومت نے

اسے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ سات ہزار روپے سالانہ کے حساب سے مئی ۱۸۰۶ء سے اس وقت تک جب تک مرحوم جاگیردار کے پاس رہی فدوی کے ۲۹ سال کے بقایاجات جاگیردار کے ذمہ بنتے ہیں۔

ششم: یہ فدوی عرض گزار ہے کہ گذشتہ انتیس برسوں کی واجب الادا رقم مبلغ ۲٬۰۳٬۰۰۰ روپے شمس الدین خان کی ۰۰۰۰ [illegible] کی اس رقم سے ادا کیے جائیں جو حکومت کی تحویل میں ہے اور یہ کہ ماہ مئی ۱۸۳۵ء سے فدوی کو سرکار [illegible] مختص رقم مبلغ دس ہزار سالانہ ادا کی جائے۔

ہفتم: اگر حضور والا مذکورہ جا [illegible] بخش خان کے ورثا کو واپس کرنا ضروری تصور کریں تو ان حالات میں فدوی کا احتمال ہے کہ انہیں یہ ملکیت نواب لارڈلیک صاحب بہادر کی وضع کردہ اصل شرائط کے تحت دی جائے گی۔ مزید برآں فدوی کی یہ تجویز ہے کہ مذکورہ جاگیر سے زراستمراری کے طور پر مبلغ پچیس ہزار روپے سالانہ منہا کرکے سرکاری خزانے میں جمع کروا دیے جائیں۔ مذکورہ رقم میں مبلغ پندرہ ہزار روپے تو وہ ہیں جو حکومت نے پچاس اسپ سواروں کی دیکھ بھال کے لیے مختص کیے تھے فدوی کا یہ احتمال ہے کہ یہ دستہ ختم کر دیا جائے گا اس لیے کہ حکومت کو شاید ہی اس کی ضرورت پیش آئے۔ بقیہ دس ہزار روپے اس فدوی کو سرکاری خزانے سے سال بہ سال ادا کیے جائیں۔

آخر میں فدوی یہ مودبانہ عرض کرنا چاہتا ہے کہ وسائل کی کمیابی آپ کے حضور بہ نفس نفیس حاضر ہونے میں مانع رہی اور نہ ہی وہ اس قابل ہے کہ وہاں اپنی پیروی کے لیے کوئی ماہر قانون داں مقرر کر سکے جو فدوی کی جانب سے مقدمے کی پیروی کر سکے۔ فدوی کے لیے سوائے اس کے اور کوئی چارہ نہیں کہ حضور والا کی انصاف پروری اور رعایا گستری کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا مقدمہ خود حضور والا کی عدالت میں پیش کرے۔ بایں ہمہ فدوی امیدوار ہے کہ اس پر انصاف کا دروازہ بند نہیں کیا جائے گا۔

حضور والا کا عرض گزار آپ کا دعاگو:



محمد اسد اللہ خان

برادرزادہ نصراللہ بیگ خان

جاگیردار سونک سونسا

مورخہ ۲۳ مارچ ۱۸۳۶ء

(٧٦)

لیفٹیننٹ کرنل میلکم صاحب بہادر کے مکتوب محررہ ۴ مئی ۱۸۰٦ء کا اقتباس

جب احمد بخش خاں رہتک اور ہریانہ کے علاقے سے دستبردار ہوئے اس وقت لارڈلیک صاحب بہادر نے ان سے یہ وعدہ کیا تھا کہ میوات میں جو اضلاع ان کی تحویل میں ہیں وہ انہیں تاحین حیات مبلغ ۲۵ ہزار روپے سالانہ کی ادائیگی پر بطور استمرار مرحمت کیے جائیں گے۔ اس کے فوراً ہی بعد نصراللہ بیگ خان جو احمد بخش خان کے عزیز تھے وفات پاگئے۔ چنانچہ جاگیردار کو سونکب اور سونسا کے جو اضلاع مرحمت کیے گئے تھے وہ واپس لے لیے گئے۔ لیکن حکومت نے یہ ضروری تصور کیا کہ مرحوم کے بھائی اور ان کے خاندان کی کفالت کا کچھ نہ کچھ بندوبست کیا جائے۔ اور اس بات کی اہمیت یوں بھی دو چند ہوگئی کہ اسپ سواروں کے بے قاعدہ دستے کو ختم کرنا ضروری سمجھاگیا۔ مذکورہ دستے میں مرحوم کے خاندان کے کئی افراد ملازم تھے۔ علاوہ ازیں، دشمن سے تعلق رکھنے والے ایک دو افسر بھی حمایت اور تحفظ کے وعدے پر اس دستے میں شامل تھے۔ ان امور کی ناگواریت کو کم سے کم کرنے کے لیے حضوروالا (لارڈلیک) نے مناسب خیال کیا کہ نواب احمد بخش خان کو اس معاملہ میں رعایت دی جائے چنانچہ انھیں پندرہ ہزار روپے ادا کرنے کا پابند کر دیا گیا۔

احمد بخش خان کے زیر تسلط علاقے کی صورت حال، وہاں کی ہنگامہ پرور حالت، حکومت کو ادا کی جانے والی مختصر ترین مال گزاری اور موصوف کی خدمات کے پیش نظر عزت ماب نے انھیں پیش کش کی کہ اگر وہ اپنے تمام مطالبات سے دستبردار ہو جائیں، زیرتسلط علاقے میں امن و سکون بحال رکھنے اور بوقت ضرورت پچاس اسپ سوار مہیا کرنے کا وعدہ کریں تو انہیں جملہ مال گزاری سے مستثنیٰ قرار دے دیا جائے گا اور انہیں موجودہ جاگیر انہی شراط پر مرحمت کردی جائے گی جن پر نجابت علی خان اور صمد خان کو دی گئی تھی، انھوں نے یہ پیش کش بہ رضا و رغبت قبول کرلی۔ جرنیل لارڈلیک صاحب بہادر کے ایما پر سند کا مسودہ منسلک کر رہا ہوں جو انہی خطوط پر تیار کیا گیا ہے جن پر قبل ازیں مذکورہ بالا دو جاگیرداروں کے لیے ہوا تھا۔

مجھے فضیلت ماب لارڈلیک صاحب بہادر نے ہدایت فرمائی ہے کہ میں احمد بخش خان کی اس درخواست کی نقل اور اس کا ترجمہ ملفوف کروں جو انھیں (لارڈلیک) موصول ہوئی تھی۔ احمد بخش خان "سونا" اور "نوح" کے جو اضلاع

اپنی تحویل میں لینے کے آرزو مند ہیں وہ ریواڑی کے تیج سنگھ چودھری کو زیادہ محاصل کے عوض تین سال کی مدت کے لیے عطا کر دیے گئے ہیں۔

فضیلت ماب (جرنیل لارڈلیک) ایسے طریق کار سے آگاہ نہیں ہیں جس کے تحت گورنر جنرل بہادر کی کونسل عالیہ ان صوبوں کے معاملات حل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ چنانچہ موصوف نے احمد بخش خاں سے ایسی کوئی بات بیان نہیں کی ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جائے کہ ان کی درخواست پر عمل درآمد ہو گا۔ تاہم عزت ماب نے مجھے یہ عرض کرنے کی ہدایت کی ہے کہ اگر مذکورہ صوبہ جات کو فی الفور اپنی انتظامیہ کے زیر نگین کیے بغیر سرکار برطانیہ کے لیے ذریعہ منفعت بنائے جانے یا اس کی طاقت کا سرچشمہ بنائے جانے کے لیے کوئی متبادل انتظامات کیے جاتے ہیں تو ایسی صورت حال میں ان (لارڈلیک) کی نظر میں احمد بخش خان سے بڑھ کر کوئی اور دیسی جاگیردار نہیں جس کے ساتھ پراعتماد اور تسلی بخش انداز میں معاملات طے کیے جا سکیں۔ اس لیے کہ وہ اعلیٰ جذبہ عمل و ذہانت کے مالک ہیں۔ انھیں ملک میں اچھا خاصا اثر و رسوخ حاصل ہے اور وہ (نواب احمد بخش خاں) سرکار برطانیہ (عزت ماب لارڈلیک کو یقین ہے) کے مخلص اور وفادار ہیں۔

(نقل بمطابق اصل)

(دستخط) ڈبلیو۔ ایچ۔ میکناٹن

قائم مقام معتمد اعلی برائے حکومت

(نقل بمطابق اصل)

(دستخط) ایم۔بلیک

معاون اول برائے قائم مقام گورنر جنرل☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹ بی پارٹ ۔ ۱

(۷۷)

یادداشت

درخواست گزار مسمی اسداللہ خان مودبانہ عرض کرتا ہے کہ فضیلت ماب گورنر آگرہ نے سابقہ عرضداشتوں کا مطالعہ فرمانے کے بعد ٹی ٹی منکاف صاحب بہادر کو ہدایت فرمائی تھی کہ موصوف دہلی ریذیڈنسی کے جملہ ریکارڈ کا جائزہ لے کر فدوی کے مقدمے کی رپورٹ مرتب کریں۔ چنانچہ مذکورہ احکامات کے پیش نظر فدوی نے گورنر آگرہ صاحب بہادر کے حضور دو درخواستیں سرکاری (انگریزی) ڈاک کے ذریعے روانہ کی تھیں۔ ان کی نقول کی تفصیل حسب ذیل ہے:

نوٹ: محولہ بالا عرضداشتیں صفحات ۱۴۹ تا ۱۵۰ اور صفحات ۱۵۲ تا ۱۵۴ پر ہیں۔

(۷۸)

سیاسی کارروائی، آگرہ پریذیڈنسی ۲۰ دسمبر ۱۸۳۵ء سے اقتباس

منجانب :

اسد اللہ خان

بخدمت گرامی :

جی، اے، بش بائی صاحب بہادر

معتمد سیاسی برائے حکومت آگرہ، الہ آباد۔

جناب عالی!

فدوی منسلکہ [illegible] نے کے ساتھ نہایت مودبانہ عرض گزار ہے کہ جب ٹی۔ ٹی۔ مٹکاف صاحب بہادر کی جانب سے اس [illegible] مدے کی رپورٹ موصول ہو جائے۔ تو آپ ازراہ ہمدردی مذکورہ کاغذات اور سائل کی گذشتہ درخواستیں فضیلت ماب گورنر آگرہ کے ملاحظے کے لیے پیش فرمادیں۔

آپ کا فرماں بردار

دہلی (دستخط)

مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۸۳۵ء محمد اسد اللہ خان☆



☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف /۴/ ۱۶۴۳۔ بورڈز کلیکشن نمبر۶۵۶۶۹

(۷۹)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خان

بخدمت گرامی: فضیلت ماب الیگزنڈر راس(۳۷) گورنر آگرہ

بعز عرض جناب عالی!

فدوی نے گذشتہ ماہ اکتوبر میں جو یادداشتیں ارسال کی تھیں ان کے حوالے سے چند اہم نکات حضور والا کے ملاحظے اور خصوصی توجہ کے لیے پیش کرنے کا اعزاز حاصل کر رہا ہے۔

شہر میں یہ خبر گرم ہے کہ ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر نے جب سے ایجنٹ کا عہدہ سنبھالا ہے۔ انھوں نے یہ طریقہ کار اختیار کیا ہے کہ وہ دفتر کے فارسی عملہ کو حکام کی جانب سے موصول ہونے والے معاملات کے خلاصے تحریر کرنے کے لیے کہتے ہیں اور اسی بنیاد پر اپنی رپورٹ تیار کرتے ہیں۔ فدوی ملتمس ہے کہ اس کے مقدمے کے ضمن میں حضور والا مذکورہ افسر کے دفتر سے موصول ہونے والی کسی رپورٹ کو قابل اعتنا سمجھ کر فیصلہ صادر نہ فرمائیں۔ فدوی کس مپرسی کے عالم میں ہے اور مذکورہ عملے کو خوش کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا' لہٰذا یہ لوگ اس کے ساتھ معاندانہ رویہ رکھتے ہیں اور مقدمے کا مبہم خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

یہ کہ سر جون میلکم صاحب بہادر نے محض فضیلت ماب لارڈ لیک صاحب بہادر کی مہر اور دستخط کی تصدیق فرمائی ہے جس سے فدوی انکار نہیں کرتا۔ لیکن یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ سب کچھ حاصل کس طرح ہوا؟ یہ بات واضح ہے کہ مذکورہ شقہ (مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء) جعلی ہے اور جیسا کہ فدوی اپنی ایک یادداشت میں وضاحت کر چکا ہے' یہ فریب دہی کے ذریعے حاصل کیا گیا تھا' ایسی صورت حال میں جب گورنر جنرل ان کونسل نے مبلغ دس ہزار روپے بطور گزارہ ادا کرنے کی منظوری مرحمت فرمادی تھی لارڈ لیک صاحب بہادر اس کے منافی حکم کیوں کر صادر کر سکتے تھے۔ مزید برآں' فدوی کے لیے خوش آئند بات یہ ہے کہ ایسی کوئی دستاویز موجود نہیں ہے جس سے زیر بحث وظیفہ کے متعلق سابقہ احکامات کی نفی ہوتی ہو۔

یہ کہ احمد بخش خان نے جس فریب و ریاکاری کے ذریعے مذکورہ شقہ حاصل کیا ہے اس پر مزید کچھ کہنے کی

ضرورت نہیں۔ فدوی کو کامل بھروسہ ہے کہ مذکورہ جاگیر کے سرکار برطانیہ کی تحویل میں چلے جانے کے بعد وہ (دفتر کے اہلکار) احمد بخش خان کی چال بازی کے دام میں نہیں آئیں گے نہ ہی فدوی کو اس کے ان حقوق سے محروم رکھیں گے جو لارڈلیک صاحب بہادر کی رپورٹ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کے بموجب [illegible] ہیں۔

یہ کہ فدوی انصاف کی عدالت میں مودبانہ عرض [illegible] معاندانہ اور اسقام سے پر شقہ جس کی نقل کسی بھی سرکاری دفتر میں دستیاب نہ ہوتی ہو، کسی صورت میں بھی قابل اعتنا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ فدوی مودبانہ عرض گزار ہے کہ حضور والا ازراہ نوازش و [illegible] دوستی اس کے مقدمے کا جائزہ لیں اور اپنی بے لاگ رائے کا اظہار فرمائیں۔

فدوی حضور والا کے لیے دعا گو رہے گا۔

۵۰

۲۰ دسمبر ۱۸۳۵ء

(دستخط)

اسد اللہ خان☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ - بی پارٹ -۱

(٨٠)

سیاسی کارروائی، آگرہ پریذیڈنسی مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۸۳۵ء سے اقتباس

احکامات صادر کرنے کی ضرورت نہیں!

(نقل بمطابق اصل)

آر۔ ایچ۔ سکاٹ
قائم مقام معتمد برائے حکومت
آگرہ

مذکورہ بالا حکم اسداللہ خان کی درخواست مورخہ ۱۶ دسمبر ۱۸۳۵ء پر دیا گیا☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف /۴/ ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۸۱)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خان برادرزادہ نصراللہ بیگ خان

بخدمت گرامی :
فضیلت ماب الیگزنڈر راس' گورنر آگرہ

بعز عرض جناب عالی!

نہایت مودبانہ عرض ہے کہ فدوی نے ۳۰ جون ۱۸۳۵ء کو آپ کی خدمت میں دو عرضداشتیں ارسال کی تھیں در یہ گزارش کی تھی کہ ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر کی جانب سے رپورٹ موصول ہونے پر حضور والا اسے در خور اعتنا نہ سمجھیں گے' فدوی آپ کی خصوصی توجہ دوسری درخواست کی آخری سطور کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہے اور یہ توقع رکھتا ہے کہ آپ ازراہ نوازش آگرہ کے گورنر صاحب بہادر کے ایجنٹ مقیم دہلی کو حکم صادر فرمائیں گے کہ فدوی کی مطلوبہ رقم مبلغ = /۰۰۰'۰۳'۲ روپے شمس الدین خان مرحوم کی اس رقم مبلغ = /۰۰۰'۶۰'۲ روپے سے منہا کر لیے ۔ ئیں جو حکومت کی تحویل میں ہے اور یہ رقم سرکاری خزانے میں جمع کرادی جائے تاکہ متوفی کے قرض خواہوں میں تقسیم کیے جانے سے محفوظ رہے۔

یہ کہ حضور والا کی اطلاع کی خاطر فدوی یہ عرض کرنے کی اجازت چاہتا ہے کہ احمد بخش خان جو وظیفہ (سالانہ تین ہزار روپے) فدوی' اس کے بھائی اور نصراللہ بیگ خان کی تین بہنوں کو ادا کیا کرتا تھا اسی کے بقایاجات فیروزپور کے محاصل سے واجب الادا ہیں۔ فدوی مودبانہ درخواست کرتا ہے کہ آپ از راہ نوازش ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر کو یہ حکم صادر فرمائیں گے کہ وہ ریاست کے محاصل سے یہ بقایا جات دلوائیں۔

یہ کہ فدوی نے مذکورہ بقایا جات کی ادائیگی اپریل ۱۸۳۵ء تک اس لیے محدود رکھی ہے کہ یہ جاگیر محولہ تاریخ تک مرحوم جاگیردار کی تحویل میں تھی اور ماہ اگلے سے اس ریاست کا حکومت سے الحاق ہو گیا تھا۔

فدوی نے اپنے اور اہل خاندان کے تین ہزار روپے سالانہ کے بقایا جات کا مطالبہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا

پر کیا ہے: اولاً: فدوی مذکورہ مدت تک کے حسابات بے باق کیے جانے کے لیے فکرمند ہے اور ثانیاً": فدوی اور اس کے اہل خاندان کو گزر بسر کے ذرائع مہیا ہوں تا آنکہ اس معاملہ کا جو آپ کی عدالت عالیہ میں زیر سماعت ہے' فیصلہ حتمی طور پر صادر ہو جائے۔

آپ کا فرمانبردار

دہلی (دستخط) اسداللہ خان

۱۶ دسمبر ۱۸۳۵ء

(۸۲)

نوٹ

فدوی اسداللہ خان مودبانہ عرض گزار ہے کہ اس کے مقدمے کی بابت مذکورہ بالا درخواست اور گورنر صاحب بہادر آگرہ کے ایجنٹ مقیم دہلی کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد فضیلت ماب گورنر آگرہ نے یہ احکامات صادر فرمائے کہ چونکہ قبل ازیں اس مقدمے کی سماعت کلکتہ کی کونسل عالیہ میں ہو چکی ہے للذا ان کی عدالت میں اس کی سماعت نہیں ہو سکتی۔

نواب گورنر بہادر آگرہ کے یہ احکامات سر آنکھوں پر۔ لیکن فدوی یہ ضروری سمجھتا ہے کہ اس مقدمے سے متعلق تمام کاغذات کی نقول گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کو پیش کرے اور بے لاگ فیصلے کا امیدوار ہو۔

گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل ان عرضداشتوں اور دستاویزات جن کی تفصیل درج ذیل ہے' کا جائزہ لینے کے بعد مذکورہ مقدمے کی بابت کماحقہ' آگاہ ہو جائیں گے۔

۱۔ فدوی کے مقدمے کے متعلق سر ایڈورڈ کول بروک صاحب بہادر کی حکومت کو رپورٹ اور حکومت کی طرف سے دیا گیا جواب فرانسس ہاکنز صاحب بہادر کی رپورٹ اور حکومت کی جانب سے جواب۔

فدوی کی انگریزی میں دو درخواستیں جو سرکار عالیہ کی خدمت میں بذریعہ سرکاری (انگریزی) ڈاک روانہ کی گئی تھیں اور سرجون میلکم صاحب بہادر کے نام حکومت کا خط اور موصوف کا جواب۔

گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل ہر دستاویز کا بغور جائزہ لینے کے بعد مندرجہ ذیل نکات سے واقف ہو سکیں گے :

اول : فدوی نے شقہ کو صریحاً جعلی ہی قرار نہیں دیا ہے بلکہ یہ عرض بھی کیا ہے کہ اس کا انگریزی رپورٹ کے ساتھ تقابل کیا جائے۔

دوم : سر جان میلکم صاحب بہادر نے تو محض لارڈلیک صاحب بہادر کی مہر اور دستخط کی ہی تصدیق کی ہے۔ لیکن موصوف نے انگریزی رپورٹوں کی قطعاً نفی نہیں فرمائی ہے۔

سوم : جارج سوٹن صاحب بہادر کی رپورٹ کے مطابق مذکورہ شقہ انگریزی رپورٹ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء کو نہ تو کالعدم قرار دے سکتا ہے نہ اسے جھٹلا سکتا ہے۔

مذکورہ شقہ کے جعلی ہونے کی بابت تمام حقائق پیش کیے جا چکے ہیں تاہم اسقام سے پر اس شقے کا انگریزی رپورٹ سے ہنوز موازنہ نہیں کیا جا سکا ہے۔ چنانچہ فدوی گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل سے بصد ادب التماس کرتا ہے کہ وہ ازراہ انصاف دونوں دستاویزات کی جانچ پڑتال کریں۔ تب ان پر یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ مذکورہ شقہ واقعی جعلی ہے۔ فدوی یہ وضاحت کرنے کی اجازت چاہتا ہے کہ جب تک تمام کاغذات کا بنظر غائر مطالعہ نہیں کیا جاتا' مقدمے کے سلسلے میں حتمی رائے قائم کرنا دشوار ہوگا۔

فدوی کے دعوے سے اس امر کی کما حقہ' تصدیق ہو جائے گی کہ مذکورہ شقہ لارڈ لیک صاحب بہادر کے دفتر سے موصوف کی باقاعدہ اجازت کے تحت جاری نہیں کیا گیا تھا بلکہ احمد بخش خان نے عملہ کے ساتھ ملی بھگت کر کے لارڈ لیک صاحب بہادر سے دستخط بھی کروا لیے اور موصوف کی مہر بھی ثبت کروا دی۔ ان تمام حقائق کی وضاحت آگرہ کے گورنر ولیم بلنٹ صاحب بہادر کے نام درخواست میں کی جا چکی ہے۔

آخر میں مدعی مودبانہ عرض گزار ہے کہ گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل مذکورہ شقے کا انگریزی رپورٹ کے ساتھ موازنہ کر کے یہ بات تسلیم کریں کہ جب حکومت نے یہ فیصلہ صادر فرما دیا تھا کہ مبلغ دس ہزار روپے سالانہ بطور وظیفہ فدوی اور اس کے اہل خاندان کو دیے جائیں تو اس کے بعد لارڈ لیک صاحب بہادر نے کن اصول و ضوابط کے تحت ایسا متضاد حکم جاری فرمایا۔

یہ بات بالکل ناممکن ہے کہ لارڈ لیک صاحب بہادر کی کوئی ایسی دستاویز نے جس بنا پر وہ ایسا کرنے پر مائل ہوئے ہیں جاری کیے بغیر یا حکومت کو بتائے بغیر کسی سابقہ حکم کو جس کی توثیق حکومت نے کر دی تھی' منسوخ کر دیا ہو۔

(دستخط) اسداللہ خان☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۸۳)

بخدمت گرامی: عزت ماب جناب سی گبنز صاحب بہادر
معاون خصوصی فیروز پور کیمپ

جناب عالی!

فدوی بصد افتخار آپ کی اطلاع کے لیے مندرجہ ذیل نکات پیش کرنا چاہتا ہے:

خواجہ حاجی کے لڑکے خواجہ شمس الدین اور خواجہ بدرالدین جنہیں نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے مبلغ دو ہزار روپے سالانہ ملتے رہے ہیں، وہ حسبا" نسبا" کسی طرح بھی نصراللہ بیگ خان سے تعلق نہیں رکھتے۔ ان دونوں افراد کا والد نصراللہ بیگ خان کا ملازم اور بچاس اسپ سواروں کا جمعدار تھا۔ لارڈ لیک صاحب بہادر کے ساتھ نواب احمد بخش خان کا جو معاہدہ ہوا تھا اس کی رو سے وہ اس امر کے پابند تھے کہ مذکورہ دستے کی اپنی جاگیر سے کفالت کرتے تا کہ سرکار برطانوی کی ضرورت کے وقت یہ خدمت سرانجام دے۔ اگرچہ نواب احمد بخش خان خواجہ حاجی کو ماہانہ دو ہزار وظیفہ دیتے رہے لیکن اسے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا تھا۔ اس سے یہ تاثر ابھرا کہ خواجہ حاجی، مرحوم نصراللہ بیگ خان کا رشتہ دار ہے۔ بادی النظر میں اسپ سواروں کا جمعدار اسی وقت تک اپنے عہدے پر بحال رہ سکتا ہے اور اپنی تنخواہ وصول کر سکتا ہے جب تک اسپ سواروں کا دستہ خدمت گزاری پر مامور ہو۔ لیکن چونکہ نواب موصوف کی جاگیر حکومت کے قبضے میں چلی گئی ہے، یہ بات ابھی تک واضح نہیں کہ آیا یہ دستہ برقرار رکھا جائے گا یا نہیں؟

فدوی نصراللہ بیگ خان کا بھتیجا اور حکومت کا بہی خواہ ہونے کے ناتے حضور والا کو مذکورہ معلومات بہم پہنچانے کا پابند ہے۔ فدوی نے فضیلت ماب صاحب بہادر گورنر آگرہ کی خدمت اقدس میں پہلے ہی ایک درخواست پیش کی ہے جس میں اپنے حقوق اور دعوے کے حوالے کے ساتھ ساتھ اس معاملے کو عمومی طور پر بیان کیا ہے۔

مذکورہ جاگیر نواب شمس الدین خان کے قبضے میں اواخر اپریل ۱۸۳۵ء تک رہی۔ ماہ مئی ۱۸۳۵ء سے حکومت کے ساتھ اس کا الحاق ہو گیا۔ چنانچہ فدوی کا یہ عندیہ ہے کہ خواجہ شمس الدین اور خواجہ بدر الدین کو مذکورہ تاریخ

تک کے وظائف جاگیر کے محاصل سے ادا کیے جائیں اور مزید ادائیگی اس وقت تک روک دی جائے جب تک حکومت اس ضمن میں حتمی فیصلہ صادر نہ کردے۔

آخر میں فدوی حضور والا سے گزارش کرتا ہے کہ آپ اس معاملے کے متعلق ضروری احکامات صادر فرمائیں اور اس کی ایک نقل از راہ کرم آگرہ کے گورنر صاحب بہادر کو دہلی روانہ فرمائیں اور اگر حضور والا مناسب سمجھیں تو اس کے متعلق اپنی رائے سے فضیلت مآب گورنر کو بھی مطلع فرمائیں۔

دہلی — آپ کا تابعدار

اکتوبر ۱۸۳۵ء — (دستخط) اسد اللہ خان

(۸۴)

نوٹ

فدوی اسداللہ مود بانہ عرض کرتا ہے کہ اس مکتوب کے مطالعہ سے فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے رو برو فدوی تین نکات برائے ملاحظہ پیش کرنا چاہتا ہے۔

اول : نواب سی گبز صاحب بہادر کے نام مذکورہ بالا خط ارسال کرنے کے ساتھ فدوی نے ان سے یہ درخواست کی تھی کہ موصوف اس کی نقل دہلی کے ایجنٹ صاحب بہادر کی خدمت میں روانہ کر دیں تا کہ وہ اس پر ضروری احکامات صادر فرما دیں یا آگرہ کے گورنر صاحب بہادر کی خدمت میں برائے غور روانہ کر دیں۔ مذکورہ خط نہ تو گورنر صاحب بہادر کی خدمت میں آگرہ روانہ کیا گیا نہ ہی ایجنٹ صاحب بہادر نے اس پر ضروری احکامات صادر فرمائے۔

دوم : فدوی نے صاحب بہادر گورنر آگرہ کے نام اپنی درخواست میں یہ گزارش کی تھی کہ فیروز پور کی ریاست کے محاصل سے فدوی اور اس کے خاندان کے بقایا جات ۳۰۰ سو روپے سالانہ کے حساب سے ادا کرنے کے احکامات صادر فرمائے جائیں۔ لیکن آگرہ کے نواب گورنر صاحب بہادر نے اس ضمن میں کوئی احکامات صادر نہیں فرمائے۔

سوم : فدوی نے اپنے مطالبات آگرہ کے نواب گورنر صاحب بہادر کے ملاحظے کے لیے پیش کیے تھے۔ لیکن فضیلت ماب نے نہ تو خود اس پر اپنا فیصلہ صادر فرمایا اور نہ ہی کونسل عالیہ کے غور و خوض اور ضروری احکامات کے لیے کلکتہ روانہ کیا البتہ یہ تحریر فرمایا کہ یہ مقدمہ ان کے عدالتی اختیار میں نہیں۔ اس پر سرکار عالیہ ہی فیصلہ صادر کرنے کی مجاز ہے۔

اسداللہ خاں برادر زادہ
نصراللہ بیگ خان
جاگیردار سونک سونسہ☆



☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ ۱

(۸۵)

سیاسی کارروائی، آگرہ پریذیڈنسی مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۸۳۵ء سے اقتباس

حکم ہوا کہ دہلی کے ایجنٹ سے درخواست کی جائے کہ وہ اسداللہ خان کو اس حقیقت سے آگاہ رہیں کہ ان کی عرضداشت مورخہ ۲۲ مارچ ۱۸۳۵ء حکومت عالیہ کے زیر غور رہی ہے۔ لیکن مذکورہ مقدمہ گورنر جنرل فضیلت ماب لارڈ ولیم بینٹنک صاحب بہادر کے فیصلے کے مطابق نمٹایا جا چکا ہے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن۔ نمبر آئی او آر ایف /۴/ ۱۶۴۳۔ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۸۶)

بخدمت گرامی جناب ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر
شمال مغربی صوبہ جات دہلی، شعبہ سیاسی

جناب عالی!

مجھے یہ کہنے کی ہدایت کی گئی ہے کہ آپ اسداللہ خان کو اس حقیقت سے مطلع کر دیں کہ ان کی عرضداشت مورخہ ۲۳ مارچ گزشتہ فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے زیر غور رہی ہے لیکن مذکورہ مقدمہ گورنر جنرل فضیلت ماب لارڈ ولیم بنٹنک صاحب بہادر کے فیصلے کے مطابق نمٹایا جا چکا ہے۔

الہ آباد — آپ کا مخلص

مورخہ ۱۸ جون ۱۸۳۶ء — (دستخط) جی، اے، بش بائی☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹ بی پارٹ - ۱

(۸۷)

شمال مغربی صوبہ جات کے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کے شعبہ سیاسی کی کارروائیوں سے اقتباس مورخہ ۲۵ جون ۱۹۳۶ء

منجانب :

ڈبلیو ایچ میکناٹن صاحب بہادر معتمد برائے حکومت ہند

بخدمت گرامی :

جناب جی' اے بش بائی صاحب بہادر معتمد برائے فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر

شمال مغربی صوبہ جات' الہ آباد شعبہ سیاسی

مورخہ ۱۳ جون ۱۸۳۶ء

جناب عالی!

میرے گذشتہ ماہ کی ۲۳ تاریخ کے مراسلہ تسلسل میں مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ اسداللہ خاں کے اصل کاغذات جو نواب گورنر صاحب بہادر کے ذاتی معتمد کے نام ہیں اور ان کے منسلکات مورخہ ۲۲ مئی ۱۸۳۶ء آپ کو بھیجوں۔

گزارش ہے کہ دہلی کے ایجنٹ صاحب بہادر کے توسط سے منسلکہ جواب اسداللہ خان کو بھجوا دیا جائے۔ اس کی ایک نقل فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کی اطلاع کے لیے لف ہے۔

فورٹ ولیم — آپ کا مخلص

۱۳ جون ۱۸۳۶ء — (دستخط) ڈبلیو۔ ایچ۔ میکناٹن معتمد برائے حکومت ہند☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن نمبر آئی او آر ایف /۴ /۱۶۴۳۔ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(٨٨)

منجانب: اسد اللہ خان،

بخدمت گرامی: فضیلت ماب آر، کالون صاحب بہادر(٣٨)

ذاتی معتمد برائے گورنر جنرل، فورٹ ولیم

جناب عالی!

فدوی نہایت مود بانہ عرض گزار ہے کہ آپ منسلکہ درخواست گورنر جنرل صاحب بہادر ان کونسل کے غور کے لیے پیش فرما دیں اور آپ سے یہ بھی التماس ہے کہ اس ضمن میں جو بھی احکامات صادر ہوں، ان سے از راہ نوازش دہلی کے افسر مجاز کو مطلع فرما دیا جائے۔

فدوی بصد ادب التماس گزار ہے کہ اس نے گذشتہ مارچ کی ٢٣ تاریخ کو جو عرضداشت روانہ کی تھی وہ گورنر جنرل صاحب بہادر کے ملاحظے سے گزری کہ نہیں؟ یہ حقیقت جاننے کے لیے فدوی سخت فکر مند ہے۔ چنانچہ آپ کی کرم فرمائی ہوگی اگر اس بارے میں یک سطری تحریر سے فدوی کو مطلع فرما دیں تا کہ اس کا تردد رفع ہو۔

دہلی　　　　آپ کا فرماں بردار

مورخہ ٢٢ مئی ١٨٣٦ء　　　　(دستخط) اسد اللہ خان☆　　　　فارسی مہر

☆انڈیا آفس ریکارڈز، لندن نمبر آئی او آر ایف /٤/ ١٦٤٣۔ بورڈز کلیکشن نمبر ٦٥٦٦٩

(۸۹)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خان مرحوم

بخدمت گرامی: فضیلت مآب لارڈ جی آکلینڈ صاحب بہادر
کے۔ سی۔ بی۔ گورنر جنرل ہند، فورٹ ولیم۔

بعز عرض جناب عالی!

فدوی نہایت مود بانہ عرض گزار ہے کہ اس نے گذشتہ مارچ کی ۲۳ تاریخ کو حضور والا کی خدمت میں اپنا مقدمہ مع ضروری دستاویزات آپ کے مربیانہ غور کے لیے پیش کیا تھا۔ کئی ایک دستاویزات جن کی نقول فدوی کو دستیاب نہ تھیں، ایک علیحدہ یادداشت میں ان کی تفصیل قلمبند کر دی تھی تا کہ حکومت کے دفتر خانہ کلکتہ کے ریکارڈ سے حاصل کی جا سکیں۔

فدوی کو گزٹ کے ذریعے یہ علم ہوا ہے کہ حضور والا ان دنوں ملکی معاملات طے کرنے میں بے حد مصروف ہیں۔ چنانچہ فدوی کا گمان ہے کہ اس کے مقدمہ پر ابھی کوئی فیصلہ صادر نہیں ہو سکا ہے تاہم فدوی کو ایسی کوئی عجلت بھی نہیں ہے اس لیے کہ اسے یقین واثق ہے وقت آنے پر حضور والا از راہ نوازش اپنی مشفقانہ توجہ مقدمے پر ضرور مبذول فرمائیں گے۔ فدوی کو حضور والا کی ذات گرامی سے پوری توقع ہے کہ اسے جائز انصاف ملے گا اور اس کے واجبات ادا کیے جائیں گے۔ لیکن کچھ ایسے حالات رونما ہوئے ہیں جنھوں نے فدوی کے ذہن میں کچھ الجھن پیدا کر دی ہے اور اس کے ازالے کے لیے ناگزیر ہے کہ فدوی حضور والا کے علم میں مندرجہ ذیل نکات پیش کر کے خصوصی توجہ اور فوری احکامات کے نفاذ کا طلب گار ہو۔

حضور والا نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ فدوی نے قبل ازیں حقوق کے مطالبہ کے ضمن میں یہ گزارش کی تھی کہ اس کی واجب الادا رقم (جس کا ذکر بہت سے دعووں میں کیا تھا) مبلغ =/۲،۰۳،۰۰۰ روپے نواب شمس الدین خاں کی مجموعی رقم مبلغ /۲،۶۰،۰۰۰ روپے سے ادا کی جائے جو فی الوقت سرکار برطانیہ کی تحویل میں ہے اور یہ کہ دیگر دعویداروں کو مذکورہ رقم اپنے تصرف میں لانے سے باز رکھا جائے اس لیے کہ یہ سائل ہی دراصل اس کا حق دار ہے

[illegible] بیان کر چکا ہے کہ مذکورہ رقم فی الواقع حکومت کی ملکیت ہے اور اس پر صحیح معنوں میں نصراللہ بیگ خان مرحوم کے متوسلین کا ہی حق ہے۔

شمس الدین خان کے ورثا یا دیگر دعویداروں نے دہلی کی دیوانی عدالت میں یہ درخواست دے رکھی ہے کہ مذکورہ رقم انہیں ادا کی جائے۔ اس لیے فدوی عرض گزار ہے کہ حضور والا دہلی کے ایجنٹ یا سیشن جج صاحب کو حکم صادر فرمائیں کہ اس مدعی کی مطلوبہ رقم مبلغ =/۲۰۳٬۰۰۰ روپے' =/۲٬۶٬۰۰۰ والی رقم سے منہا کر لی جائے اور فدوی کے مقدمے کا حتمی فیصلہ سنانے تک سرکاری خزانے میں جمع کرا دی جائے۔

دہلی' مورخہ ۲۲ مئی ۱۸۳۶ء   عرض گزار آپ کے لیے دعاگو رہے گا☆



☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف /۴/ ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۹۰)

منجانب: ڈبلیو' ایچ میکناٹن صاحب بہادر معتمد برائے حکومت ہند

بخدمت گرامی: اسداللہ خان

جناب عالی!

فضیلت ماب گورنر جنرل ان کونسل کی ہدایت کے بموجب عرض ہے کہ گذشتہ ماہ کی ۲۲ تاریخ کا لکھا ہوا آپ کا مکتوب مع منسلکات بنام معتمد ذاتی برائے گورنر جنرل صاحب بہادر موصول ہوا۔

مجھے یہ جواب دینے کی ہدایت کی گئی ہے کہ آپ کی مذکورہ چٹھی اور اس کے جملہ منسلکات فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر بہادر شمال مغربی صوبہ جات کو ارسال کر دیے گئے ہیں جو اپنی صوابدید کے مطابق آپ کے مقدمے کی بابت کوئی فیصلہ صادر فرمائیں گے۔

آپ کا مخلص

فورٹ ولیم' ۱۳ جون ۱۸۳۶ء

(دستخط) ڈبلیو' ایچ' میکناٹن

معتمد برائے حکومت ہند

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) ڈبلیو' ایچ' میکناٹن معتمد برائے حکومت ہند☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن۔ نمبر آئی او آر ایف / ۴ / ۱۶۳۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۹۱)

حکم ہوا کہ اسد اللہ خان کے نام مذکورہ خط دہلی کے ایجنٹ کے توسط سے ارسال کیا جائے۔

(نقل مطابق اصل)

سی، جی، مینسل(۳۹)
قائم مقام معتمد برائے لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن۔ نمبر آئی او آر ایف /۴/ ۱۶۴۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۹۲)

فضیلت لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر شمالی مغربی صوبہ جات کے شعبہ سیاسی میں ہونے والی کارروائیوں بابت ماہ اپریل مئی، جون ۱۸۳۶ء مورخہ ۲۹ اکتوبر ۱۸۳۶ء سے اقتباس

اسداللہ خان کے مطالبہ برائے اضافہ وظیفہ جو فیروزپور کے محاصل سے ادا کیا جائے۔

☆ کارروائی نمبر ۲ تا ۵ مورخہ ۱۸ جون ۱۸۳۶ء

☆ کارروائی نمبر ۲ تا ۴ مورخہ ۵۲ جون ۱۸۳۶ء

☆ بحوالہ مجموعہ دستاویزات نمبر ۴۷

حکومت ہند کی جانب سے ارسال کی ہوئی دو عدد درخواستیں مع منسلکات موصول ہوئیں۔ جو اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خان نے اس موقف سے ساتھ پیش کی تھیں کہ جب فیروزپور کی جاگیر مرحوم احمد بخش خان کو مرحمت کی گئی تھی اس وقت یہ طے ہوا تھا کہ ریاست مذکورہ کے محاصل سے مبلغ دس ہزار روپے سالانہ مدعی کے چچا☆ اور ان کے خاندان کی کفالت کے لیے مختص کر دیے جائیں گے۔ لیکن چچا کے انتقال کے بعد انہیں فقط تین ہزار روپے سالانہ ملتے رہے۔ اب چونکہ فیروزپور کی جاگیر سرکار برطانیہ کی تحویل میں چلی گئی ہے، مدعی عرض گزار ہے کہ گذشتہ ۲۹ برسوں کے وظیفے کے فرق کی رقم شمس الدین خاں مرحوم کی ریاست سے ادا کی جائے۔ اگر یہ جاگیر مرحوم نواب کے ورثا کو واپس دے دی جاتی ہے تو اس صورت میں مدعی اسداللہ خان درخواست گزار ہے کہ آئندہ اسے وظیفے کی رقم مبلغ دس ہزار روپے سالانہ سرکاری خزانے سے ادا کی جائے۔

پیراگراف نمبر ۱۳: مورخہ ۲۷ جنوری ۱۸۳۱ء کو حکومت نے اس معاملے میں مداخلت کرنے سے انکار کر دیا جس کے تحت فیروزپور کے سردار نواب احمد بخش کی جانب سے نصراللہ بیگ خان کے اقربا کی مالی معاونت کرنے کا بندوبست کیا گیا تھا۔ مزید برآں، ایجنٹ صاحب بہادر کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ مدعی کو اس حقیقت سے مطلع فرمادیں کہ مذکورہ بالا فیصلے کے تحت اس کا مقدمہ نمٹایا جا چکا ہے☆☆۔

☆ یہ بات غلط ہے اسداللہ خاں کے چچا کی وفات کے بعد یہ انتظام کیا گیا تھا۔ (مرتب)

☆☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف / ۴ / ۱۶۴۳، بورڈز کلیکشن نمبر ۶۵۶۶۹

(۹۳)

بخدمت گرامی: جناب آر' ایچ' سکاٹ صاحب بہادر
قائم مقام معتمد برائے لیفٹیننٹ گورنر'
شمال مغربی صوبہ جات شعبہ سیاسی آگرہ۔

جناب عالی!

میں آپ کی خدمت میں اسداللہ خان برادر زادہ نصراللہ بیگ خان مرحوم کی انگریزی زبان میں تحریر کی ہوئی درخواست بنام فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر شمال مغربی صوبہ جات' ارسال کر رہا ہوں۔

دہلی ایجنسی
مورخہ ۲۶ اگست ۱۸۳۷ء

آپ کا مخلص
(دستخط) ٹی ٹی مٹکاف
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ پنجاب آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈ۔ کیس نمبر۹ ۔ بی پارٹ ۔ II

(۹۴)

عاجزانہ عرضداشت اسداللہ خان، برادر زادہ نصراللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا

بخدمت گرامی:
فضیلت ماب سر سی ٹی ایم منکاف صاحب بہادر بیرونٹ جی سی بی
لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات آگرہ

بعز عرض جناب عالی!
حضور والا اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ فدوی کے حقیقی چچا مرحوم نصراللہ بیگ خان کو سرکار برطانیہ نے بطور عطیہ ایک جاگیر مرحمت فرمائی تھی۔ ان کی رحلت کے بعد جب مذکورہ جاگیر حکومت نے قبضہ میں لے لی تو نصراللہ بیگ خان کے اقربا (مشتمل بر پانچ افراد یعنی یہ فدوی، اس کا بھائی اور ہماری تین پھوپیاں) کی پرورش وپرداخت کے لیے احمد بخش خان کی جاگیر سے وظیفہ مقرر کر دیا گیا اور ان پانچ افراد کو احمد بخش خان کی جاگیر سے سالانہ کل تین ہزار روپے ۱۸۰۶ء سے ملتے رہے۔ جاگیر کی ضبطی کے بعد یہ افراد سرکاری خزانے سے پنشن وصول کرتے رہے۔ یہاں اس حقیقت کا اظہار نا مناسب نہیں ہو گا کہ نصراللہ بیگ خان کے اقربا کو پنشن احمد بخش خان کی جاگیر کی آمدنی سے نہیں ملتی بلکہ اس زر استمرار سے ادا کی جاتی ہے جو احمد بخش خان کی جانب سے حکومت پر واجب الادا ہے۔

دوم: فدوی اور اس کے اہل خاندان کو تین ہزار روپے سالانہ کے حساب سے مبلغ ۷۲۵۰ روپے بطور بقایا جات شمس الدین خان نے ادا کرنے ہیں۔ اس رقم میں سے مبلغ ۳۷۵۰ روپے بلا شرکت غیرے فدوی اور اس کے بھائی کو گذشتہ ۴۔ ۵ سال کے بقایا جات کے طور پر واجب الادا ہیں اور مذکورہ رقم سی گبن صاحب بہادر کے ماتحت کلیکٹریٹ ڈیپارٹمنٹ سے دیے جانے منظور ہوئے ہیں اور دہلی کے ایجنٹ بہادر نے بھی ۳۱ اکتوبر ۱۸۳۵ء کو ایک حکم جاری فرمایا تھا کہ یہ رقم فدوی کو شمس الدین خان مرحوم کی جائیداد کی فروخت سے ادا کر دی جائے۔ لیکن ۳۵۰۰ روپے کے واجبات ابھی تک مذکورہ تمام افراد یعنی آپ کے درخواست گزار، اس کے بھائی اور تین پھوپھیوں (۳۰۰۰ ہزار روپے سالانہ کے حساب سے چودہ ماہ کے بقایا جات)، کو ادا کیے جانے باقی ہیں۔ سی ٹی منکاف صاحب بہادر کے

حکم کے مطابق فدوی کا دعوے دیوانی عدالت میں زیر سماعت ہیں اور متعلقہ مسل کارروائی کے لیے تیار ہے۔ جہاں تک ۳۵۰۰ روپے کا تعلق ہے تو یہ فیروز پور کے کاغذات سے ثابت ہو جائے گی۔ اس فدوی نے اول الذکر رقم کے جو مطالبات کیے تھے، وہ فیروز پور کے کاغذات سے پہلے ہی صحیح ثابت ہو چکے ہیں اور یہ بات بھی واضح ہے کہ فدوی اور اس کے اہل خاندان نہ تو شمس الدین خان مرحوم کے ملازم ہیں نہ قرض خواہ اور حکومت کے احکامات کے بموجب ان کی پنشن نواب احمد بخش خان کی جاگیر سے مقرر ہو چکی ہے اور یہ رقم حکومت کے زراستمراری سے ادا ہونی ہے۔

سوم: فدوی اور اس کے اہل خاندان مذکورہ رقم کا مطالبہ کرتے ہوئے نہایت مودبانہ التماس گزار ہیں کہ ان کے مطالبات کو شمس الدین خان مرحوم کے ملازمین اور قرض خواہوں کے مطالبات کے انداز میں نہ دیکھا جائے۔ فدوی نہایت ادب کے ساتھ اسی نوعیت کے ایک مقدمے کی مثال پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہے۔ امین الدین خان اور ضیاء الدین خان کو ان کے واجب الادا بقایا جات مبلغ ۴۴ ہزار روپے شمس الدین خان کی جائیداد کی فروخت کی رقم سے ادا کر دیے گئے ہیں۔ چنانچہ اس فدوی اور اس کے اہل خاندان کو یقین ہے کہ ہمیں بھی بقایا رقم اسی طرح مل جائے گی۔ اگر یہ دلیل دی جائے کہ امین الدین خان(۴۰) اور ضیاء الدین خان(۴۱) کے واجبات لوہارو کی آمدنی سے ادا کیے گئے تھے تو یہ مدعی بصد ادب عرض گزار ہے کہ ہمیں بھی پنشن کی رقم حکومت کے زر استمرار سے ادا کی جائے۔

چہارم: آپ کا خاکسار مدعی اور اس کے نادار اہل خاندان نہایت تکلیف دہ صورت حال سے دو چار ہیں لہٰذا ہم سے بصد ادب ملتمس ہیں کہ حضور والا دہلی کے ایجنٹ صاحب بہادر کو از راہ نوازش ہدایت فرمائیں گے کہ وہ ہمارے مطالبات کو شمس الدین خان مرحوم کے عام ملازمین اور قرض خواہوں کے مطالبات کی مانند تصور نہیں کریں گے بلکہ یہ حکم دیں گے کہ یہ رقم (فی الوقت یہی رقم فدوی اور اس کے خاندان کے لیے قرض کی ادائیگی کا واحد ذریعہ ہے۔) ہمیں اسی انداز میں ادا کر دی جائے جیسے امین الدین خان اور ضیاء الدین خان کو ان کے بقایا جات ادا کیے گئے تھے۔ مذکورہ رقم بعد ازاں کھاتے میں درج کی جا سکتی ہے۔

مدعی آپ کے لیے دعاگو رہے گا

دہلی

۱۷ اگست ۱۸۳۷ء

محمد اسد اللہ خان☆



☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۹۵)

بخدمت گرامی: جناب ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر'
شمال مغربی صوبہ جات' دہلی' شعبہ سیاسی

جناب عالی!

حسب ہدایت یہ اطلاع دے رہا ہوں کہ آپ کا گزشتہ اگست کی ۲۶ تاریخ کا مکتوب موصول ہوا۔ اسداللہ خاں کی منسلکہ درخواست گورنر صاحب بہادر کے ملاحظے کے لیے پیش کر دی گئی ہے۔

آگرہ — آپ کا مخلص

۲۰ ستمبر ۱۸۳۷ء — (دستخط) آر' این' سی ہملٹن☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ ۱

بخدمت گرامی: جناب آر این سی ہملٹن صاحب بہادر(۴۲)
قائم مقام معتمد برائے فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات' شعبہ سیاسی' آگرہ

جناب عالی!

آپ کا حالیہ ماہ کی ۲۰ تاریخ کا مکتوب نمبر ۱۶۰ جس میں اسداللہ خان کی درخواست کی نقل بغرض رپورٹ بھیجی گئی تھی' موصول ہوا اور جواب میں ریاست فیروز پور کے افسر انچارج کے ۱۸۳۵ء کے اس بیان کی (جو مدعی کی جانب سے داخل کیے گئے مطالبات سے متعلق ہے) کی نقل فضیلت ماب لیفٹیننٹ گورنر کے ملاحظے کے لیے پیش خدمت ہے۔

۲ ۔ اس دستاویز کے جائزے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ (فصلی سال ۱۲۳۷۔ ۴۱ تک) جب ریاست ضبط کی گئی' بقایا جات کی اصلی رقم یعنی مبلغ /۴۰۰۰ روپے مرحوم نواب کی طرف واجب الادا تھی جس میں مبلغ /۳۲۵۰ روپے پہلی اقساط میں چکا دیے گئے تھے اور بقیہ رقم مبلغ /۳۷۵۰ روپے اسداللہ خان وغیرہ کو واجب الادا ہے۔

۳ ۔ بقایا رقم جس کا تعلق جاگیر کی ضبطی سے قبل سے ہے' میرے خیال کے مطابق اسے ضبط شدہ جائیداد سے ادا کیا جانا چاہیے نہ کہ حکومت کے خزانے سے۔

۴ ۔ عزت ماب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر اگر اس کلیہ سے اتفاق فرماتے ہیں تو پھر بقایا رقم کی ادائیگی سرکاری خزانے میں جمع شدہ رقم سے یا تو فوری ادا کر دی جائے یا ریاست کے معاملات حتمی طور پر طے ہو جانے کے بعد دے دی جائے۔

دہلی ایجنسی' ۲۷ ستمبر ۱۸۳۷ء۔

آپ کا مخلص

(دستخط) ٹی ٹی مٹکاف

ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ... ۔۔ نذ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر ۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۹۷)

بخدمت گرامی: ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے گورنر جنرل صاحب بہادر
دہلی، شعبہ سیاسی۔

جناب عالی!

آپ کے حالیہ ماہ کی ۲۰ تاریخ کے مکتوب اور مرزا نوشہ، یوسف وغیرہ کی واجب الادا قسطوں کے متعلق مسلمہ دستاویزات کے جواب میں عرض ہے کہ انہوں نے اپنے دعوؤں میں جو موقف اختیار کیا ہے وہ درست نہیں! مذکورہ خاندان کو ملنے والے وظیفے کی رقم محض ۵۰۰۰ ہزار روپے سالانہ یا ۲،۵۰۰ ہزار فصلانہ ہے۔

جب جاگیر ضبط ہوئی اس وقت مرزا یوسف اور مرزا نوشہ کے بقایا جات مبلغ ۴،۵۰۰ روپ تھے۔ یہ فصلی سال ۱۲۳۷ ۔ ۳۸ ۔ ۳۹ ۔ ۱۲۴۱ کی جمع شدہ رقم تھی۔ جب ربیع کی فصل کی آمدنی وصول ہوئی تو مذکورہ موسم کے کل فصلانہ سے اس خاندان کو ۲،۵۰۰ روپے ادا کر دیے گئے تھے۔ اور بقایا جات کی قسط کے طور پر ۷۵۰ روپے بھی ادا کیے گئے جس کی رضا مندی نواب نے پہلے ہی دے دی تھی۔ اس طرح ان کو مجموعی ادائیگی =/۳،۲۵۰ روپے ہو گئی۔

لہٰذا اس وقت کل ۳۷۵۰ روپے ان کو واجب الادا ہیں۔ چونکہ مذکورہ رقم کی ادائیگی پچھلے برسوں کی آمدنی سے ہونی چاہیے تھی، لہٰذا اس کا بار جاگیر کی مستقبل کی آمدنی پر نہیں پڑے گا بلکہ نواب کی جائیداد سے ادا ہو گی۔ چاہے اس کی رقم سرکاری خزانے میں جمع ہو یا اس (نواب) کے اثاثے فروخت کر کے حاصل ہوئی ہو۔

میں نے مذکورہ جاگیر کے حسابات کی بغور جانچ پڑتال کی ہے لہٰذا میں نہایت اعتماد کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں کہ مرزا نوشہ وغیرہ نے جو استغاثہ داخل کیا ہے وہ سرا سر غلط ہے۔

میں اس خط کے ساتھ ان لوگوں کی بقایا رقم کا صحیح گوشوارہ منسلک کر رہا ہوں۔

فیروز پور آفس — آپ کا مخلص

کیمپ ریواڑی — (دستخط) سی، گبنز

۲۹ اکتوبر ۱۸۳۵ء — نائب اول برائے قائم مقام گورنر جنرل و کمشنر☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ ۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۹۸)

بخدمت گرامی: جناب ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات، شعبہ ریاستی امور

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا ماہ گذشتہ کی ۲۰ تاریخ کا مکتوب جس میں آپ نے مرزا اسداللہ خان کے اپنی پنشن کے بقایا جات کے سلسلے میں نواب شمس الدین خاں مرحوم کی ریاست کے خلاف استغاثہ پر اپنی رپورٹ پیش کی ہے موصول ہوا۔

۲۔ حسب خواہش جواب میں یہ عرض ہے کہ مذکورہ بقایا جات واقعی نواب مرحوم کی جائیداد سے واجب الادا ہیں۔ جن کی بے باقی وہاں کے محاصل ہی سے ہونی چاہیے۔

آگرہ
۴ اکتوبر ۱۸۳۷ء

آپ کا مخلص
(دستخط) آر این سی ہملٹن
قائم مقام معتمد☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔۱

(۹۹)

بخدمت گرامی: جناب آر این سی ہملٹن صاحب بہادر
قائم مقام معتمد برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات' شعبہ سیاسی آگرہ

جناب عالی!

آپ کا ماہ ہذا کی ۷ تاریخ کا مراسلہ نمبر ۱۹۴ جس میں نواب احمد بخش خان مرحوم کی بھتیجیوں' بنیادی بیگم(۴۳) اور امراؤ بیگم(۴۴) کا اصل استغاثہ برائے رپورٹ بھیجا گیا ہے' موصول ہوا۔

☆☆☆☆

۶ ۔ جہاں تک دوسری مدعیہ امراؤ بیگم کا معاملہ ہے تو دفتر کے ریکارڈ کے معائنے کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ ماہ جون ۱۸۰۶ء میں جرنیل لارڈ لیک صاحب بہادر نے فیروز پور کی جاگیر سے موصوفہ کے شوہر مرزا اسداللہ عرف مرزا نوشہ کو پنشن دینا طے کیا تھا۔

۷ ۔ نواب شمس الدین خان اور مرزا اسداللہ کے درمیان (غالباً ۲۹۔ ۱۸۲۸ء میں) جھگڑا ہو جانے کے باعث آخر الذکر نے پنشن لینے سے انکار کر دیا۔ امراؤ بیگم نے ۱۲ اگست ۱۸۳۳ء کو آں جہانی ایجنٹ کی خدمت میں ایک عرضی پیش کی تھی جس میں یہ گزارش کی تھی کہ ان کے شوہر کی پنشن کے بقایا جات سے انہیں بھی رقم ادا کرنے کا بندوبست کیا جائے۔ جس پر فریزر صاحب بہادر نے مرزا اسداللہ کو بلا کر دریافت کیا کہ وہ اپنی پنشن کا کتنا حصہ اپنی اہلیہ کو دینا چاہیں گے۔

۸ ۔ مرزا اسداللہ نے جواب دیا کہ ماضی میں انہوں نے اپنی اہلیہ کو سالانہ ۴۰۰ روپے بطور گزارہ الاؤنس دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن گذشتہ ۵ سال سے انہوں نے اپنی بیوی کو کچھ بھی نہیں دیا ہے اس لیے کہ خود ان کی آمدنی

کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے۔ البتہ اگر انہیں بقایا جات مل جاتے ہیں تو اہلیہ کو مناسب رقم ادا کر دیں گے اس لیے کہ ان کی اہلیہ نے تین ہزار روپے میں اپنے زیورات فروخت کر کے گزارہ کیا تھا اور اسی مجبوری کے تحت قانونی چارہ جوئی کی تھی' اس کی تلافی کر دیں گے۔

۹۔ بعد ازاں آن جہانی ایجنٹ نے ۲۴ اگست ۱۸۳۳ء کو نواب موصوف کو ہدایت دی کہ وہ امراؤ بیگم کو ان کے شوہر کے بقایا جات سے مبلغ تین ہزار روپے ادا کر دیں۔ اور انہیں باقاعدگی سے ان کی پنشن کا تسلیم شدہ حصہ مبلغ ۴۰۰ روپے سالانہ ادا کرتے رہیں۔

۱۰۔ امراؤ بیگم نے یہ اقرار کیا ہے کہ انہیں ماضی میں شوہر کو ملنے والی رقم مبلغ /۶۰۰ روپے سے ڈیڑھ سال کا وظیفہ بحساب ۔/۴۰۰ روپے سالانہ وصول ہوا تھا۔ البتہ تین ہزار روپے کے بقایا جات کے لیے انہوں نے کمشنر خصوصی کی عدالت میں مقدمہ دائر کیا تھا۔ جس نے یہ رائے قائم کی تھی کہ ان کا استغاثہ شوہر کے خلاف ہونا چاہیے نہ کہ مرحوم نواب کی ریاست کے خلاف! مزید یہ کہ اسی طرح مرزا اسداللہ نے دو قسم کے دعوے دائر کیے تھے۔ ایک تو یہ کہ نواب کی وفات کے وقت ان کی پانچ سالہ پنشن کی بقایا رقم مبلغ /۳٬۷۵۰ روپے' ان کو واجب الادا تھے دوسرے /۳٬۵۰۰ روپے جو مذکورہ پانچ سالہ مدت سے قبل کے واجب الادا تھے۔ ان بیانات کی تصدیق کا دارو مدار لامحالہ اس کے شوہر پر ہی ہے۔ تاہم یہ درست ثابت ہوں یا نہ ہوں' ان کے علاوہ مرزا کی اہلیہ کسی اور قسم کا دعویٰ کرنے کی مجاز نہیں!۔

۱۱۔ اصل درخواست واپس کی جاتی ہے۔

دہلی ایجنسی
۷ر اکتوبر ۱۸۳۷ء

آپ کا مخلص
(دستخط) ٹی' ٹی' مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ پنجاب آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۱۰۰)

بخدمت گرامی: جناب ٹی ٹی مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات، شعبہ سیاسی، دہلی

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا ماہ ہذا کی ۱۷ تاریخ کا مکتوب جس میں بنیادی بیگم اور امراؤ بیگم کے استغاثے سے پر رپورٹ پیش کی گئی ہے موصول ہوا۔ جواب میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان بیگمات نے جو استغاثے دائر کیے ہیں وہ نواب شمس الدین خان مرحوم کی ریاست کے خلاف ہیں۔ اس لیے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر اس معاملے میں مداخلت قطعاً" مناسب نہیں سمجھتے۔

کمشنر صا ب بہادر کی عدالت میں زیر سماعت تحقیقات مکمل ہونے کے بعد آپ جملہ صورت حال سے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کو مطلع فرمائیں تاکہ مرحوم شمس الدین کے خاندان کی ضرورتوں اور مالی پریشانیوں کا کماحقہ، ادراک ہو سکے۔ اس طرح آپ حکومت کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔

آگرہ
مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۸۳۷ء

آپ کا مخلص
(دستخط) آر این سی ہملٹن صاحب بہادر
قائم مقام معتمد☆

☆ پنجاب آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۱

(۱۰۱)

اقتباس از سیاسی مکتوب برائے ہندوستان مورخہ ۷ فروری ۱۸۳۷ء

اکتوبر ۱۸۳۵ء کی روداد نمبر ۳۳ - ۳۴- اور ۱۳۶- ۱۳۷ اپریل، مئی اور جون ۱۸۳۶ء کی روداد۔ اسداللہ خان کی جانب سے فیروزپور کی جاگیر سے ملنے والے وظیفہ میں اضافہ کا استغاثہ۔

۸۹ - جاگیر کی ضبطی کے بعد یہ استغاثہ معقول دلائل کی بنیاد پر رد کر دیا گیا تھا☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن۔ نمبر آئی او آر ای /۴/ ۷۵۳ پولٹیکل ڈسپیچ نمبر ۱۰ مورخہ ۷۔ فروری، ۱۸۳۸ء

(۱۰۲)

احمد بخش خان مرحوم کے برادر حقیقی الٰہی بخش خان کے ورثا علی بخش خان، بنیادی بیگم اور امراؤ بیگم کی جانب سے فضیلت ماب گورنر جنرل بہادر کو ۲۰ فروری ۱۸۳۸ء کو موصولہ عرضی کی تلخیص

مدعیان نے یہ عرض کیا ہے کہ ان کے مرحوم چچا احمد بخش خان نے انہیں مثل اپنی اولاد کے سمجھتے ہوئے سرکار برطانیہ کی جانب سے مرحمت کی گئی جاگیر سے ان کی مالی اعانت کے لیے علیحدہ وظیفہ مقرر کر رکھا تھا جو سامان خور و نوش و ملبوسات نیز شادی بیاہ اور ان کے خاندانوں میں وقوع پذیر ہونے والی تقریبات کے اخراجات کے علاوہ تھا۔ یہ کہ حال ہی میں حکومت کی جانب سے جاگیر کی ضبطی کی بنا پر ان کے وظائف بند کر دیے گئے ہیں اس صورت حال کی وجہ سے یہ لوگ غربت کے پست ترین درجہ پر پہنچ گئے ہیں اور روز مرہ کی ضروریات زندگی سے بھی بالکل تہی دست ہو گئے ہیں، اس کسمپرسی کے عالم میں حضور والا کے مساویانہ و بے لاگ انصاف کے پیش نظر امید کرتے ہیں آپ ان کے بد قسمت معاملہ پر غور فرمائیں گے اور ہمدردانہ مالی معاونت کی کوئی سبیل پیدا فرمائیں گے۔

(مختصر ترجمہ مطابق اصل)

(دستخط) ایچ۔ ٹورنز(۴۵) نائب معتمد☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ ۔ ۱

(۱۰۳)

بخدمت گرامی: جناب ڈبلیو' ایچ' میکناٹن صاحب بہادر
معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر
شمال مغربی صوبہ جات' شملہ

جناب عالی!

میں بصد افتخار فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کے احکامات کی تعمیل کے لیے مرزا نصراللہ خان مرحوم کے ایک وارث مرزا اسداللہ خاں عرف مرزا نوشہ کی انگریزی درخواست پیش کر رہا ہوں جس میں استدعا کی گئی ہے کہ مرحوم نواب شمس الدین کی ریاست کے امور کو نبٹانے کے لیے مقرر کیے گئے خصوصی کمشنروں نے اس کے حق میں جتنی رقم کا فیصلہ صادر کیا ہے وہ اسے پوری کی پوری رقم ادا کی جانی چاہیے اس کا موقف ہے کہ اس رقم کو قرض نہ سمجھا جائے بصورت دیگر دوسرے قرض داروں کی طرح اسے بھی محض منافع ہی حاصل ہوگا۔

۲۔ مرزا اسداللہ خان اور اس کے بھائی مرزا یوسف نے خصوصی کمشنروں کی عدالت میں یہ دعوی دائر کیا تھا کہ مرحوم نواب کی رحلت کے وقت ان کی پنشن کے بقایا جات مبلغ /۳۷۵۰ روپے واجب الادا تھے۔ مرزا نصراللہ بیگ کے ورثا کی حیثیت سے ان میں سے ہر ایک کو مبلغ /۱۵۰۰ روپے سالانہ کے حساب سے عزت ماب جنرل لارڈ لیک صاحب بہادر کی جانب سے مرحمت کیے گئے اس عطیہ کی رو سے جس کی توثیق حکومت نے کر دی تھی کے حق دار تھے۔

۳۔ ۱۸۳۲ء میں ان لوگوں نے اپنے واجب الادا بقایا جات کی بے باقی کے سلسلے میں آں جہانی ایجنٹ کی مدد چاہی تھی اس پر نواب شمس الدین سے گزارش کی گئی تھی کہ وہ مطالبہ پورا کریں۔ جواب میں نواب موصوف نے فریزر صاحب بہادر کو مطلع کیا کہ مدعیان نے اپنی جائز واجب الادا پنشن سے زائد کا مطالبہ کا کیا تھا اور چونکہ ان کے مطالبے کی سختی سے نفی کی گئی' لہٰذا انہوں نے وہ رقم بھی جس کے وہ حق دار تھے لینے سے انکار کر دیا۔ بالاخر حکومت کے روبرو معاملہ پیش کیا گیا اور مدعیوں کی جانب سے زائد رقم کا مطالبہ ناقابل پذیرائی قرار دیا گیا (مئی ۱۸۳۲ء)۔

۴۔ حکومت کے احکامات ملنے کے بعد مرحوم نواب نے میرے پیش رو کو اس حقیقت سے مطلع کیا کہ وہ اس قابل نہیں ہیں وہ جمع شدہ (مدعیوں کی مقدمہ بازی کے باعث) بقایا جات یک مشت ادا کر سکیں البتہ وہ اس بات پر رضا مند ہیں کہ وہ رزااں سال کی پنشن کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ ایک سال کے بقایا جات ادا کرتے رہیں گے' تا آنکہ حساب بے باق ہو جائے۔ جناب فریزر صاحب بہادر نے اس بندوبست کی منظوری دے دی تھی' لیکن نواب کی زندگی نے وفا نہیں کی اور وہ معاہدے پر عمل درآمد نہ کر سکے۔

۵۔ مذکورہ بالا واقعات سے یہ حقیقت بخوبی واضح ہو گئی کہ مدعیان کی اپنی ہٹ دھرمی کی وجہ سے بقایا رقم جمع ہوتی چلی گئی جنہوں نے اپنے بے بنیاد دعوے کے منظور کیے جانے تک اپنے جائز واجبات بھی حاصل کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ خصوصی کمشنروں نے ان کے حق میں ایسا استثنا دینے سے انکار کر دیا جو دوسرے قرض خواں سے نا انصافی پر منتج ہو۔

دہلی ایجنسی
۳ جولائی ۱۸۳۸ء

آپ کا مخلص
(دستخط) ٹی' ٹی' منکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے گورنر جنرل صاحب بہادر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ اا

(۱۰۴)

عاجزانہ عرضداشت اسد اللہ خان' برادر زادہ نصر اللہ بیگ خان جاگیردار سونک سونسا

فضیلت ماب لارڈ جارج آکلینڈ صاحب بہادر
جی سی بی گورنر جنرل صاحب بہادر ہند

بعز عرض جناب عالی!

فدوی بصد ادب باور کرتا ہے کہ حضور والا اس امر سے بخوبی واقف ہوں گے کہ اس کے چچا نصر اللہ بیگ خان مرحوم کو سرکار برطانیہ نے ایک جاگیر بطور عطیہ مرحمت فرمائی تھی جو حین حیات عطیہ ہونے کی بنا پر ان کے انتقال کے بعد حکومت کی ملکیت قرار پائی اور ان کے اقربا کی پرورش و پرداخت کے لیے حکومت نے لارڈ لیک بہادر کی رپورٹ مورخہ ۴ مئی ۱۸۰۶ء پر مبلغ دس ہزار روپے سالانہ کی پنشن مقرر فرمائی جو نواب احمد بخش خاں کی جاگیر کے اس زر استمراری سے جو حکومت کو واجب الادا تھا ملنا تھی لیکن احمد بخش خان نے اس حکم کو پوشیدہ رکھا اور جب سے اس مدعی اور اس کے اہل خاندان کو مبلغ تین ہزار روپے ادا کرتے رہے ہیں (دس ہزار سالانہ میں سے)۔ یہ عرض کرنا غیر ضروری ہے کہ یہ معاملہ متنازعہ بن چکا ہے اور فدوی کی اپیل حضور والا نے از راہ نوازش ڈائرکٹروں کی عدالت کے فیصلہ کے لیے بھیج دی ہے۔ جب تک فیروز پور کی جاگیر وہاں کے جاگیردار کی تحویل میں رہی' یہ فدوی اپنی پنشن وہیں سے وصول کرتا رہا۔ اس کی ضبطی کے بعد' حکومت کے احکامات کے بموجب فدوی کو مذکورہ پنشن سرکاری خزانے سے ادا کی جا رہی ہے۔

جب تک مذکورہ جاگیر شمس الدین خاں مرحوم کی تحویل میں رہی' اس وقت تک کی پنشن کے بقایاجات مبلغ ۔/۲۷۵۰ روپے (بحساب ۔/۳۰۰۰ روپے سالانہ) فدوی کو واجب الادا ہیں اور جناب کولن لنڈ سے نے بھی بحیثیت خصوصی کمشنر تفتیش کے بعد مذکورہ رقم کو صحیح قرار دیا ہے۔ چنانچہ عدالت عالیہ نے بھی مدعی کے حق میں ڈگری دی ہے۔

اب مدعی کو یہ معلوم ہوا ہے کہ شمس الدین خاں مرحوم کے تمام قرض خواہوں کو فی روپیہ ۸ آنے چھ پائی بطور معاوضہ دیا جائے گا۔ یہ کہ اس مدعی کو بھی اسی فیصلے کے مطابق ادائیگی ہوگی اس بات سے سائل کے ذہن میں تو معمولی سا خلجان بھی نہیں ہے تاہم فدوی کو احتمال ہے کہ اس حقیقت حال پر حضور والا ضرور حیران ہوں گے اس لیے کہ یہ فدوی نہ تو مرحوم جاگیردار کا کوئی ملازم تھا نہ ہی اس نے اپنی فروخت شدہ اشیا کی قیمت یا دیے گئے قرضہ کا مطالبہ کیا ہے۔ مذکورہ رقم تو بطور پنشن فدوی کو واجب الادا ہے جو سرکار برطانیہ نے مقرر کی تھی جس کے لیے احمد بخش خاں کو حکومت کو واجب الادا زر استمرار میں تخفیف کر دی گئی تھی۔ لہٰذا فدوی کے مطالبہ کو شمس الدین خان کے دیگر قرضوں کے مطالبے کے مساوی قرار نہیں دیا جا سکتا۔

حضور والا کا مدعی اپنے موقف کی حمایت میں ایک تازہ مثال پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہے امین الدین خان اور ان کے بھائی کو فیروز پور کے مرحوم جاگیردار کی جائیداد سے مطالبے کی پوری رقم مبلغ ۴۴ ہزار روپے لوہارو کی تحصیلات کی مد سے ادا کر دی گئی۔

اندریں حالات، فدوی بصد ادب امیدوار ہے کہ حضور والا اس کے مطالبے کو دیگر قرض خواہوں کے مطالبات پر فوقیت دیں گے اور حضور والا از راہ نوازش (درحقیقت مختلف نوعیت ہونے کی بنا پر) گورنر جنرل صاحب بہادر کے ایجنٹ مقیم دہلی کو یہ ہدایات صادر فرمائیں گے کہ وہ دیکھیں کہ فدوی کو اس کی پوری رقم ادا ہو۔ بصورت دیگر درخواست کنندہ کو پنشن میں ناروا کٹوتی کی وجہ سے خاصا نقصان ہوگا جس میں نواب احمد بخش خان مرحوم کی ساز باز کی وجہ سے پہلے ہی خاصی کمی واقع ہو چکی ہے اور جو موجودہ حالات میں فدوی اور اس کے اقربا کے گزارے کے لیے ناکافی ہے۔

فدوی حضور والا کے لیے دعا گو رہے گا۔

دہلی — محمد اسد اللہ خان☆

۲ جون ۱۸۳۸ء



☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈ۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ ۱

(۱۰۵)

بخدمت گرامی: جناب ایجنٹ صاحب بہادر برائے گورنر جنرل
دہلی' شعبہ سیاسی'

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا ماہ ہذا کی ۳ تاریخ کا مکتوب منسلکات جو نواب فیروز پور کی ریاست کے خلاف مرزا اسداللہ خان کے دعوے کے متعلق ہیں' موصول ہوا۔ اور جواباً" عرض ہے کہ خصوصی کمشنروں نے اس کے اس مطالبے کو کہ دیگر قرض خواہوں کے ساتھ برتے گئے قانون سے اس کو مستثنٰی قرار دیا جائے' خارج کر دیا ہے۔ نواب گورنر جنرل صاحب بہادر کی رائے میں ان حالات کی روشنی میں جن میں یہ رقم جمع ہوئی ہے یہ اقدام بالکل مبنی پر انصاف اور مناسب ہے۔

شملہ	آپ کا مخلص
۱۸ جولائی ۱۸۳۸ء	(دستخط) ایچ' ٹورنز صاحب بہادر
	نائب معتمد برائے گورنر جنرل صاحب بہادر☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹ ۔ بی پارٹ ۔ ۱۱

(۱۰۶)

خدمت گرامی : ایچ ٹورنز صاحب بہادر
قائم مقام معتمد برائے حکومت
شعبہ سیاسی شمال مغربی صوبہ جات، کیمپ

جناب عالی!

آپ کے نام میرے ماہ گزشتہ کی یکم تاریخ کے مراسلہ ۱۴۵۵ کے تسلسل میں، میں فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کے ملاحظے اور احکامات کے لیے فیروز پور کے نواب احمد بخش خان مرحوم کے خاندان کے متعدد اراکین کا ایک گوشوارہ پیش کر رہا ہوں۔

۲۔ مذکورہ خاندان کے چونتیس افراد کو حوالہ میں سہولت کی خاطر میں نے چھ درجوں میں تقسیم کر دیا ہے :

درجے	افراد
۱۔ ۴ :	یعنی نمبر ۱، ۲، ۱۴ اور ۳۴ خاصے متمول ہیں۔
۲۔ ۱۰ :	یعنی نمبر ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۵، ۱۶، ۱۹، ۲۳، ۳۲، ۳۳ کو حکومت سے پہلے ہی پنشن مل رہی ہے۔
۳۔ ۷ :	یعنی نمبر ۳، ۴، ۵، ۶، ۱۷، ۲۰، ۲۱، کی کفالت ان کے رشتہ دار یا دیگر افراد کر رہے ہیں۔
۴۔ ۵ :	یعنی نمبر ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰ نے حکومت سے کسی قسم کا مطالبہ نہیں کیا ہے اور ان کی کفالت کی ذمہ داری رشتہ داروں کو پوری کرنی چاہیے۔
۵۔ ۵ :	یعنی نمبر ۱۲، ۱۸، ۲۷، ۲۸، ۳۱، یا تو ملازمت پیشہ ہیں یا ضروریات زندگی پوری کرنے میں خود کفیل ہیں۔
۶۔ ۳ :	یعنی نمبر ۱۱، ۱۳، ۲۶۔ ان کے متعلق ہمدردانہ رویہ اختیار کرنے کی حکومت سے پر زور سفارش کی جاتی ہے۔

۳۔ آخری درجے میں جو افراد شامل ہیں ان میں زین العابدین خان(۲۶) بھی ہیں جن کی شادی نواب احمد بخش خان کی دختر نواب بیگم سے ہوئی ہے۔ نیز وہ ان (نواب) کے باپ اور ماں دونوں جانب سے بھتیجے بھی ہیں۔ نواب شمس الدین خان کی طرف سے انہیں ذاتی اخراجات کے لیے تیس روپے ماہانہ اور ان کی بیگم کے لیے سو روپے ماہانہ ملتے رہے ہیں۔ جاگیر کی ضبطی کے بعد یہ وظائف بند ہو گئے لیکن فضیلت ماب جنرل صاحب بہادر نے گزشتہ سال ماہ مئی میں از راہ نوازش موصوف کی اہلیہ کے لیے ۵۰ روپے کی پنشن جاری کرنے کا حکم صادر فرما دیا تھا۔ لیکن یہ خاتون ستمبر کے

مہینے میں وفات پا گئیں۔ ان کے شوہر کی آمدنی کا اب کوئی ذریعہ نہیں۔ جہاں تک ان (زین العابدین) سے میری ذاتی واقفیت کا تعلق ہے میں ان کے متعلق یہ کہہ سکتا ہوں کہ خواہش کے باوجود ملازمت اختیار نہیں کریں گے۔

علاوہ ازیں' موصوف نواب فیض اللہ بیگ خان کے پوتے ہیں۔ نواب موصوف کی خدمات کے اعتراف میں حکومت نے انہیں ہتین کا پرگنہ عطا فرمایا تھا جس کی سالانہ آمدنی ۱۶۵۶۶۵ روپے تھی۔ ان کی وفات کے بعد یہ جاگیر ضبط ہو گئی' اور ان کے بیٹے غلام حسین جو دعویٰ دار کے والد ہیں کے لیے مبلغ ۳۰۰ روپے ماہانہ پنشن مقرر ہوئی۔ باپ اور بیٹے کے تعلقات کشیدہ ہیں اول الذکر قرض خواہوں کے دباؤ سے تنگ آکر لکھنؤ مراجعت کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

فیروز پور کے خاندان کے سربراہ سے بربنائے شادی قریبی عزیز داری اور ان کے دادا نواب فیض اللہ بیگ خاں کی خدمات' ان کی ناگفتہ بہ حالت اور اعلیٰ دماغی صلاحیت کے فقدان اور ملازمت حاصل کرنے کے لیے بولنے میں ہچکچاہٹ کے پیش نظر فضیلت ماب گورنر جنرل سے پر زور سفارش کروں گا کہ ان کی اہلیہ مرحومہ کو پچاس روپے کی جو ماہانہ پنشن ملا کرتی تھی' وہ انہیں جاری کر دی جائے۔ اپنی اہلیہ نواب بیگم سے ان کی کوئی اولاد نہیں۔

دوسری شخصیت حاجی بیگم کی ہے یہ رحیمن سے احمد بخش خان کی بیٹی ہیں۔ یہ والد کے دور کے رشتہ دار غلام محی الدین خاں سے جو بیروز گار ہیں بیاہی گئی ہیں۔

ان میں سے کسی کے پاس بھی بظاہر روزی کے ذرائع موجود نہیں۔ لہٰذا میں سفارش کروں گا کہ ان کی سوتیلی بہن جہانگیرہ بیگم کی طرح ان کے لیے بھی ۵۰ روپے ماہانہ کا وظیفہ مقرر کر دیا جائے۔

امداد کی طالب تیسری شخصیت جانی بیگم کی ہے جو نواب احمد بخش کے چھوٹے بھائی محمد علی خان کی بیوہ ہیں۔

ان کا چھوٹے سے ایک قطعہ زمین کے سوا جس سے ماہانہ ۶ یا ۷ سات روپے کی آمدنی حاصل ہوتی ہے کوئی اور ذریعہ معاش نہیں۔ چنانچہ میں تجویز کروں گا کہ نواب صاحب مرحوم کی جانب سے انہیں جو وظیفہ یعنی دس روپے ماہانہ ملا کرتا تھا' وہ ان کے لیے تا حیات جاری کر دیا جائے۔ ان کی عمر اس وقت ۵۵ سال بتائی جاتی ہے۔

۴۔ مذکورہ بالا افراد کے علاوہ میرے علم میں مذکورہ خاندان کا کوئی اور فرد ایسا نہیں جو حقیقی معنوں میں خصوصی توجہ کا مستحق ہو۔ حال ہی میں کی گئی تفتیش میں سب کی توقعات برانگیختہ ہیں اس لیے یہ بعید از قیاس نہیں ہے کہ فضیلت ماب کی خدمت میں مزید درخواستیں پیش کی جائیں گی۔ ایسی صورت حال میں منسلکہ گوشوارہ مزید مطالبات کا فیصلہ کرنے میں مفید ثابت ہوگا۔

دہلی ایجنسی — آپ کا مخلص

۱۰ جنوری ۱۸۳۹ء — (دستخط) ٹی' ٹی' مٹکاف صاحب بہادر

ایجنٹ برائے گورنر جنرل صاحب بہادر شمال مغربی صوبہ جات☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹۔ بی پارٹ۔ ۱

(۱۰۷)

فیروزپور کے جاگیردار نواب احمد بخش خان مرحوم کے افراد خاندان و متعلقین کی فہرست، حالات اور رشتہ داری کی نوعیت۔

نمبرشمار	نام	عمر (سال)	رشتہ داری	نواب احمد بخش خاں یا شمس الدین سے ملنے والا سابق والا الاؤنس	ذاتی ملکیت اور اس کی قدروقیمت	تبصرہ: مرد رکن کا موجودہ ذریعہ معاش = اگر رکن عورت ہے تو اس کی شادی کس سے ہوئی۔ شوہر کا پیشہ اور ذریعہ معاش۔
۱	مرزا امین الدین احمد خان	۲۵	بہو بیگم سے اولاد	لوہارو کا پرگنہ انہیں اور ان کے بھائی غلام ضیاء الدین احمد خان کو بطور جاگیر دیا گیا تھا۔ اوسط سالانہ آمدنی تقریباً ۴۰ ہزار روپے ہے	اس کی موجودہ جاگیر وسیع ہے	کسی امداد کی ضرورت نہیں!
۲	مرزا غلام ضیاء الدین احمد خان	۱۸	ایضاً	ایضاً	ایضاً	ایضاً
۳	بہو بیگم	۵۰	اہلیہ	اپنے بچوں کے ساتھ	معلوم نہیں	اب بھی اپنے بچوں کے ساتھ رہتی ہیں

			رہتی ہیں اور ان کے پرگنہ سے حاصل شدہ آمدنی سے ان کی کفالت ہوتی ہے		اور انہی کی آمدنی پر گزارہ ہے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں
منور جہاں بیگم	۲۶	بہو بیگم سے بیٹی	اپنی والدہ اور بھائیوں کے ساتھ رہتی ہیں۔	کچھ نہیں	خواجہ محمد علی خاں سے بیاہی گئی ہیں۔ انہیں دونوں بھائیوں کی طرف سے مبلغ ۵۰ روپے ماہانہ ملتے ہیں۔ ان کے شوہر سپاہی پیشہ ہیں۔ موصوفہ کے بھائیوں نے انہیں لوہارو پرگنہ میں سوار کے عہدے پر تعینات کیا ہے۔ ان کی ایک ہی لڑکی ہے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں!
بادشاہ بیگم	۱۹	بہو بیگم سے بیٹی	ایضاً	ایضاً	غلام نبی خان سے بیاہی گئی ہیں۔ انہیں بھائیوں کی جانب سے مبلغ ۵۰ روپے ماہانہ ملتے ہیں۔ شوہر مکانوں کالین دین کرتے ہیں۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
ماہ رخ بیگم	۱۷	ایضاً	ایضاً	ایضاً	حیدر حسن خان سے بیاہی گئی ہیں جنہیں ایک زمانے میں شمس الدین خان سے ۳۰ روپے ماہانہ ملا کرتے تھے۔ لیکن نواب کی وفات سے کچھ عرصہ پہلے یہ وظیفہ بند ہو گیا تھا۔ ماہ رخ بیگم کو بھائی ۵۰ روپے ماہانہ دیا کرتے ہیں۔ اسی پر دونوں

					کا گزارہ ہے۔ شوہر میں خاندانی تمکنت بہت ہے، لہٰذا ملازمت پسند نہیں کرتے، ایک لڑکی ہے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
بہو خانم	۵۰	اہلیہ / شمس الدین خاں کی والدہ	شمس الدین خان کی جانب سے انہیں ۵۵ روپے نقد اور ۸۰ روپے خور و نوش کے لیے ماہانہ ملا کرتے تھے	کچھ نہیں	احمد بخش خاں کے مکان میں کرایہ ادا کیے بغیر رہتی ہیں۔ حکومت نے مئی ۱۸۳۸ء میں انہیں ۱۰۰ روپے ماہانہ دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ تاہم انہوں نے اسے لینے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ان کی کفالت کے لیے یہ رقم بے حد قلیل ہے کہا جاتا ہے کہ شمس الدین خان کی زندگی میں انہیں ماہانہ ۵۵ روپے نقد اور تقریباً ۸۰ روپے یا اس سے زیادہ خوردو نوش کے لیے ملا کرتے تھے۔ آج کل وہ یا تو قرض لے کر زندگی بسر کر رہی ہیں یا اپنے جواہرات اور زیورات فروخت کر کے ضرورت پوری کرتی ہیں۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں!
جہانگیرہ بیگم	۳۳	بہو خانم سے بیٹی	شمس الدین خاں کی جانب سے مبلغ ۱۰۰ روپے ماہانہ ملتے رہے	کچھ نہیں	پہلے محمد عظیم خاں سے بیاہی گئیں۔ دوسری مرتبہ اس (عظیم خاں) کے بھائی احمد قلی خاں سے شادی ہوئی۔ گذشتہ ماہ مئی میں حکومت نے تاحیات انہیں ۵۰ روپے ماہانہ دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ان کے

					موجودہ شوہر کے پاس دہلی میں کئی مکانات ہیں اور انھیں حکومت سے ماہانہ ۲۰۰ روپے بھی ان کے مرحوم والد عباس قلی خاں کی خدمات کے اعتراف میں ملتے ہیں۔ مزید کسی امداد کی ضرورت نہیں!
زین العابدین خاں	۲۲	احمد بخش خاں کی بیٹی نواب بیگم کے شوہر ہیں۔ ماں کی طرف سے یہ احمد بخش کے بھائی نواب الٰہی بخش خاں کے نواسے ہیں اور والد کی طرف سے یہ احمد بخش خاں کے چچا کے پڑپوتے ہیں۔	شمس الدین خاں کی جانب سے مبلغ ۳۰ روپے ماہانہ ملا کرتا تھا	ایضاً"	گذشتہ ماہ مئی میں حکومت نے ان کی زوجہ نواب بیگم کے لیے ۵۰ روپے ماہانہ کا وظیفہ مقرر کیا تھا جو ان کی وفات پر بند ہو گیا۔ ان کے شوہر اس وقت جواہرات اور گھریلو سامان فروخت کر کے گزارہ کرتے ہیں۔ ان کے والد نواب غلام حسین خاں کو حکومت سے ماہانہ ۳۰۰ روپے ملا کرتے تھے۔ یہ وظیفہ اس وقت مقرر ہوا تھا جب ان کے والد نواب فیض اللہ بیگ خاں کے انتقال پر تین پرگنہ حکومت کی تحویل میں چلا گیا تھا زین العابدین خاں نے حکومت برطانیہ سے کوئی مطالبہ نہیں کیا ہے، لیکن اس گوشوارے کے ساتھ منسلکہ خط میں جو وجوہات بیان کی گئی ہیں ان میں ان کے معاملے کو بطور خاص واضح کیا گیا ہے۔

۱۲	سلطان بخش خاں	۴۵	احمد بخش خان کے بھائی نبی بخش خاں کے بیٹے ہیں ان کی شادی احمد بخش خاں کی دختر حسینہ بیگم سے ہوئی	شمس الدین خان کی جانب سے مبلغ ۳۰ روپے ماہانہ مقرر تھے	شہر دہلی میں ان کا ایک مکان ہے جس کی قیمت ۲۰۰ روپے ہے	اپنی اہلیہ کی زندگی میں انہیں اپنی اہلیہ کی کفالت کے لیے شمس الدین خاں کی جانب سے ۱۰۰ روپے ماہانہ ملا کرتے تھے لیکن اہلیہ کی وفات کے بعد یہ وظیفہ بند ہو گیا۔ مرحومہ سے تین اولادوں یعنی نظامی بیگم عمر ۱۱ سال فیض محمد خان عمر ۹ سال اور محمودی بیگم عمر ۶ سال کی کفالت و پرورش شمس الدین خان نے کی تھی بڑی لڑکی حسین علی خان ولد حسن علی خاں سے بیاہی گئی ہے اور اپنے سسر جن کا ذکر اسی گوشوارے میں نمبر ۱۸ پر ہے کے ساتھ رہتی ہیں۔ بقیہ دو بچے اپنی نانی کے ساتھ رہتے ہیں۔ سلطان بخش روزگار کی تلاش کے لیے دہلی سے باہر گیا ہوا ہے۔ سابق ایجنٹ کے قتل میں اس پر بھی شبہ کیا گیا ہے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں!
۱۳	حاجی بیگم	۲۵	دختر احمد بخش	قصبہ سوہروری جس سے تقریباً مبلغ ۱۰۰ روپے ماہانہ کی آمدنی ہے انھیں مرحمت کیا گیا ہے	دہلی میں ان کا ایک مکان ہے جس کی مالیت ۲۰۰۰ روپے سے ۲۵۰۰ روپے تک	ان کی شادی احمد بخش خاں کے دور کے رشتہ دار غلام محی الدین خاں سے ہوئی تھی شمس الدین کی جانب سے ان کی اہلیہ کے وظیفہ کے علاوہ انھیں ۴۵ روپے ماہانہ ملا کرتے تھے۔ اب ان کی گزر بسر کا کوئی ذریعہ نہیں اور ان کے شوہر بھی کہیں ملازم نہیں! اب تک یہ لوگ پچھلی آمدنی یا پھر جواہرات

						اور دوسری قابل انتقال جائیداد بیچ کر یا گروی رکھ کر ضروریات زندگی پوری کرتے ہیں۔ ان کا ایک بیٹا، عمر ۷ سال اور ایک بیٹا عمر ۵ سال ہے۔ میں سفارش کروں گا کہ انھیں بھی ان کی سوتیلی ہمشیرہ (نمبر ۱۰ پر) کی طرح مبلغ ۵۰ روپے پنشن مرحمت کی جائے۔
۱۴	افضل زمانی بیگم	۲۲	نواب شمس الدین خاں کی اہلیہ	شمس الدین خاں کی جانب سے مبلغ ۲۰۰ روپے روپے ماہانہ اور کامدل کا گاؤں جس کی سالانہ آمدنی تقریباً ۳۰۰۰ روپے ہے بطور جاگیر ملا ہوا ہے	کچھ نہیں	ان کی دو بچیاں ہیں۔ ایک سات سال کی اور دوسری پانچ سال کی حکومت کی جانب سے انھیں اور بچوں کے لیے ۲۵۰۰۰ روپے کی درشنی ہنڈی ملی ہے۔ یہ (خاتون) اپنے والد کے مکان میں رہتی ہیں کسی امداد کی ضرورت نہیں! مئی ۱۸۳۸ء سے انھیں حکومت ۳۰۰ روپے ماہانہ دے رہی ہے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۱۵	امیر بہو بیگم	۲۶	ایضاً	شمس الدین خاں کی جانب سے مبلغ ۵۰ روپے ماہانہ ملتا رہا۔	ایضاً	

۱۶	-	-	-	-	-	
۱۷	نواب بیگم	۱۹	شمس الدین خان کے بھائی اور احمد بخش کے بیٹے ابراہیم علی خان کی بیوہ۔	شمس الدین خاں کی جانب سے ماہانہ ۱۰۰ روپے ملا کرتے تھے۔	ایضاً	ان کے شوہر شمس الدین خاں کی زندگی میں وفات پاگئے تھے۔ بعد میں انہوں نے احمد قلی خاں ولد محمد قلی خاں سے ان کا ذکر گوشوارہ میں نمبر دس پر جہانگیر بیگم کے دوسرے شوہر کے طور پر آیا ہے سے شادی کرلی۔ یہ اپنے شوہر کے ساتھ سسر کے مکان میں رہتی ہیں۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں!
۱۸	حسن علی خان	۴۰	نواب احمد بخش کے بھائی نبی بخش خاں کے بیٹے ہیں	شمس الدین خاں کی جانب سے ماہانہ ۱۰۰ روپے ملتے تھے	دہلی میں ایک ہزار روپے سے کچھ کم مالیت کا مکان ہے	منقولہ جائیداد فروخت سے حاصل شدہ رقم پر گزر بسر کرتے ہیں نواب شمس الدین خاں کی زندگی میں ان کے مختار تھے۔ ان کے تین بیٹے ہیں ایک کی شادی سلطان بخش خاں (نمبر۱۴) کی بیٹی نظامی بیگم سے ہوئی ہے۔ دوسرے بیٹے جوان ہیں اور بے روزگار! ان کے متعلق عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ سابق ایجنٹ کے قتل میں ملوث تھے۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں!
۱۹	اسداللہ خان	۳۲	ایضاً	۳۰ روپے		۱۸۳۷ء سے حکومت انہیں ۳۰ روپے

				ماہانہ		ماہانہ دے رہی ہے۔ مزید کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۲۰	افضل النساء بیگم	۴۵	بیٹی ایضاً	کچھ نہیں	کچھ نہیں	یہ نجف علی بیگ سے بیاہی ہوئی ہیں جو ان دنوں بے روزگار ہیں۔ انہیں نواب شمس الدین خاں کی جانب سے ماہانہ ۲۰ روپے بطور تنخواہ اور ان کے بچوں کے لیے مبلغ ۱۰ روپے ملا کرتے تھے۔ انہیں ۸ بچے ہیں۔ ان کی کفالت افضل زمانی بیگم (نمبر۱۴) کرتی ہیں۔ میرے نزدیک انہیں کسی قسم کا وظیفہ دینے کی ضرورت نہیں۔
۲۱	عزیزالنساء بیگم	۴۰	ایضاً	ایضاً	ایضاً	احمد بخش خاں کے بھتیجے اور ان کے چھوٹے بھائی الٰہی بخش خاں کے بیٹے علی نواز خاں سے بیاہی گئی ہیں ان کے شوہر کو شمس الدین خاں کی طرف سے ۱۵ روپے ماہانہ ملا کرتے تھے۔ علی نواز کا چند ماہ ہوئے انتقال ہو گیا۔ ان کا ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔ موخرالذکر حافظ مرزا جان سے جس کے حالات

						بہت اچھے ہیں اور خاندان کی کفالت کرتا ہے سے بیاہی ہوئی ہیں کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۲۲	خواجہ شریف خاں	۷۵	مصاحب خانم بنت نبی بخش خاں جو اب وفات پاچکی ہیں کے شوہر ہیں	شمس الدین خاں انہیں ۷۰ روپے ہر ماہ دیا کرتے تھے اور حسن پور اور مہونده مبلغ -/۷۵۰ روپے سالانہ کے تخفیف شدہ لگان (پٹہ) پر دیے ہوئے تھے	دہلی میں مبلغ ۳۰۰۰ روپے کی مالیت کا مکان	سوائے اس مکان کے جس میں رہتے ہیں خواجہ شریف کے پاس کوئی اور جائیداد نہیں! یہ پس ماندہ رقم پر گزارہ کرتے ہیں۔ ان کے تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ بیٹوں یعنی خواجہ قاسم اور خواجہ وزیر کو کچھ عرصہ پیشتر مجسٹریٹ نے دہلی کا کوتوال نامزد کیا تھا۔ لیکن اس وقت یہ دونوں بے روزگار ہیں تیسرا بیٹا خواجہ علاء الدین ضلع رہتک میں سرکاری پولیس افسر ہے۔ بیٹی شادی شدہ ہے۔ اس معاملے میں کوئی وظیفہ دینے کی ضرورت نہیں۔ اس لیے کہ بیٹے کفالت کے پابند ہیں۔
۲۳	علی بخش خاں	۴۰	بھتیجا۔چھوٹے بھائی الٰہی بخش خاں بھائی کا بیٹا	شمس الدین خاں کی جانب سے ۱۰۰ روپے ماہانہ ملتے تھے	بیرون شہر روہیلہ خاں کی سرائے کے قریب ۲۵۰۰ روپے مالیت کے مکان	شمس الدین خاں نے اپنے انتقال سے ۵ یا ۶ سال قبل انہیں دیے جانے والا ۱۰۰ روپے کا وظیفہ بند کر دیا تھا البتہ حکومت نے انہیں جولائی ۱۸۳۸ء سے ۵۰ روپے ماہانہ

					میں چوتھے یا پانچویں حصے کے مالک ہیں	وظیفہ دینا شروع کر دیا ہے۔ ان کا ایک جوان بیٹا ہے مزید کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۲۴	بنیادی بیگم	۴۵	بھتیجی۔ یہ نبی بخش خاں کی بیٹی ہیں	شمس الدین خاں کی جانب سے ۱۰۰ روپے ماہانہ ملتے تھے	دہلی میں ۷۰۰ روپے کی مالیت کا ایک مکان ہے	یہ غلام حسین خان جنہیں حکومت نے ان کے والد کی خدمات کے عوض ۳۰۰ روپے ماہانہ دیتی ہے' سے بیاہی ہوئی ہیں۔ لیکن بیوی سے جھگڑا ہونے کے بعد انہوں نے اپنا مکان جس کا ذکر پچھلے کالم میں کیا گیا ہے انہیں دے دیا البتہ ان کی گزر بسر کے لیے ماہانہ کچھ بھی نہیں دیتے۔ فی الحال وہ مکان کو رہن رکھ کر' حاصل شدہ رقم پر گزارہ کرتی ہیں۔ شمس الدین خاں ان خاتون کو ۳۰ روپے کا جو وظیفہ ہر ماہ دیا کرتے تھے' جسے اپنی وفات سے ۵'۶ سال قبل موقوف کر دیا تھا۔ یہ زین العابدین خان نمبر۱۱ جنہیں نہ تو کوئی وظیفہ ملتا ہے نہ ہی گزر بسر کا کوئی ذریعہ ہے کی والدہ ہیں اور نمبر۲۱ کی جنہیں ماہانہ ۵۰ روپے بطور پنشن ملتے ہیں ہمشیرہ ہیں۔ کسی امداد کی کوئی ضرورت نہیں اس لیے کہ شوہر پر ان کی کفالت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے
۲۵	امراؤ بیگم	۴۲	ایضاً	احمد بخش خان	کچھ نہیں	ان کی شادی مرزا اسداللہ خاں سے جنہیں فیروز

				کی جانب سے تیس روپے ماہانہ ملتے تھے		پور کی جاگیر سے ۷۵۰ روپے سالانہ ملا کرتے تھے ہوئی حکومت سے جاگیر کے ملحق ہونے کے بعد یہ رقم بحال رہی تیس روپے کا ماہانہ وظیفہ شمس الدین خان نے بند کر دیا۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۲۶	جانی بیگم	۵۵	احمد بخش خاں کے چھوٹے بھائی محمد علی خاں کی زوجہ	شمس الدین خاں کی جانب سے دس روپے ماہانہ وظیفہ ملتا تھا	ایک مکان میں ان کا حصہ ہے جس سے ۶ یا ۷ روپے ماہانہ مل جاتے ہیں	ان کے شوہر محمد علی خان کا عرصہ ہوا انتقال ہو گیا تھا۔ ان کا ذریعہ معاش جائیداد سے حاصل شدہ آمدنی ہے جس کا ذکر پہلے کالم میں کیا جا چکا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے پاس کوئی اور جائیداد نہیں! ان کے لیے علیحدہ سے کسی امداد کی ضرورت نہیں۔ البتہ میں یہ سفارش کروں گا کہ شمس الدین خاں کی طرف سے ملنے والا دس روپے کا وظیفہ جاری کر دیا جائے۔
۲۷	سپہ دار خان	۵۰	احمد بخش خاں کے چچا زاد بھائی کالے خان کا بیٹا	شمس الدین خاں سے ماہانہ ۵۰ روپے	کچھ نہیں	پس انداز کی ہوئی رقم اور گھر کے اثاثہ کی فروخت سے حاصل شدہ رقم پر گزارہ کرتے ہیں۔ تین یا چار بچوں کے باپ ہیں۔ شمس الدین خان

			اور ان کے چچا قلی خان کا پوتا	ملتے تھے		نے اپنی وفات سے کچھ سال پہلے ان کا وظیفہ بند کر دیا تھا۔ یہ روزی کمانے کے قابل ہیں۔
۲۸	طرہ باز خان	۴۵	ایضاً"	شمس الدین خاں نے انہیں ۵۰۶ روپے سالانہ آمدنی کا گاؤں دگان چل جاگیر میں دے دیا تھا	شہر میں ان کا ۲۵۰۰ روپے مالیت کا ایک مکان ہے جس میں رہائش پذیر ہیں	پس انداز کی ہوئی رقم اور گھر کے اثاثہ جات کی فروخت اور قرض پر گزارہ کرتے ہیں۔ ان کی تین بن بیاہی لڑکیاں ہیں۔ شمس الدین خاں نے اپنی زندگی میں ان سے جاگیر واپس لے لی تھی۔
۲۹	غلام فخرالدین خان	۳۵	اس کے چچا زاد بھائی کالے خاں کا بیٹا اور چچا قلی خاں کا پوتا ہے	شمس الدین خان کے زمانے مین ۷۰ روپے ماہانہ ملتے تھے	شہر میں اپنا مکان ہے جس میں رہتے ہیں	شمس الدین خاں نے اپنی وفات سے چار پانچ سال پہلے ان کا ماہانہ وظیفہ بند کر دیا تھا۔ ان کی اہلیہ جو نواب مرتضیٰ خاں کی بیٹی ہیں کو ان کے والد کی وفات پر جو پلوال کے جاگیردار تھے حکومت کی جانب سے مبلغ ۱۰۰ روپے ماہانہ وظیفہ ملتا ہے حکومت نے اپریل ۱۸۳۸ء میں مذکورہ افراد نمبر ۲۷، ۲۸ اور ۲۹ کو کسی قسم کا وظیفہ دینے سے انکار کر دیا تھا۔ لہٰذا اب کسی امداد کی مطلق ضرورت نہیں۔

۳۰	شعبان بیگ خان	۴۹	چچا زاد بھائی کا بیٹا اور چچا عالم خاں کا پوتا ہے	شمس الدین خاں کی زندگی میں ۱۰ - ۸ - ۳۲ روپے ماہانہ ملتے تھے	دہلی شہر میں ان کے تقریباً ۵ ہزار روپے مالیت کے دو مکانات ہیں ایک میں خود رہتے ہیں جبکہ دوسرا -/۴ روپے ماہانہ کرایہ پر دیا ہوا ہے۔	یہ دو لڑکوں کے باپ ہیں۔ امدادی کاروائی ضروری نہیں۔
۳۱	میر حسن خان	۴۵	احمد بخش خاں کی ایک ہمشیرہ کے متبنی ہیں	شمس الدین خاں کی زندگی میں تیس روپے ماہانہ ملتے تھے	کچھ نہیں	ان کی شادی مرحوم بادشاہ اکبر شاہ کی ملکہ ممتاز محل بیگم کی ایک چہیتی سے ہوئی تھی۔ اسی بنا پر انہیں آج تک محل سے ۲۰ روپے ماہانہ ملا کرتے ہیں۔ ان کے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں۔ کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۳۲	قدرت اللہ بیگ خاں	۶۵	چچازاد بھائی ہیں اور ان کے چچا قاسم جان	احمد بخش خاں کی جانب سے ۱۰۰ روپے ماہانہ	اندرون و بیرون دہلی ان کی خاصی	احمد بخش خاں کے انتقال پر شمس الدین خاں نے نے ان کا وظیفہ بند کر دیا تھا۔ حکومت کی جانب سے ان کے بھائی فیض اللہ بیگ کے

			کے لڑکے ہیں	ملتے تھے	بڑی جائیداد ہے	حقیقی وارث کے طور پر انہیں ۱۰۰ روپے ماہانہ ملتے ہیں کسی امداد کی ضرورت نہیں!
۳۳	غلام حسین خان	۴۲	ان کے چچا زاد بھائی کا بیٹا۔ فیض اللہ بیگ کا بیٹا ہونے کی بنا پر ان (نواب احمد بخش) کے چچا قاسم جان کا پوتا	کچھ نہیں	دہلی میں ان کی خاصی بڑی جائیداد ہے	اپنے والد فیض اللہ بیگ خاں کے وارث ہونے کے ناتے انہیں ماہانہ ۳۰۰ روپے ملتے ہیں ان کی شادی بنیادی بیگم نمبر۲۴ کے ساتھ ہوئی ہے کسی امداد کی ضرورت نہیں۔
۳۴	فتح اللہ بیگ خان	۶۵	ان کے چچا زاد بھائی کا بیٹا محمد بخش خان کا بیٹا ہونے کے ناتے ان (نواب احمد بخش) کے چچا قسم جان کا پوتا	ایضاً"	شہر میں ان کی خاصی بڑی جائیداد ہے	لارڈ لیک کے زمانے سے حکومت انہیں ۵۰۰ روپے سالانہ وظیفہ دے رہی ہے کسی امداد کی ضرورت نہیں۔

دہلی ایجنسی

مورخہ ۱۰ جنوری ۱۸۳۹ء

(دستخط) ٹی، ٹی، مٹکاف

ایجنٹ برائے گورنر جنرل

شمال مغربی صوبہ جات

(۱۰۸)

شعبہ ریاستی امور، شمال مغربی صوبہ جات

بخدمت گرامی:
جناب ٹی۔ ٹی۔ مٹکاف بہادر
ایجنٹ برائے گورنر جنرل، دہلی

جناب عالی!

عزت ماب گورنر جنرل بہادر کی ہدایت کے بموجب عرض ہے کہ آپ کا مکتوب نمبر۳۹، مورخہ ۱۰ جنوری گزشتہ موصول ہوا۔ اس کے ساتھ فیروز پور کے مرحوم نواب شمس الدین خاں کے خاندان کے متعدد افراد کے نام اور زندگی کے کوائف سے متعلق گوشوارہ منسلک تھا۔ آپ کو مندرجہ ذیل مشاہدات اور احکامات سے مطلع کیا جاتا ہے:

(ا) مرزا امین الدین احمد خاں، (۲) مرزا غلام ضیاء الدین احمد خاں، (۳) بہو بیگم، (۴) منور جہاں بیگم، (۵) بادشاہ بیگم، (۶) ماہ رخ بیگم، (۱۰) جہانگیرہ بیگم، (۱۴) افضل الزمانی بیگم، (۱۷) نواب بیگم، (۱۸) حسن علی خاں، (۲۵) امراؤ بیگم، (۲۷) سپہ دار خاں، (۲۸) طرہ باز خاں، (۲۹) غلام فخرالدین خاں، (۳۰) شعبان بیگ خان، (۳۱) میر حسن خاں، (۳۲) قدرت اللہ بیگ خاں، (۳۳) غلام حسین خاں اور (۳۴) فتح اللہ بیگ خاں۔

۲۔ گورنر جنرل صاحب بہادر آپ کی اس رائے سے پوری طرح اتفاق کرتے ہیں کہ مذکورہ بالا افراد کے لیے کسی امدادی کارروائی کی ضرورت نہیں!

		پنشن کی رقم		تاریخ احکامات
		روپے	آنے	
نمبر شمار: ۱۹	اسد اللہ خاں	۳۰	-	۱۷ نومبر ۱۸۳۸ء
" : ۲۳	علی بخش خاں	۵۰	-	۲۵ جولائی ۱۸۳۸ء

۳۔ محولہ بالا احکامات کے تحت ان افراد کو باقاعدہ ان کے نام کے آگے مرقوم وظائف مل رہے ہیں، کسی مزید امداد کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

نمبر شمار: ۷ بہو بیگم ۲۰۰ روپے

" ۱۵: امیر بہو بیگم ۱۵۰ روپے

۴ ۔ مذکورہ دونوں مستورات کو احکامات مجریہ ۹ مئی ۱۸۳۸ء کے تحت سو سو روپے کے وظائف عطا کیے گئے تھے۔ لیکن ان کے معاملات کا دوبارہ جائزہ لینے کے بعد گورنر جنرل صاحب بہادر نے یہ محسوس کیا ہے کہ اصل امدادی رقم ان کے لیے ناکافی ہے اور اب بخوشی بہو بیگم کے وظیفہ میں ایک سو روپے اور امیر بہو بیگم کے وظیفہ میں ۵۰ روپے کے اضافے کی منظوری مرحمت فرمائی ہے۔ اس طرح اول الذکر کا مجموعہ وظیفہ ۲۰۰ روپے ماہانہ اور آخرالذکر کا ۱۵۰ روپے ماہانہ ہو جائے گا۔

نمبر شمار: ۱۱ زین العابدین خاں ۵۰ روپے

" ۱۳: حاجی بیگم ۱۰۰ روپے

" ۲۶: جانی بیگم ۱۰ روپے

۵ ۔ آپ نے اپنے مذکورہ مراسلے میں جن حالات کا ذکر کیا ہے اور اس خیال کے پیش نظر کہ حاجی بیگم کو جاگیر میں ایک گاؤں ملا ہوا ہے جس سے سالانہ ۱۲۰۰ روپے کی آمدن ہے اور ان کے شوہر کو شمس الدین خاں کی جانب سے وظیفہ ملتا رہا ہے، فضیلت مآب نے از راہ نوازش ہر ایک کے لیے اس کے نام کے سامنے دی گئی رقم کے مطابق ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا ہے۔

نمبر شمار: ۱۲ سلطان بخش خاں ۳۰ روپے

۶ ۔ چونکہ اس شخص کے گزراوقات کا کوئی معقول ذریعہ نہیں، احمد بخش خاں سے اس کا قریبی تعلق ہے اور اس کی مرحومہ زوجہ کو تادم حیات وظیفہ ملتا رہا، گورنر جنرل صاحب بہادر از راہ نوازش اس کے لیے تیس روپے ماہانہ کا وظیفہ مقرر کرتے ہیں۔

نمبر شمار: ۲۰ افضل النساء بیگم ۳۰ روپے

" ۲۱: عزیز النساء بیگم ۱۵ روپے

۷ ۔ چونکہ یہ دونوں مستورات خاندان کے دیگر افراد کے زیر کفالت زندگی بسر کر رہی ہیں، لہٰذا گورنر جنرل صاحب بہادر اول الذکر کے لیے ۳۰ روپے ماہانہ اور آخر الذکر کے لیے ۱۵ روپے ماہانہ کا وظیفہ مقرر فرماتے ہیں۔

نمبر شمار: ۲۲ خواجہ شریف خاں ۷۰ روپے

۸ ۔ فضیلت مآب نے از راہ نوازش شخص ہذا کے لیے ۷۰ روپے ماہانہ وظیفہ مقرر فرمایا ہے جو اسے پہلے بھی ملتا رہا تھا۔

نمبر شمار: ۲۴ بنیادی بیگم ۳۰ روپے

۹ ۔ اگرچہ ان خاتون کا کوئی قصور نہ تھا، لیکن خاوند کے رویے کے پیش نظر انہوں نے اس سے علیحدگی اختیار کر لی اور ان کے شوہر کی جانب سے انھیں کسی قسم کی امداد نہیں ملتی گورنر جنرل صاحب بہادر ان خاتون کے گزارے کے لیے

تیس روپے ماہانہ پنشن منظور فرماتے ہیں۔

۱۰۔ یہ منظور شدہ پنشنیں تاحیات ہیں اور مراعت یافتہ کی وفات پر کالعدم ہو جائیں گی' جب تک کہ حکومت خصوصی رپورٹ موصول ہونے کے بعد اصل پنشن یافتہ کے ورثا اور جانشینوں کو پوری پنشن یا اس کا کچھ حصہ عطا کرنے کی منظوری مرحمت نہ فرمادے۔

۱۱۔ گورنر جنرل صاحب بہادر نے اس خیال کے پیش نظر کہ بعض اشخاص کی درخواستیں جن کے لیے اب پنشنیں منظور کی ہیں کافی عرصہ حکومت کے زیرِغور رہیں اور ان کے ناگفتہ بہ حالات کے پیش نظراز راہ نوازش بہت سے وظائف چھ ماہ کے بقایاجات کے ساتھ جو اگلے ماہ کی یکم سے واجب الادا ہوں گے منظور فرمائے ہیں۔

نمبر۷ تمام کا تمام وظیفہ اضافی شرح پر مع چھ ماہ کے بقایاجات اگلے ماہ کی یکم سے وصول کرے گی۔ نمبر۱۵ مذکورہ مدت کے وظیفہ کے اضافہ کے بقایا جات وصول کرے گی اور نمبر۱۹ دو ماہ کے بقایا جات وصول کرے گا تا کہ سابقہ تاریخ کی ادائیگی دوسروں کے مساوی ہو جائے۔

۱۲۔ احمد بخش خاں مرحوم کے خاندان کے بیشتر افراد نے جناب گورنر جنرل صاحب بہادر کی خدمت میں عرضداشتیں پیش کی ہیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ ان تمام متعلقہ افراد کو حتمی فیصلے سے مطلع کردیں تا کہ آئندہ اس قسم کی غیرضروری درخواست گزاری کو روکا جاسکے۔

آپ کا مخلص

گورونڈھا کیمپ

۲۷ فروری ۱۸۳۹ء

(دستخط) ٹی۔ ایچ۔ میڈاک

قائم مقام معتمد برائے حکومت' شمال مغربی صوبہ جات

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ ا

(۱۰۹)

بخدمت گرامی: ٹی' ایچ' میڈاک صاحب بہادر' معتمد برائے حکومت ہند۔

جناب عالی!


فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کی خدمت میں ان کے منصفانہ اور ہمدردانہ غور کے لیے منسلکہ یادداشت پیش کرتے ہوئے فدوی عرض گزار ہے کہ آپ صاحب موصوف کے روبرو اس احقر کے سارے معاملات ان کی فیاضانہ نظرکرم کے لیے موثر انداز میں بیان فرما دیں گے۔

فدوی یہ حقیقت بھی گوش گزار کرنا چاہتا ہے کہ اس کی پنشن کے بقایاجات کی رقم کے معاملے کو مفاد عامہ کے دعوے کے طور پر ملحوظ رکھا جائے اور اسے دیگر قرض خواہوں کے نجی دعوے کے مماثل ہرگز نہ گردانا جائے۔

عزت ماب! آپ اس امر سے یقیناً آگاہ ہوں گے کہ سرکار برطانیہ کی جانب سے فدوی کی یہ پنشن اس کے مرحوم چچا نصراللہ بیگ خاں کی جاگیروں جو انہیں ان کی شاندار خدمات کے بدلے عطا کی گئی تھیں کے عوض مقرر کی گئی ہے۔ ان کی وفات کے بعد وہ جاگیریں حکومت نے اپنی تحویل میں لے لی تھیں۔متذکرہ پنشن فیروز پور کی جاگیر سے حکومت کو ملنے والے زراستمرار سے ادا کی جاتی تھی۔ ان حالات میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ فدوی سرکار سے پنشن یافتہ ہے اور اسے فیروز پور کے جاگیردار کے دیگر نجی قرض خواہوں کے زمرے میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے۔

عریضہ حق طلب' داد خواہ

اسداللہ خاں☆



دہلی

مورخہ ۱۳ جنوری ۱۸۴۰ء

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز' دہلی ریذیڈنسی اور ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ III

(۱۱۰)

اسداللہ خاں کی عاجزانہ عرضداشت

بخدمت گرامی:
عزت ماب جارج لارڈ آکلینڈ صاحب بہادر،
جی سی بی وغیرہ، گورنر جنرل ہند۔

بعز عرض جناب عالی متعالی!

فدوی نے گذشتہ ماہ کی ۲۹ تاریخ کو حضور والا کی خدمت میں اپنا مقدمہ بذریعہ ڈاک ارسال کیا تھا اور یہ درخواست کی تھی کہ اس عرض گزار کی پنشن کے بقایا جات جاگیردار فیروزپور کی ریاست سے ادا کیے جائیں۔ یہ معلوم کر کے کہ جناب ٹی، ٹی مٹکاف صاحب بہادر سے اس ضمن میں کیفیت یا رپورٹ طلب کی گئی ہے، یہ درخواست بصد ادب یہ عرض کرنے کی اجازت چاہتا ہے کہ اس کی عرضی ایک اپیل کی صورت میں تھی اور گمان غالب ہے کہ موصوف بہادر جو بھی ارشاد فرمائیں گے وہ ان کے اپنے احکامات کی تائید میں ہو گا۔

لہٰذا فدوی بصدادب چند نکات حضور والا کے مخلصانہ اور منصفانہ ملاحظے کے لیے پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہے:

اول: یہ کہ آپ کے درخواست گزار نے ۱۸ جولائی کے احکامات کہ اسے پنشن کے بقایاجات ادا کر دیے جائیں کی پوری طرح بجا آوری کرتے ہوئے ان بقایاجات کا جو حقیقتاً" واجب الادا ہیں نصف وصول کر لیا ہے۔ اگرچہ اس مطالبہ کو جو پنشن کے بقایاجات کے لیے ہے دیگر قرض داروں جو فیروزپور کے مرحوم جاگیردار کو فروخت شدہ سامان کی ادائیگی اور بطور قرض دی ہوئی رقم کی واپسی کا تقاضا کر رہے ہیں کے مساوی قرار نہیں دیا جا سکتا۔

دوم: حضور والا کی اطلاع کے لیے عرض گزار نے اپنی سابقہ عرضداشت میں یہ گوش گزار کیا تھا کہ فدوی کے مطالبات پورے کرنے کے لیے جائیداد موجود تھی اور یہ کہ سامان اور فیروزپور کے مسمار شدہ مکانات کی فروخت کی رقم جو سرکاری خزانے میں جمع کرائی گئی، اس سے فدوی کو ادائیگی ہو سکتی تھی۔ اس دعوے کی

صداقت قرائن و دلائل سے ثابت ہو سکتی ہے۔ تاہم فدوی ٹھیک یہ نہیں بتا سکتا کہ مذکورہ رقم کس سرکاری خزانے میں جمع کرائی گئی ہے۔ آیا دہلی میں یا گڑ گاؤں میں!۔ البتہ گڑ گاؤں یا فیروزپور کے کلکٹر کو یہ معاملہ بھیج کر اس نکتہ کا تعین ہو سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، فروخت کی گئی توپوں کی رقم بھی سرکاری خزانے میں جمع کرا دی گئی ہے۔ مزید برآں، کچھ زمینی جائیداد اب بھی موجود ہے جو اس مدعی کے مطالبے کو پورا کرنے کے لیے کافی ہو گی۔

آخر میں فدوی بصد ادب التماس گزار ہے کہ ٹی۔ ٹی مٹکاف صاحب بہادر نے اس مقدمے کی بابت جو فیصلہ صادر کیا ہے اس کے خلاف سائل نے اس نہایت ضروری نکتہ کے حوالے سے اپیل کی ہے کہ اس کے دعویٰ کو مفاد عامہ کی نوعیت کے پیش نظر قرض خواہوں کے نجی دعووں سے خلط ملط نہیں کیا جا سکتا۔

ان حالات کے پیش نظر فدوی حضور والا کی خدمت میں ملتجی ہے کہ آن جناب از راہ نوازش اس کے ساتھ انصاف فرمائیں تاکہ اس کے جائز حقوق اسے مل سکیں۔ آپ کے درخواست گزار کا فرض ہے کہ وہ ہمیشہ آپ کے لیے دعاگو رہے۔

عرضداشت

اسداللہ خاں

برادرزادہ نصراللہ بیگ خاں

جاگیردار سونک سونسا☆



دہلی

مورخہ ۱۳ جنوری ۱۸۴۰ء

پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اور ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر۹۔ بی پارٹ۔ ااا

(۱۱۱)

بخدمت گرامی: ٹی' ایچ' میڈاک صاحب بہادر
معتمد برائے حکومت' شعبہ سیاسی' کیمپ' شمال مغربی صوبہ جات

جناب عالی!

میرے لیے یہ باعث افتخار ہے کہ آپ کی طرف سے ماہ حال کی دو تاریخ کے مراسلہ کی رسید ارسال کروں جس میں اسداللہ خاں کی اصل عرض داشت عزت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے ارسال کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور قابل توجہ ہیں :

اول : لارڈلیک صاحب بہادر کی سند مورخہ ۷ جون ۱۸۰۶ء کے مطابق نصراللہ بیگ خاں کے ورثا کے لیے فیروزپور کی جاگیر سے جو مراعات دی گئی تھیں ان میں ایک یہ بھی تھی کہ مرزا اسداللہ خاں اور ان کے بھائی یوسف خاں کی کفالت کے لیے مبلغ -/۵۰۰' روپے سالانہ کی پنشن دی جائے۔ لیکن شمس الدین خاں کی زندگی میں مدعیان نے اس استدلال پر کہ وہ اس سے زیادہ کے مستحق ہیں پورے پانچ برس تک اپنی پنشن لینے سے انکار کر دیا اور اس کے لیے انہوں نے حکومت کے روبرو دعویٰ داخل کر دیا۔

دوم : جب حکومت کے احکامات جن میں اس کا دعویٰ مسترد کر دیا تھا موصول ہوئے تو نواب شمس الدین وہ بقایا جات جو پنشن یافتہ افراد کی حکم عدولی کی وجہ سے جمع ہو گئے تھے یکمشت ادا کرنے سے قاصر تھے۔ نواب صاحب بہادر کی وفات کے بعد ان (اسداللہ بیگ خاں وغیرہ) کے ان مطالبوں کو اور مرحوم کی ریاست کے دیگر قرض خواہوں کے اسی قسم کے مطالبات کے ساتھ لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر آگرہ کے حکم کے بموجب خصوصی کمشنروں کو بغرض تسویہ سپرد کر دیا گیا۔ تفتیش سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ مدعیان ۷۵۰/۳ روپے کے حق دار ہیں۔ اور مذکورہ رقم کے سلسلے میں ایک ڈگری ان کے حق میں جاری کر دی گئی۔ چونکہ ریاست کی آمدنی مطالبات کے مساوی نہ تھی۔ لہٰذا حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ قرض خواہ اثاثے کے پیش نظر منافع حاصل کریں گے۔ چنانچہ مذکورہ مدعیان نے بھی اسی اصول کے تحت اپنے حقوق حاصل کیے۔

سوم : مدعیان نے گذشتہ موقع پر حکومت کی دادرسی کے لیے درخواست پیش کی تھی۔ لیکن خصوصی کمشنروں

کے ان احکامات کی جس میں انھوں نے ان کے منافع کا تعین کیا تھا منظور دے دی گئی اور اس صورت حال سے انہیں ایک مکتوب مورخہ ۱۸ جولائی ۱۸۳۱ء کے ذریعے مطلع کر دیا گیا تھا۔

چہارم : مدعیان کے اس بیان کہ دہلی کے خزانے میں ۳٬۵۵۵ روپے جمع ہیں' جو فیروزپور کے بعض مسمار کیے ہوئے مکانات سے حاصل شدہ رقم ہے کے جواب میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ خزانے میں صرف ۲٬۲۴۸ روپے جمع ہیں جو بندوقوں اور کارتوسوں کی فروخت سے حاصل شدہ آمدنی ہے یہ رقم بلاشرکت غیرے سرکار برطانیہ کی ملکیت ہے۔

۲۲ ۔ مذکورہ بالا واقعات کے پیش نظر میری یہ رائے ہے کہ مدعیان کسی بھی خصوصی مراعت کے حق دار نہیں اور اگر ان کی درخواست کے مطابق عمل در آمد ہوتا ہے تو دیگر قرض خواہ بھی بالکل اسی طرح ملنے والے منافع کے بارے میں عدم اطمینان کا اظہار کریں گے۔

۳ ۔ آپ کے مراسلے کے ساتھ موصول ہونے والے اصل منسلکات واپس کیے جا رہے ہیں۔

دہلی ایجنسی — آپ کا مخلص

کیمپ جودھکا — (دستخط) ٹی' ٹی' مٹکاف

، ضلع سرسا — ایجنٹ برائے گورنر جنرل شمالی صوبہ جات☆

۲۱ جنوری ۱۸۴۰ء

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اور ایجنسی ریکارڈز ۔ کیس نمبر۹ ۔ بی پارٹ ۔ ااا

(۱۱۴)

بخدمت گرامی: ٹی' ٹی' مٹکاف صاحب بہادر
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمالی مغربی صوبہ جات' دہلی' شعبہ سیاسی

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا گزشتہ ۳۱ جنوری کا مکتوب موصول ہوا۔ جس میں مرزا اسداللہ خاں کے اس دعوے کے متعلق' جس کے تحت مدعی نے مرحوم شمس الدین خاں کی جائیداد کی فروخت سے حاصل شدہ آمدنی سے اپنی پنشن کے بقایاجات ادا کرنے کا تقاضا کیا ہے اور یہ باور کرایا ہے کہ متذکرہ رقوم دہلی کے سرکاری خزانے میں جمع ہے' رپورٹ دی گئی ہے۔ جواباً" آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عزت ماب لیفٹیننٹ گورنر جنرل صاحب بہادر آپ کی رائے سے اتفاق کرتے ہیں اور موصوف کی یہ رائے ہے کہ مذکورہ دعویٰ بالکل ناقابل پذیرائی ہے۔

آگرہ
۲ مارچ ۱۸۴۰ء

آپ کا مخلص
(دستخط)
قائم مقام معتمد برائے حکومت☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن - انڈیا پولٹیکل پروسیڈنگز سلسلہ ۱۹۶ جلد ۲۴

(۱۱۳)

(نقل)

منجانب: اسداللہ خان

بخدمت گرامی: ٹی' ایچ' میڈاک صاحب بہادر'

معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل صاحب بہادر' الہ آباد۔

جناب عالی!

میرے لیے یہ باعث افتخار ہے کہ میں اس خط کے ساتھ منسلکہ ایک عرضداشت بنام نواب گورنر جنرل صاحب بہادر جس میں ایک یادداشت ملکہ عالیہ کے نام ہے پیش کر رہا ہوں۔ نہایت احترام کے ساتھ درخواست ہے کہ آپ اس احقر پر کرم فرمائی کرتے ہوئے منسلکہ عرضداشت موقع و محل دیکھتے ہوئے حضور والا کے حضور پیش کر دیں گے۔

فدوی ملتمس ہے کہ مذکورہ یادداشت یورپ بھیج دینے کے بعد آپ از راہ نوازش اس کی تاریخ روانگی سے مطلع فرمائیں گے۔ میری ذات پر آپ کا یہ احسان عظیم ہو گا جسے میں احساس ممنونیت کے ساتھ ہمیشہ یاد رکھوں گا۔

آپ کا تابعدار

(دستخط) اسداللہ خاں

(نقل مطابق اصل)

دہلی — (دستخط) ڈبلیو ایڈورڈز

۲۹ جولائی ۱۸۴۲ء — نائب معتمد برائے حکومت ہند

مع گورنر جنرل صاحب بہادر☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن۔ انڈیا پولٹیکل پروسیڈنگز سلسلہ ۱۹۶ جلد ۲۴

(۱۱۴)

(نقل)

اسد اللہ خان کی عاجزانہ عرضداشت

منجانب : اسد اللہ خاں بنام گورنر جنرل صاحب بہادر

بخدمت گرامی : فضیلت ماب لارڈ ایڈورڈ ایلن برا صاحب بہادر(۴۸) کے سی بی

گورنر جنرل ہند' الہ آباد

بعز عرض جناب عالی!

آپ کے درخواست گزار کو میڈاک صاحب بہادر کے ماہ گزشتہ کی ۱۵ تاریخ کے مراسلہ ذریعے اس کے مقدمہ سے متعلق بورڈز آف ڈائریکٹرز کے فیصلے کی نقل موصول ہوئی۔ مدعی اپنے مقدمے کی بابت صادر ہونے والے احکامات سے مطمئن نہ ہونے کی بنا عزت ماب ملکہ عالیہ کے دربار شاہی میں اپیل کرنے کا اعزاز حاصل کر رہا ہے۔ چنانچہ وہ حضور والا سے بصد ادب گزارش کرتا ہے کہ آپ فدوی پر رحم کھاتے ہوئے منسلکہ یادداشت ملکہ عالیہ کے کرم گستر ملاحظے کے لیے پیش کر دیں۔

آپ کا درخواست گزار آپ کے لیے دعاگو رہے گا۔

(نقل مطابق اصل)

دہلی	(دستخط) ڈبلیو' ایڈورڈز
۲۹ جولائی ۱۸۴۲ء	معاون معتمد برائے حکومت ہند مع
	گورنر جنرل صاحب بہادر☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ انڈیا پولٹیکل پروسیڈنگز ۔ سلسلہ ۱۹۶ جلد ۲۴

(۱۱۵)

فورٹ ولیم ۲۸ دسمبر ۱۸۴۲ء

(نقل)

گذشتہ ماہ اگست کی ۵ تاریخ کو مندرجہ ذیل جواب گورنر جنرل کے معتمد نے اسد اللہ خاں کو ارسال کیا تھا۔

منجانب: معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل صاحب بہادر، الہ آباد

شعبہ سیاسی

بخدمت گرامی: اسد اللہ خاں

جناب عالی!

گورنر جنرل کی ہدایت کے مطابق میں آپ کو یہ اطلاع دے رہا ہوں کہ آپ نے اپنے مکتوب مورخہ ۲۹ جولائی کے ساتھ جو یادداشت روانہ کی ہے وہ حاضر ڈاک سے فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کو بھجوا دی جائے گی تاکہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس کا جائزہ لے سکے۔

الہ آباد

۵ اگست ۱۸۴۲ء

آپ کا مخلص

(دستخط) ٹی، ایچ، میڈاک

معتمد برائے حکومت ہند مع

گورنر جنرل صاحب بہادر

(نقل مطابق اصل)

(دستخط) ٹی، ایچ، میڈاک

معتمد برائے حکومت ہند مع

گورنر جنرل صاحب بہادر☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ انڈیا پولٹیکل پروسیڈنگز سلسلہ ۱۹۶ جلد۔ ۲۴

(۱۱۶)

شعبہ سیاسی
بخدمت گرامی فاضل کورٹ آف ڈائرکٹرز' ایسٹ انڈیا کمپنی

معزز اراکین!

میں بصد افتخار آپ کی خدمت میں اسداللہ خاں کی یادداشت مورخہ ۲۹ جولائی ارسال کر رہا ہوں۔ مدعی نے اپنی پنشن میں خاطرخواہ اضافے کی غرض سے یہ منسلکہ یادداشت ملکہ عالیہ بہادر کے نام تحریر کی ہے۔ آپ معزز اراکین سے استدعا ہے کہ اپنی صوابدید کے مطابق اس عرضداشت کا جائزہ لے لیں۔

آپ کا خدمت گزار'

الہ آباد	ادب شناس اور وفادار خادم
۱۲ اگست ۱۸۴۲ء	(دستخط) ایلن برو☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر ۔ ایف/۴/۲۰۹۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۸۹۶۸۴

(۱۱۷)

فورٹ ولیم ۲۸ دسمبر ۱۸۴۲ء
(نقل)

منجانب : اسد اللہ خاں
بخدمت گرامی : ٹی' ایچ' میڈاک صاحب بہادر
معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل صاحب بہادر وغیرہ' الہ آباد۔

جناب عالی !

آپ کا عنایت نامہ مورخہ ۵ اگست موصول ہوا۔ جس سے معلوم ہوا کہ میری عرضداشت بذریعہ حاضر ڈاک یورپ بھجوا دی جائے گی۔ آپ کے اس اقدام کریمانہ و خسروانہ کے لیے فدوی از حد شکر گزار ہے۔ نیز فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کا بھی ممنون احسان ہے۔

اللہ تعالیٰ حضور والا (گورنر جنرل) اور آپ پر رحمتوں کا نزول اور آپ کی کاوشوں کو کامیاب کرے۔

دہلی
۱۵ اگست ۱۸۴۲ء

آپ کا تابعدار
(دستخط) اسد اللہ خان



(نقل مطابق اصل)
(دستخط) ٹی' ایچ' میڈاک
معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل

(۱۱۹)

فورٹ ولیم ۲۸ دسمبر ۱۸۴۲ء شعبہ سیاسی

حکم ہوا کہ مذکورہ بالا مکتوب کی نقل دفتر ہذا کے اقتباس نمبر ۸۰ مورخہ ۳۱ جنوری کے حوالے سے سول آڈیٹر کے ملاحظے اور ہدایت کے لیے بھجوا دی جائے اور یہ کہ اکاؤنٹنٹ جنرل کو بھی اس کی ایک نقل فراہم کر دی جائے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ انڈین پولٹیکل پروسیڈنگز سلسلہ ۱۹۶۔ جلد ۲۴

(۱۱۸)

محترم این' بی بارنگ ایم۔ پی

ایسٹ انڈیا ہاؤس
۱۳ اکتوبر ۱۸۴۲ء

جناب عالی!

کورٹ آف ڈائریکٹرز کی ہدایت کے بموجب اسداللہ خان کی منسلکہ یادداشت جو ملکہ عالیہ بہادر کے نام مرقوم ہے' پیش کر رہا ہوں۔ جو لارڈ ایلن برو کے مکتوب مورخہ ۱۲ اگست (نمبر ۱۰)' ۱۸۴۲ء کے ساتھ منسلک موصول ہوئی تھی۔

آپ کا مخلص
(دستخط) جے' سی' میلویل(۴۹)☆
معتمد۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی آئی او آر ۔ ایف/۴/۲۰۹۳ بورڈز کلیکشن نمبر ۸۹۶۸۴

(۱۲۰)

ہندوستان ارسال کیے جانے والے ریاستی امور پر مبنی مراسلے' مورخہ ۴ اکتوبر ۱۸۴۳ء (نمبر ۳۰) سے اقتباس

گورنر جنرل کا ریاستی امور پر مبنی مراسلہ' مورخہ ۱۲ اگست نمبر ۱۸۴۲/۱۰۔ اور اس سے منسلک اسد اللہ خاں کی یادداشت بنام ملکہ عالیہ بہادر بہ سلسلہ اضافہ پنشن!

یہ یادداشت کمشنر برائے معاملات ہند کو بھیجی گئی☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر ۔ ای /۴/۷۶۶ ۔ پولٹیکل ڈسپیچ مورخہ ۴ اکتوبر ۱۸۴۳ء

(۱۲۱)

منجانب اسداللہ خاں
بخدمت گرامی: ایف کیوری صاحب بہادر(۵۰)،
معتمد برائے حکومت ہند، فورٹ ولیم۔

محترم عالی مقام!

فدوی بصد اعزاز ملتمس ہے کہ آپ اس خط سے منسلک یادداشت فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر ہند کے ملاحظے کے لیے پیش فرما دیجیے۔ از راہ نوازش اس پر صادر ہونے والے فیصلے سے بھی مجھے مطلع فرما دیں۔ آپ کی اس کرم گستری کے لیے بندہ ممنون احسان ہو گا۔

دہلی — آپ کا تابعدار

۲۳ اکتوبر ۱۸۴۴ء — (دستخط) اسداللہ خاں☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز لندن۔ نمبر آئی او آر۔ ایف/۴/۲۰۹۳ بورڈز کلیکشن نمبر۹۷۵۴۶

(۱۲۲)

اسد اللہ خاں کی عاجزانہ عرضداشت

بخدمت گرامی: فضیلت ماب لیفٹیننٹ جنرل لارڈ سر ہنری ہارڈنگ صاحب بہادر(۵۱)' بارونٹ جی سی بی'
گورنر جنرل ہند' فورٹ ولیم

معزعرض جناب عالی!

حضور والا کے درخواست گزار نے بصد افتخار حضور والا کے معزز و محترم پیش رو کی خدمت میں ۲۹ جولائی ۱۸۴۲ء کو اپنے دعوے پر مبنی ایک یادداشت پیش کی تھی کہ اسے ملکہ عالیہ بہادر' انگلستان کے ملاحظے کے لیے بھجوا دیا جائے۔ ۵ اگست کو اس وقت کے معتمد برائے حکومت ہند سرٹی' ایچ' میڈاک صاحب بہادر نے اپنے مکتوب کے ذریعے مطلع فرمایا کہ مذکورہ یادداشت فاضل کورٹ آف ڈائرکٹرز کی خدمت میں ارسال کر دی گئی ہے کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس کے متعلق رائے قائم کرے۔

فدوی نے ۲۵ جنوری ۱۸۴۴ء کو حکومت کو ایک چٹھی لکھ کر یہ معلوم کرنا چاہا تھا کہ انگلستان ارسال کی جانے والی یادداشت پر کیا فیصلہ صادر ہوا ہے۔ حضور والا کے درخواست گزار کو حکومت کے معتمد نے خط کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ وہاں سے حاکم اعلیٰ کا ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا ہے۔

چونکہ مذکورہ یادداشت کو یورپ روانہ کیے ہوئے دو سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے' لہٰذا فدوی بصد افتخار اپنے مطالبات کے متعلق کیے گئے فیصلے کے جاننے کا خواستگار ہے۔ نیز ملتمس ہے کہ اس سلسلے میں جو بھی احکامات موصول ہوئے ہوں' ان سے فدوی کو مطلع فرمایا جائے۔

حضور والا کا درخواست گزار آپ کے لیے دعاگو رہے گا☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن نمبر آئی او آر۔ ایف/۴/۲۰۰۹۔ بورڈز کلیکشن نمبر ۹۷۵۴۶

(۱۲۳)

بخدمت گرامی فاضل کورٹ آف ڈائرکٹرز' ایسٹ انڈیا کمپنی

معزز اراکین!

فاضل عدالت کو ارسال کردہ خط نمبر ۱۰' مورخہ ۱۲ اگست ۱۸۴۲ء ۔ فاضل عدالت کا خط نمبر ۳۰ مورخہ ۴ اکتوبر ۱۸۴۳ء پیراگراف ۱۰۶۔

اسداللہ خاں کی ایک یادداشت بنام ملکہ عالیہ بہادر جو ایک مکتوب مورخہ ۱۲ اگست ۱۸۴۲ء (نمبر۱۰) کے ساتھ آپ کی فاضل عدالت کو بھیجا گیا تھا' کے حوالے سے عرض ہے کہ ہم اسی مدعی کی ایک درخواست بھجوا رہے ہیں جس میں شخص مذکور نے اپنی پنشن کے اضافے کے سلسلے میں ارسال کردہ عرضداشت کا نتیجہ معلوم کیا ہے۔ بصد ادب!

فورٹ ولیم' شعبہ امور خارجہ
۱۹ نومبر ۱۸۴۴ء

معزز اراکین کے وفادار
(دستخط) ایچ ہارڈنگ
" ٹی' ایچ' میڈاک
" جی پلوک(۵۲)☆

☆ انڈیا آفس ریکارڈز' لندن نمبر آئی او آر ۔ ایف/۴/۲۰۹۳ ۔ بورڈز کلیکشن نمبر ۹۷۵۴۶

(۱۲۴)

مکتوب مورخہ ۱۹ نومبر ۱۸۴۴ء و (نمبر ۴۰) کا جواب

اسد اللہ خاں کی درخواست کہ پنشن کے اضافے کے سلسلے میں ارسال کردہ یادداشت بنام ملکہ عالیہ کے متعلق ہونے والے فیصلے سے مطلع کیا جائے۔
مجموعہ نمبر = ۱۸

۸۰ ۔ ملکہ عالیہ بہادر نے مذکورہ یادداشت کے سلسلے میں اپنی کسی کارروائی سے ہمیں آگاہ نہیں کیا ہے☆۔

☆ انڈیا آفس ریکارڈز، لندن نمبر آئی او آر ۔ ایف/۴/۸۴۷ ۔ پولٹیکل ڈسپیچ نمبر ۲۲ مورخہ ۴ جون ۱۸۴۵ء

(۱۲۵)

ایسٹ انڈیا ہاؤس
۱۹ جولائی ۱۸۴۷ء

جناب عالی!
دہلی سے ارسال کردہ عرضداشت مورخہ ۱۹ مارچ جس میں آپ کی جانب اور دیگر افراد کی جانب سے مطالبات پیش کیے گئے ہیں کے جواب میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہندوستان کے کسی بھی فریق کی عرضداشت اس وقت تک کورٹ آف ڈائرکٹرز کے زیر غور نہیں لائی جا سکتی جب تک اسے مقامی حکومت کے توسط سے نہ بھیجا گیا ہو۔ لہٰذا آپ کی درخواست واپس ارسال ہے۔

بخدمت گرامی:
جناب سپہ دار خاں
دہلی

آپ کا مخلص
(دستخط) جے' سی' میلویل☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ پارٹ۔ ۱

(۱۲۶)

عاجزانہ عرضداشت

بخدمت گرامی:
فضیلت ماب جے' تھامسن صاحب بہادر(۵۳)
لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات' آگرہ

سپہ دار خاں		
طرہ باز خاں		پسران کالے خان
غلام فخرالدین خاں		
حسن علی خان	:	ولد نبی بخش خاں
امراؤ بیگم	:	بنت الٰہی بخش خاں
برادر زادے' برادر زادیاں	:	نواب احمد بخش خاں
		جاگیر فیروز پور' نواح دہلی

بعز عرض جناب عالی!
ہم مدعیان بصد ادب التماس گزار ہیں کہ منسلکہ عرضداشت بنام فضیلت ماب گورنر جنرل بہادر جس کے ساتھ فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کے نام یادداشت ملفوف ہے کو پہلی فرصت میں ہمارے ایک مدعی کے نام آئے ہوئے مکتوب مورخہ ۱۹ جولائی جس کی نقل لف ہے کے حوالے سے بھجوا دیا جائے۔ مذکورہ یادداشت جسے جناب میلول نے واپس کر دیا تھا' کورٹ آف ڈائریکٹرز کے ملاحظے کے لیے منسلک کیا جا رہا ہے۔
مدعیان اپنے حق پر ہمدردانہ غور کے لیے اپنے افلاس کا تذکرہ ضروری نہیں سمجھتے اس لیے کہ سب پر یہ حقیقت عیاں ہے کہ جو کچھ بھی اثاثہ ان کے پاس موجود تھا وہ ایک بڑے اور بڑھتے ہوئے کنبے کی کفالت کی خاطر

فروخت کر دیا گیا ہے۔ مدعیان ملتمس ہیں کہ عزت ماب ان کی یادداشت پر سفارش فرمائیں گے۔

مدعیان سدا دعا گو رہیں گے

مرزا حسن علی خان	غلام فخرالدین خان	طرہ باز خان
ولد نبی بخش خاں	ولد کالے خان	ولد کالے خاں

سپہ دار خاں	امراؤ بیگم
ولد کالے خاں	بنت الٰہی بخش خاں

دہلی

۲ اکتوبر ۱۸۴۷ء

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ بی۔ پارٹ۔ ۱

(۱۴۷)

منجانب: سرتھیو فیلس مٹکاف صاحب بہادر بیرونٹ
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات، دہلی

بخدمت گرامی:
جناب جے، تھارنٹن صاحب بہادر،
معتمد برائے حکومت،
شمال مغربی صوبہ جات،
آگرہ

جناب عالی!

نواب احمد بخش خاں مرحوم، جن کی ریاست فیروزپور ۱۸۳۵ء میں حکومت کی تحویل میں آگئی تھی، کے اعزہ سپہ دار خاں، طرہ باز خاں، غلام فخرالدین خاں، حسن علی خاں اور امراؤ بیگم کی درخواست کے مطابق میں بصد افتخار منسلکہ لفافہ بنام عزت ماب لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات ارسال کر رہا ہوں۔ جیسا کہ کہا گیا ہے، اس میں ایک درخواست فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کے رو برو پیش کرنے کے لیے ہے جس میں کفالت بذریعہ پنشن کے مطالبات پیش کیے گئے ہیں جو حکومت کے حکم نمبر ۲۸۔ ایف، مجریہ ۲۷ فروری ۱۸۳۹ء کے مطابق موقوف کر دی گئی تھی۔

۲۔ محولہ بالا حکم کے اختتامی پیرا کے حوالے سے یہاں یہ عرض کرنا عین مناسب ہے کہ جب مدعیان نے فاضل عدالت کو یہ عرضداشت پیش کی تھی، اس وقت انہیں یہ جواب دیا گیا تھا کہ "ہندوستان کے کسی بھی فریق کی درخواست اس وقت تک ان (بورڈ آف ڈائریکٹرز) کے زیر غور نہیں لائی جاتی تاوقتیکہ یہ مقامی حکومت کے توسط سے نہ بھیجی گئی ہو۔" چنانچہ میں ان کی درخواست جناب معتمد تھامسن صاحب بہادر کی ہدایات کے بموجب پیش کر رہا ہوں جو انہوں نے عزت ماب ایف، رابرٹ سن کے عہد گورنری کے وقت مجھے دی تھی اور یہ باور کرایا تھا کہ کوئی بھی

دستاویز جو انگلستان کے وزارت داخلہ کے مجاز حکام کے نام ہو' رد نہیں کی جا سکتی۔

ایجنسی دہلی' کیمپ مرزا پور'
پرگنہ حصار' ضلع حصار' علاقہ دہلی

آپ کا مخلص
(دستخط) ٹی' ٹی مٹکاف
ایجنٹ برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر
شمالی مغربی صوبہ جات☆

۲۶ نومبر ۱۸۴۷ء

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی ریکارڈز۔ کیس نمبر ۹ پارٹ۔ ۱

(۱۲۸)

بخدمت گرامی: جناب ایچ' ایم' ایلیٹ صاحب بہادر(۵۴)'
معتمد برائے حکومت ہند' شعبہ امور خارجہ

جناب عالی!

عزت مآب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کی ہدایت کے تحت میں آپ کی خدمت میں ایک لفافہ ارسال کر رہا ہوں جو فضیلت مآب گورنر جنرل صاحب بہادر کے نام ہے اور اسے دہلی کے ایجنٹ نے یہ کہہ کر بھیجا ہے کہ اس کے اندر نواب احمد بخش مرحوم' جاگیردار فیروز پور کے بعض اقربا کی عرضداشت بہ سلسلہ پنشن موجود ہے۔

۲۔ عزت مآب نے رائے دی ہے کہ ریاست فیروزپور کے الحاق کے بعد جب مدعیان نے پنشن کے سلسلے میں درخواست بھیجی تھی تو شمال مغربی صوبہ جات کے گورنر جنرل نے ۲۷ فروری ۱۸۳۹ء کو اسے حتمی طور پر نامنظور کر دیا تھا اور یہ کہ اس وقت اس موضوع پر جو احکام صادر ہوئے تھے ان کی معزز کورٹ آف ڈائریکٹرز نے توثیق کر دی تھی جیسا کہ ان کے مکتوب نمبر۶' مورخہ ۱۱ فروری ۱۸۴۰ء کے پیراگراف ۶۵ سے ظاہر ہے۔ لہٰذا لیفٹیننٹ گورنر اس بات کے حق میں نہیں کہ اس معاملے کو دوبارہ اٹھایا جائے۔ بایں ہمہ یہ بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ منسلکات آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے جائیں کیونکہ فضیلت مآب نواب گورنر جنرل بہادر کے نام ارسال کیے گئے ہیں۔

صدر دفتر	آپ کا مخلص
۲۲ دسمبر ۱۸۴۷ء	(دستخط) جے' تھارٹن☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز' کیس نمبر۹ بی پارٹ ۱۰

(۱۲۹)

منجانب : ایچ' ایم' ایلیٹ صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت ہند' شعبہ امور خارجہ

بخدمت گرامی :
جے' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت شمال مغربی صوبہ جات' شعبہ امور خارجہ

جناب عالی!

حسب ہدایت عرض ہے کہ آپ کا مکتوب مورخہ ۲۲ دسمبر گزشتہ جس میں ریاست فیروزپور کے نواب احمد بخش خاں مرحوم کے چند اعزہ و متعلقین کی پنشن کے لیے درخواست بھیجی گئی ہے موصول ہوا۔ اور جواباً" عرض ہے کہ گورنر جنرل ان کونسل کی رائے ہے کہ اس خاندان کے جملہ افراد جن کے دعوے منظور کر لیے گئے تھے کی پنشن پہلے ہی طے کی جا چکی ہے اور موجودہ مدعیان کے دعوے باقاعدہ رد کیے جا چکے ہیں۔ لہٰذا اس مسئلے کو دوبارہ نہ چھیڑا جائے۔

فورٹ ولیم
۷ جنوری ۱۸۴۸ء

آپ کا مخلص
(دستخط) ایچ' ایم' ایلیٹ
معتمد برائے حکومت ہند☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز ۔ دہلی ریذیڈنسی اینڈ ایجنسی ریکارڈز' کیس نمبر ۹ بی پارٹ ۔۱

(۱۳۰)

بخدمت گرامی جناب ایجنٹ صاحب بہادر
برائے لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر،
شمال مغربی صوبہ جات، دہلی

جناب عالی

آپ کے گزشتہ نومبر کی ۲۲ تاریخ کے مکتوب کے ہمراہ فیروزپور کے نواب احمد بخش خاں کے اعزہ و متعلقین سپہ دار خان و طرہ باز خاں وغیرہ کی حکومت کی جانب سے کفالت بذریعہ پنشن کی جو درخواست بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بھیجنے کے لیے پیش کی گئی تھی کے سلسلے میں حسب ہدایت جناب معتمد ایلیٹ صاحب بہادر کی جانب سے جواب میں لکھے گئے ماہ ہذا کی ۷ تاریخ کے مکتوب کی نقل منسلک کر رہا ہوں۔

آپ کا مخلص
(دستخط) جے، تھارٹن
معتمد برائے حکومت
شمال مغربی صوبہ جات

شعبہ امور خارجیہ
شمالی مغربی صوبہ جات
صدر دفتر
۲۶ جنوری ۱۸۴۸ء

(۱۳۱)

فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کے مکتوب مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۸۵۰ء سے اقتباس

فیروزپور کے نواب احمد بخش خان کے خاندان کے کچھ افراد کی یادداشت جس میں اس بنا پر کہ مذکورہ جاگیر حکومت نے تحویل میں لے لی ہے کفالت بذریعہ پنشن کی درخواست کی گئی ہے۔

۵ ـ اس درخواست کو محض یہ کہہ کر کہ "مرحوم نواب کے اہل خاندان کی پنشن کی ادائیگی کا معاملہ بہت پہلے نمٹایا جا چکا ہے" رد کر دینے کا جو جواز لیفٹیننٹ گورنر نے پیش کیا ہے اور جس کی گورنر جنرل نے توثیق کی ہے، اس وقت موزوں ثابت ہوتا اگر مدعیان کا یہ استغاثہ پہلی مرتبہ آگے بڑھایا گیا ہوتا، لیکن وہ یہ الزام لگا رہے ہیں کہ جاگیر کی ضبطی کے بعد وہ مسلسل اپنا دعویٰ پیش کرتے رہے ہیں۔ لہٰذا ان کا متعلقہ مقدمہ استحقاق کی بنیاد پر ہی نمٹایا جا سکتا ہے۔ نیز، ہمیں اس بات میں شبہ کرنے کی بھی کوئی وجہ نہیں کہ انہوں نے جو موقف اختیار کیا ہے اس پر مناسب غور و خوض نہیں کیا گیا ہو گا۔ تاہم ہمیں آپ کی حکومت کے فیصلے کے خلاف اپیل موصول ہوئی ہے، لہٰذا ہماری خواہش ہے کہ اس معاملے کے متعلق ضروری معلومات ہمیں فراہم کی جائیں تاکہ اسے نمٹایا جا سکے۔

(اقتباس مطابق اصل)

(دستخط) ایچ، ایم ایلیٹ

معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل

(۱۳۲)

منجانب: سر ہنری ایلیٹ صاحب بہادر کے سی بی
معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل'

بخدمت گرامی:
جناب جے' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت شمال مغربی صوبہ جات' شعبہ امور خارجہ

جناب عالی!

فیروز پور کے نواب احمد بخش خاں مرحوم کے چند اہل خاندان نے فیروزپور کی جاگیر کی ضبطی کے نتیجے میں کفالت بذریعہ پنشن سے متعلق ایک یادداشت گذشتہ مئی کی ۱۱ تاریخ کو فضیلت ماب گورنر جنرل صاحب بہادر کو پیش کی تھی جو فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کے ملاحظے کے لیے روانہ کی گئی تھی۔ مجھے گورنر جنرل بہادر نے ہدایت کی ہے کہ محترم لیفٹیننٹ گورنر کی معلومات کے لیے فاضل عدالت کے مکتوب مورخہ ۳۰ کتوبر نمبر ۳۰ کے پیراگراف ۵ کا اقتباس پیش کروں جس میں معزز عدالت کی جانب سے متعلقہ استغاثہ کے متعلق رائے کا اظہار کیا گیا ہے۔

۲۔ آپ از راہ کرم اپنی اولین فرصت میں فاضل عدالت کو درکار معلومات فراہم کر دیں۔

آپ کا تابعدار
(دستخط) ایچ' ایم' ایلیٹ
معتمد برائے حکومت ہند
مع گورنر جنرل

کیمپ وزیر آباد
۲۳ دسمبر ۱۸۵۰

(۱۳۳)

بخدمت گرامی سر ایچ ایم ایلیٹ صاحب بہادر کے سی بی
معتمد برائے حکومت ہند مع گورنر جنرل صاحب بہادر شعبہ امور خارجہ

جناب عالی!

معزز لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کی ہدایت کے بموجب عرض ہے کہ آپ کا گزشتہ ماہ دسمبر کی ۲۴ تاریخ کا مکتوب نمبر ۲۹۶۴ اور اس سے منسلک فاضل کورٹ آف ڈائریکٹرز کے مراسلے نمبر ۳۰' مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۸۵۰ کے اقتباس کا پیراگراف ۵ جس میں فیروزپور کے نواب احمد بخش خاں کے بعض اعزہ کی جانب سے پنشن کے استغاثے کے متعلق معلومات دریافت کی گئی ہیں موصول ہوا۔

۲۔ حسب ہدایت جواب میں نواب مرحوم کے چند اہل خاندان کے گوشوارے کا اقتباس پیش کر رہا ہوں جسے دہلی کے ایجنٹ صاحب بہادر نے ۱۰ جنوری ۱۸۳۹ء کو فراہم کیا تھا اور یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اسی بنیاد پر شمال مغربی صوبہ جات کے گورنر جنرل صاحب بہادر نے اپنے احکام مجریہ ۲۷ فروری ۱۸۳۹ء میں یہ فیصلہ صادر کیا تھا کہ ان مدعیان کو امدادی سہولت فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کا مخلص

(دستخط) جے تھارنٹن

شعبہ امور خارجہ

شمال مغربی صوبہ جات

کیمپ لیفٹیننٹ گورنر

۴ فروری ۱۸۵۱ء

(۱۳۴)

فیروزپور کے جاگیردار نواب احمد بخش خاں مرحوم کے متعدد افراد خاندان کے گوشوارے سے اقتباس جو دہلی کے ایجنٹ نے فراہم کیا تھا۔

نمبر شمار	نام	عمر	رشتہ داری		ذاتی ملکیت اور اس کی قیمت	تبصرہ: مرد رکن کا موجودہ ذریعہ معاش اگر رکن عورت ہے تو اس کی شادی کس سے ہوئی۔ شوہر کا پیشہ اور ذریعہ معاش
۱	امراؤ بیگم	۴۲	بھتیجی۔ یہ نبی بخش خاں کی بیٹی (الٰہی بخش خاں کی بیٹی)	احمد بخش خاں کی جانب سے تیس روپے ماہانہ ملتے تھے۔	کوئی جائیداد نہیں	زوجہ اسد اللہ خاں جنہیں فیروزپور کی جاگیر سے ۷۵۰ روپے سالانہ ملا کرتے تھے حکومت سے جاگیر کے ملحق ہونے کے بعد یہ رقم بحال رہی۔ البتہ تیس روپے کا ماہانہ وظیفہ شمس الدین خان نے بند کر دیا۔ امدادی کارروائی ضروری نہیں !
۲	سپہ دار خاں	۵۰	ولد کالے خاں جو احمد بخش خاں کے چچازاد بھائی کالے خان کا بیٹا اور ان کے چچا قلی خان کا پوتا	شمس الدین خاں سے ماہانہ ۵۰ روپے ملا کرتے تھے	ایضاً	پس انداز کی ہوئی رقم پر گزارہ کرتے ہیں۔ نیز گھر کا اثاثہ فروخت کر کے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ تین یا چار بچوں کے باپ ہیں۔ شمس الدین خاں نے وفات سے پہلے ان کا وظیفہ بند کر دیا تھا۔ یہ روزی کمانے کے قابل ہیں کارروائی ضروری ہیں۔
۳	طرہ باز خاں	۴۵	احمد بخش خاں	شمس الدین خاں	شہر میں ان کا	پس انداز کی ہوئی رقم پر گزارہ کرتے ہیں۔

		کے چچازاد بھائی کالے خاں کا بیٹا اور ان کے چچا قلی خان کا پوتا	نے انہیں دگان چل کا قصبہ جاگیر میں دیا تھا جس کی سالانہ آمدنی ۵۰۰ روپے تھی	اپنا مکان ہے جس میں رہتے ہیں اس کی مالیت ۲۵۰۰ روپے ہے	نیز گھر کا اثاثہ بیچ کر اور قرض لے کر اخراجات پورے کرتے ہیں۔ ان کی تین کنواری بیٹیاں ہیں۔ شمس الدین خاں نے اپنی زندگی میں ان سے جاگیر واپس لے لی تھی۔ کارروائی ضروری نہیں۔
غلام فخرالدین خاں	۳۵	ان کے چچا زاد بھائی کالے خان کا بیٹا اور ان کے چچا قلی خان کا پوتا	شمس الدین خاں کے زمانے میں ۷۰ روپے ماہانہ ملا کرتے تھے	شہر میں ان کا اپنا مکان ہے جس میں رہتے ہیں جس کی مالیت ۴ ہزار روپے ہے	شمس الدین خاں نے اپنی وفات سے چار پانچ سال قبل ان کا ماہانہ وظیفہ بند کر دیا تھا۔ ان کی اہلیہ کو جو نواب مرتضیٰ خاں کی دختر ہیں حکومت سے ۱۰۰ روپے ماہانہ ملتے ہیں۔ یہ ان کے والد جو پوال کے جاگیردار تھے' کی وفات پر بطور وظیفہ ملنا شروع ہوا تھا۔ کارروائی ضروری نہیں۔
حسن علی خان	۴۰	یہ احمد بخش خان کے بڑے بھائی نبی بخش خان کے بیٹے ہیں	شمس الدین خاں کی جانب سے ماہانہ ۱۰۰ روپے ملتے تھے	دہلی میں ایک ہزار روپے سے کچھ کم مالیت کا مکان ہے	منقولہ جائیداد فروخت کر کے گزر بسر کرتے ہیں۔ نواب شمس الدین خاں کی زندگی میں ان کے مختار تھے۔ ان کے تین بیٹے ہیں ایک کی شادی سلطان بخش خاں کی بیٹی نظامی بیگم سے ہوئی ہے۔ دوسرے بیٹے جوان ہیں اور بے روزگار۔ ان کے متعلق باور کیا جاتا ہے کہ سابق ایجنٹ کے قتل میں ملوث تھے۔ کسی کارروائی کی ضرورت نہیں

(۱۳۵)

حکومت پنجاب کے فارسی ریکارڈ پر مبنی بستہ نمبر۲۱ میں موجود ایک ایسا رجسٹر ہے جس میں ۱۸۶۴ء سے ۱۸۷۲ء تک کے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ اس بستے کا اندراج نمبر۵۸، مورخہ ۲۸ جون ۱۸۶۹ء کچھ اس نوعیت کا ہے :

عرضی امراؤ بیگم زوجہ مرزا اسداللہ خاں غالب سکنہ دہلی معہ کاغذات انگریزی بگزارش نہ ہونے گزارا ماہوار مجوزہ صاحب کمشنر بہادر میں درخواست واگزاری کل پنشن شوہر متوفی بنام خود و حسین علی خان(۵۵) پسر متبنی خود۔

حکم ہوا

اصل عرضی بنام کمشنر بہادر دہلی مرسل ہو اور سائلہ کو اطلاع دے دی جائے۔

ضمیمہ ۲

برہان قاطع اور سبد چین

سے متعلق

متفرق مکاتیب

۱۱ مارچ ۱۸۶۶ء تا ۵ ماچ ۱۸۶۸ء

(۱۳۶)

عزت ماب ڈی ایف میکلوڈ صاحب بہادر سی بی لیفٹیننٹ گورنر

۱۱ مارچ ۱۸۶۶ء

محترم جناب میکلوڈ صاحب بہادر(۵۶)'

کرنل ہملٹن صاحب کے توسط سے مرزا نوشہ دہلوی کی ایک تصنیف کے چار نسخے موصول ہوئے ہیں۔ اس کتاب کا عنوان ہے "قاطع برہان"۔ اس میں فارسی کی مشہور لغت "برہان قاطع" کے بعض حصوں پر تنقید کی گئی ہے۔ کرنل ہملٹن صاحب بہادر کا خیال ہے کہ حوالے کے طور پر یہ کتاب کار آمد ثابت ہو گی اور اس کا سکول کی لائبریریوں میں رکھنا مفید ہو گا۔ مرزا نوشہ کو مبلغ =/۵۰ روپے کی خلعت سے سرفراز کیا جائے' ایک نسخہ انجمن اور کالج کی لائبریری کے لیے ارسال ہے' اگر یہ کتاب فی الحقیقت کار آمد متصور کی گئی تو اس کے مزید نسخے خرید کر اعلی ثانوی سکولوں میں تقسیم کر دیے جائیں گے۔

آپ کا مخلص

(دستخط) ٹی ایچ تھارنٹن☆

☆ پنجاب آرکائیوز - پی پروسیڈنگز نمبر ۸ مورخہ مارچ ۱۸۶۶ء

(۱۳۷)

بخدمت گرامی ڈاکٹر جی' ڈبلیو لائٹنر(۵۷) صاحب بہادر
صدر' سوسائٹی برائے فروغ علم نافع' لاہور

مورخہ ۱۵ مارچ ۱۸۶۶ء

جناب عالی!

بصد اعزاز آپ کی خدمت میں مرزا نوشہ دہلوی کی کتاب "قاطع برہان" کا ایک نسخہ ارسال کر رہا ہوں۔ اس میں فارسی کی مشہور لغت "برہان قاطع" کے بعض حصوں پر تنقید کی گئی ہے آپ سے استدعا ہے کہ اسے "انجمن پنجاب" کے سامنے اس درخواست کے ساتھ رکھیں کہ وہ اس کی خوبیوں کے متعلق رائے دے' نیز یہ بھی بتائے کہ آیا یہ سکولوں اور کالجوں کے لیے مفید ثابت ہو گی یا نہیں!

(دستخط) ٹی' ایچ تھارنٹن☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ پی پروسیڈنگز نمبر ۸ مورخہ مارچ ۱۸۶۶ء

(۱۳۸)

بخدمت گرامی ٹی' ایچ تھارنٹن صاحب بہادر
معتمد برائے حکومت پنجاب اور اس کے ماتحت ادارے

جناب عالی!

آپ کے گزشتہ مارچ کی ۱۵ مارچ مکتوب نمبر ۱۰۰' کے حوالے سے عرض ہے کہ سوسائٹی کی ہدایت کے بموجب اس کے رکن شیخ فیروزالدین کی "قاطع برہان" کے متعلق رائے جس کی انجمن نے بھی توثیق کی ہے ارسال ہے۔ کتاب بعنوان "قاطع برہان" شکریے کے ساتھ واپس کی جا رہی ہے۔

سوسائٹی برائے فروغ علم نافع	آپ کا وفادار خادم
لاہور	نوبین سی رائے(۵۸)
۲ جون ۱۸۶۶ء	معتمد برائے سوسائٹی☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز - "بی" پروسیڈنگز نمبر۱/۲ مورخہ اگست ۱۸۶۶ء

(۱۳۹)

مرزا نوشہ کی کتاب "قاطع برہان" کے مفید ہونے کے متعلق سوسائٹی برائے فروغ علم نافع کی رائے۔

یہ کتاب (قاطع برہان) خود ایک مستقل لغت نہیں، البتہ مصنف نے مشہور فارسی لغت "برہان قاطع" کے بعض حصے منتخب کر کے ان پر تنقید کی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مصنف نے اس کتاب کو مرتب کرنے میں اپنی ذہانت کا ثبوت دیا ہے جو قابل تعریف ہے۔ مگر اس کتاب کی تعلیم مدارس میں ضروری نہیں! البتہ اگر "برہان قاطع" مدرسوں میں رکھی جائے تو اس کے ساتھ اس کتاب (قاطع برہان) کا رکھنا مناسب ہو گا۔

مذکورہ بالا رائے اصلاً سوسائٹی کے رکن شیخ فیروزالدین نے دی ہے جس کی اراکین کی اکثریت نے توثیق کی ہے☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ "بی" پروسیڈنگز نمبر۱/۲ مورخہ اگست ۱۸۶۶ء

(۱۴۰)

رائے نسبت کتاب قاطع بزبان مولفہ مرزا نوشہ صاحب

حسب ورود چٹھی صاحب سکرٹری بہادر گورنمنٹ پنجاب بنام ڈاکٹر صاحب بہادر بدیں خلاصہ کہ آیا یہ کتاب واسطے مدارس وغیرہ کے اچھی لغت متصور ہو گی یا نہیں ڈاکٹر صاحب ممدوح و دیگر ممبران انجمن نے نسخہ قاطع برہان مجھ کو واسطے دیکھنے اور لکھنے رائے مناسب کے دیا تو میں نے کتاب کو دیکھا۔ معلوم ہوا کہ یہ کتاب بعض لغات برہان قاطع کے رد میں ہے خود مستقل کتاب لغت نہیں اور اگرچہ مصنف نے بہ ذکاوت خود بعض مقام میں ایسا زور طبع دکھلایا ہے کہ قابل تعریف ہے' مگر اس کتاب کی تعلیم مدارس میں ضروری نہیں ہے' اور یہ بھی خارجا" سنا گیا ہے کہ اس کے اوپر اور رد و قدح بھی ہوا ہے۔ پس میری دانست میں اس کتاب کا تنہا مدرسوں میں رکھنا چنداں ضروری نہیں۔ البتہ اگر برہان قاطع مدرسوں میں رکھی جاوے تو اس کے ساتھ اس کا رکھنا خالی از فائدہ نہیں ہے اور جو رسائل اس کے اوپر رد و قدح کے ہوں' ان کو بھی رکھنا ضروری ہے تاکہ ناظرین کو امر تحقیق پر آگاہی ہو فقط ۔ ۲۳ اپریل ۱۸۶۶ء
مشتہر باب : شیخ فیروز الدین(۵۹) عفی عنہ☆

پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز ۔ "بی" پروسیڈنگز نمبر۱/۲ مورخہ اگست ۱۸۶۶ء

(۱۴۱)

بخدمت گرامی ٹی' ایچ' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت' پنجاب

جناب عالی!

یہ جاننے کے بعد کہ عزت ماب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر ہندوستان میں افسروں کے امتحانات کے لیے فارسی قواعد کی کتاب داخل نصاب کرنا چاہتے ہیں۔ جو کسی مستند مصنف کی لکھی ہوئی ہو۔ میں نے اردو میں اس موضوع پر کتاب لکھی اور اسے دہلی کے کمشنر کرنل ہملٹن صاحب بہادر کے توسط سے حضور والا کی خدمت میں ارسال کر دیا۔ لیکن مجھے ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ عزت ماب نے اسے منظور فرمایا کہ نہیں۔ لہٰذا میں جناب والا سے التماس کروں گا کہ مجھے اس امر سے مطلع فرمائیں کہ آیا عزت ماب اسے طباعت کے لائق سمجھتے ہیں کہ نہیں۔ یہ میری ناچیز رائے ہے کہ مذکورہ تصنیف سرکاری کالجوں اور سکولوں کے طلبہ کے لیے مفید ثابت ہو گی۔

امید ہے کہ جواب سے سرفراز کیا جاؤں گا۔

دہلی

۲۶ جولائی ۱۸۶۶ء

آپ کا وفادار خادم

اسداللہ خاں' شاعر دہلی☆

محمد اسداللہ خاں ۱۲۳۸

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر ۱/۲ مورخہ اگست ۱۸۶۶ء

(۱۴۲)

بخدمت گرامی ناظم تعلیمات عامہ

مورخہ ۴ اگست ۱۸۶۶ء

مرزا نوشہ دہلوی کی کتاب "قاطع برہان" جو مشہور فارسی لغت "برہان قاطع" کے بعض حصوں پر تنقید ہے کا ایک نسخہ آپ کے تبصرے کے لیے ارسال خدمت ہے☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۱/۲ مورخہ اگست ۱۸۶۶ء

(۱۴۳)

منجانب میجر اے۔ آر۔ فلر' آر' اے'
ناظم تعلیمات عامہ' پنجاب۔

بخدمت گرامی: ٹی' ایچ' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت' پنجاب۔
مورخہ یکم دسمبر ۱۸۶۶ء

مکتوب نمبر ۲۷۵' مورخہ ۴ اگست ۱۸۶۶ء کا جواب اور مکتوب نمبر ۲۸۲' مورخہ ۲۳ نومبر ۱۸۶۶ء کی یاد دہانی۔
مولوی کریم الدین(۶۱)' ڈپٹی انسپکٹر آف سکولز' لاہور سرکل اور مولوی علمدار حسین(۶۲) اسسٹنٹ پروفیسر عربی' لاہور گورنمنٹ کالج کے مرزا نوشہ دہلوی کی "قاطع برہان" پر اردو میں لکھے ہوئے تبصرے مع ڈائریکٹر صاحب کی یادداشت کے پیش خدمت ہیں۔ مرسلہ کتاب کا نسخہ بھی واپس کیا جا رہا ہے۔

(دستخط) اے' آر فلر
ناظم تعلیمات عامہ پنجاب☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳۸/۳۹ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۴)

جناب عالی!

حسب الحکم حضور کے کتاب قاطع برہان بندہ نے پڑھی اور خوب غور سے اس کتاب کو دیکھا۔ اس کتاب کا یہ حال ہے کہ کتاب برہان قاطع جو ایک لغت فارسی کی کتاب ہے اور مدت سے جاری ہے اور اس مصنف کو بھی اسی سے یقینا فارسی آئی ہے' اس کے بعض بعض لغت پر اس کتاب کے مصنف نے اعتراض کیے ہیں اور اعتراض اس کے اس طور کے ہیں کہ یا تو یہ کہتا ہے کہ یہ لغت میں نے کہیں نہیں دیکھا نہ پڑھا اور یا یہ کہتا ہے کہ اس لغت کے کئی معنی جو برہان قاطع میں لکھے ہیں' ان میں سے فلاں معنی ہرگز نہیں ہیں اور دلیل اس کی کہیں نہیں دیتا۔ اپنے تیں جامع اللغات سمجھتا ہے اور اعتراض بہت برے طور سے کیے ہیں یعنی بعضے مقام پر تو صاف صاف گالیاں مصنف برہان قاطع کو دی ہیں اور بعض جگہ اس کی ہنسی اور مسخریہ ایسا کرتا ہے کہ اہل خلق سے اس طرح کی عبارت کا سرزد ہونا بہت نازیبا ہے اور باوجود اس کے میں نے سنا ہے کہ ایک کتاب اس کے جواب میں درمیان میرٹھ کے چھپ چکی ہے۔ اس میں اس کی غلطیاں بھی بتلائی گئی ہیں۔ اس کا نام قاطع القاطع ہے۔ پس میرے نزدیک یہ کتاب بے فائدہ ہے۔ البتہ ایک طرح فائدہ ہوتا کہ چند لغات جن پر اس نے اعتراض کیے تھے' ان کو صحیح کر کے برہان قاطع کے اخیر میں چھپوا دیتا اور یہ لکھ دیتا کہ یہ ایجاد میرا ہے۔ جو لغت پر اعتراض کرنا معیوب سمجھتے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ مصنف سابق نے جو معنی اس لغت کے یہ لکھے ہیں بے شک کسی محاورہ یا کسی کتاب متقدم سے لکھے ہونگے وہ اس فہرست کو نہ مانتے اور جو شخص معتقد اس مصنف کے ہوتے وہ مان لیتے۔ اب اس نے جو ایک کتاب ہزل اور مسخریہ آمیز لکھی ہے اس کا سوا اس کے اور کچھ فائدہ متصور نہیں ہوتا کہ طلبا کو طریقہ ہزل بولنے اور بیہودہ لکھنے کا آ جاوے جو کہ سراسر منافی اخلاقی کے ہے اور عجب نہیں ہے کہ جن معنوں پر اور جن لغتوں پر اس نے اعتراض کیے ہیں وہ اس کی نظر سے نہ گزرے ہوں کیونکہ وہ غیر ملک کی بولی ہے جہاں پر یہ مصنف کبھی نہیں گیا اور نہ شاید وہ محاورے اس نے سنے ہوں اور جبکہ اس کتاب کا جواب شہر میرٹھ میں چھپ چکا ہے اور اس مصنف کی غلطیاں انھوں نے سب بتلا دی ہیں تو اس کتاب سے کچھ فائدہ متصور نہیں ہے۔ فقط۔

زیادہ حد آداب

کریم الدین ڈپٹی انسپکٹر مدارس

۲۸ ستمبر ۱۸۶۶ء☆

پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳۸/۳۹ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۵)

عالی جاہا!

چونکہ یہ مقدمہ تصنیف کتاب قاطع برہان کا بہت طول پکڑ گیا ہے۔ اسی واسطے مناسب معلوم ہوا کہ میں ابتدا ہی سے اس مقدمہ کا کچھ کچھ حال مختصر طور پر مع اپنی رائے کے گزارش کروں۔ کتاب برہان قاطع کو فارسی لغات میں حکیم محمد حسین تبریزی برہان تخلص نے تالیف کیا۔ یہ کتاب ۱۰۵۷ ہجری میں بہ عہد سلطان قطب شاہ بن قطب شاہ کے دکن میں تالیف ہوئی۔ بموجب بیان مصنف کے اس میں ۱۸۸۷ لغت اور کنایہ ہیں اور اگر اس کے ملحقات کو بھی شمار کیا جائے تو اس میں ۲۲۳۲۲ لغت ہیں۔

مصنف نے اس کو نہایت محنت اور تلاش کے ساتھ فرہنگ جہانگیری، مجموع الفرس سروری، سرمہ سلیمانی، صحاح الادویہ حسین الانصاری وغیرہ بڑی بڑی معتبر اور مشہور کتابوں سے اور نیز محاورات اہل زبان کا تتبع کر کے تالیف کیا ہے اور اسے آسان اور دلچسپ ترتیب پر لکھا ہے کہ اس کتاب کے تصنیف ہونے کے بعد پہلی کتابوں پر لوگوں کی چنداں توجہ نہ رہی۔ یہ ہی کتاب مقبول طبائع ہر خاص و عام ہو کر سب جگہ پھیل گئی۔

دو سو برس سے یہ کتاب تمام فضلا اور مصنفوں کے دعووں کی دستاویز چلی آتی ہے اور اس نے سب خاص و عام فارسی دانوں کی گردنوں میں اپنے مصنف کی احسان مندی کا طوق ڈال رکھا ہے۔

باوجود اس کثرت لغات کے اور اس قدر زمانہ تصنیف گزرنے کے لیکن کسی ایک لغت پر بھی اس کے انگشت اعتراض کسی فاضل کو رکھتے ہوئے نہ دیکھا اور نہ سنا۔

اب نواب اسداللہ خان صاحب غالب کہ جو اپنے زمانہ میں فارسی دانی اور شاعری کے اندر شاید ایک آدمی ہیں اور اپنا نظیر نہیں رکھتے، اس کتاب پر معترض ہوئے ہیں اور انھوں نے بموجب حساب مصنف محرق القاطع (کذا) کے ۲۸۴ لفظوں پر اس کے اعتراض کیے ہیں اور ان اعتراضوں کو فی الحقیقت ویسے ہی قوت دی ہے جیسے کہ وہ لاجواب فاضل ہیں۔ (ان ہی اعتراضوں کا نام قاطع برہان ہے کہ جس پر حضور رائے طلب فرماتے ہیں) ان اعتراضوں کے جواب میں اور پھر ان جوابوں کے جواب میں محرق القاطع (کذا)، قاطع القاطع، ضارب سیف قاطع، ساطع برہان، دافع ہذیان، لطائف غیبی، نامہ غالب وغیرہ بہت سے رسالہ اب تک تالیف اور تصنیف ہو چکے ہیں۔ ان میں بعض رسالہ حقیر نے بھی دیکھے ہیں۔ خلاصہ ان کا مجھے یہ معلوم ہوا کہ مرزا اسداللہ خاں صاحب کے ۲۸۴ اعتراضوں میں سے

صرف ۲۴ اعتراضوں کا جواب دیا گیا ہے اور ان ۲۴ میں بھی صرف پانچ چار ہی ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ جو حقیقتہ" درست ہیں اور جن میں سے صرف دو کو نواب اسداللہ خان صاحب نے بھی مان لیا۔

پس میری رائے ناقص اس مقدمہ میں یہ ہے کہ اگر برہان قاطع کے ۲۲۳۲۲ لفتوں میں سے صرف ۲۸۴ پر اعتراض کیا گیا تو ان اعتراضوں سے نہ برہان قاطع کی بے اعتمادی اور منسوخیت لازم آتی ہے اور نہ اس کے مشہور مصنف کی جلالت شان اور فیض بخشی اور احسان پر کچھ حرف آتا ہے۔ خصوصاً ایسی حالت میں کہ ان اعتراضوں کے ضمن میں بعضے ایسے ایسے اعتراض بھی ہیں کہ مثلاً آمیختن کو بروزن آبستن کس واسطے لکھا یہ قید زائد ہے۔ اس کو ہر شخص جانتا ہے۔ یا مصدر تو لکھا ہی تھا پھر اس کے مشتقات کو علیحدہ لغت قرار دے کر لکھنے کی کیا ضرورت تھی وغیرہ۔

علیٰ ہذا القیاس مرزا اسداللہ خان صاحب کی اگر ستم ظریفی سے اغماض کیا جائے کہ جو انھوں نے مصنف کتاب برہان قاطع کے حق میں کی ہے تو ان کا یہ کام کہ انھوں نے اس کتاب کی تقریباً ۲۸۴ غلطیوں پر ہم کو آگاہی بخشی اور آئندہ کو ان مقاموں کی غلطی میں پڑھنے سے ہم کو روکا اور وہ متقدمین کی غلطیوں کی اصلاح کرنے کے بارے میں کہ جو ایک نہایت ضروری اور ترقی بخش کام اس ملک میں معیوب سمجھا چلا آتا ہے' فی الحقیقت نہایت احسان مندی کے ساتھ ان کا شکریہ ہم پر واجب ہوتا ہے خصوصاً ایسی حالت میں کہ ان کے اعتراض صرف اعتراض ہی نہیں بلکہ ان کی معلومات کے نکات اور ان کی تحقیقات کے تجربوں پر بے منت تلاش کے اور بغیر رجوع کرنے کے بڑی بڑی کتابوں کی طرف ایسی آگاہی بخشتے ہیں کہ جو آگاہی بڑی بھاری تدبّش کے بعد ہی حاصل ہوتی تب ہی ممکن ہے کہ جبکہ ہم میں سے ہر ایک مرزا اسداللہ خان صاحب غالب بن جائے۔

پس میں برہان قاطع اور قاطع برہان دونوں کا طرفدار اور دونوں کا شکر گذار ہوں اور اس بات کو ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں برہان قاطع ہو وہاں قاطع برہان بھی ضرور رہنی چاہیے یا قاطع برہان کو سامنے رکھ کر برہان قاطع کو درست کر دیا جائے جب کہ ملک یورپ میں اگلی کتابوں کی تصحیح اور اصلاح کا دستور ہے فقط۔

عرضے

علمدار حسین' پروفیسر عربی' گورنمنٹ کالج' لاہور

۲۷ ستمبر ۱۸۶۶ء☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳۸/۳۹ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۶)

یادداشت

۱۔ "برہان قاطع" ایک فارسی لغت ہے جسے حکیم محمد حسین تبریزی نے ۱۰۵۷ ہجری میں بہ عہد سلطان عبداللہ قطب شاہ دکن میں ترتیب کیا تھا۔ کتاب کے متن اور ضمیمہ جات میں ۲۲٬۳۲۲ الفاظ شامل ہیں۔

۲۔ اسداللہ خاں (غالب) معروف بہ مرزا نوشہ جو دہلی کہ سابق مرحوم بادشاہ کے درباری شاعر تھے، نے مذکورہ کتاب میں ۲۰۰ غلطیوں کی نشان دہی اپنی کتاب "قاطع برہان" یا "درفش کاویانی" میں کی ہے، اور موصوف کے اعتراضات کا بعض پمفلٹ نگاروں نے بھی جواب دیا ہے۔

۳۔ اس موضوع پر جو اختلاف قائم ہوا ہے اس کے متعلق مشرقی ماہرین السنہ کی آراء کم و بیش مرزا نوشہ کے حق میں ہیں۔ نیز، انہوں نے جو معرکتہ الارا حقائق بیان کیے ہیں، ان کا خلاصہ بطور "غلط نامہ" "برہان قاطع" میں شامل کرنا بہت مفید ہوگا لیکن یہ حقائق خاصے طویل ہیں اور ان کا انداز بیان ادق بھی ہے اور طنز آمیز بھی!

(دستخط) اے۔ آر۔ فلر☆

☆ جاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳۹/۳۸ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۷)

قاطع برہان

نیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر

میرا خیال ہے کہ ہم اس کے ایک درجن نسخے انجمن، کالج کی لائبریروں اور بعض اعلیٰ درجے کے مدارس میں تقسیم کرنے کے لیے خرید لیں۔

(دستخط) ٹی، ایچ، تھارنٹن

بہت بہتر! لیکن مصنف کو مطلع کر دیا جائے کہ چونکہ یہ ایک قسم کا تبصرہ، تنقید اور نزاعی موضوع ہے، لہٰذا حکومت کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ تعلیمی مقاصد کے لیے اس کی وسیع پیمانے پر سرپرستی کرے۔

۱۰ دسمبر (دستخط) ڈی، ایف میکلوڈ☆۲

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳۸/۳۹ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۸)

بخدمت گرامی مرزا اسد اللہ خاں غالب، دہلی

جناب عالی!

آپ کے مکتوب مورخہ ۲۶ جولائی ۱۸۶۶ء کے جواب میں حسب ہدایت عرض ہے کہ حکومت آپ کی تصنیف ''قاطع برہان'' کے بارہ نسخے انجمن لاہور، کالج کی لائبریریوں اور دیگر اعلیٰ قسم کے مدارس میں تقسیم کرنے کے لیے خرید لے گی۔

۲۔ بایں ہمہ، مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ اگرچہ اس میں بہت تحقیق سے کام لیا گیا ہے لیکن اس کی حیثیت، تبصرے، تنقید اور نزاعی ہے، لہٰذا حکومت کے لیے یہ مناسب نہیں کہ وہ تعلیمی مقاصد کے لیے اس کی وسیع پیمانے پر سرپرستی کرے۔

مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۸۶۶ء (دستخط) ٹی، ایچ تھارنٹن☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز ''بی'' پروسیڈنگز نمبر ۳۸/۳۹ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۴۹)

صاحب والا مناقب عالیشان قلزم فیض و عمان احسان جناب ٹی ایچ تھارنٹن صاحب بہادر چیف سکریٹری بہادر گورنمنٹ پنجاب زاد شوکتہ' کی خدمت میں بصد ہزار انکسار عرض کیا جاتا ہے کہ کل روز شنبہ ۱۸ دسمبر ۱۸۶۶ء کو بواسطہ جناب صاحب کمشنر بہادر قسمت دہلی آپ کا نوازش نامہ محررہ ۱۵ دسمبر ۱۸۶۶ء نمبر ۴۹۹ میں نے پایا' سر پر رکھا' آنکھوں سے لگایا۔ چونکہ وہ تحریر دو دسمبر کی ہے۔ پہلے نمبر کے جواب میں یہ عرض کیا جاتا ہے کہ قاطع برہان کا بعد بڑھانے مطالب اور کچھ تبدیل عبارت کے درفش کاویانی نام رکھا گیا ہے اور اس کو میں نے اپنے صرف زر سے چھپوایا ہے۔ وہ جلدیں فوراً ہی تقسیم ہو گئیں۔ فی الحال ۱۴ جلدیں باقی تھیں۔ حسب الحکم ۱۳ جلدیں اس خط کے ساتھ بسبیل نذر بھیجتا ہوں اور متوقع ہوں کہ اس نذر کے قبول کرنے سے میری آبرو بڑھائی جائے گی۔

دوسرے نمبر کے مطالب کا جواب سوچ کر لکھوں گا۔

ایسا خیال کرتا ہوں کہ یہ تحریر لاہور میں آپ کی نظر سے گزرے گی۔

گورنمنٹ بہادر کا غلام اور
آپ کا خدمت گزار
محمد اسد اللہ خان غالب☆

چہار شنبہ ۱۹ دسمبر ۱۸۶۶ء

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز۔ "پی" پروسیڈنگز نمبر ۳۹/۳۸ مورخہ دسمبر ۱۸۶۶ء

(۱۵۰)

بخدمت گرامی: ٹی' ایچ' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت پنجاب' لاہور۔

جناب والا!

عزت مآب جناب لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر کے قیام دہلی کے دوران میں' میں نے آپ کے دفتر سے موصولہ احکام کے تحت "برہان قاطع"☆ جس کا نام "درفش کاویانی" بھی ہے کے بارہ نسخے کیمپ بھجوا دیے تھے۔ مجھے ابھی تک ان کی رسید سے مطلع نہیں کیا گیا ہے۔ بعد ازاں' میں نے عزت مآب کی خدمت میں ایک عرضی بھی روانہ کی تھی اور ایک سند کے اجرا کی درخواست کی تھی' لیکن مجھے اب تک یہ بھی نہیں ملی ہے۔ امید ہے کہ آپ میری التجا کو شرف قبولیت بخشیں گے۔

دہلی

۷ فروری ۱۸۶۷ء

آپ کا تابعدار

شاعر اسداللہ خاں☆☆



☆ اصل نام "قاطع برہان" ہے شاید حروف چینی کے موقع پر "برہان قاطع" لکھا گیا ہے۔ (گ۔ ن)

☆☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۲۹/۲۸ مورخہ فروری ۱۸۶۷ء

(۱۵۱)

بخدمت گرامی:
ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر
دہلی

آپ سے درخواست ہے کہ اسداللہ خاں (شاعر) کو اطلاع دے دیں کہ انہوں نے "برہان قاطع"☆ کے جو [illegible] نسخے ارسال کیے تھے، وہ موصول ہو گئے ہیں۔ ان سے مذکورہ نسخوں کی قیمت بھی دریافت کر لیں۔ ادائیگی قیمت [illegible] ہوتے ہی کر دی جائے گی۔

مورخہ ۱۸ فروری ۱۸۶۷ء (دستخط) ٹی، ایچ، تھارنٹن☆☆

☆ اصل نام "قاطع برہان" ہے شاید حروف چینی کے موقع پر "برہان قاطع" لکھا گیا ہے

☆☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۲۹/۲۸ مورخہ فروری ۱۸۶۷ء

(۱۵۲)

منجانب ڈی' فٹز پیٹرک صاحب بہادر(۶۳)
قائم مقام ڈپٹی کمشنر' دہلی۔

بخدمت گرامی :
ٹی' ایچ' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت پنجاب' لاہور۔

شعبہ تعلیم' ۱۸۶۷ء

مکتوب نمبر ۷۵' مورخہ ۱۸ فروری ۱۸۶۷ء کا جواب

عرض ہے کہ شاعر اسداللہ خاں عرف مرزا نوشہ نے یہ کہا ہے کہ وہ اپنی تصنیف کا معاوضہ نہیں لیں گے۔

مورخہ ۲۷ فروری ۱۸۶۷ء

(دستخط) ڈی' فٹز پیٹرک
قائم مقام ڈپٹی کمشنر☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر ۳ مورخہ مارچ ۱۸۶۷ء

(۱۵۳)

منجانب: ڈی فٹز پیٹرک صاحب بہادر' قائم مقام ڈپٹی کمشنر' دہلی۔

بخدمت گرامی:
ٹی' ایچ' تھارنٹن صاحب بہادر'
معتمد برائے حکومت پنجاب'
لاہور۔

شعبہ تعلیم' ۱۸۶۷ء

مرزا نوشہ کی مطبوعہ فارسی تصنیف کے ۱۰ نسخے ارسال ہیں۔

مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۸۶۷ء (دستخط) ڈی فٹز پیٹرک
قائم مقام ڈپٹی کمشنر

لیفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر

ناظم تعلیمات عامہ کی اطلاع اور مشورے کے لیے ایک نسخہ ارسال کر دیں تا کہ بقیہ نسخے تقسیم کیے جا سکیں اور ضرورت پڑنے پر مزید خریدے جا سکیں۔

(دستخط) ڈی' ایف میکلوڈ☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۱۶/۱۵ مورخہ اکتوبر ۱۸۶۷ء

(۱۵۴)

بخدمت گرامی قائم مقام ناظم تعلیمات عامہ

مورخہ ۱۷ اکتوبر

مرزا نوشہ دہلوی کی مطبوعہ فارسی تصنیف کا ایک نسخہ اطلاع اور مشورے کے لیے ارسال ہے تا کہ مزید ۹ نسخے جو دفتر میں موجود ہیں، تقسیم کیے جا سکیں اور ضرورت پڑنے پر مزید خریدے جا سکیں☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۱۶/۱۵ مورخہ اکتوبر ۱۸۶۷ء

(۱۵۵)

منجانب کیپٹن ڈبلیو' آر' ایم ہالرائیڈ(۶۴) صاحب بہادر
ناظم تعلیمات عامہ' پنجاب

بخدمت گرامی:
جناب سی یو ایچیسن صاحب بہادر(۶۵)
قائم مقام معتمد برائے حکومت پنجاب

مراسلہ نمبر ۴۵ مورخہ ۱۷۔ اکتوبر ۱۸۶۷ء کا جواب

عرض ہے کہ سبد چین مصنفہ مرزا نوشہ ساکن دہلی اگرچہ شاعرانہ انشاء ہونے کی بنا پر مصنف کے نزدیک نہایت مستند ہے مگر اسے مدارس کے نصاب میں داخل نہیں کیا جا سکتا۔

التماس ہے کہ اس تصنیف کے جو آٹھ نسخے معتمدی میں موجود ہیں وہ دفتر ہذا کو ارسال کر دیے جائیں تاکہ اعلیٰ مدارس میں اساتذہ اور محققین کے فارغ اوقات میں مطالعہ کے لیے تقسیم کیے جا سکیں۔

مورخہ ۲ مارچ ۱۸۶۸ء

(دستخط) ڈبلیو' آر' ایم' ہالرائیڈ
ناظم تعلیمات عامہ پنجاب☆

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر ۱۱/۱۰ مورخہ مارچ ۱۸۶۸ء

(۱۵٦)

جواب

مورخہ ۵ مارچ ۱۸٦۸ء

جیسا کہ انہوں نے مشورہ دیا ہے مرزا نوشہ کی تصنیف کے تمام کے تمام ۸ نسخے جو موجود ہیں ارسال خدمت ہیں تاکہ اعلیٰ مدارس میں تقسیم کیے جا سکیں☆۔

☆ پنجاب گورنمنٹ آرکائیوز "بی" پروسیڈنگز نمبر۱۱/۱۰ مورخہ مارچ☆☆ ۱۸٦٦ء
☆☆ یہاں غلطی سے ۱۸٦٦ء لکھا گیا ہے صحیح مارچ ۱۸٦۸ ہو گا۔ (مرتب)

حواشی و تعلیقات

از

ڈاکٹر گوہر نوشاہی

(۱) اس دستاویز کا انگریزی سے اردو ترجمہ غالبیات کے معروف محقق آنجہانی مالک رام نے بھی انڈیا آفس لندن میں موجود غالب کی اصل درخواست سے براہ راست کیا تھا جو ان کی تصنیف فسانہ غالب میں "مقدمہ پنشن کا عرضی دعویٰ" کے عنوان سے شامل ہے۔ ان کے ترجمے اور زیر نظر ترجمے کو ملانے سے اندازہ ہوا کہ جناب مالک رام نے عجلت میں متن کی کئی سطریں نظرانداز کر دی ہیں۔ اس اعتبار سے زیر نظر ترجمہ زیادہ مکمل اور جامع ہے۔ (گوہر نوشاہی)

(۲) جنرل پیرون کا اصلی نام پائرے کیولیر تھا۔ فرانس کے رہنے والے ۱۷۸۰ء میں چیتی افسر کی حیثیت سے ہندوستان آئے۔ بحری جہاز سے فرار کر کے ۱۷۸۱ء میں پہلے ایک اور ہندوستانی راجے کے پاس آئے پھر راجہ بھرت پور کے پاس آ گئے۔ ۱۸۰۵ء میں یورپ واپس گئے اور ۱۸۳۴ء میں وفات تک فرانس میں قیام رہا۔

(۳) مرزا نصراللہ بیگ خاں' مرزا قوقان بیگ خاں کے چھوٹے صاجزادے اور غالب کے حقیقی چچا تھے۔ ان کی شادی نواب احمد بخش خاں والئی فیروز پور جھرکہ و جاگیردار لوہارو کی بہن سے ہوئی تھی۔ اس وقت اکبر آباد اور اس کے گردو نواح میں مرہٹوں کا راج تھا۔ جب ۱۲ فروری ۱۷۹۴ء کو مادھو جی سندھیا نے انتقال کیا اور اس کے بھائی کے پوتے دولت راؤ سندھیا نے گدی سنبھالی۔ انگریزوں نے مرہٹوں کے بڑھتے ہوئے اقتدار کو روکنا چاہا۔ چنانچہ انہوں نے سپیرون کی کمان میں مرہٹہ سپہ سالاروں سے مل کر سازش کی اور ان کے تمام مستحکم قلعوں پر قبضہ کر لیا۔ یہ صورت حال مرہٹوں کے لئے انتہائی تشویشناک اور پریشان کن تھی۔ انہوں نے نصراللہ بیگ خاں کو آگرہ کا قلعہ دار مقرر کیا۔ ۱۸۰۳ء میں لارڈ لیک نے آگرہ کے قرب و جوار میں پیش قدمی کی تو نصراللہ بیگ خاں نے ہتھیار ڈال دیئے اور پورا شہر کسی مزاحمت کے بغیر انگریزوں کے حوالے کر دیا جس پر لارڈ لیک نے ان کو ہی قلعہ دار رہنے دیا۔ اس واقعہ کے چند دنوں بعد ان کی جگہ مسٹر ولیر کی تعیناتی عمل میں آئی۔ نصراللہ بیگ خاں نے متھرا پہنچ کر لارڈ لیک سے ملاقات کی جس پر لارڈ لیک نے ان کی کمان میں چار سو سواروں کا دستہ دے دیا اور سترہ سو روپے ماہانہ تنخواہ مقرر کی۔

جب انگریزوں اور بھرت پور میں ایک معاہدہ کی رو سے دوستانہ تعلقات پیدا ہو گئے اور لارڈ لیک نے انگلستان جانے کا قصد کیا تو اسے نصراللہ بیگ خاں کی خدمات اور وفاداریاں یاد آ گئیں' چنانچہ اس نے ۲۱ ستمبر ۱۸۰۵ء کو سونسا کے دو پرگنے تاحین حیات ان کو مرحمت کر دیئے جو متھرا سے سولہ میل دور کھمیر جانے والی سڑک پر واقع تھے' ان دونوں پرگنوں کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپے سے زائد تھی۔

نصراللہ بیگ خاں کو ان دونوں پرگنوں کی آمدنی سے زیادہ دنوں فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں ملا۔ وہ ان کو اپنے انصرام و تصرف میں لینے کے دس گیارہ ماہ بعد سیر کو جاتے ہوئے ہاتھی سے گر پڑے' جس سے ان کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی اور شدید زخم آئے۔ ۱۸۰۶ء میں ان کا انتقال ہو گیا جس پر انگریزوں نے سونک اور سونسا کے پرگنے واپس لے لئے اور پسماندگان کے لئے پانچ ہزار روپے سالانہ کی رقم مقرر کر دی۔ (احوال غالب ۲۸' مکاتیب غالب ۸ ۔ ۱۲۳ ذکر غالب ۲۸' آجکل فروری ۶۳ بزم غالب ۳۸۷)۔

میری عمر پانچ سال ہو گی کہ شفیق باپ کا سایہ عاطفت میرے سر سے اٹھ گیا۔ میرے چچا نصراللہ بیگ خان نے چاہا کہ ناز و نعم کے ساتھ میری پرورش کرے تو اس کو اجل نے امان نہ دی اور بڑے بھائی کے مرنے کے بعد خود اس نے بھی اسی کے نقش قدم پر چل کر راہ مرگ طے کی اور مجھے اس ویرانہ آباد میں تنہا چھوڑ دیا اور یہ حادثہ کہ میرے لئے

نشان جان گدازی اور آسمان کے لئے کینہ سازی کا وقت تھا ۱۸۰۶ء / ۱۲۲۱ھ میں پیش آیا۔
(مکتوب فارسی بنام مولوی سراج الدین احمد : پنج آہنگ بحوالہ اوراق معانی ص ۱۴۳)

(۴) لیک، لارڈ گیررڈ (Gerard Lake)، غالب نے ان کا ذکر منشی حبیب اللہ خاں ذکا، یوسف مرزا اور نواب علاء الدین خاں علائی کے نام خطوط میں کیا ہے۔ یہ چارلس لیک کے بڑے صاحبزادے تھے۔ ۲۷ جولائی ۱۷۴۴ء کو پیدا ہوئے۔ ۱۳ اکتوبر ۱۸۰۰ء کو لیک ہندوستان میں برطانوی فوج کے کمانڈر ان چیف اور ہندوستان کونسل کے دوسرے ممبر مقرر ہوئے۔ لیک نے برطانوی فوج کی تربیت پر بہت زور دیا۔ ہندوستان میں مرہٹوں کی طاقت کو ختم کرنے میں لیکن کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ گنگا اور جمنا کے درمیان کا علاقہ جسے دو آبہ کہتے ہیں اور جس پر سندھیا نے قبضہ کر لیا تھا، لارڈ لیک کی کوششوں سے کمپنی بہادر کے تحت آیا۔ ۹ فروری ۱۸۰۷ء کو یہ انگلستان واپس گئے۔ ۲۰ فروری ۱۸۰۸ء کو ہیں ان کا انتقال ہو گیا۔

غالب کے چچا نصراللہ بیگ خاں مرہٹوں کی طرف سے اکبر آباد کے گورنر تھے۔ جب ۱۸۰۳ء میں لارڈ لیک نے اکبر آباد پر حملہ کیا تو بغیر کسی مزاحمت کے نصراللہ بیگ خاں نے ہتھیار ڈال دیئے اور قلعہ لارڈ لیک کے حوالے کر دیا۔ بعد کے کئی معرکوں میں نصراللہ بیگ خاں، لارڈ لیک کے ہمراہ رہے۔ لارڈ لیک نے نصراللہ بیگ کو انگریزی فوج میں شامل کر لیا۔ چار سو سوار کا رسالدار بنا کر سترہ سو روپے مہینا تنخواہ مقرر کر دی۔ نصراللہ بیگ نے ہلکر کے سپاہیوں کو شکست دے کر بھرت پور کے نواح میں سونک اور سونسا دو سیر حاصل پرگنوں پر قبضہ کر لیا۔ لارڈ لیک نے نصراللہ بیگ خاں کی بہادری کے اعتراف کے طور پر ان کو یہ دونوں پرگنے حین حیات مقرری جاگیر میں دے دیئے۔ ۱۸۰۶ء میں ہاتھی پر سے گر کر نصراللہ بیگ خاں کا انتقال ہو گیا۔ لارڈ لیک نے مرحوم کے خاندان کے لئے دس ہزار روپے سالانہ کی پنشن مقرر کر دی۔ غالب کے حصے میں ساڑھے سات سو روپے سال آئے جو زندگی بھر ملتے رہے۔
(جہان غالب مشمولہ خطوط غالب، جلد چہارم ص ۱۷۰۶، ص ۲۴۲ نیز بک لینڈ ص ۲۴۲)

(۵) اصحار الغالب میں شامل شجرہ مرزا غالب میں نصراللہ بیگ کے ایک بیٹے فتح اللہ بیگ خاں عرف رجب بیگ خان کا نام دیا گیا ہے۔ ممکن ہے یہ شجرہ صاحبزادہ ناصرالدین احمد خاں عرف خسرو مرزا تک خاندانی روایات میں پہنچا ہو۔ اگر یہ درست ہے تو وفات کے وقت نصراللہ بیگ خاں کی کوئی اولاد زندہ تو نہ تھی لیکن وہ اولا یا بے اولاد نہیں تھے۔ (گ ۔ ن)

(۶) خواجہ حاجی، مرزا فرحت اللہ بیگ نے خواجہ حاجی کو غالب کے جدا اعلیٰ ترسم خاں کے چھوٹے بھائی رستم خاں کی اولاد میں سے بتایا ہے اور کہا ہے کہ چار پشت اوپر غالب اور خواجہ حاجی کا سلسلہ نسب مل جاتا ہے۔ یہ بات حد درجہ غلط اور مشکوک ہے۔ غالب کے بیانات اس کے برعکس ہیں، انہوں نے خواجہ حاجی کے باپ کے اپنے دادا قوقان بیگ خاں کا سائیس بتایا ہے۔

خواجہ حاجی، مرزا قوقان بیگ خاں ۔کے سواروں کے دستے میں سائیس کا کام کرتا تھا، جس کے معاوضہ میں اس کو پانچ روپے ماہوار ملتے تھے۔ قوقان بیگ خاں نے اس کی خدمات اور دیانتداری کے اعتراف کے طور پر اپنی بیوی کی بیوہ بہن کی لڑکی کا نکاح اس کے ساتھ کر دیا تھا۔ خواجہ حاجی کا ذکر، غالب نے اپنی بعض تحریروں میں انتہائی حقارت کے ساتھ کیا ہے۔ یہ اسی خواجہ مرزا کی اولاد میں قطب الدین کے بیٹے تھے، جن کو قوقان بیگ کی بیوی نے اپنے بچوں کی طرح ناز و نعم سے پرورش کیا تھا۔

جب مرزا نصراللہ بیگ خاں کا ہاتھی پر سے گرنے کی وجہ سے انتقال ہو گیا تو خواجہ ہاتھیوں' اونٹوں' پالکیوں اور ستر اسی سواروں کو لے کر نواب احمد بخش خاں' والئی فیروز پور جھرکہ کی خدمت میں پہنچے نواب احمد بخش خاں پہلے سے ہی خواجہ حاجی سے واقف تھے۔ ان کو اس بات کا علم تھا کہ خواجہ حاجی ان کے بہنوئی مرزا نصراللہ بیگ خاں کا ملازم اور لے پالک ہے۔ انہوں نے اس کو اپنے ملازموں میں شامل کر لیا اور انگریزوں کی جانب سے مرزا نصراللہ بیگ خاں کے پسماندگان کے لئے ان کی وساطت سے پانچ ہزار روپے کی جو پنشن مقرر ہوئی تھی اس میں سے دو ہزار روپے مرزا حاجی اور اس کے لواحقین کو دینے لگے۔

جب غالب سن شعور کو پہنچے تو انہیں محسوس ہوا کہ نواب احمد بخش خاں نے ان کے چچا مرزا نصراللہ بیگ خاں کی پنشن میں بد دیانتی کی ہے اور انہیں اور ان کے اہل خاندان کو دھوکہ میں رکھا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس سلسلے میں متعدد مرتبہ تحریری اور زبانی احتجاج کیا جس پر نواب احمد بخش خاں اپنی مجبوریاں اور معذوریاں بیان کرتے اور انہیں ٹالتے رہے۔ ان کا کہنا تھا:

"مجھ سے غلطی ہو گئی' میں لارڈ لیک کے سامنے حاجی مرزا کو مرزا نصراللہ بیگ خاں کا رشتہ دار کہہ چکا ہوں اور اگر اب میں کچھ اس کے خلاف کہوں تو یہ میری بے عزتی کا باعث ہوگا' چند دن اور صبر کرو خواجہ حاجی کے مرنے کے بعد میں اس کے دو ہزار روپے بھی تم دونوں بھائیوں کے دینے لگوں گا"

نواب احمد بخش کی اس وضاحت کے بعد غالب نے خاموشی اختیار کر لی اور یہ جان کر مطمئن ہو گئے کہ خواجہ حاجی کے بعد ان کی پنشن ان کے نام منتقل ہو جائے گی۔ لیکن جب ۱۸۲۵ء میں خواجہ حاجی جذام میں مبتلا ہو کر انتقال کر گیا تو نواب احمد بخش خاں نے اس کے بیٹوں خواجہ جان اور خواجہ امان کو دو ہزار روپے سالانہ دینا شروع کئے۔ جس پر غالب کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں رہا کہ وہ کلکتہ جا کر گورنر جنرل ہند کو اپنے استحقاق اور مطالبات یک سلسلہ میں درخواست دیں۔ چنانچہ انہوں نے کلکتہ جا کر ۲۸ اپریل ۱۸۲۸ء کو گورنر جنرل ہند کو جو درخواست پیش کی اس میں پہلا مطالبہ یہی کیا کہ "ان کے خاندان کے ایک ملازم خواجہ حاجی کو ان کی پنشن میں برابر کا حصہ دار کیوں کیا گیا۔ حکومت اس معاملہ کی تحقیق کرے"۔ (بزم غالب ص ۱۳۴ و ۱۳۵)

اس بیان میں خواجہ حاجی کا سائیس ہونا محل نظر ہے۔ (گوہر نوشاہی)

(۷) **نواب احمد بخش خاں**: مرزا عارف جان کا سلسلہ نسب' باب ارسلاف کے ایک بزرگ خواجہ احمد یسوئی سے ہوتا ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد بن حنفیہ تک پہنچتا ہے۔ وہ اپنے بھائیوں قاسم جان اور عالم جان کے ہمراہ ہندوستان آتے وقت کچھ دنوں اٹک میں رک گئے۔ اس دوران وہاں کے صوبہ دار محمد بیگ خاں نے ان کو فرزندی میں لے کر اپنی صاحبزادی سے ان کا نکاح کر دیا۔ نواب احمد بخش خاں ان ہی کے صاحبزادے اور نبی بخش خاں' الٰہی بخش خاں اور محمد علی خاں کے بڑے بھائی تھے۔ غالب نے اپنے اکثر خطوط میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان کا سال ولادت ۱۷۶۵ء اور مقام ولادت اٹک ہے۔ جب مرزا عارف جان نے دہلی کی راہ لی تو یہ بھی اپنے والد کے ساتھ ہو لئے اس طرح ان کی جوانی کا زمانہ دہلی ہی میں گزرا بعد ازاں انہوں نے گوالیار جا کر مہاراجہ کی فوج میں ملازمت کر لی لیکن اس ملازمت کا سلسلہ زیادہ دنوں نہیں چل سکا اور وہ گھوڑوں کی تجارت کرنے لگے۔ ایک دفعہ وہ اسی غرض سے دہلی جا رہے تھے کہ ریاست الور کے مہاراجہ بختاور سنگھ سے ان کی ملاقات ہو گئی۔ اس نے ان کو دیکھتے ہی ان کی صلاحیتوں کا اندازہ کر لیا اور اپنے دربار میں ملازمت کی پیش کش کی جسے انہوں نے قبول کر لیا اور عمائدین ریاست میں شمار ہونے لگے۔ جب

انگریزوں نے جمنا کی جانب ریاست الور کے بعض حصوں پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنایا اور اسے عملی حیثیت دینے کی کوشش کرنے لگے تو مہاراجہ بختاور سنگھ نے نواب احمد بخش خاں کو اپنا وکیل بنا کر لارڈ لیک کی خدمت میں بھیجا' جس کے بعد ان کے ذریعہ انگریزوں کے اور ریاست کے درمیان ایک عہد نامہ طے پا گیا۔

جب ۱۸۰۱ء میں انگریزوں نے ریاست بھرت پور کے قلعہ ڈیگ پر چڑھائی کی تو مہاراجہ بختاور سنگھ نے انگریزوں کا ساتھ دیا۔ نواب احمد بخش خاں مہاراجہ کی فوجوں کے ساتھ انگریزوں کی کمک کے لئے بھرت پور پہنچ گئے۔ نواب احمد بخش خاں نے اس موقع پر بڑی دلیری اور بہادر کا ثبوت دیا اور اپنی جان پر کھیل کر جنرل فریزر کو دشمنوں کی زد سے نکالا لیکن اس کے اتنے کاری زخم لگے تھے کہ وہ زندہ نہیں رہ سکا۔ اس نے اپنے مرنے سے پہلے نواب احمد بخش خاں کو سند خوشنودی لکھ کر دی جس پر لارڈ لیک نے فیروز پور جھرکہ اور اس کے نواح کے کچھ علاقے اعزازی جاگیر کے طور پر انہیں دیئے اور فخرالدولہ اور دارا دلاور نواب احمد بخش خاں بہادر رستم جنگ کے خطاب سے سرفراز کیا۔ مہاراجہ بختاور سنگھ نے بھی ان کی بہادری اور دلیری کے اعتراف کے طور پر ان کو پرگنہ لوہارو کی جاگیر عطا کی اس طرح وہ بیک وقت فیروز پور جھرکہ اور لوہارو کے رئیس بن گئے۔ مہاراجہ بختاور سنگھ نے ۱۸۱۵ء کو انتقال کیا۔ اس کے انتقال پر بنے سنگھ اور بلونت سنگھ نے مسند نشینی کا دعویٰ کیا۔ نواب احمد بخش خاں نے بلونت سنگھ کی حمایت کی۔ اس وقت اختر لونی ریذیڈنٹ تھا۔ اس نے بنے سنگھ کو جائز حق دار قرار دیا اور اس باب میں صدر دفتر کو رپورٹ ارسال کی۔ جس پر نواب احمد بخش خاں نے گورنر جنرل سے ایک تحریر کے ذریعہ اختر لونی کی شکایت کی جس پر اس سے کہا گیا کہ وہ نواب احمد بخش خاں کی مرضی کے مطابق کام کرے۔ جس کے نتیجہ میں وہ نواب احمد بخش خاں کا دشمن ہو گیا۔ اس کے ساتھ بنے سنگھ کے حامی بھی در پردہ ان کو ہلاک کرنے کی کوششوں میں لگ گئے۔ ۱۸۲۲ء میں ایک رات جب کہ نواب احمد بخش خاں دہلی میں اپنی خواب گاہ میں سو رہے تھے۔ میو نامی ایک شخص نے ان کے سرہانے پہونچ کر' ان پر تلوار کے تین وار کئے۔ تیسرے وار پر تلوار ٹوٹ گئی۔ لیکن نواب احمد بخش خاں کو کوئی کاری زخم نہیں آیا۔ اور وہ چند دنوں کے بعد صحت یاب ہو گئے۔

نواب احمد بخش خاں کی دو بیویاں تھیں' ایک میواتی الاصل اور دوسری ہم قوم' پہلی کے بطن سے نواب شمس الدین خاں اور ابراہیم علی خاں اور دوسری کے بطن سے نواب امین الدین خاں اور نواب علاء الدین خاں پیدا ہوئے۔ نواب احمد بخش خاں نے اپنی زندگی ہی میں ریاست الور اور سرکار انگریزی کی منظوری سے نواب شمس الدین خاں کے نام فیروز پور جھرکہ اور نواب امین الدین خاں اور ضیاء الدین خاں کے نام لوہارو کی جائیداد تقسیم کر دی اور ریاست کے انتظامی امور سے دست بردار ہو کر گوشہ نشین ہو گئے۔ اس واقعہ کے ایک سال بعد اکتوبر ۱۸۲۷ء میں ان کا انتقال ہو گیا۔ مینو مقام فخرالدولہ سے ان کا سال وفات نکلتا ہے۔ درگاہ حضرت خواجہ بختیار کاکی کے احاطہ میں مولانا فخرالدین کے مزار کے بائیں جانب ان کی تدفین عمل میں آئی (بزم غالب ص ۱۰ تا ۱۲)

(۸) مطابق اصل - انگریزی مترجم غالب کے فارسی متن کو شاید درست نہیں سمجھ سکے۔ مرزا نصراللہ بیگ خاں' نواب احمد بخش خاں کے داماد نہیں بہنوئی تھے اور غالب کے تمام مستند سوانح نگاروں نے اس سے اتفاق کیا ہے۔ اسی طرح اس کے بعد کی سطر میں نصراللہ خاں کی اہلیہ کو احمد بخش خاں کی بیٹی کی بجائے بہن پڑھنا چاہیے۔ (گ۔ ن)

(۹) انگریزی متن میں (Son in law) لکھا ہے جس کا ترجمہ داماد ہی ہو گا لیکن یہاں بھی انگریزی مترجم کو اشتباہ ہوا ہے۔

Brother in law یعنی بہنوئی ہونا چاہیے۔ (گ۔ ن)

(۱۰) **مرزا الٰہی بخش خاں :** معروف، مرزا عارف جان کے صاحبزادے، نواب احمد بخش خاں والی لوہارو کے بھائی اور غالب کے خسر تھے۔ انہوں نے جس زمانے میں ہوش سنبھالا، دہلی علماء اور صوفیا کا مرجع پر مرکز بنی ہوئی تھی۔ مولانا فخرالدین دہلوی کے فیوض باطنی اور کمالات کا شہرہ دور دور تک پھیل گیا تھا۔ معروف کے دوستوں اور ملنے والوں میں بڑی تعداد انہی لوگوں کی تھی جو اس متصوفانہ ماحول سے متاثر تھے۔ اس ماحول نے معروف کو بھی متاثر کیا اور وہ درویشوں اور صوفیوں کی "بزم حال وقال" کو ذریعہ نجات خیال کرنے لگے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بہت جلد ان کا امارت اور ریاست سے جی اچاٹ ہو گیا۔ انہوں نے اس سے اپنے بھائی نواب احمد بخش خاں کے حق میں دستکش ہو کر مولانا سید ضیاء الدین کے ہاتھوں پر چشتیہ سلسلہ میں بیعت کر لی۔ جو مولانا فخر الدین دہلوی کے اجل خلفاء میں سے تھے۔ مولانا سید ضیاء الدین نے ان کی ظاہری اور باطنی تربیت ہی نہیں کی بلکہ ان کو لوگوں کے مرید کرنے کا اختیار بھی دے دیا لیکن انہوں نے اس اختیار سے کام نہیں لیا۔ ان کے مریدوں میں محمد حیات خاں اور شاہ نظام الدین کے علاوہ اور کسی کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

معروف ایک طرف صاحب حال وقال فقیر و صوفی اور دوسری طرف کہنہ مشق اور قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کے حالات و شاعری کے بارے میں گلشن بے خار پہلا تذکرہ ہے۔ جس کے بیانات کی تائید بعد کے متعدد تذکروں سے ہوئی۔ معروف کو شاہ نصیر دہلوی سے تلمذ تھا۔ قادر بخش صابرؔ نے ان کے بارے میں لکھا ہے۔

> "فن شاعری سے مناسبت تام تھی۔ مدت مدید تک مشق سخن شاہ نصیر مرحوم سے کی تھی لیکن طبیعت خدا داد کی رہنمائی سے کشور سخن میں برخلاف استاد کے ایک رستہ اور صاف اور پاکیزہ ہاتھ لگ گیا"۔

اس کے برعکس محمد حسین آزاد نے معروف کو ذوق کا شاگرد بتاتے ہوئے ان کا سارا کلام اپنے استاد کی ذہنی کاوش کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ یہ نہ صرف غلط بلکہ دروغ بیانی کی بدترین مثال بھی ہے جو کسی وقائع نگار یا تذکرہ نویس کو زیب نہیں دیتی۔ مرزا سعید الدین احمد خاں طالب نے اپنے والد کے حوالے سے اس سلسلہ میں لکھا ہے کہ :

> "ذوق معروف کی خدمت میں اہل ارادت کی طرح حاضر ہوتے تھے اور ان کی صحبت سے فیض یاب ہو کر دینی و دنیوی فائدہ اٹھاتے رہے، وہ زمانہ تو ذوق کی نوجوانی کا تھا، اس زمانے میں ذوق کو اتنی استعداد اور لیاقت ہی کہاں تھی جو معروف جیسے کہنہ مشق اور پختہ کلام کو اصلاح دیتے"

معروف نے ۱۲۴۴ھ میں انتقال کیا اور درگاہ نظام الدین اولیاء کے احاطہ میں دفن کئے گئے۔ قادر بخش صابر کے بیان کے مطابق معروف کو تمام اصناف سخن پر قدرت اور انواع کلام سے آگاہی تھی۔ کریم الدین نے ان کا دیوان دیکھا تھا۔ ان کے بقول معروف کے شعر اکثر اچھے ہیں۔ (بزم غالب ۲۵۳)

(۱۱) **خواجہ شمس الدین :** عرف خواجہ جان اور خواجہ بدرالدین عرف خواجہ امان دونوں سگے بھائی اور خواجہ حاجی کے بیٹے تھے۔ خواجہ امان کے سوانح کی تفصیل یہ ہے :

خواجہ بدرالدین عرف خواجہ امان بوستان خیال کے مترجم کی حیثیت سے بہت مشہور ہیں۔ غالب نے اپنے خطوط میں ان کے والد خواجہ حاجی کو اچھے نام سے یاد نہیں کیا ہے۔ ان کے بیان کے مطابق خواجہ حاجی کا باپ ان کے دادا

مرزا قوقان بیگ کا سائیس تھا جس کو پانچ روپے ماہانہ معاوضہ کے طور پر دیئے جاتے تھے۔

خواجہ امان کا سال ولادت ۱۸۱۷ء ہے۔ ترکی، فارسی اور اردو ان کے گھر کی زبان تھی، اس لیے ان کو اس سلسلے میں کسی کا دست نگر نہیں ہونا پڑا۔ جو کمی رہ گئی تھی وہ حکیم مومن خاں مومن اور غالب کی صحبتوں سے پوری ہو گئی۔

خواجہ امان کے لئے یہ ممکن نہیں تھا کہ وہ نواب احمد بخش خاں والی فیروز پور جھرکہ و جاگیردار لوہارو کی جانب سے ملنے والے وظیفہ پر عیش و عشرت اور آرام کی زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے تلاش روزگار میں دہلی سے باہر قدم نکالا اور الور پہنچ کر راجہ شیودھان سنگھ کے مصاحبوں میں شامل ہو گئے۔ راجہ شیودھان سنگھ نے ان کی بڑی قدر دانی کی اور ان کو بوستان خیال کے ترجمے کے کام پر مامور کیا۔ خواجہ امان بوستان خیال کی پندرہ جلدوں کا ترجمہ کرنا چاہتے تھے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انہوں نے ترجمہ کا آغاز کب کیا۔ لیکن اغلب ہے کہ وہ ۱۸۵۷ء سے بہت پہلے ترجمہ کا کام شروع کر چکے تھے۔

بوستان خیال کی پہلی جلد حدایق انظار کے نام سے دہلی کے اکمل المطابع سے ۱۲۹۲ھ میں شائع ہوئی تو اس کا دیباچہ غالب نے لکھا۔ اس میں خواجہ امان کو "بھتیجا اور پیارا بھتیجا" ظاہر کرتے ہوئے ان کی بڑی تعریف کی۔ اس دیباچہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ امان نے موسیقی اور مصوری میں کمال حاصل کیا اور ان پر پوری قدرت رکھتے تھے۔ غالب نے اس دیباچہ کی اطلاع غلام غوث خاں بے خبر کو ان الفاظ میں دی ہے:

"میرے ایک رشتہ کے بھتیجے نے بوستان خیال کا اردو ترجمہ کیا ہے۔ میں نے اس کا دیباچہ لکھا ہے۔ ایک دو ورقہ بہ صورت پارسل ہلکہ بہ ہیئت خط بھیجتا ہوں"

بوستان خیال کی دوسری جلد بدرالدجی پریس سے شائع ہوئی تھی۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے اس کی پانچ جلدیں ۱۸۷۶ء تک شائع ہوئیں۔ چھٹی جلد چھپنے کے لئے پریس جا رہی تھی کہ خواجہ امان کو اس بات کا علم ہوا کہ ساتویں جلد ۲ کے ترجمہ کا مسودہ کسی نے چرا لیا ہے۔ چنانچہ انہوں نے ساتویں جلد کے ترجمہ کا کام از سر نو شروع کر دیا۔ ابھی اس پر نظرثانی بھی نہ کرنے پائے تھے کہ ان کا وقت آگیا اور وہ ۱۸۷۹ء میں راہی عدم ہوئے۔ (بزم غالب ص ۵۵)

(۱۲) **سر ڈیوڈ بارنٹ آرکٹرلونی:** (اختر لونی) ۱۲ فروری ۱۸۵۸ء کو پیدا ہوئے۔ ۱۷۷۷ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی بنگال کی ملازمت اختیار کی۔ ۱۸۰۳ء میں دہلی کے ریذیڈنٹ بنائے گئے۔ ۱۸۰۴ء میں ہلکر کے حملے کے دوران انہوں نے دہلی کا دفاع کیا۔ ۱۸۰۶ء میں الہ آباد میں کمانڈر تھے۔ ۱۸۰۸ء میں ستلج کی مہم میں رنجیت سنگھ کے خلاف کمان کی۔ ۱۵ جولائی ۱۸۲۵ء کو ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے علاج سے مایوس ہو کر وفات پائی۔ وفات سے پہلے وہ دہلی کے انگریزی ریذیڈنٹ بھی تھے۔ (بک لینڈ ص ۳۲۱)

(۱۳) **معظم الدولہ چارلس تھیوفیلس بارون منکاف:** آئی۔ سی۔ ایس۔ عارضی گورنر جنرل ۳۰ جنوری ۱۷۸۵ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام میجر تھامس تھیوفیلس منکاف تھا جو آخر میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائریکٹر بھی رہے۔ بارون منکاف کی تعلیم بروٹلی اور ا-ٹن میں ہوئی وہ جنوری ۱۸۰۱ء میں بحیثیت ادیب ایسٹ انڈیا کمپنی کلکتہ میں ملازم ہوئے۔ وہ فورٹ ولیم کالج کے اولین طلبہ میں سے بھی تھے۔ ۱۸۰۳ء میں گورنر جنرل آفس میں قائم دولت راؤ سندھیا عدالت کے ریذیڈنٹ تھے۔ ۱۸۰۴ء کی مرہٹہ جنگ میں لارڈ لیک کے پولٹیکل افسر اور ۱۸۰۶ میں ریذیڈنٹ دہلی کے اسسٹنٹ تھے۔ ۱۸۰۹ء میں مہاراجہ رنجیت سنگھ والی پنجاب کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لیے خصوصی مشن پر لاہور آئے۔

۱۸۰۹ء سے ۱۸۱۰ء تک لارڈ منٹو کے ڈپٹی سکریٹری رہے۔ ۱۸۱۰ء میں ریذیڈنٹ گوالیار اور ۱۸۱۱ء سے ۱۸۱۹ء تک ریذیڈنٹ دہلی کے عہدے پر فائز رہے۔ جنوری ۱۸۱۹ء سے ستمبر ۱۸۲۰ء تک سیاسی اور خفیہ محکمے کے سیکریٹری اور گورنر جنرل مارکوس ہیٹنگز کے پرائیویٹ سیکرٹری کے طور پر کام کیا اور ۱۸۲۰ء میں حیدر آباد کے ریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ اگست ۱۸۲۷ سے نومبر ۱۸۳۴ء تک مٹکاف ریذیڈنٹ دہلی قائم مقام گورنر جنرل راجپوتانہ اور سپریم کونسل کے ممبر تھے۔ نومبر ۱۸۳۴ء میں آگرہ کے گورنر تھے۔ اور مارچ ۱۸۳۵ سے مارچ ۱۸۳۶ء تک دوبارہ قائم مقام گورنر جنرل رہے۔ جون ۱۸۳۶ء میں شمالی مغربی صوبے کے لیفٹیننٹ گورنر بنائے گئے۔ یہ نذر جون ۱۸۳۸ء تک رہا۔ مدراس کی گورنری سے مایوس ہو کر مستعفی ہوئے جس پر ۱۸۳۹ء سے ۱۸۴۲ء تک انھیں جیکا کا گورنر اور ۱۸۴۳ سے ۱۸۴۵ تک کینیڈا کا گورنر جنرل مقرر کیا گیا۔ اس کے بعد ان کے رخسار پر سرطان نمودار ہوا جس سے ان کی ایک آنکھ کی بصارت ختم ہو گئی۔ مٹکاف ۵ ستمبر ۱۸۴۶ کو فوت ہوئے۔ بک لینڈ ص ۲۸۷

غالب ان کی مدح میں لکھتے ہیں:

در ثنای معظم الدولہ عقل فعال ہم زبان منست
منش امیدگاہ خود سنجم عقل سنجد کہ قدردان منست
من خداوند خویشتن گویم عقل گوید خدایگان منست

کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۱۹۴ تا ص ۱۹۶

علاوہ ازیں کلیات فارسی میں مٹکاف کے نام ۴۸ اشعار کا ایک قصیدہ بھی موجود ہے جس کا مطلع ہے۔

یافت آئینہ بخت تو ز دولت پرواز
ہلہ کلکتہ بدین حسن خدا ساز بناز

اس قصیدے کے بارے میں قیاس کیا جاتا ہے کہ پہلے ہاکنز کے نام تھا (کلیات غالب فارسی جلد دوم ص ۱۴۰)

(۱۴) **میر فضل مولیٰ خاں:** میرے ایک دوست ہیں، دوران سفر مرشد آباد میں اچانک ان سے ملاقات ہو گئی سلسلہ گفتگو میں یہ بات ان کی زبان پر آئی کہ نواب فخرالدولہ کا انتقال ہو گیا۔ کلکتہ پہنچا تو مرزا افضل بیگ اور دوسرے کچھ دوستوں سے وہی معلوم ہوا۔ افسوس کہ اس خاندان کا چراغ روشن نہ رہا اور اس کے شبستان آرزو میں اندھیرا چھا گیا۔
(مکتوب غالب بنام مرزا علی بخش، پنج آہنگ بحوالہ اوراق معانی ص ۵۲)

(۱۵) **مرزا یوسف خاں:** غالب کے حقیقی چھوٹے بھائی تھے۔ ان کا سال ولادت ۱۲۱۴ھ ہے۔ جس وقت غالب نے آگرہ کا قیام ترک کیا اور دہلی میں آ کر رہ گئے تو مرزا یوسف خاں نے بھی ان ہی کی تقلید کی اور ان کے مکان سے دو ہزار قدم کے فاصلہ پر فراش خانے کے قرب سرس کی گلی میں تنہا رہنے لگے۔

مرزا یوسف خاں کی عمر ابھی اٹھائیس برس ہی کی تھی کہ ان پر اچانک دیوانگی کا دورہ پڑ گیا اور وہ آخر تک اسی میں مبتلا رہے۔ دیوانگی کی کیفیت یہ تھی کہ نہ وہ کسی کو ستاتے تھے نہ شور و غوغا کرتے تھے۔

۱۸۵۷ء کی سعی انقلاب ناکام ہوئی اور انگریزوں نے دوبارہ دہلی پر قبضہ کر کے ظلم و تعدی کا لامتناہی سلسلہ شروع کیا تو بقول غالب "مرزا یوسف کی خاں کی بیوی اور لڑکیوں نے بچوں اور کنیزوں کے ساتھ جے پور کی طرف بھاگ جانے میں عافیت سمجھی۔ اور ان کو گھر کے سامان سمیت ایک بوڑھے دربان اور بڑھیا کنیز کے ساتھ چھوڑ دیا۔ غالب ہر چند ان تینوں افراد کو بلانا اور ان کا سامان منگوانا چاہتے تھے۔ لیکن دہلی کی فضا کچھ ایسی مکدر تھی کہ گھر سے نکلتے ہوئے انسانوں کا

زہرہ آب ہوتا تھا۔ غالب کے لیے ممکن نہیں تھا' وہ صرف یہ سوچ کر رہ جاتے تھے کہ ان کے بھائی نے دن میں کیا کھایا ہو گا۔ اور رات کس طرح کاٹی ہو گی اور ناواقفیت کا یہ عالم تھا کہ ان کو اس بات کی بھی خبر نہیں تھی کہ ان کا بھائی زندہ ہے یا انگریزوں نے اس کو قتل کر دیا۔

اسی یاس و بیم کی حالت میں غالب نے ۲۱ ستمبر کو یہ اطلاع سنی کہ انگریزوں نے شہر کو فتح کر لینے کے بعد اس کی گلی کا دروازہ بند کر لیا اور ان کے بھائی کے مکان پر چڑھ دوڑے۔ سارا مال و اسباب لوٹ لیا۔ دیوانے مرزا یوسف خاں ان کے دربان اور کنیز کو زندہ چھوڑ دیا۔ اسی دوران دو ہندو خاندانوں نے ان کے مکان میں پناہ لی اور ان کے خورد و نوش کا انتظام کرنے لگے۔

اس واقعہ کے چند روز بعد مرزا یوسف خان کے بوڑھے دربان نے ۱۹ اکتوبر کو غالب کے پاس پہنچ کر یہ خبر سنائی کہ مرزا یوسف خاں پانچ دن تیز بخار میں مبتلا رہے اور آدھی رات کے قریب ان کا انتقال ہو گیا۔

اس سلسلہ میں معین الدین حسن خاں کا بیان ہے کہ مرزا یوسف خاں مدت دراز سے حالت جنون میں تھے۔ گولیوں کی آواز سن کر یکایک گھر سے باہر نکلے اور مارے گئے۔ مرزا یوسف خاں کے انتقال سے زیادہ ان کی تدفین کا واقعہ درد انگیز تھا۔ شہر میں پانی' رومال' غسال' گورکن' اینٹ' چونے اور گارے کا حصول اور کفن کے لیے اچھے برے کپڑے کی تلاش بے سود تھی۔ میت کو قبرستان تک لے جانے کا مسئلہ اس سے کہیں زیادہ مشکل تھا۔ اس موقعہ پر چند پڑوسیوں نے مدد کی۔ پٹیالہ کے ایک سپاہی کو آگے کیا اور غالب کے دو نوکروں کو لے کر تدفین کے لیے چل پڑے۔ اور دو تین پرانی سفید چادروں میں لپیٹ کر مکان سے قریب ایک مسجد کی زمین میں دفن کر دیا۔

مرزا یوسف خان کی تاریخ انتقال ۲۹ صفر ۱۲۷۴ھ ہے۔ غالب نے لکھا ہے کہ ایک شخص نے مجھ سے مرزا یوسف کی تاریخ وفات پوچھی میں نے ایک آہ کھینچی اور کہا "دریغ دیوانہ" دریغ دیوانہ سے ۱۲۹۰ کے عدد حاصل ہوتے ہیں۔ اس میں آہ کے ۱۶ عدد نکال دیے جائیں تو مطلوبہ تاریخ برآمد ہوتی ہے۔

(غدر کا نتیجہ ص ۶۵' غدر کے صبح و شام ص ۸۸' احوال غالب ص ۸۷' دستنبو مشمولہ اردوئے معلی دہلی' بزم غالب ص ۴۲۱ تا ۴۱۴)

(۱۹) غالب نے اس شادی پر مندرجہ ذیل قطعہ کہا جو باغ دو در میں شامل ہے۔

طراز انجمن طوی میرزا یوسف
قرار یافت ، درین مہ بحکم رب ودود
دو شنبہ بست و دوم روز از مہ شعبان
دمیکہ مہر نہد سوی قبلہ سر بسجود
کرم کنند و فزایند زیب بزم نشاط
بہ فر فرخ فرخندگی فزای ورود
بسر برند شب اینجا کہ تا سفیدۂ صبح
ہمین نظارۂ رقص است و استماع سرود
سپیدہ دم کہ ز فیض شمول نکہت گل
دم نسیم سحر مشکبار خواہد بود

شوند جانب کاشانہ عروس روان
بہ شادمانی بخت مبارک و مسعود
پس بہ امری جمع وقت بر گشتن
سپاس بندہ نوازی ہمی توان افزود

اس قطعے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے سید وزیرالحسن عابدی لکھتے ہیں :

یہ قطعہ غالب کے چھوٹے بھائی مرزا یوسف کی شادی کا منظوم رقعہ یعنی دعوت نامہ ہے۔ مرزا یوسف غالب سے دو سال چھوٹے تھے (دستنبو ص ۱۹۷)۔ اس طرح ان کا سال ولادت ۱۲۱۴ھ قرار پاتا ہے۔ تمیں سال کی عمر تک وہ اچھے رہے اور اس کے بعد سے ان کی عمر کے تمیں سال دیوانگی کی حالت میں گزرے (ایضاً) اور ان کی موت ساٹھ سال کی عمر میں ۱۷ اکتوبر ۱۸۵۷ء (شب بیست و نہم ماہ صفر ۱۲۷۴ء) کو واقع ہوئی۔ (دستنبو ص ۲۰۰) اس حساب سے مرزا یوسف کی شادی ۲۹ صفر ۱۲۴۴ھ سے پہلے کی مدت میں ہوئی ہو گی۔ اس قطعے میں کہا گیا ہے کہ اس تقریب کی بزم نشاط دو شنبہ ۲۲ ماہ شعبان کا دن گزر کر (سہ شنبہ ۲۳ ماہ شعبان کی) شب میں منعقد ہو گی اور دوسرے دن صبح کو برات دولہن کے گھر روانہ ہو گی اور اسی دن دولہا کے گھر واپس آئے گی، جہاں مہمانوں کی پذیرائی کی جائے گی۔

اس بات کو نظر میں رکھتے ہوئے کہ مرزا یوسف کی شادی قاعدۃً غالب کی شادی کی طرح تیرہ سال کی عمر میں یا اس کے کچھ بعد ہوئی ہو گی، اس تقریب کی امکانی تاریخیں از روے تقدیم صرف دو قرار دی ہونگی، ایک سہ شنبہ ۲۳ شعبان ۱۲۲۷ھ (مطابق یکم ستمبر ۱۸۱۲ء) دوسری سہ شنبہ ۲۳ شعبان ۱۲۳۲ھ (مطابق ۸ جولائی ۱۸۱۷ء)۔ ہماری نظر میں شادی کی تاریخ ان میں سے پہلی تاریخ ہے، اس لیے کہ یہ تاریخ غالب کی شادی سے زیادہ دور نہیں، بلکہ ان دونوں شادیوں میں اتنا ہی فصل رہتا ہے جتنا دونوں بھائیوں کی عمروں میں تھا۔ غالب کی شادی اکبر آباد سے دہلی آنے پر ۱۲۲۵ھ (مطابق ۱۸۱۰ء) میں مانی گئی ہے۔ غالب اور مرزا یوسف کے حالات اور مشرقی رسوم و روایات کا تقاضا بھی یہی تھا کہ چھوٹے بھائی کی شادی غالب کی شادی کے بعد جلد از جلد انجام پائے۔ اس بنا پر تیسری امکانی تاریخ سہ شنبہ ۲۲ مارچ ۱۲۴۰ھ خارج از بحث ہو جاتی ہے اور دوسری مذکورہ تاریخ کا بھی امکان نہیں رہتا، خصوصاً اس بنا پر کہ یہ دوسری تاریخ جولائی میں پڑتی ہے، جو دہلی میں شدید گرمی اور حبس کا زمانہ ہے۔ برخلاف اس کے پہلی مذکورہ تاریخ ماہ ستمبر کی ہے، جس میں اعتدال خریفی واقع ہوتا ہے اور وہ موسم ہوتا ہے کہ دم باد سحر، فیض شمول نکہت گل، سے مشکبار، ہو سکتا ہے، معنیوہ کیفیت ہو سکتی ہے جو اس قطعے کے پانچویں شعر میں بیان ہوئی ہے۔ جولائی کے مہینے میں دلی کی گلیاں پھولوں کی خوشبو سے مشکیں، یہ قابل تصور نہیں۔ اس کے علاوہ ۱۸۵۷ء میں مرزا یوسف کی صاحبزادی عزیاالنساء زوجہ غلام فخرالدین چار بچوں کی ماں تھیں۔ یہ بات اس کے ساتھ کامل توافق رکھتی ہے کہ اس وقت مرزا یوسف کی شادی کو تقریباً اکتالیس برس گزر چکے تھے اور انہیں دیوانہ ہوئے تیس برس ہوئے تھے۔

یہ شادی بھی غالب کی شادی کی طرح دہلی میں ہوئی تھی۔ فاضل گرامی مالک رام صاحب نے سرکاری دستاویزوں سے تحقیق کر کے معلوم کیا ہے کہ مرزا یوسف کی شادی لاڈو بیگم سے ہوئی تھی، جو سیدانی تھیں اور ان کا خاندان فراشخانے (شہر دہلی) میں آباد تھا۔ (نوائے ادب، بمبئی شمارہ اپریل ۱۹۵۹ء، مقالہ بعنوان مرزا یوسف)

۵ : شمول : یہاں اس لفظ کا استعمال فارسی محاورے کے لحاظ سے غلط ہے۔ اس کے بجائے غالب وجود، یا نفوذ، کہہ سکتے تھے۔ (باغ دودر : ورق ۱۲ ـ الف)

(۱۷) عزیز النساء: زوجہ غلام فخر الدین خاں ولد مرزا علی بخش ولد نواب الٰہی بخش معروف۔

(۱۸) مرزا عبداللہ بیگ خاں: مرزا قوقان بیگ خاں کے صاحبزادے اور غالب کے والد تھے۔ ان کی ولادت دہلی میں ہوئی۔ ان کو ان کے خاندان میں مرزا دولھا کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ مرزا قوقان بیگ خاں جب تک زندہ رہے، مرزا عبداللہ بیگ خاں کو کسی قسم کی فکر نہیں ہوئی، ان کا انتقال ہو گیا تو مرزا عبداللہ بیگ خاں نے تلاش روزگار میں دہلی کی سکونت ترک کر دی اور امیر مینائی کے بیان کے مطابق مہاراجہ جے پور کی خدمت میں پہنچ کر ان کے ملازم ہو گئے۔ اس دوران غلام حسین کمیدان کی صاحبزادی عزت النساء بیگم سے ان کا عقد ہو گیا جس پر انھوں نے مہاراجہ جے پور کی ملازمت چھوڑ دی اور خانہ داماد کی حیثیت سے آگرہ میں رہنے لگے۔

غالب کے ایک خط سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے دادا قوقان بیگ خاں کو شاہان دہلی کی طرف سے پرگنہ پہاسو بطور جاگیر ملا تھا۔ ان کے انتقال کے وقت جو طوائف الملوکی کا ہنگامہ گرم تھا، اس کی وجہ سے پرگنہ پہاسو کی جاگیر جاتی رہی۔ اور مرزا عبداللہ بیگ خاں معاش کی فکر میں سرگرداں رہنے لگے۔ غالب نے لکھا ہے:

> "باپ میرا مرزا عبداللہ بیگ خاں بہادر لکھنؤ جا کر نواب آصف الدولہ کا نوکر ہوا۔ بعد چند روز حیدرآباد جا کر نواب نظام علی خاں کا نوکر ہو گیا۔ تین سو سوار کی جمعیت کے ساتھ ملازم رہا، کئی برس وہاں رہا۔ وہ نوکری ایک خانہ جنگی کے بکھیڑے میں جاتی رہی، عبداللہ بیگ خان بہادر نے گھبرا کر الور کا قصد کیا۔ راؤ راجہ بختاور سنگھ کا نوکر ہوا"۔

مرزا عبداللہ بیگ خاں کو راؤ بختاور سنگھ کا ملازم ہوئے چند ہی دن گزرے تھے اور ان کو مناسب حال نوکری نہیں دی گئی تھی کہ راج گڑھ کا معرکہ پیش آ گیا۔ حالی کے بیان کے مطابق:

> "ایک گڑھی کے زمیندار راج سے پھر گئے جو فوج اس گڑھی پر سرکوبی کے لیے بھیجی گئی، اس کے ساتھ مرزا عبداللہ خاں کو بھی بھیجا گیا تھا، وہاں پہنچتے ہی ان کے گولی لگی اور وہیں ان کا انتقال ہو گیا اور راج گڑھ میں دفن ہوئے"۔

غالب کے ایک اور خط سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ راج گڑھ کا معرکہ ۱۸۰۲ء میں وقوع پذیر ہوا تھا اور اسی میں مرزا عبداللہ بیگ خاں کام آئے تھے۔ غالب نے ۱۸۶۰ء میں راجہ شیو دھان سنگھ والی الور کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا تھا جس کے ایک شعر میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے:

کافی بود مشاہدہ شاہد ضرور نیست
در خاک راج گڑھ پدرم را بود ضرور

مرزا عبداللہ بیگ کے مارے جانے کے بعد راج بختاور سنگھ والی الور نے دو گاؤں اور کسی قدر روزینہ ان کے دونوں لڑکوں یعنی غالب اور ان کے بھائی مرزا یوسف خاں کی پرورش کے لیے مقرر کر دیا۔ جس کے متعلق یہ بات ہنوز تحقیق طلب ہے کہ یہ گاؤں اور یہ وظیفہ کب اور کیوں مسدود ہوا؟

(یادگار غالب ص ۱۸، کلیات نثر ص ۱۵۴، انتخاب یادگار ص ۲۴۰، آجکل فروری ۱۸۶۳ء، کلیات نظم فارسی دوم ۳۴۶، بزم غالب ص ۲۶۳ تا ۲۶۵)

(۱۹) غلام حسین کمیدان: غالب کے نانا سرکار سہارنپور میں عسکری خدمات پر مامور رہنے کے بعد سبکدوش ہوئے۔

(اوراق معانی ص ۱۸)

(۲۰) **یا اسداللہ الغالب :** بہ والا خدمت رفعات درجت خواجہ صاحب جمیل المناقب عظیم الشاں' مخدوم و مطاع نیاز منداں' جناب خواجہ فخراللہ صاحب زاد مجدہ' و علاوہ منظور و مقبول باد۔ قبلہ حاجات' در آغاز نامہ دوست را بہ گراں مایگی ستودن باد خواں و افسانہ گوے بودن است' ایں زمزمہ بہ سخن سازان مبارک و در نورد نگارش سرگذشت حرف شوق نبشتن نقاب برروے شاہد راز فروہشتن است' ایں شیوہ بہ پردہ طرازاں ارزانی۔ گزیں روشے کہ نامہ نگاری را شاید آنست کہ نبشتن از گفتن آں مایہ دور تر نہ رود کہ سرایں ہردو رشتہ باہم دگرنہ تواں تافت و نقش یکے در آئینہ دیگرے نتواں یافت۔ بالجملہ بہ جرم ایں کہ دیدہ را آئینہ دار جلوۂ شاہد مدعا خواستمے چہ روز ہائے سیاہ کہ نہ دید ستم و بادافرہ ایں کہ پنجہ را شانہ زلف لیلاے مراد نقش بستمے چہ بلا ہا کہ از دہر نہ کشید ستم۔ از بیداد سطوت عدو نالاں و سینہ بردم تیغ مالاں بہ کلکتہ رفتن و عمرے دراز دراں مینوکدۂ فراخ ور کشا کش بیم وامید دل تنگ زیستن وانگاہ چوں دعاے نامستجاب برگردیدن و چوں بلائے ناخواندہ و وباے ناگہاں بہ وطن رسیدن و آمیزش حکام ستم پیشہ با دشمن و گم گشتن سر رشتہ کار از دست و رسیدن آبگینہ تدبیر برسنگ و فرو رفتن مینا ریزہ در پاے و مردن مستراند رواسترلنگ بہ مرگ ناگہاں در آغاز داوری و رفتن مولوی محمد محسن از میانہ ہنگام پایان تظلم و عارض گشتن ایں چنیں اعراض رویہ بر جوہر صحت حال و آبی گشتن کارہا در کشا کش امواج طوفاں۔ ایں گونہ حوادث اگر خواہے کہ بر استیفا برگزارے و سرابسر عرضہ دارے بہ صد صفحہ کراں نپذیرد' و بہ ہزار نامہ انجام گراے نہ گردد۔ مخدومی خواجہ محمد حسن صاحب تیرگی روز سیاہ نامہ نگار دیدہ اند' و غربت من در وطن تماشا کردہ اند۔ دل از آمیزش بے وفایان فرنگ بہم برآمدہ ورداں از اختلاط ایں تاری در و نان شید رنگ آزردہ۔ حالیا برآں سرم کہ اگر کسے از جاہ منداں ہندوستان بہ من پردازد و بہ ہنجار اندازہ نگاہ داری و قانون پایہ شناسی مرابہ سوے خود خواند' دل بہ پیچاک طرۂ دل آویز گردرہش بندے درخت سفر بہ سایہ دیوار قصروالایش گشائے' ورنہ قلندرانہ از سرایں تیرہ خاکدان برخیزمے' دگرد جہاں گردمے و سراسر آفاق پیمائے۔ دل بہ طوف آتش کدہائے یزدمے کشد و دیدہ تماشاے می خانہ ہاے شیراز مے جوید' چناں کہ شوقم دریں پردہ بدیں آہنگ فراواں زمزمہ ہادارد۔

غالب از ہندوستاں بگریز فرصت مفت تست
در نجف مردن خوش است و در صفاہاں زیستن

سطرے چند بہ صنعت تعطیل از رگ کلک فروترا دیدہ و دل از ہوس ناکی شہید جلوۂ ایں آرزو گردیدہ است کہ عنوان ایں ورق بہ لمعہ نگاہ معلی القاب سید عالم و قبلہ اہل عالم خاورستاں رود۔ اگر از گزلک مدطول زمان فراق حرف وفا از صفحہ خاطرنہ ستردہ' و صرصر استغنا خاکسارہاے غالب مستہام از یاد نہ بردہ باشد' ہمت دریغ نباید داشت۔ والسلام والاکرام۔ از اسداللہ نگاشتہ دہم رمضان ۱۲۴۸ ہجری۔ (آثار غالب : مرتبہ قاضی عبدالودود' علی گڑھ میگزین ۱۹۴۸ء نامہ بنام مرزا احمد بیگ)۔

(۲۱) **نواب شمس الدین خاں :** جن دنوں نواب احمد بخش خاں کا قیام الور میں تھا۔ انھوں نے ایک عورت مدی بیگم سے شادی کرلی تھی جس کے بطن سے دو لڑکے نواب شمس الدین خاں اور ابراہیم علی خاں اور دو لڑکیاں نواب بیگم اور جہانگیرہ بیگم پیدا ہوئیں۔ اسی کے کچھ دنوں بعد ایک برلاس مغل نیاز محمد بیگ خاں کی صاحبزادی بیگم جان سے بھی ان کا نکاح ہوگیا۔ بیگم جان کے بطن سے دو لڑکیاں ماہ رخ بیگم اور بادشاہ بیگم اور دو لڑکے نواب امین الدین احمد خاں اور نواب ضیاء الدین احمد خاں پیدا ہوئے۔

مولوی عبدالقادر رام پوری نے نواب احمد بخش خاں کا ذکر مناسب الفاظ میں نہیں کیا ہے۔ نواب احمد بخش خاں

نے انتہائی دوراندیشی سے کام لیتے ہوئے اپنی جائیداد اپنی زندگی ہی میں اپنے بیٹوں کے درمیان تقسیم کر دی۔ فیروزپوری جھرکہ کا علاقہ نواب شمس الدین خاں کو اور لوہارو کا علاقہ نواب امین الدین احمد خاں اور ضیاء الدین احمد خاں کو دیا۔

نواب احمد بخش خاں کے انتقال پر نواب شمس الدین خاں نے اس تقسیم کے خلاف آوازہ بلند کیا اور سرکار انگریزی میں مستدعی ہوئے کہ میں خلف اکبر ہونے کی حیثیت سے فیروزپور جھرکہ کا بلاشرکت غیر حق دار ہوں۔ فرانسس ہاکنس نے اپنی ریذیڈنسی کے زمانے میں ان کو ان کے بھائیوں کا علاقہ یعنی لوہارو بھی دلا دیا' جس پر نواب امین الدین احمد خاں نے ۱۸۳۴ء میں کلکتہ جا کر عدالت العالیہ میں اپیل کی۔ اس اپیل کا فیصلہ نواب شمس الدین خان کے خلاف ہوا اور اس کے کچھ دنوں بعد ۲۲ مارچ ۱۸۳۴ء کو کسی نامعلوم شخص نے دہلی کے ریذیڈنٹ ولیم فریزر کو گولی کا نشانہ بنا دیا۔ لوگوں میں مختلف قسم کی چہ میگوئیاں شروع ہوئیں۔ خوش حال گوجر' بلاقی جمعدار' سنگین بیگ کوتوال' حمایت علی' اوینا' منولال' آغا جان اور اسی قسم کے دوسرے جاہ طلب افراد انعام و اکرام کے لالچ میں تحقیقاتی افسروں سے مل گئے اور ان کو چھوٹی رپورٹیں پہنچا کر' اس امر کا یقین دلانا شروع کیا کہ ریذیڈنٹ ولیم فریزر کو نواب شمس الدین خان کی ا نگیخت پر ان کے ملازم کریم خاں نے ہلاک کیا ہے۔ مقدمہ کی ابتدائی سماعت کے بعد کریم خاں کو پھانسی دی گئی۔ اس کے بعد نواب شمس الدین خاں کے مقدمہ کی باقاعدہ سماعت کا آغاز ہوا۔ ۹ اگست ۱۸۳۴ء کو شائع ہونے والے سلطان الاخبار کی اطلاع کے مطابق عدالت گواہوں سے جو چاہتی انگریزی میں لکھوا لیتی تھی۔ وہ انگریزی نہیں جانتے تھے اس لیے ان کو اس امر کا پتہ نہیں چلتا تھا کہ وہ نواب شمس الدین خاں کے خلاف بیان دے رہے ہیں یا ان کی صفائی میں۔ ان فرضی اور جعلی بیانات کا سلسلہ ختم ہونے پر عدالت کی جانب سے پھانسی کا فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلہ کا علم ہونے پر نواب شمس الدین خاں نے اسفندیار بیگ کو اپنا وکیل بنا کر کلکتہ بھیجا' لیکن اس سے پہلے کہ کلکتہ میں اس فیصلے پر نظرثانی کی جاتی' سزا کو بحال رکھا گیا۔

انگریزوں کو خدشہ تھا کہ اگر نواب شمس الدین خاں کو پھانسی دی گئی تو پورا شہر مشتعل ہو جائے گا۔ چنانچہ انہوں نے پھانسی دیئے جانے سے ایک روز قبل یعنی ۷ اکتوبر ۱۸۳۵ء کو ہی احتیاط کے طور پر اور شہریوں کو خوفزدہ کرنے کے لیے موری دروازہ اور کشمیری دروازہ درمیانی علاقہ میں تین ہزار مسلح سپاہیوں کو متعین کر دیا اور جگہ جگہ بھاری توپیں نصب کرا دیں۔ ان تمام اقدامات کے مکمل ہونے پر ۹ اکتوبر کی صبح نواب شمس الدین کو پالکی میں بٹھا کر قتل گاہ میں لایا گیا۔ اس وقت ان کے چہرے پر کسی قسم کا تکدر یا ملال نہیں تھا وہ انتہائی فاتحانہ انداز میں قتل گاہ میں داخل ہوئے۔ اس وقت ایک پادری نے آگے بڑھ کر ان کو عیسائی ہونے کی ترغیب دی' جس پر انہوں نے جواب دیا کہ میں عیسیٰؑ کا منکر نہیں ہوں' جس طرح اہل یہود نے ان کو بلاجرم پھانسی دی تھی اسی طرح تم ان کے پیرو ہونے کے باوجود مجھ کو بلا جرم پھانسی پر چڑھا رہے ہو۔

اس گفتگو کے فوری بعد نواب شمس الدین خاں کو پھانسی کے تختہ پر لایا گیا۔ اس وقت ان کے دونوں ہاتھ پشت کی جانب باندھ دیئے گئے اور گلے میں رسی ڈال کر پھانسی دے دی گئی۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد ان کی لاش کو ان کے ورثا کے حوالے کیا گیا ان کے خسر مرزا افضل بیگ نے ان کی لاش کو غسل دیا۔ شاہ عبدالعزیز دہلوی کے نواسے شاہ محمد اسحاق نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی' جس میں آٹھ ہزار افراد شریک ہوئے۔ اردو کے مشہور شاعر نواب مرزا داغ ان ہی کے صاحبزادے ہیں جن کی والدہ نے اپنے شوہر کی شہادت کے بعد مرزا فخرو ولی عہد بہادر شاہ ظفر سے نکاح کر لیا تھا۔

(دیباچہ دیوان معروف' آجکل فروری ۱۹۵۶ کلیات نثر غالب ص ۱۰۷' واقعات دارالحکومت دہلی دوم ص ۹۲' ص ۴۹۳' تاریخ صحافت اردو ص ۱۰۱' بزم غالب ص ۲۲۳ تا ۲۵۵)

(۲۳) **انڈریو سٹرلنگ :** ۱۷۹۳ء کے قریب پیدا ہوئے۔ وہ ایڈمرل سٹرلنگ کے بیٹے تھے۔ ۱۸۱۱ء سے ۱۸۱۲ء تک ہیلی بری میں تعلیم حاصل کر کے ۱۸۱۳ء میں ہندوستان آئے۔ حکومت کے فارس سیکرٹری اور پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ میں ڈپٹی سیکرٹری رہنے کے بعد ۱۸۲۸ء میں قائم مقام گورنر جنرل مقرر ہوئے۔ وہ بہت ذہین انسان مانے جاتے تھے۔ انھوں نے اڑیسہ پر قابل قدر تحقیقی کام کیا۔ ۲۳ مئی ۱۸۳۰ء کلکتہ میں وفات پائی۔

(بک لینڈ ص ۴۰۵)

سٹرلنگ کی وفات پر غالب کا بیس اشعار پر مبنی ایک قطعہ بھی ہے جس سے چند شعر درج یوں ہیں :

فروغ طالع ایام مستر استرلنگ
که فر خسرویش تافتی چو خور ز جبین
تنی چنان که شگفتی بهار از و گل گل
سری چنان که فشاندی فلک برا و پروین
برای آنکه بهشت برین بود جائیش
زمن و دعا و انصاف بیشگاں آمین

(کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۲۱۷ و ۲۱۸)

پنج آہنگ میں شامل مولوی سراج الدین احمد کے نام ایک خط میں سٹرلنگ کی وفات پر اظہار غم کرتے ہوئے لکھا ہے۔

"میرے منہ میں خاک اگر میں یہ کہوں اور نہ کہوں تو بہرحال ہر شخص یہ جانتا ہے کہ مسٹر اندرو اسٹرلنگ کا انتقال ہو گیا۔ دنیا سے نیک نامی کے سوا کوئی چیز اس نے اپنے ہمراہ نہیں لی۔ کاش کہ میرے کانوں میں روئی جلا کر بھر دی جاتی تاکہ میں اس بری خبر کو سننے سے بچ جاتا۔ اب میں غم خواری کی امید کس سے رکھوں اور کس کی گردش چشم کا خیال مجھے تسکین دے۔"

(اوراق معانی ص ۱۲۳)

غالب جب پنشن کے مقدمے کے لیے کلکتہ گئے تو اس وقت انڈریو سٹرلنگ گورنر جنرل کے شعبہ فارسی میں سیکریٹری تھے انھوں نے اور ان کے اسسٹنٹ سیکرٹری سیمن فریزر نے غالب کی پذیرائی کی۔ دونوں فارسی کا اعلیٰ ذوق رکھتے تھے اور غالب اپنی داد رسی کے لیے ان کی امداد کو بے حد مفید سمجھتے تھے۔ سٹرلنگ کی مدح میں غالب کا پچیس اشعار کا قصیدہ کلیات فارسی میں موجود ہے جس کا مطلع ہے :

فغان که نیست سرو برگ دامن افشانی
به بند خویش فرومانده ام ز عریانی

اس کا مطلع ثانی یہ ہے :

زہی کریم که دست بگوہر افشانی
بگاه عرض گرو برده ز ابر نیسانی

اور عرض مدعا یوں کیا ہے :

گدایم و بہ تمنائے داد آمدہ ام ‌ ‌ بہ درگہے کہ بود قیصرش بہ دربانی
نہ ملک خواہم و نے مال، ایں قدر خواہم ‌ ‌ کہ گرد غم زرخ بخت من بیفشانی
مرا دلیست ز درد شکستگی لبریز ‌ ‌ نہ آرزوے امیری، نہ حسرت خانی
زبست سال فزوں می شود کہ می سوزد ‌ ‌ نفس چورشتہ شمع بہ بزم حیرانی
بہ داد گاہ رسیدم چنانکہ دانستم ‌ ‌ برس بہ داد غریباں چنانکہ می دانی

(کلیات غالب فارسی ص ۱۶۰ تا ۱۶۵)

(۲۳) سرجان مالکم : ۲ مئی ۱۷۶۹ء کو پیدا ہوئے۔ باپ کا نام جارج مالکم تھا۔ ویسٹر کرک میں تعلیم حاصل کی۔ ۱۷۸۲ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملٹری سروس میں ملازم ہوئے اور ۱۷۸۳ء میں مدراس پہنچے۔ ۱۷۹۲ء میں سرنگا پٹم پر قبضے کے دوران وہ نظام حیدر آباد کی افواج کے لیے فارسی ترجمان کی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ۱۷۹۷ء سے ۱۷۹۸ء تک وہ لارڈ ہاریس کے سکریٹری اور اسسٹنٹ ریذیڈنٹ حیدر آباد کی خدمات انجام دیتے رہے۔ ۱۷۹۹ء اور ۱۸۰۲ء کے درمیان کی مہم میں لارڈ ولزلی نے ان کا انتخاب کیا۔ ۱۸۰۲ء سے ۱۸۰۳ء تک لارڈ ولزلی کے سکریٹری رہے۔ ہندوستان میں قیام کے دوران ان کی زندگی سرکاری مصروفیات اور کارگزاریوں سے بھری ہوئی ہے۔ انھوں نے ۱۸۳۰ء میں ہندوستان کو ترک کیا اور ۳۰ جولائی ۱۸۳۳ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۲۷۱)

(۲۴) خواجہ مرزا : کے حالات اور خاندانی تفصیل کے لیے دیکھئے خواجہ قمرالدین راقم کا مضمون بعنوان "مرزا غالب کا نسب نامہ" مرتبہ مرزا رفیق بیگ مشمولہ مجلہ اعتمادیہ دہلی۔

(۲۵) مرزا افضل بیگ : غالب کے بہنوئی مرزا اکبر بیگ کے چھوٹے بھائی تھے۔ ۱۵ نومبر ۱۸۳۰ء اور ۱۵ مارچ ۱۸۳۲ء کے درمیان کسی تاریخ کو دلی میں فوت ہوئے۔ صاحب "کارنامہ سروری" نے لکھا ہے کہ ضعیف ہو گئے تھے اور انتقال کیا۔ مگر یہ ضعیفی کوئی ستر اسی سالہ بوڑھے کی سی نہ ہوگی کیونکہ وہ مرتے دم تک اکبر شاہ ثانی کی طرف سے انگریزی دربار کلکتہ میں سفیر رہے اس لیے قیاس ہے کہ بوقت مرگ ان کی عمر ۶۰ سال یا اس سے کچھ زیادہ ہوگی۔ اس طرح ولادت کا سال ۱۷۷۰ء کے آس پاس متعین کیا جا سکتا ہے۔

انگریزی دربار کلکتہ میں سفیر مقرر ہونے کے وقت ان کے والد اور دوسرے اہل خاندان دلی میں نہیں رہتے تھے۔ تقرر کے بعد ہی دلی میں سکونت اختیار کی۔ مرزا مقرب الدولہ، معزز الملک، دلاور جنگ کے خطابات سے سرفراز ہوئے اور کلکتہ بھیج دیئے گئے تاکہ وہاں انگریزوں سے تصفیہ طلب امور سلطنت کا حل نکال سکیں۔

یہ معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کلکتہ کب گئے مگر یہ یقینی ہے کہ جب غالب پنشن کی بحالی کے سلسلہ میں کلکتہ میں مقیم تھے (فروری ۱۸۲۸ء سے اکتوبر ۱۸۲۹ء تک) تو مرزا ہمہ وقت وہیں تھے۔ پھر وہیں کلکتہ میں رہ کر انھوں نے مشہور دانشور رام موہن رائے کو دلی دربار سے راجا کا خطاب دلوا کر غیر تصفیہ شدہ امور کی مزید پیروی کے لیے انگلینڈ بھیجا۔ راجا رام موہن رائے ۱۵ نومبر ۱۸۳۰ء کو البین (Albion) نامی جہاز سے عازم انگلستان ہوئے۔ مرزا افضل بیگ دلی واپس آ گئے۔

مرزا افضل بیگ کی شادی حکیم مومن خاں مومن کی بھانجی سے ہوئی تھی تاہم کلکتہ سے واپسی پر وہ اپنے ساتھ ایک خوبصورت بنگالن کو بھی لے آئے تھے۔ ہو سکتا ہے کہ پہلی بیوی کا انتقال ہو چکا ہو) یہ وہی عورت ہے جسے مرزا

افضل بیگ کی وفات کے بعد مرزا عباس بیگ (مرزا افضل بیگ کے بھتیجے) بھگا کر پنجاب کی طرف سے لے گئے تھے اور گھروالوں سے دائمی ناراضگی مول لے لی تھی۔

معلوم ہوتا ہے کہ یہ بنگالن کوئی بازاری عورت یا طوائف نہ تھی بلکہ افضل بیگ کی باقاعدہ بیوی تھی کیونکہ "صاحب کارنامہ سروری" اس عورت کو مرزا عباس بیگ کی چچی کہتا ہے۔ فرحت اللہ بیگ نے لکھا ہے کہ اس زمانے میں ہر گھر کے ساتھ ایک نہ ایک طوائف کا نام جڑا رہتا تھا مگر یہ گھر (مرزا عبداللہ بیگ پسر مرزا افضل بیگ کا) ایسا تھا جس میں طوائف کا نام نہیں آیا تھا۔

مرزا افضل بیگ کا ایک ہی بیٹا تھا جس کا نام مرزا عبداللہ بیگ عرف مرزا دولا تھا۔ ان کا مکان محلہ چوڑی والان کی میگزین والی گلی میں تھا۔ ممکن ہے یہ مکان مرزا افضل بیگ نے خریدا ہو یا بنوایا ہو اور اپنی عمر کے آخری سانس یہیں لیے ہوں۔

مرزا عبداللہ بیگ کی آٹھ اولادیں تھیں۔ چھ بیٹے اور دو بیٹیاں۔ جب مرزا افضل بیگ کے انتقال کے بعد آمدنی کے سب راستے بند ہو گئے تو مرزا عبداللہ بیگ سخت پریشان ہوئے کہ اب اتنے بڑے کنبے کی پرورش کیسے ہو گی۔ آخر ایک روز وہ اپنے والد کے سرٹیفکیٹ لے کر جو انھیں وائسرائے نے دیئے تھے دلی کے ریذیڈنٹ کے پاس ملازمت مانگنے کے لیے گئے۔ ریذیڈنٹ نے از راہ مہربانی انبالہ سے کانپور تک کی ڈاک گاڑی کا انتظام ان کو دے دیا۔ جابجا سینکڑوں چوکیاں قائم کی گئیں۔ مرزا عبداللہ بیگ اکثر ان چوکیوں کی دیکھ بھال کے لیے جایا کرتے تھے۔ اس طرح خاندان کی حالت سنبھل گئی۔

آج تک مرزا افضل بیگ کے نام غالب کا کوئی خط نہیں ملا۔ تاہم ان کا ذکر دوسروں کے خطوں میں کثرت سے ملتا ہے۔ ایسے ہی خطوں سے مرزا افضل بیگ کے انتقال کی خبر بھی ملتی ہے۔ مرزا احمد بیگ خاں (طپان) کو لکھتے ہیں :
"فلاں بیگ زندہ نیست ورنہ خونہا خوردمی . . . . . " "حضرت اکبر شاہ از روز رحلت فلاں بیگ بہ انواع و عوارض مبتلا بود۔ پریروز کہ چہار شنبہ آخری صفربود غسل صحت کردہ اند' آمانا توانند و دماغ شنیدن ملتمسات ندارند"
(متفرقات غالب طبع دوم ص ۹۳ ـ ۹۴ خط نمبر ۲۲)

دن اور مہینہ نہ سہی مگر اس خط سے مرزا افضل بیگ کا سال وفات متعین ہو جاتا ہے۔ ہمیں یہ معلوم ہے کہ راجا رام موہن رائے کے ۱۵ نومبر ۱۸۳۰ء کو عازم انگلستان ہونے تک نہ صرف مرزا زندہ تھے بلکہ اس کے بعد وہ دلی واپس آئے اور اپنے ساتھ ایک حسین بنگالی بیوی بھی لائے تھے۔ صفر چونکہ ۱۸۳۰ء میں جولائی اگست میں پڑتا ہے اس لیے جولائی اگست ۱۸۳۰ء یا اس سے پہلے کے کسی انگریزی مہینے میں مرزا کا وفات پانا درست نہیں ہو سکتا۔ مرزا احمد بیگ خان طپان کا انتقال ۱۵ مارچ (شوال) ۱۸۳۲ء سے کچھ روز قبل ہوتا ہے۔ اس لیے مرزا کا انتقال ۱۸۳۲ء کے جولائی ـ صفر) میں بھی ممکن نہیں کیونکہ اوپر کے خط سے ظاہر ہے طپان کی زندگی ہی میں مرزا انتقال کر چکے تھے۔ اب رہ گیا ۱۸۳۱ء تو یہی مرزا کا سال وفات ہے۔ صفر کا آخری چہار شنبہ ۲۳ صفر ۱۲۴۷ھ میں پڑتا ہے جو ۳ اگست ۱۸۳۱ء سے مطابق ہوتا ہے۔

بادشاہ (اکبر شاہ ثانی) کو مرزا کے انتقال کا سخت رنج ہوا اور وہ طرح طرح کے عارضوں میں مبتلا رہنے لگے خدا خدا کر کے شفا پائی اور ۳ اگست ۱۸۳۱ء کو غسل صحت فرمایا۔ مگر بیماری اس قدر شدید اور لمبی تھی کہ عرصے تک ناتوانی باقی رہی۔ مرزا کا انتقال بادشاہ کے غسل صحت سے ایک دو ماہ پہلے ہوا ہو گا مگر سال وفات ۱۸۳۱ء ہی ہے۔

غالب کو شبہ ہی نہیں بلکہ یقین تھا کہ مرزا افضل بیگ پنشن کے مقدمے میں مدد کی بجائے ان کی مخالفت کر رہے

ہیں اور اپنے خواہر زادوں (یعنی اپنے بہنوئی خواجہ حاجی کی اولاد) کی مدد کر رہے ہیں۔ غالب کلکتے کے قیام کے دوران مرزا افضل بیگ کے (شاید مصلحتہً) شاکی نہیں ہوئے تھے۔ لیکن واپسی کے بعد انہیں اپنا شدید مخالف سمجھنے لگے تھے۔ اس سلسلے میں غالب کے مندرجہ ذیل خطوط ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

(متفرقات غالب طبع دوم خط نمبر ۱۴ بنام مولوی سراج الدین احمد
" " " خط نمبر ۲۲ " مرزا احمد بیگ خاں
" " " خط نمبر ۳۶ " مرزا ابوالقاسم خاں)

(۲۶) ایڈورڈ کول بروک: ۱۸۲۸ء تک دہلی کا ریذیڈنٹ تھا مولوی محمد علی خاں صدر الدین باندہ کے نام ایک فارسی خط میں جو پنج آہنگ میں شامل ہے غالب نے ان کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

"دیگر یہ کہ ابھی دہلی سے آنے والا خط کاشف حالات ہوا کہ میرے بھیجے ہوئے کاغذ وہاں پہنچ گئے اور میرے کارفرما کو مل گئے اور وکیل کو وکالت نامہ دے دیا گیا۔ ابھی وکالت قوت فعل میں نہیں آئی تھی کہ روشن الدولہ لارڈ کول بروک صاحب بہادر فرماں روائے دہلی بطریق دورہ اس شہر سے باہر چلے گئے۔۔ ہر آئینہ اب انتظار کرنا ہو گا اور اس کی وجہ سے مقدمے کی کارگزاری ملتوی رہے گی۔ اب کیا کہوں کہ خواہ مخواہ یہ تاخیر درمیان میں آ گئی"۔ یہ خط یقیناً قیام کلکتہ کے دوران لکھا گیا ہو گا۔ (اوراق معانی ص ۸۱)

(۲۷) چارلس لشنگٹن: ۱۷۸۵ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۸۰۱ء میں ہندوستان آئے۔ ۱۸۰۴ء میں گورنر جنرل کے دفتر میں اسسٹنٹ مقرر ہوئے۔ جہاں سے ۱۸۰۹ء میں وہ خفیہ' سیاسی اور خارجہ محکموں میں ڈپٹی سیکریٹری بنا دیے گئے۔ ۱۸۲۳ء میں وہ گورنر جنرل کے پرائیویٹ سیکرٹری اور ۱۸۲۵ء میں حکومت ہند کے چیف سیکریٹری تھے۔ جہاں ۲۳ ستمبر ۱۸۶۶ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۲۵۶)

کتاب کے انگریزی متن میں جی لشنٹن ہے جو شاید پروف خوانی کے باعث ہو گیا ممکن اصل ہی لشنگٹن ہو۔ (گ ۔ ن)

(۲۸) لارڈ ولیم کونڈیش بنٹنک: گورنر جنرل ۱۴ ستمبر ۱۷۷۴ کو پیدا ہوئے پورٹ لینڈ کے تیسرے ڈیوک کے بیٹے تھے۔ ۱۷۹۱ء میں فوج میں بھرتی ہوئے۔ نیدرلینڈ (موجودہ ہالینڈ)' اٹلی اور آسٹریلیا میں فوجی خدمات انجام دیں۔ اگست ۱۸۰۳ء سے ستمبر ۱۸۰۷ء تک مدراس کے گورنر رہے۔ ملازمت کے دوران میں وہ کچھ مدت کے لیے بے روزگار بھی ہوئے۔ اس کے بعد وہ بنگال کے گورنر مقرر کیے گئے۔ وہ ۱۸۳۴ء سے ۱۸۳۵ء تک ہندوستان کے پہلے انگریز گورنر جنرل بنے۔ ولیم بنٹنک نے ۱۷ جون ۱۸۳۹ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۳۶)

ولیم بنٹنک کی دہلی آمد پر غالب نے تاریخ ورود موزوں کی تھی جس کا پہلا اور آخری شعر یوں ہے:

داور شاہ نشاں' لارڈ کونڈش بنٹنک
کز نہیبش تپش از شعلہ رمیدن دارد

گفت نواب ز آغاز و ز انجام ورود
از کرم جان بتن خلق دمیدن دارد

(کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۲۱۸ - ۲۱۹)

(۲۹) فرانسس ہاکنز (یا ہاکنس) کو ۱۸۲۸ء کے بعد دہلی کا ریذیڈنٹ بنایا گیا۔ وہ ۱۸۲۹ء اور ۱۸۳۰ء کے درمیان اس عہدہ پر فائز تھے۔ ہاکنز نے غالب کے خلاف رپورٹ لکھی تھی۔ پنج آہنگ کے دو خطوں میں غالب نے ہاکنز کی اس زیادتی کا ذکر کیا ہے۔ مولوی سراج الدین احمد کے نام خط میں لکھا ہے :

"اس خراب آباد کے حاکم نے جسے فرانسس ہاکنس کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، مرزبان فیروزپور کے ساتھ پیمان یکدلی باندھ رکھا ہے۔ نتیجہ یہ کہ اس کی مرضی کے مطابق رپورٹ صدر میں بھیج دی"۔ (اوراق معانی ص ۱۰۶)

اور انہی کے نام دوسرے خط میں لکھتے ہیں :

"جو رپورٹ کہ فرانس ہاکنس (ہاکنز) بہادر نے خصوصیت کے ساتھ میری داد خواہی کے بارے میں صدر میں بھیجی ہے۔ کیا کہوں کہ وہ کس حد تک امیدوں کو گھٹانے اور غموں کو بڑھانے والی ہے"۔ (اوراق معانی ص ۱۲۳)

غالب نے ہاکنس کی رپورٹ پر مندرجہ ذیل قطعہ بھی لکھا تھا جو کلیات غالب فارسی کے ص ۱۶۷ پر موجود ہے :

ایا ستم زدہ غالب ز ہاکنس مثال
منہ بسینہ بی کینہ از شکایت داغ
اگر بصدر خلاف تو کردہ است رپورٹ
وگر بخصم بقتل تو بستہ است جناغ
قضا بنای خرابی فگندہ ہم ز نخست
ندیدہ ای کہ ہمان عکس غالب است بلاغ

(گوہر نوشاہی)

ہاکنس بڑا ہی بددماغ شخص تھا۔ اس کی نخوت اور کبر کی کوئی حد اور انتہا نہ تھی۔ وہ سب لوگوں کو بتانا چاہتا تھا کہ برطانوی اقتدار کے آگے مغل بادشاہ کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ وہ ایک کٹھ پتلی کے مثل ہے کہ جدھر چاہو اس کا منہ موڑ دو۔ چاہے یہ بات صحیح بھی ہو تب بھی ظاہری آداب کا لحاظ سیاست کاری میں ضروری ہوتا ہے۔ وہ شاہی دربار میں بھی بدتمیزی سے پیش آتا تھا۔ وہ پہلا ریذیڈنٹ تھا جس نے دربار میں بیٹھنے کے لیے کرسی طلب کی۔ ایک مرتبہ کسی مہمان کو دربار خاص دکھانے کے لیے لایا تو بادشاہ کی اجازت کے بغیر گھوڑے کو اندر تک لے گیا۔ بادشاہ نے اس کی شکایت کی لیکن وہ مجبور اور بے بس تھا۔ چپ ہو رہا۔ جب کلکتہ گورنمنٹ کو یہ اطلاعیں پہنچیں تو اسے واپس بلا لیا گیا۔

(غالب اور آہنگ غالب ص ۸۱)

(۳۰) نیل بنجمن ایڈمون سٹون : ۶ دسمبر ۱۷۶۵ء کو پیدا ہوئے۔ ۱۷۸۳ء میں سول سروس اختیار کر کے کلکتہ آئے اور سب سے پہلے سیکریٹریٹ میں تقرر ہوا اور حکومت کے فارسی مترجم مقرر کیے گئے۔ اس کے بعد قائم مقام گورنر جنرل

کے سیکرٹری' اس کے بعد سر لارڈ کلارک سر جی ایچ بارلو اور لارڈ ولزلی کے ساتھ سکریٹری کے طور پر کام کیا۔ مدراس میں سلطان ٹیپو کے خلاف مہم میں بھی شامل رہے۔ ۱۸۰۹ء میں علاوہ حکومت ہند کے محکمہ خارجہ میں بحیثیت چیف سیکریٹری کام کیا۔ ۳۰ اکتوبر ۱۸۱۲ء سے ۲۷ جنوری ۱۸۱۸ء تک سپریم کونسل کے رکن رہے وہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائریکٹر تھے جبکہ ۴ مئی ۱۸۴۱ء کو فوت ہو گئے۔ اڈمونسٹون کے بارے میں غالب کے مدحیہ قطع کے چند اشعار یہ ہیں :

فرزانہ یگانہ اڈمنسٹن بہادر
کاموخت دانش ازوی آئین کاروانی
در محفل نشاطش زہرہ بہ نغمہ سنجی
ہر گوشہ رباطش' کیوان بپاسبانی
حاشا کہ بودہ باشم ہائی بہ آشکارا
حاشا کہ کردہ باشم ترک وفانہانی
رونق فزای ملکی در معدلت طرازی
امیدگاہ خلقی در منفعت رسانی

(کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۱۸۳ - ۱۸۴)

(۳۱) ہنری تھوبی پرنسپ : والد کا نام جون پرنسپ' ۱۵ جولائی ۱۷۸۲ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم پرائیوٹ طور پر حاصل کی۔ اس کے بعد ٹن برج اور ایسٹ انڈیا کمپنی کالج ہرٹ فورٹ کاسل میں زیر تعلیم رہے۔ ۱۸۰۹ء میں بنگال پہنچے۔ ۱۸۱۴ء میں گورنر جنرل ماکویس ہیسٹنگز کے پرائیوٹ سیکریٹری بنائے گئے۔ اودھ' شمالی مغربی صوبے اور نیپال کے دوروں میں وہ گورنر جنرل کے ساتھ تھے۔ انھوں نے ۱۸۲۳ء میں مارکویس ہیسٹنگز کے انتظامی دور کی تاریخ بھی شائع کی۔ ۱۸۲۰ء میں وہ حکومت کے فارسی سیکریٹری اور ۱۸۵۰ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائریکٹر تھے۔ متعدد کتابوں کے مصنف تھے جن میں رنجیت سنگھ کی سوانح قابل ذکر ہے۔ وہ شاعری بھی کرتے تھے۔ ۱۱ فروری ۱۸۷۸ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۳۴۴)

(۳۲) سرولیم ہے بارنٹ میکناٹن : اگست ۱۷۹۳ء میں پیدا ہوئے۔ وہ سر ورک مین میکناٹن بار ایٹ لا' جج سپریم کورٹ مدراس کے دوسرے بیٹے تھے۔ چارٹر ہاؤس میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۸۰۹ء میں مدراس آئے۔ حیدر آباد' بنگال اور کلکتہ میں خدمات انجام دیں۔ ۱۸۳۰ء سے ۱۸۳۳ء بالائی ہندوستان کی سیاحت پر رہے۔ ولیم بنٹنک نے جب روپڑ میں مہاراجہ رنجیت سنگھ سے ملاقات کی تو ولیم ہے اس کے ساتھ تھے۔ انھوں نے قندھار' غزنی اور کابل کی مہموں میں بھی حصہ لیا۔ ۱۸۴۱ء میں وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۲۶۹)

غالب کے فارسی قطعات میں ولیم میکناٹن کا ایک مدحیہ قطعہ موجود ہے جس کے چند اشعار یہ ہیں :

ہر کجا منشور اقبالی پدید آوردہ اند
نام مکناٹن بہادر زیب عنوان دیدہ ام
تا مر او را در جہان فرمانروایی دادہ اند
چرخ را از فتنہ انگیزی پشیمان دیدہ ام

داورا، امیدگاہا من کہ اندر عمر خویش
سختی و بی مہری از گردون فراوان دیدہ ام
بعد عمری کاین چنین بگذشت در پایان عمر
از تو نیروی دل و آسایش جان دیدہ ام

(کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۱۷۱ تا ۱۷۴)

(۳۳) **گورنر سر چارلس ایڈورڈ ٹریولیان** : والد کا نام جارج ٹریولیان، ۲ اپریل ۱۸۰۷ء کو پیدا ہوئے۔ ٹاؤنٹن چسٹر ہاؤس اور ہیلی بری میں ۱۸۲۵ء تک تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۲۶ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی سول سروس میں ملازم ہو کر آئے اور دہلی میں اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے۔ ۱۸۳۱ء میں برطانوی ہند کے محکمہ امور خارجہ میں انڈر سیکریٹری کا عہدہ حاصل کیا۔ تعلیمی منصوبہ بندی میں لارڈ میکالے کے ساتھ بھرپور حصہ لیا اور انہی کی بہن سے شادی کی۔ اس تحریک کا مقصد مشرقی زبانوں کے مقابلے میں انگریزی کو ذریعہ تعلیم کے طور پر نافذ کرنا تھا۔ ۱۸۳۶ء سے ۱۸۳۸ء تک ریونیو بورڈ کے سیکریٹری تھے۔ ۱۸۴۰ء سے ۱۸۵۰ء تک سیکرٹری خزانہ کے عہدے پر فائز رہے۔ ۱۸۵۹ء میں وہ مدراس کے گورنر مقرر کیے گئے۔ جنوری ۱۸۶۳ء میں سپریم کونسل کے ممبر بنائے گئے۔ اس عہدے پر ۱۸۶۵ء تک رہے۔ ۱۹ جون ۱۸۸۶ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۴۲۸)

(۳۴) **سر چارلس ولیم بارونٹ بلنٹ** : ۱۷۳۱ء میں پیدا ہوئے۔ اپنی وفات سے بیس سال پہلے ۱۷۸۲ء کے قریب ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازم ہو کر ہندوستان آئے۔ کلکتے کے قریب پلٹا کے مقام پر ۲۷ ستمبر ۱۸۰۲ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۴۶)

(۳۵) **جارج ایڈن آکلینڈ** : ۲۵ اگست ۱۷۸۴ء کو پیدا ہوئے۔ وہ آکلینڈ کے پہلے لارڈ کے دوسرے بیٹے تھے۔ کرائسٹ چرچ آکسفورڈ میں تعلیم حاصل کی۔ ۴ اپریل ۱۸۳۶ء کو گورنر جنرل ہندوستان کا عہدہ ملا۔ کابل کی مہم میں شریک رہے۔ ۱۸۳۹ء میں ارل بنائے گئے۔ ۱۲ مارچ ۱۸۴۲ء کو کابل پر قبضہ کے بعد ہندوستان سے واپس چلے گئے۔ یکم جنوری ۱۸۴۹ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۱۹)

گورنر جنرل آکلینڈ کی مدح میں دسمبر ۱۸۳۷ء کا لکھا ہوا غالب کا قصیدہ موجود ہے جس کے چند شعر یہ ہیں :

باز باطراف باغ آتش گل در گرفت
مرغ برسم فغاں زمزمہ از سر گرفت
آنکہ بفرزانگی دفتر بقراط شست
آنکہ بمردانگی تخت سکندر گرفت
شست بمشک و گلاب کام و زبان چند بار
تا اسداللہ خاں نام گورنر گرفت
نامہ بنازد بخویش کز اثر فیض مدح
نقطہ ز بس روشنی تابش نیر گرفت

رایت لارڈ آکلینڈ باد بد انسان بلند
کش رسد از محل خویش ملک سراسر گرفت

(کلیات غالب فارسی جلد دوم ص ۱۲۸ تا ۱۳۲)

(۳۶) ولیم بٹر ورتھ بیلی : آئی۔ ایس۔ ایس۔ تھامس بٹرورتھ بیلی کے بیٹے تھے۔ ایٹن اور کیمبرج میں تعلیم حاصل کر کے ۱۷۹۹ء میں ہندوستان آئے۔ ۱۸۰۳ء میں گورنر جنرل لارڈ ولزلی کے دفتر کے ذہین ماحول میں کام کا آغاز کیا۔ ۱۸۰۷ء میں صدر کورٹ کے رجسٹرار مقرر ہوئے۔ ۱۸۱۴ء میں سیکرٹری ریونیو اور ۱۸۱۹ء میں کمپنی حکومت کے چیف سیکرٹری مقرر ہوئے۔ جولائی سے دسمبر ۱۸۲۲ء کے دوران سپریم کونسل کے ممبر تھے۔ مارچ سے جولائی ۱۸۲۸ء تک قائم مقام گورنر جنرل ہوئے۔ ۱۸۳۳ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے ڈائریکٹر بنائے گئے۔ ۱۸۵۸ء میں سبکدوش ہوئے اور ۲۹ مئی ۱۸۶۰ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۳۱)

(۳۷) الیگزنڈر جارج رس : ۹ جنوری ۱۸۴۰ء کو پیدا ہوئے۔ ایڈمبرا اکیڈمی اور یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۵۷ء میں ہندوستان میں فوجی ملازمت اختیار کی۔ ۱۸۹۷ء میں لیفٹیننٹ گورنر بنائے گئے۔ ۱۸۵۸ء سے ۱۸۵۹ء تک ہندوستان کی جنگ آزادی میں بھی شریک رہے۔ وہ شمالی علاقہ جات' سرحدی علاقوں' افغانستان اور پنجاب میں بھی فوجی کمان کرتے رہے۔ (بک لینڈ ص ۳۶۳)

(۳۸) لیفٹیننٹ گورنر جان رسل کالون : آئی۔ سی۔ ایس' ولد جیمز کالون ۲۹ مارچ ۱۸۰۷ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ سینٹ اینڈریوس اور ہیلی بیری میں تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۲۶ء میں بنگال اور ۱۸۲۷ء میں حیدر آباد میں تقرر ہوا۔ ۱۸۳۱ء سے ۱۸۳۵ء تک حکومت ہند کے محکمہ حال گزاری میں اسسٹنٹ سیکریٹری اور ڈپٹی سیکریٹری کے عہدوں پر کام کیا۔ ۱۸۳۶ء میں گورنر جنرل آکلینڈ کے پرائیویٹ سیکریٹری مقرر ہوئے اس عہدے پر ۱۸۴۲ء تک کام کیا۔ ۱۸۴۵ء میں وہ نیپال کے ریذیڈنٹ تھے۔ ۱۸۵۳ء تک وہ صدر کورٹ کلکتہ کے جج اور لیفٹیننٹ گورنر شمال مغربی صوبہ جات کے عہدوں پر فائز رہے۔ انھوں نے حکومتی مشینری کو چلانے میں بڑا فعال کردار ادا کیا۔ انھوں نے ۹ ستمبر ۱۸۵۷ء کو انتقال کیا اور آگرہ کے قلع میں دفنائے گئے۔ غالب ان کی مدح میں لکھتے ہیں :

اسکوئر کالون کہ درگاہش
اہل دل راست کعبہ آمال
آن معنی طلسم دانش و داد
آن بصورت جہان جاہ و جلال
از تو در خواہ آبرو دارم
گرچہ ریزد خود آبرو بسوال

(کلیات فارسی جلد دوم ص ۲۷۱ تا ۲۷۹)

(۳۹) چارلس گرنویلی منسل' آئی۔ سی۔ ایس۔ نے ۱۸۲۶ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملازمت اختیار کی۔ شمال مغربی

صوبے اور آگرہ میں ۱۸۳۵ء تک کئی عہدوں پر فائز رہ کر مجسٹریٹ کلکٹر تک کا منصب حاصل کیا۔ ۱۸۳۸ء سے ۱۸۴۱ء تک سیٹلمنٹ آفیسر، پھر محکمہ مالیات اور پھر ۱۸۴۹ سے ۱۸۵۰ء تک لارڈ لارنس کے ساتھ پنجاب کے انتظامی بورڈ میں شامل رہے۔ ۱۸۵۲ سے ۱۸۵۴ء تک ناگپور کے ریذیڈنٹ رہ کر سبکدوش ہوئے اور ۱۹ نومبر ۱۸۸۶ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۲۷۴)

(۴۰) **نواب امین الدین احمد خاں اور نواب ضیاء الدین احمد خاں** نواب احمد بخش کی ہم کفو بیاہتا بیوی بیگم جان کی اولاد تھے۔ بیگم جان نیاز محمد بیگ کی صاحبزادی تھیں جن کے بھائی نذر محمد بیگ لوہرو میں فوج کے کپتان تھے۔ اس لیے ان کے خاندان کو "کپتان فیملی" کا نام دیا گیا تھا۔ بیگم جان ۴ نومبر ۱۱۲۶ھ کو انتقال کر گئیں۔

نواب امین الدین خاں کا سال ولادت ۱۲۲۹ھ ہے۔ وہ فیروزپور جھرکہ میں پیدا ہوئے تھے۔ نواب احمد بخش خاں نے اپنی زندگی ہی میں اپنی ریاست فیروزپور جھرکہ کا علاقہ اپنے حرم زادہ نواب شمس الدین خاں کو اور لوہارو کا علاقہ نواب امین الدین خاں اور نواب ضیاء الدین خاں کو دے دیا تھا۔ نواب شمس الدین خاں کو یہ تقسیم پسند نہیں تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ ان کے بھائیوں کا حق بھی ان ہی کو مل جائے بالآخر انہوں نے ۱۸۳۳ء میں لوہارو کا علاقہ اپنے نام منتقل کروا لیا۔ اس وقت ولیم فیرزر دہلی کے ریذیڈنٹ تھے۔ انہوں نے دونوں بھائیوں نواب امین الدین خاں اور نواب ضیاء الدین خاں کا حق ان کو واپس دلانے کی سعی کی اور اس سلسلہ میں نواب امین الدین خاں کو مشورہ دیا کہ وہ کلکتہ جائیں۔ ۱۸۳۴ء میں نواب امین الدین خاں نے کلکتہ کا قصد کیا اور وہاں جا کر اپیل دائر کی جس پر لوہارو کا علاقہ واگذاشت ہو گیا۔

غالب نواب امین الدین خاں اور ضیاء الدین خاں سے بے انتہا خلوص رکھتے تھے۔ انہوں نے مقدور بھر ان دونوں بھائیوں کی مدد کی، نواب امین الدین خاں لوہارو کی بازیافت کے لیے کلکتہ کو روانہ ہوئے تو غالب نے متعدد دوستوں کے نام تعارفی خط اور سفارشی عرضیاں لکھ کر دیں۔ نواب امین الدین خاں کو بھی غالب سے اسی درجہ محبت اور خلوص تھا۔ اس کا اندازہ اس واقعہ سے ہوتا ہے کہ ایک انگریز شراب فروش میکفرسن نے ۱۸۳۷ء میں اپنے قرض کی وصولی کے لیے دو سو پچاس روپے کی نالش کر دی۔ جس وقت غالب اپنے بھائی یوسف خاں کی ملاقات کے لیے جا رہے تھے۔ عدالت کے چپراسی نے اس قرض کی وصولی کے لیے ان کو گرفتار کر لیا اور ناظر کے مکان پر لے جا کر قید کرا دیا۔ نواب امین الدین خاں کو اس کی اطلاع ملی تو انہوں نے ڈھائی سو روپے اصل اور ڈیڑھ سو روپے سود دے کر ان کو چھڑایا۔

آخر عمر میں نواب امین الدین خاں بیمار رہنے لگے تھے۔ دماغ میں بھی کچھ خلل پیدا ہو گیا تھا۔ اس بنا پر ان کے صاحبزادے نواب علاء الدین خاں علائی کو مسند نشین کر دیا گیا تھا۔ نواب امین الدین خاں نے ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۸۶ھ کو وفات پائی اور دہلی میں اپنے موروثی قبرستان میں دفن ہوئے۔ ان کے لوح مزار پر مدفن امین الدین خاں بہادر کندہ ہے جس سے ۱۲۸۶ھ کے اعداد برآمد ہوتے ہیں۔

(اردوئے معلیٰ ص ۲۸۹، ادبی خطوط غالب ص ۲۰۷، ذکر غالب ص ۲۸۷، واقعات دارالحکومت دہلی)

(۴۱) **نیر رخشاں نواب ضیاء الدین احمد خان بہادر دہلوی:** چھٹی صدی ہجری میں سادات علوی میں سے ایک بزرگ خواجہ احمد یسویؒ (ف: ۵۳۴ھ) باب ارسلان (ترکستان) کے مشہور ولی اللہ گزرے ہیں (یہ حضرت علی ؓ کے چھوٹے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ کی نسل میں سے تھے) انہوں نے سلسلہ نقشبندیہ کے مشہور شیخ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی سے اکتساب فیض کیا اور انھیں سے سند خلافت لی۔ ترک انھیں ادب اور عقیدت سے "اتایسوی" سے

خطاب کرتے تھے۔ ان کی اولاد میں دین و دنیا کے مشاہیر پیدا ہوئے۔ انھیں میں سے ایک خواجہ محمد امین حکومت بخارا میں سلطان بیگی کے عہدۂ جلیلہ پر فائز تھے۔ خواجہ محمد امین کے صاحبزادے خواجہ عبدالرحمٰن بلخ میں منتظم دیہات اور مہتمم دارالضرب شاہی رہے۔ اگرچہ یہ خاندان نسب کے لحاظ سے طبقہ سادات میں سے تھا' مگر شاہی منصبدار ہونے کے باعث مورخوں اور تذکرہ نگاروں نے ان کا ذکر مرزا اور خان کے القاب سے کیا ہے۔

خواجہ عبدالرحمٰن کے تین صاحبزادے تھے: قاسم جان' عالم جان' عارف جان' مرزا عارف جان سب سے چھوٹے تھے۔ یہ تینوں بھائی احمد شاہ ((۱۷۴۸ء - ۱۷۵۴ء) کے عہد میں ترکوں کا ایک مسلح دستہ ساتھ لیے بخارا سے ۱۷۵۰ء کے قریب ہندوستان آئے۔ اس زمانے میں وسطی ایشیا (ماوراء النہر) کی سکونت انتہائی سیاسی افراتفری کے باعث ناممکن ہو گئی تھی۔ اسی سے یہ خاندان ترک وطن پر مجبور ہوا۔ ان دنوں حکومت دہلی کی طرف سے مرزا محمد بیگ اٹک کے صوبہ دار تھے۔ یہ قافلہ چند دن ان کے پاس ٹھہرا۔ اسی اثنا میں صوبہ دار موصوف نے مرزا عارف جان کو اپنی فرزندی میں لے لیا اور اپنی دختر بلند اختر ان کے حبالہ عقد میں دے دی۔ اس کے بعد ایک عرصے تک مرزا عارف جان یہاں رہ کر علاقے کے نظم و نسق میں مرزا محمد بیگ کی مدد کرتے رہے۔ آخر ان کی شجاعت اور قابلیت کی شہرت اس دور دست علاقے سے نکل کر پایہ تخت دہلی تک جا پہنچی اور یہ حسب طلب شاہ عالم کے عہد میں (۱۷۵۹ء - ۱۸۰۶ء) دارالخلافے میں حاضر ہوئے۔

مرزا عارف جان کے چار بیٹے ہوئے۔ نبی بخش خان' احمد بخش خان' الٰہی بخش خان اور محمد علی خان ان میں سے احمد بخش خان اور الٰہی بخش خان نے شہرت دوام کے خلعت حاصل کیے۔ یہی وہ الٰہی بخش خان ہیں جو اردو زبان میں معروف کے تخلص سے مشہور ہیں' وہ حضرت مولانا فخرالدین چشتی (ف: ۱۱۹۹ھ) کے مرید خاص اور خلیفہ تھے۔ معروف نے اگر علم و فضل اور تصوف و سلوک کے میدان میں شہرت حاصل کی' تو ان کے بڑے بھائی احمد بخش خان نے ریاست و جہانبانی کی دنیا میں اپنا سکہ جاری کیا۔

احمد بخش خان اٹک میں ۱۷۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ جب خاندان دلی منتقل ہوا' تو یہ بھی یہاں آ گئے۔ جوانی کا زمانہ یہی گزرا۔ پہلے گوالیار میں بزمرۂ سواراں ملازم ہوئے۔ معقول بسر اوقات تھی' لیکن کسی سبب سے یہ روزگار ہاتھ سے جاتا رہا۔ اس کے بعد گھوڑوں کی تجارت کرنے لگے۔ ایک دفعہ اسی سلسلے میں دلی آ رہے تھے کہ راستے میں مہاراجہ بختاور سنگھ بہادر والی الور سے ملاقات ہو گئی' جس کے نتیجے میں انھوں نے دربار الور کی ملازمت قبول کر لی۔

مہاراجہ بختاور سنگھ ان کی فرض شناسی اور حسن کارکردگی سے بہت خوش ہوئے اور انھیں دلی میں لارڈ لیک کے یہاں اپنا وکیل مقرر کر دیا' یہ عہدہ آج کل کی سفارت کے مترادف تھا۔ یہاں بھی انھوں نے اپنے فرائض منصبی کو اس خوش اسلوبی سے ادا کیا کہ ایک طرف انگریز ان کی معاملہ فہمی کے مداح تھے' تو دوسری طرف مہاراجہ بہادر بھی ان کی وفاداری سے ہر طرح مطمئن تھے۔ (۱۸۰۱ء) میں انگریزوں نے ریاست بھرتپور میں قلعہ ڈیگ پر چڑھائی کی۔ احمد بخش کی درخواست پر دربار الور نے انگریزوں کا ساتھ دیا۔ یہ بڑی گھمسان کی لڑائی تھی۔ ایک موقع پر انگریز جرنیل فریزر کی جان کے لالے پڑ گئے تھے۔ احمد بخش خان اپنی جان پر کھیل کر اسے دشمنوں کے نرغے میں سے نکال لائے۔ میدان تو انگریزوں کے ہاتھ رہا' لیکن جرنیل فریزر کے زخم مہلک ثابت ہوئے اور وہ جانبر نہ ہو سکے۔ مرنے سے پہلے انھوں نے احمد بخش خان کو ایک سند خوشنودی لکھ دی جس میں حکومت انگریزی سے سفارش کی کہ احمد بخش خان کی خدمات کا مناسب صلہ دیا جائے۔ چنانچہ دلی میں فتح کا دربار ہوا' تو لارڈ لیک نے انھیں فیروزپور جھرکہ' سانگرس' پوناہانہ' بچھور اور نگینہ کا علاقہ استمراری جاگیر میں عطا کیا اور فرمان میں ان کا نام لکھوایا: فخرالدولہ' دلاور الملک نواب احمد بخش خان بہادر'

رستم جنگ۔ مہاراجا بختاور سنگھ نے اس پر اپنی طرف سے پرگنہ لوہارو کا اضافہ کر دیا۔

نواب احمد بخش خان نے اپنے پیچھے چار بیٹے چھوڑے۔ ایک بیوی سے نواب شمس الدین احمد خان' (ف : ۱۸۳۵ء) اور ابراہیم علی خان' اور دوسری سے نواب امین الدین احمد خان اور نواب ضیاء الدین احمد خان۔ شمس الدین احمد خان اپنے والد کی حین حیات ۱۸۲۶ء میں فیروز پور جھرکہ کے حکمران ہو گئے تھے۔ لوہارو کی جاگیر نواب احمد بخش خان نے اپنے دوسرے بیٹوں کے نام لکھ دی۔ ہماری زبان کے مشہور شاعر نواب مرزا داغ ان ہی نواب شمس الدین احمد خان کے بیٹے تھے۔

نواب احمد بخش خان اکتوبر ۱۸۲۷ء (ربیع الاول ۱۲۴۳ھ) میں فوت ہوئے۔ "مینو مقام فخرالدولہ" تاریخ وفات ہے۔ دلی کے باہر مہرولی میں درگاہ حضرت خواجہ بختیار کاکی (ف : ۶۳۳ ھ) میں مولانا فخرالدین کے مزار کے پائین مدفون ہیں۔

نواب ضیاء الدین احمد خان اپنے والد بزرگوار کی وفات کے وقت ۶ برس کے تھے' یہ فیروز پور جھرکہ میں اکتوبر ۱۸۲۱ء میں پیدا ہوئے تقسیم جائیداد کی رو سے پرگنہ لوہارو ان کے ساتھ' ان کے بڑے بھائی نواب امین الدین احمد خان دونوں کے حصے میں آیا تھا۔ جب تک ضیاء الدین خان سن بلوغ کو نہیں پہنچے' جائداد کا نظم و نسق بڑے بھائی کے ہاتھ میں رہا اور ان کے حصے کی آمدنی خزانے میں جمع ہوتی رہی۔ بالغ ہونے پر نواب ضیاء الدین احمد خان نے مطالبہ کیا کہ مجھے بھی ریاست میں برابر کا شریک بنایا جائے۔ ورنہ ریاست دو حصوں میں تقسیم کر دی جائے۔ حکومت انگریزی نے یہ تجویزیں نامنظور کیں اور چونکہ بھائیوں میں کشمکش روز بروز بڑھتی جا رہی تھی' اس لیے ۱۸۴۸ء میں فیصلہ کیا کہ آئندہ نواب ضیاء الدین احمد خان کو خزانہ ریاست سے اٹھارہ ہزار روپیہ نقد سالانہ وظیفہ ملتا رہے' اور وہ ریاست کے معاملات میں دخل نہ دیں۔ اس پر یہ لوہارو سے نقل مکانی کر کے مستقلاً" دہلی میں مقیم ہو گئے۔ ان کی وفات کے بعد یہ وظیفہ گھٹا کر بارہ ہزار سالانہ کر دیا گیا تھا' جو ملک کی آزادی تک ان کے خاندان میں جاری رہا۔

نواب ضیاء الدین احمد خان کی تعلیم و تربیت گھر پر ہوئی۔ علم تفسیر و حدیث حضرت شاہ عبدالقادر (بن حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی) کے شاگرد رشید مولوی کریم اللہ سے' ادب و فقہ جناب مفتی صدر الدین آزردہ سے' اور فلسفہ و منطق مولانا فضل حق خیرآبادی سے حاصل کیے۔ فارسی میں غالب کے شاگرد تھے اور مشق سے خود اس زبان کے استاد بے بدل ہو گئے۔ عربی اور ترکی بھی اچھی جانتے تھے۔ ان کی فارسی میں استادانہ حیثیت کا اعتراف ان کے معاصرین کو بھی تھا جس کا ثبوت مولانا شبلی مرحوم کی زندگی کے ایک واقعہ سے ہوتا ہے۔

مولانا شبلی نے علی گڑھ کے قیام کے ابتدائی زمانے میں (۱۸۸۴ء) شیخ علی حزیں کی ایک زمین میں غزل کہی : حیراں چہ کنم' فراداں چہ کنم۔ بعض لوگوں نے اعتراض کیا کہ استاد کی غزل پر غزل لکھنے سے حاصل؟ آخر یہ ٹھہری کہ حزیں اور شبلی دونوں کی غزلیں اہل رائے حضرات کے پاس محاکمے کے لیے بھیجی جائیں۔ خواجہ عزیز الدین عزیز لکھنوی اور نواب ضیاء الدین احمد خان نیر رخشاں (اور غالباً ذوالقدر خان بہادر غلام غوث خان بیخبر بھی) حکم ٹھہرے۔ دونوں غزلیں مقطع حذف کر کے ان اصحاب کی خدمت میں بھیجی گئیں۔ سب نے فیصلہ کیا کہ شبلی کا کلام اہل زبان کی شان رکھتا ہے اور سلف کے کلام کا ہم پلہ ہے۔

نواب ضیاء الدین احمد خان نجوم اور ہیئت میں بھی اعلیٰ واقفیت رکھتے تھے۔ تاریخ اور جغرافیہ میں ان کی دستگاہ کا اعتراف سب نے کیا ہے۔ بالخصوص ایشیاء کے مختلف ممالک کی تاریخ پر ایسا عبور تھا کہ حیرت ہوتی تھی۔ تمام عمر مطالعہ کتب میں گزری۔ ان کے کتبخانے میں مختلف علوم کی مستند اور بلند پایہ کتابیں موجود تھیں۔ افسوس کہ یہ سارا سرمایہ

۱۸۵۷ء میں وقف تاراج ہو گیا۔ غالب ایک خط میں لکھتے ہیں کہ یہ بیس ہزار سے کم مالیت کا نہ ہو گا۔ غدر کے بعد پھر جمع کرنے لگے مشہور مستشرق چارلس شیفر نے ناصر خسرو علوی کا سفرنامہ اور اس کا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا تھا۔ اس نے فارسی مخطوطہ نیر درخشاں کے کتابخانے میں سے حکومت ہند کی وساطت سے حاصل کیا تھا۔ جب حکومت ہند کے سکریٹری ایلیٹ صاحب نے اپنی مشہور تاریخ لکھی' جس میں ہندوستان کے فارسی اور عربی مورخوں کی کتابوں کے ترجمے شائع کیے ہیں' تو نواب ضیاء الدین احمد خان نے انھیں فراہمی کتب اور ترجمے میں بہت مدد دی تھی' جس کا اعتراف صاحب موصوف نے کتاب کے دیباچے میں کیا ہے نواب صاحب کا یہ کتابخانہ جو غدر کے بعد جمع ہوا تھا' ان کی وفات کے بعد ان کے صاحبزادے نواب سعید الدین احمد خان نے ندوۃ العلماء کو دے دیا۔

غالب کے جو تعلقات اس خاندان سے تھے' اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ غالب کی بیوی امراؤ بیگم نواب الٰہی بخش خان معروف کی چھوٹی صاحبزادی تھیں۔ جس زمانے میں نواب شمس الدین احمد خان فیروز پور جھرکہ کے حکمران تھے' انھوں نے کوشش کی کہ کسی طرح لوہارو بھی مجھے مل جائے۔ وہ اپنی کوششوں میں کامیاب ہو گئے۔ اور یہ پرگنہ بھی انھیں مل گیا۔ اس معاملے میں غالب نے ان دونوں بھائیوں کا ساتھ دیا اور لوہارو کے نواب شمس الدین احمد خان کی تحویل میں دیے جانے کی سخت مخالفت کی۔ چنانچہ اس علاقے کی ان دونوں بھائیوں کے نام بحالی میں غالب کی مساعی کا بھی کچھ دخل تھا۔

نواب ضیاء الدین احمد خان کی تعلیم و تربیت میں قدرتاً غالب نے بہت دلچسپی لی۔ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ فارسی میں نیر اور اردو میں رخشاں تخلص تھا۔ اپنے استاد کے مایہ ناز شاگرد ثابت ہوئے اور میرزا کو ان پر فخر تھا۔ انھوں نے ایک زور دار فارسی قصیدہ نیر رخشاں کی مدح میں کہا ہے (قصیدہ ۶۲) غالب نے اپنی زندگی میں سند خلافت لکھ دی تھی۔ خلیفہ اول نیر رخشاں مقرر ہوئے' اور خلیفہ دوم نواب علاء الدین احمد خان علائی۔ نیر رخشاں کا تمام کلام نظم و نثر بھی غدر میں ضائع ہو گیا تھا۔ بعد کو جو کچھ جمع ہو سکا' اسے ان کے صاحبزادے نواب سعید الدین احمد خان طالب نے "جلوۂ صحیفہ زریں نیر رخشاں" کے تاریخی نام سے شائع کرایا تھا (۱۹۱۵ء)

مدت سے ضیق النفس کا عارضہ تھا جس سے آخر عمر میں بہت مضمحل ہو گئے تھے۔ موت سے پہلے صرف دو تین روز تپ رہی' تیسرے دن شدت اور اس کے ساتھ بے ہوشی بھی ہو گئی۔ ایک رات اور آدھے دن یہ حالت رہی۔ آخر شنبہ ۱۳ رمضان ۱۳۰۲ھ (مطابق ۲۷ جون ۱۸۸۵ء) دو پہر کے وقت رحلت فرمائی۔ اسی دن شام کے پانچ بجے اجمیری دروازے کے باہر نماز جنازہ ہوئی اور مہرولی میں حضرت خواجہ بختیار کاکی قدس سرہ کی درگاہ میں اپنے والد ماجد اور برادر بزرگوار کے پہلو میں دفن ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

مولوی رضی الدین احمد خان دہلوی نے بیمثل مادہ تاریخ بہم پہنچایا۔ جس پر مولانا حالی نے مصرعے لگائے۔

چوں ضیاء الدین احمد خاں کشید رخت از دنیا سوے دارالسلام
گفت ہاتف با رضی سال وفات "روز شنبہ سیزدہ شہر صیام"

یہی کتبہ لوح قبر پر کندہ ہے۔ خود مولانا حالی نے اس موقع پر دو رباعیاں کہی تھیں۔

غالب ہے' نہ شیفتہ' نہ نیر باقی
وحشت ہے' نہ سالک ہے نہ انور باقی
حالیؔ' اب اسی کو بزم یاراں سمجھو
یاروں کے جو کچھ داغ ہیں دل پر باقی

قمری ہے نہ طاؤس نہ کبک طناز
آتے ہی خزاں کے سب کر گئے پرواز
تھی باغ کی یادگار، اک بلبل زار
سو اس کی بھی کل سے نہیں آتی آواز

شمس العلماء مولانا شبلی نے فارسی زبان میں مرثیہ لکھا تھا، جو ان کے کلیات میں موجود ہے۔ نواب ضیا الدین احمد خان کا نکاح شرف الدولہ قاسم جان کی پوتی اور مرزا قدرت اللہ خان کی صاحبزادی امتیاز زمانی بیگم عرف حاجی بیگم (وفات ۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء) سے ہوا تھا۔ اولاد میں ایک صاحبزادی معظم زمانی بیگم صاحبہ اور دو صاحبزادے شہاب الدین احمد خان ثاقب اور سعید الدین احمد خان طالب تھے۔ ثاقب زندگی ہی میں انھیں جوانا مرگی کا داغ دے گئے۔ طالب ۱۹۱۹ء تک زندہ رہے۔ دونوں کے حالات لکھے جا چکے ہیں۔ معظم زمانی بیگم عرف بگا بیگم کا نکاح زین العابدین خان عارف کے بڑے صاحبزادے باقر علی خان کامل سے ہوا تھا۔ ان کا بھی ۱۰ مئی ۱۹۴۵ء کو انتقال ہو گیا۔ ہمیشہ رہے نام اللہ کا۔ (تلامذۂ غالب ص ۵۳۲)

(۴۲) سر رابرٹ نارتھ کوی بارنٹ ہملٹن : ۷ اپریل ۱۸۰۲ء میں پیدا ہوئے، سر فیڈرک ہملٹن کے بیٹے تھے۔ لی بری میں تعلیم حاصل کر کے ۱۸۱۹ء میں ہندوستان آئے۔ شمال مغربی صوبے میں ملازمت کا آغاز کیا۔ اس کے بد کمشنر آگرہ رہے۔ ۱۸۴۳ء میں شمال مغربی صوبے کی حکومت میں سیکریٹری مقرر ہوئے۔

۱۸۴۴ء میں اندور میں ریذیڈنٹ ہوئے۔ ۱۸۵۷ء میں مرکزی انڈیا میں گورنر جنرل کے ایجنٹ بنائے گئے۔ ۱۸۵۹ء میں سپریم کونسل میں صوبائی رکن تھے۔ اسی سال خرابی صحت کی بنا پر سبکدوش ہو گئے اور ۳۰ مئی ۱۸۸۷ء کو وفات پائی۔

(۴۳) بنیادی بیگم : نواب الٰہی بخش معروف کی بڑی بیٹی تھی۔ مرزا غالب کی اہلیہ امراؤ بیگم ان سے چھوٹی تھیں۔ ان کی شادی شرف الدولہ نواب غلام حسین خاں بہادر سہراب جنگ سیوکی جو نواب فیض اللہ خاں بہادر کے بیٹے تھے۔ نواب غلام حسین شاعر بھی تھے اور مسرور تخلص کرتے تھے۔ ان سے بنیادی بیگم کے دو بیٹے ہوئے۔ زین العابدین خاں عارف اور حیدر حسین خاں۔ میاں بیوی میں نہ بن سکی اور علیحدگی ہو گی۔ شوہر نے ایک مکان بنیادی بیگم کے نام ہبہ کر دیا جس میں وہ اپنے طور پر الگ رہتی تھیں۔ (تلامذۂ غالب ص ۳۹۱)

(۴۴) امراؤ بیگم : نواب الٰہی بخش خاں معروف کی صاحبزادی اور نواب احمد بخش خاں والی فیروزپور جھرکہ و جاگیردار لوہارو کی بھتیجی تھیں، ابھی ان کی عمر گیارہ سال کی تھی کہ ان کو ۷ رجب ۱۲۲۵ھ کو غالب کے عقد میں دے دیا گیا۔ غالب علاء الدین احمد خاں علائی کے نام ایک خط میں اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"۷ رجب ۱۲۲۵ھ کو میرے واسطے حکم دوام حبس صادر ہوا، ایک بیڑی (یعنی بیوی) میرے پاؤں میں ڈال دی اور دلی شہر کو زنداں مقرر کیا اور مجھے اس زنداں میں ڈال دیا"۔

امراؤ بیگم کے سات بچے ہوئے لیکن ان میں سے کوئی بھی زندہ نہیں رہ سکا جس پر امراؤ بیگم نے اپنے حقیقی بھانجے نواب زین العابدین خاں عارف کو اور ان کے انتقال کے بعد ان کے دو کمسن بیٹوں باقر علی خاں کامل اور حسین علی خاں شاداں کو متبنّیٰ بنا لیا اور ان ہی سے اپنی بچپن ماتا کو تسکین دیتی رہیں۔

غالب آٹھ سو روپے کا قرض چھوڑ کر مرے تھے۔ ان کے مرتے ہی امراؤ بیگم پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ بیوگی کا غم، قرض خواہوں کے تقاضے، بچوں کی پریشانی، آمدنی کی مسدودی، یہ سب باتیں ایسی تھیں جن سے امراؤ بیگم کا متاثر ہونا یقینی تھا۔ انھوں نے کمشنر دہلی کو درخواست دی کہ ان کے شوہر کی پنشن ان کے اور پسر متبنیٰ حسین علی خاں شاداں کے نام منتقل کر دی جائے، کمشنر نے ڈپٹی کمشنر کی ہمدردانہ رپورٹ کے باوجود اس درخواست کو مسترد کرتے ہوئے فیصلہ دیا کہ پسر متبنیٰ کو پنشن نہیں مل سکتی البتہ درخواست گزار کچہری میں حاضر ہو تو دس روپے تجویز کیے جائیں گے امراؤ بیگم، ایک معزز گھرانے کی باعزت خاتون تھیں، انھوں نے اپنے والد، چچا اور شوہر کے مرتبہ کا خیال کیا اور کچہری میں حاضر ہو کر پنشن وصول کرنے کی تجویز ٹھکرا دی اور یکم اگست ۱۸۶۹ء کو نواب کلب علی خاں والی رام پور کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا جس میں بتایا گیا کہ آٹھ سو روپے شوہر کا قرض باقی ہے اس کی ادائیگی کے لیے مالی امداد دی جائے، نواب کلب علی خاں کو اپنی عیش سامانیوں سے اتنی فرصت کہاں تھی کہ وہ اپنے استاد کی بیوہ کی درخواست پر ہمدردانہ غور کرتے۔ امراؤ بیگم نے ۲ ستمبر ۱۸۶۹ء کو ایک اور عریضہ کے ذریعے ان کی توجہ اپنی پریشانی کی طرف مبذول کرائی تو انھوں نے کسی قسم کی مالی امداد کرنے کی بجائے نواب مرزا داغ کو امراؤ بیگم کے حالات و واقعات کی تحقیق کا حکم دیا۔ یہ تحقیقات غالباً ۳۰ اکتوبر ۱۸۶۹ء تک جاری رہیں۔ اس کے بعد کہیں اس عریضہ پر حکم صادر ہوا کہ امراؤ بیگم کو چھ سو روپے کی ہنڈی بھیجی جائے۔ کتب خانہ رضائیہ میں ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں ہے جس کی بنا پر یہ کہا جا سکے کہ امراؤ بیگم کو چھ سو روپے کی ہنڈوی موصول ہوئی تھی۔ اس بناء پر یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ کارروائی محض کاغذی تھی۔ امتیاز علی عرشی کا کہنا محض قیاس آرائی پر مبنی ہے کہ "چھ سو روپے کی ہنڈوی رام کشن کی دکان سے حکیم غلام نجف خاں کی معرفت مرزا صاحب کی بیوی کو بھیجی گئی تھی"۔ مالک رام نے درست لکھا ہے کہ "یہ بات سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ جب قرض آٹھ سو روپے کا تھا۔ مرزا غالب بھی اپنی زندگی میں اسی قسم کی درخواست کرتے رہے اور امراؤ بیگم نے بھی یہی رقم طلب کی گئی تو چھ سو روپے کیوں بھیجے گئے"۔

امراؤ بیگم نے نواب کلب علی خاں والی رام پور کو دوسری مرتبہ جو عریضہ ارسال کیا تھا اس میں اپنے بارے میں یہ پیشین گوئی بھی کی تھی کہ میری زندگی اسی میعاد میں پوری ہو جائیگی ان کی یہ پیشین گوئی حرف بہ حرف سچ ثابت ہوئی۔ معظم زمانی بیگم کے بیان کے مطابق امراؤ بیگم نے غالب کے برسی کے دن ۲ ذیقعدہ ۱۲۸۶ھ مطابق ۴ فروری ۱۸۷۰ء کو دن کے گیارہ بجے انتقال کیا۔ ابھی ان کی تجہیز و تکفین کی تیاریاں کی جا رہی تھیں کہ کچہری کے ملازم نے پنشن کا حکم لا کر دیا۔ جس کی آرزو لیے وہ دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ (بزم غالب ص ۵۹ تا ۶۰)

(۴۵) ہنری وائٹ لاک ٹورنز : آئی۔ سی۔ ایس۔ ولد میجر جنرل ہنری ٹورنز، ۲۰ مئی ۱۸۰۶ء کو پیدا ہوئے۔ بروک گرین چارٹر ہاؤس اور آکسفورڈ میں تعلیم حاصل کی اور ۱۸۲۵ء میں بی۔ اے کیا۔ ایک مختصر مدت فارن آفس میں ملازمت کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی کے کورٹ آف ڈائریکٹرز سے رائٹر شپ حاصل کی۔ نومبر ۱۸۲۸ء میں ہندوستان آئے اور میرٹھ میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ ۱۸۳۵ء میں سیکریٹریٹ میں آئے جہاں وہ حکومت ہند کے مختلف محکموں سے وابستہ رہے۔ دسمبر ۱۸۴۶ء میں مرشد آباد میں گورنر جنرل کے ایجنٹ مقرر ہوئے۔ ۱۶ اگست ۱۸۵۲ء کو کلکتہ میں وفات پائی۔

(۴۶) زین العابدین خاں عارف : غالب کی بیوی کے حقیقی بھانجے تھے، ان کے والد کا نام شرف الدولہ غلام حسین خاں بہار سراب جنگ تھا۔ جو نواب فیض اللہ خاں بہادر کے بیٹے اور نواب قاسم جان برادر عارف جان کے پوتے تھے۔

عارف ۱۲۳۳ھ میں پیدا ہوئے۔ ان کی والدہ بنیادی بیگم اپنے شوہر سے علیحدہ رہتی تھیں۔ انہوں نے ہی اپنے بیٹے کی تمام تر تربیت کا بوجھ سنبھالا اور تعلیم کے تمام مراحل گھر پر ہی طے کرا دیئے۔ عارف نے دوسرے علوم و فنون کے علاوہ خط نسخ میں بھی ضروری استعداد بہم پہنچائی اور اس سلسلے میں بہادر شاہ ظفر کے استاد یاقوت رقم خاں ثانی' میر جلال الدین خوشنویس کے شاگرد ہوئے اور ان سے ایک سال کے اندر اندر استادی کی سند حاصل کر لی۔

عارف کے والد مسرور اور نانا معروف تخلص کرتے تھے۔ اس بنا پر عارف نے ابتدا ہی سے شاعری میں دلچسپی لینا شروع کی تھی۔ اس وقت دلی میں شاہ نصیر کا طوطی بولتا تھا اور ان کی سنگلاخ اور مشکل زمینیں خاص و عام سب کے لیے لمحہ فکر بنی ہوئی تھیں۔ عارف بھی ان کے تلامذہ میں شامل ہو گئے اور چند ہی دنوں کی مشق میں مطلع مہر سعادت کے عنوان سے ان کے رنگ کا ایک دیوان مرتب کر لیا۔ جب شاہ نصیر چندولال شاداں کی دعوت پر حیدر آباد چلے گئے تو عارف نے اپنا کلام غالب کو دکھانا شروع کیا۔ غالب کی کوئی اولاد زندہ نہیں رہتی تھی انہوں نے عارف کو اپنا متبنّٰی کر لیا تھا۔ انہوں نے عارف کی شعری تربیت پر ضروری توجہ ہی نہیں دی بلکہ ان کو شاہ نصیر کے رنگ سے اس قدر دور کر دیا کہ وہ اپنے سابقہ کلام کو لغو قرار دینے لگے۔

عارف نے دو نکاح کیے تھے۔ ان کی پہلی بیوی نواب احمد بخش خاں والی لوہار کی صاحبزادی نواب بیگم تھیں۔ ستوانسہ بچہ ہونے پر زچگی کے دوران ان کا انتقال ہو گیا تو عارف نے دوسرا نکاح مرزا محمد علی بیگ بخارا کی صاحبزادی بستی بیگم سے کیا۔ بستی بیگم ہی کے بطن سے ان کے دو لڑکے مرزا باقر علی خاں کامل اور مرزا حسین علی خاں پیدا ہوئے۔ جن کی پرورش غالب نے کی۔

عارف کو اپنی بیوی بستی بیگم سے بے حد محبت تھی۔ وہ اپریل ۱۸۵۱ء میں یا اس سے کچھ پہلے بیمار ہوئیں۔ غالب نے مرزا نبی بخش حقیر کو اس واقعہ کی اطلاع دیتے ہوئے لکھا ہے کہ -----

> "تین مہینہ سے کھانسی اور تپ میں گرفتار ہے۔ خدا اس پر اور اس کے بچوں پر رحم کرے اور اس کو بچا لے میں کچھ نہیں کر سکتا۔ مگر یوں سمجھو کہ اگر بچ جائے تو مردہ جیا"۔

اس خط کے چند دنوں بعد بستی بیگم کو افاقہ ہو گیا اور ان کے مرض کی صورت خطرناک نہیں رہی لیکن وہ زندہ نہیں رہ سکیں۔ مالک رام کے مطابق جنوری ۱۸۵۲ء میں درد گردہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔ عارف کو رعاف ہوا۔ رعاف میں ناک سے لہو آتا ہے مگر اس کو منہ سے لہو آیا۔ ناک سے تھوڑا' اور منہ کا کیا حال تھا گویا مشک کا دہانہ کھول دیا ہے۔ ایک ہفتہ میں خدا جھوٹ نہ بلوائے دس سیر خون نکلا' سیاہ بدبودار۔ بہرحال بستی بیگم کے انتقال نے ان کو اور بھی پست اور نڈھال کر دیا اور جلد ہی تشویشناک صورت حال تک پہنچ گئے۔ موت سے چند روز پہلے خون کی قے ہوئی۔ غالب کی عیادت کو گئے تو یہ شعر سنایا۔

آنکھوں میں دم ہے مثل چراغ سحر ہوں میں
لو لگ رہی ہے جان کو کیا انتظار ہے

عارف کا انتقال جمادی الثانی ۱۲۶۸ھ میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر صرف ۲۶ سال تھی ان کی جواں مرگی پر غالب نے اپنا مشہور مرثیہ لازم تھا کہ دیکھو میرا رستہ کوئی دن اور لکھا نساخ نے تاریخ وفات نکالی ۔

سال مرگش چوں از خرد جستم
خلد اعلیٰ مقام عارف گفت

(بزم غالب ص ۲۹۴)

(۴۷) **سر تھامس ہربرٹ میڈاک : آئی۔ سی۔ ایس**= ۱۷۹۰ء میں پیدا ہوئے۔ باپ کا نام ریونڈ تھامس میڈاک تھا۔ فری گریم سکول مانچسٹر اور بلی بری میں ۱۸۱۲ء یا ۱۸۱۳ء تک تعلیم پائی' ۱۸۱۴ء میں ہندوستان آئے' ساگر اور نربدا کی سرحدوں پر تعینات رہے۔ ۱۸۳۱ء تک بھوپال کے پولٹیکل ایجنٹ اور لکھنؤ کے ریذیڈنٹ رہے۔ ۱۸۳۱ء میں پولٹیکل آفیسر بھوپال مقرر ہوئے۔ ۱۸۳۸ء سے ۱۸۴۳ء تک قانون سیاسی' عدالتی اور مالیاتی امور میں گورنر جنرل کے سیکریٹری تھے۔ ۱۸۴۳ء سے ۱۸۴۹ء تک سپریم کونسل کے ممبر رہے۔ وہ ۱۸۴۵ء اور ۱۸۴۸ء میں ڈپٹی گورنر بنگال بھی تھے۔ ۱۸۴۹ء میں ریٹائر ہوئے اور ۱۵ جنوری ۱۸۷۰ء کو وفات پائی۔

(۴۸) **ایڈورڈ لاایلن برا گورنر جنرل :** انگلستان کے لارڈ چیف جسٹس ایڈورڈ بارون ایلن برا کے بیٹے تھے۔ ۸ ستمبر ۱۷۹۰ء کو پیدا ہوئے۔ ایٹن اور سینٹ جان کالج کیمبرج میں ۱۸۱۳ء تک تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۲۸ء سے ۱۸۳۰ء تک بورڈ آف کنٹرول کے صدر تھے۔ دسمبر ۱۸۳۴ء سے اپریل ۱۸۳۵ء تک دوسری مرتبہ اور ستمبر سے اکتوبر ۱۸۴۱ء تک تیسر بار اس نے ایلگزنڈر برنیز کو ۱۸۳۲ء میں لاہور روانہ کیا تاکہ وہ سنٹرل ایشیاء جائیں۔ اکتوبر ۱۸۴۱ء میں انہیں گورنر جنرل نامزد کیا گیا۔ وہ ۲۸ فروری ۱۸۴۲ء سے ۱۵ جون ۱۸۴۴ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔ وہ امن کی پالیسی اپنانا چاہتے تھے لیکن انھیں کبھی جنگ سے چھٹکارا نہ ملا۔ ہندوستان میں فرائض کی ادائیگی کے دوران وہ فوجی زندگی سے وابستہ رہے اور عوام میں مقبولیت حاصل نہ کر سکے۔ ۲۲ دسمبر ۱۸۷۱ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۱۳۴ و ۱۳۵)

گورنر جنرل ایلن برا کے بارے میں غالب کے دو فارسی قصیدے کلیات میں موجود ہیں :

۱۔ بہر کس شیوۂ خاصی در ایثار ست ارزانی
زمن مدح و ز لارڈ ایلن برا گنجینہ افشانی
مرا درد بست اندر دل کہ جانفرسائی آنرا
ندانم چارہ اما ایں‌قدر دانم کہ میدانی
بسان درد کاندر تنگنا برخویشتن پیچد
ستوہم در نورد تنگدستی از پریشانی
کرم می کرد لارڈ آکلینڈ از راہ غم خواری
تو نیز از را غم خواری کرم کن کز کریمانی

۲۔ اے برتر از سپہر بلند آستان تو
تو پاسبان ملک و فلک پاسبان تو
ایلن برا کہ شاہ نشان داوری بدہر
ملک و سپاہ و شاہ گدا در امان تو

پہلا قصیدہ ۲۷ اشعار کا ہے جبکہ دوسرا تین مطلعوں کے ساتھ چالیس اشعار پر مشتمل ہے۔ یہ قصیدہ دسمبر ۱۸۴۲ء کو سیدالاخبار میں شائع ہوا تھا لہٰذا گمان کیا جاتا ہے کہ اسی زمانے کا لکھا ہوا ہو گا۔ (کلیات غالب فارسی ص ۱۲۸)

(۴۹) **سرجان کاسمو میلویل :** ۱۷۹۲ء میں پیدا ہوئے۔ باپ کا نام کیپٹن فلپ میلویل تھا۔ ۱۸۰۸ء سے ایسٹ انڈیا کمپنی

کی ہوم سروس میں تھے۔ جہاں ۱۸۲۴ء میں وہ انڈین آکاؤنٹس کے آڈیٹر' ۱۸۳۴ء میں فینانس سیکریٹری' ۱۸۳۶ء میں چیف سیکرٹری مقرر ہوئے۔ ۱۸۵۸ء تک جبکہ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت تاج برطانیہ کے زیر نگین آگئی' وہ انڈین ریلوے کے ڈائرکٹر رہے۔ انھیں ۱۸۴۱ء میں ایف آر ایس اور ۱۸۵۳ء میں کے سی بی کے خطابات دیئے گئے۔ انھوں نے ۲۳ جولائی ۱۸۶۱ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۲۸۵)

(۵۰) **سرفیڈرک بارونٹ کیوری :** آئی۔ سی۔ ایس مارک کیوری کے بیٹے ۳ فروری ۱۷۹۹ء کو پیدا ہوئے چارٹر ہاؤس اور ہیلی بری میں تعلیم حاصل کر کے ۱۸۲۰ء میں ہندوستان آئے اور ۱۸۴۰ء میں شمال مغربی صوبے میں صدر عدالت کے جج کی حقیقت سے تقرر ہوا' ۱۸۴۵ء سے ۱۸۴۶ء کی پہلی خالصہ جنگ میں وہ سرہنری ہارنگ سے منسلک تھے۔ اپریل ۱۸۴۷ء سے جنوری ۱۸۴۸ء تک سپریم کونسل کے قائم مقام ممبر رہے۔ ۱۸۴۸ء میں مستعفی ہو کر لارڈ لارنس کی جگہ لاہور کے ریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ سراج گورنر ملتان کا استعفیٰ انھوں نے ہی منظور کیا۔ مارچ ۱۸۴۹ء میں سپریم کونسل کے ممبر کی جگہ حاصل کی۔ ۱۸۵۳ء میں ریٹائر ہوئے۔ ۱۸۵۴ء مین ایسٹ انڈیا کے ڈائرکٹر اور ۱۸۵۷ء میں چیئرمین بنائے گئے۔ ۱۸۷۵ میں وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۱۰۴)

(۵۱) **گورنر جنرل فیلڈ مارشل ہنری ہارڈنگ :** لاہور کے پہلے وسکاؤنٹ ۳۰ مارچ ۱۷۸۵ء کو پیدا ہوئے۔ باپ کا نام ہنری ہارڈنگ تھا۔ ۱۷۹۹ء میں فون سے وابستہ ہوئے اور رائل ملٹری کالج سے تعلیم حاصل کی اور فراغت کے بعد مختلف محاذوں پر رہے۔ ۱۸۴۵ء میں جب سکھوں نے دریائے ستلج عبور کیا تو وہ مدکی اور فیروزپور کی جنگ کے دوران ہارڈنگ سپہ سالار ثانی سے سرہیوگ گف کے ساتھ تھے۔ جنگ کے فاتح کے بعد جب ہارڈنگ نے سکھوں سے اپنی شرائط منوا لیں تو انھیں عمائدین سلطنت میں شمار کر لیا گیا۔ ۱۸۴۵ء میں وہ گورنر جنرل ہندوستان تھے۔ ۱۸۵۴ء سے ۱۸۵۶ء تک وہ افواج کے سپہ سالار بھی تھے جہاں ۱۸۵۵ء میں انھیں فیلڈمارشل کا اعزاز ملا۔ ۲۴ ستمبر۱۸۵۶ء کو وفات پائی۔ (بک لینڈ ص ۱۸۹)

جہان ستان و جہان بخش ہارڈنگ کہ ہست
شہاب رمح و فلک توسن و ہلال رکاب
زہی مزرع امید ابر دریا بار
زہی بہ مشرق فیض آفتاب عالمتاب
ستارہ روی ترا گفتہ شمع بزم مجال
سپہر رای تراخواندہ خضر راہ صواب
بہر مقام زمن چشم بود و از تو قدم
بہرخرام زمن دست بود و از تو رکاب

کلیات فارسی جلد دوم ص ۲۷۷ تا ص ۲۸۳)

(۵۲) **فیلڈ مارشل سرجارج بارونٹ پولوک :** ۴ جون ۱۷۸۶ء کو پیدا ہوئے۔ باپ کا نام ڈیوڈ پولوک تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنگال آرٹلری میں ۱۸۰۳ء میں شامل ہوئے ۱۸۰۴ء میں وہ لارڈ لیک کے زیرکمان اس فوجی دستے میں تھے جو جسونت راؤ ہلکر کے خلاف برسرپیکار تھا۔ انھوں نے نیپال کے خلاف جنگ میں ۱۸۱۴ء سے ۱۸۱۵ء تک آرٹلری کی کمان

کی۔ اسی طرح ۱۸۲۴ اور ۱۸۲۶ء کے درمیان برما وار میں بھی آرٹلری کے کمانڈار رہے۔

۱۸۳۸ء میں ضلع آگرہ کے میجر جنرل تھے۔ ۱۸۴۲ء میں افغان محاذ کی نگرانی کے لیے پشاور اور جلال آباد گئے۔ جب لارڈ ایڈمبرا نے افغانستان سے فوجوں کی واپسی کا حکم دیا تو جارج پولوک نے دستوں کو بحفاظت پہنچانے میں فعال کردار ادا کیا۔ ۱۸۴۳ء میں قائم مقام ریذیڈنٹ لکھنؤ تھے۔ ۲۰ ستمبر ۱۸۴۴ء میں ۳۱ مارچ ۱۸۴۷ء تک سپریم کونسل کے فوجی رکن تھے ۔ ۱۸۶۱ء میں فیلڈ مارشل بنائے گئے اور ۱۸۷۲ء میں فوت ہو کر ویسٹ منسٹرایبے میں دفن ہوئے۔

(۵۳) جیمس تھامسن : آئی۔ سی۔ ایس۔ ۵ مئی ۱۸۰۴ کو پیدا ہوئے۔ باپ کا نام ریورنڈ تھامس ٹروبوڈ تھا۔ سٹینڈسڈ اور ہیلی بری میں تعلیم مکمل کر کے صدر کورٹ کے رجسٹرار کے طور پر ۱۸۲۲ء میں ہندوستان آئے۔ ۱۸۳۹ء سے ۱۸۳۲ء تک حکومت کے سیکریٹری رہے۔ ۱۸۳۲ء سے ۱۸۳۷ء کے درمیاں مجسٹریٹ کلکٹر اعظم گڑھ تھے۔ ۱۸۳۷ء سے ۱۸۴۱ء تک آگرہ حکومت کے سیکرٹری ۱۸۴۱ء میں ممبر بورڈ آف ریونیو ۱۸۴۳ء سے ۱۸۴۳ء تک حکومت ہند کے سیکرٹری خارجہ اور دسمبر ۱۸۴۳ء سے ستمبر ۱۸۵۵ء تک شمال مغربی صوبے کے لیفٹیننٹ گورنر تھے۔ ۲۹ ستمبر ۱۸۵۳ء کو بریلی میں وفات پائی۔ وفات کے دن اس کا تقرر مدراس کے گورنر کی حیثیت سے ہوا تھا۔ (بک لینڈ ص ۴۲۱)

غالب ان کی مدح میں لکھتے ہیں :

هزار بار فزون گفتم و کم است هنوز
گودنری جمس طامسن مبارک باد

(کلیات فارسی جلد اول ص ۱۷۱)

(۵۴) سرہنری میرز ایلیٹ : ولد جون ایلیٹ آئی سی ایس یکم مارچ ۱۸۰۸ء کو پیدا ہوئے۔ ونچسٹر میں تعلیم پائی ۱۸۲۶ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے کھلے امتحان مقابلہ میں کامیاب ہو کر ملازمت حاصل کی اور شمال مغربی صوبے میں خدمات انجام دی۔ سیکریٹری بورد آف ریویو رہے۔ ۱۸۴۷ء میں حکومت ہند کے خارجہ سیکریٹری تھے پنجاب میں لارڈ ہاؤنگ اور لارڈ ڈلہوزی کے ساتھ رہے مسلمان مورخین کا سوانحی اشاریہ مرتب کیا۔ ۲۰ دسمبر ۱۸۵۳ء کو جبکہ وہ اپنے وطن واپس جا رہے تھے۔ فوت ہو گئے۔ ان کے بہت سارے تاریخی آثار ان کے وفات کے بعد دوسروں کے ذریعے منظر عام پر آئے۔

(۵۵) مرزا حسین علی خاں شاداں : مرزا زین العابدین عارف کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ عارف کے انتقال کے وقت ان کی عمر صرف دو سال تھی۔ جس پر غالب نے ان کو اپنا فرزند متبنی بنا لیا اور بڑے لارڈ پیار سے پرورش کی۔ غالب ایک لمحے کے لیے بھی ان کو اپنے سے جدا نہیں کرتے تھے۔ رامپور کے سفر کے دوران بھی ان کو اپنے ساتھ رکھا تھا۔

حسین علی خاں سن بلوغ کو پہنچے تو غالب نے اپنی کوششوں سے ان کی منگنی نواب احمد بخش خاں مرحوم والئی لوہارو کے حقیقی بھائی کی پوتی اور اکبر علی خاں کی بیٹی حسن جہاں بیگم سے کر دی اور اس سلسلہ میں تاریخ عقد کا تعین بھی کر دیا۔ اس کے باوجود غالب کے مالی حالات اور وسائل ایسے نہیں تھے کہ وہ اس بارگزاری سے سلامت گزر جائیں انہوں نے مالی امداد کے لیے نواب کلب علی خاں والی رامپور سے درخواست کی اور اس میں لکھا۔ "آپ کے غلام زر خرید حسین علی خاں کی منگنی ہو گئی . . . . . رجب کا مہینہ قرار پایا۔ اب میرے بڑھاپے اور مفلسی کی شرم آپ کے ہاتھ ہے۔" مغرور نواب نے اپنے باپ کے استاد کی اس درخواست کو مجمل قرار دے دیا اور ہدایت کی کہ خلاصہ مکنون خاطر

تحریر کیا جائے۔ اس سے غالب پر کیا گزری اس کا اندازہ ممکن نہیں۔ بہرحال انہوں نے یہ جبر بھی سہ لیا اور دوبارہ لکھا۔۔۔!

"مجملا یہ کہ میں در دولت کا گدائے خاک نشینؐ اور وہ (حسین علی خاں) آپ کا غلام' تفصیل یہ کہ میرے پاس نقد' جنس اسباب' املاک اور میرے گھر میں زیور زرینہ و سیمینہ کا نام و نشاں نہیں' ادھار قرض کوئی دیتا نہیں۔ آپ روپیہ عنایت فرمائیں تا کہ یہ کام سرانجام پائے۔ اور بوڑھے فقیر کی برادری میں شرم رہ جائے۔

انہوں نے اس وضاحت میں بھی نئی ڈھونڈ نکالی اور حکم دیا گیا کہ مصارف کی تعداد لکھی جائے تا کہ حکم مناسب دیا جائے۔

غالب نے ایک بار اور لکھ بھیجا۔

یہ رسم نہیں ہے کہ سائل مقدار سوال عرضکرے۔ حال مصارف شادی خاندان لکھ دیا۔ دو ڈھائی ہزار میں شادی اچھی ہو جائے گی لیکن یہ بھی ساتھ عرض کرتا ہوں کہ میرا حق خدمات اتنا نہیں کہ اتنا مانگ سکوں جو کچھ دو گے اس میں شاد کر دونگا۔ اس پر بھی نواب کا دل نہ پسیجا۔ غالب مالی امداد کی امید پر شادی کو ملتوی کرتے اور تاریخوں کو بڑھاتے رہے۔ حسین علی خاں کی سسرال والوں کی جانب سے شادی کے سخت تقاضوں کی اطلاع بھی دی کاربرآری کے لیے قصیدہ بھی لکھا لیکن کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ بالاخر اس باب میں یہ کہہ کر خاموش ہو گئے: "ناچار حسین علی خاں کی شادی سے قطع نظر کی' اب اس باب میں عرض ـدوں کیا مجال کبھی نہ کہوں گا شادی کیسی میری آبرو بچ جائے تو غنیمت ہے"۔

غالب کی زندگی میں حسین علی خاں کی شادی کا ارمان پورا نہیں ہو سکا۔ ان کے انتقال کے ایک ماہ بعد حسین علی خاں نے نواب کلب علی خاں سے اپنے تقرر کی درخواست کی۔

اس درخواست پر امتیاز علی عرشی کے قیاس کے مطابق نواب کلب علی خاں نے حسین علی خاں کو اپنے دربار کے متوسلین میں شامل کر لیا اور پچیس روپے ماہوار مقرر کر دیئے۔ مولوی بشیرالدین دہلوی کے بیان کے مطابق حسین علی خاں کو لاہور سے پہلے تیس اور بعد میں ساٹھ روپے ملنے لگے۔ لالہ سریرام اور مالک رام نے بھی کسی جواز کے بغیر اسی بات کا اعادہ کیا ہے لالہ سریرام کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ حسین علی خاں کا اپنے بڑے بھائی مرزا باقر علی خاں کی موت کے صدمے سے دماغی توازن بگڑ گیا تھا۔ اور وہ آخر زمانے میں مالی خولیا کا شکار ہو گئے تھے اور یہ فرض کر لیا تھا کہ شاعر کے لیے دبلا ہونا بہت ضروری ہے۔ اس وہم نے صورتحال یہاں تک پہنچا دی کہ پانی اور غذا کا استعمال بھی کم کر دیا۔ حکیم رضا خاں نے ایک خمیرہ کا نسخہ لکھ کر دیا تھا۔ جب بھی پیسے ہوتے' بازار جا کر اسے خریدتے اور کھاتے تھے۔ غذا اور پانی کے بغیر زندگی کہاں تک وفا کرتی' نقاہت اور کمزوری نے طول کھینچا اور یکم شوال ۱۲۹۶ھ کو تیس سال کی عمر میں چل بسے۔ نساخ نے "شاداں فرخ نماد" سے ان کی تاریخ وفات نکالی ہے۔ (غالب ص ۲۱۲ تا ۲۱۴)

(۵۶) سرڈونلڈ فریر میکلوڈ: لیفٹیننٹ گورنر' لیفٹیننٹ جنرل ڈنکن میکلوڈ کے فرزند تھے۔ ۶ مئی ۱۸۱۰ء کو فورٹ ولیم کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ ایڈمبرا ہائی سکول ڈلوچ پٹنی اور ہیلی بری میں تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۲۸ء میں بنگال آئے۔ اس صوبے سے اپنی ملازمت کا آغاز کیا۔ ۱۸۳۱ سے ۱۸۴۹ء تک مساک نربدا کے علاقوں اور بنارس میں کام کیا ۱۸۴۹ء میں جالندھر کے کمشنر مقرر ہوئے۔ ۱۸۵۴ء میں جوڈیشنل کمشنر پنجاب بنائے گئے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے دوران لاہور میں تعینات تھے۔ ۱۸۶۵ سے ۱۸۷۰ء تک لیفٹیننٹ گورنر پنجاب تھے۔ ان کی شان میں میرزا غالب کا قصیدہ موود ہے جس کا مطلع

ہے۔

کرتا ہے روز چرخ بصد گونہ احترام
فرمانروائے کشور پنجاب کو سلام

اور جم رتبہ میکلوڈ بہادر کہہ کر ان کی عظمت کا اعتراف کیا گیا ہے۔ وہ سندھ پنجاب اور دہلی ریلوے کے چیئرمین بھی رہے۔ ڈونل میکلوڈ لندن میں زیرزمین ریلوے کے حادثے میں ۲۸ نومبر ۱۸۷۲ء کو فوت ہوئے۔ (بک لینڈ ص ۲۸۱)

ان کی مدح میں غالب کے متعدد اشعار موجود ہیں۔ ایک فارسی قطعہ یوں ہے :

بزم نواب جم ، حشم میکلوڈ
بوستانیست پر ز نعمت و ناز
وندر آن بزم گاہ گسترده
اطلس چرخ جای پا انداز
در فیفش بسان آئینہ
مانده ہموار بر رخ ہمہ باز
آمدم تا بہ پیش وی نالم
از جفای زمانہ ناساز

(کلیات غالب فارسی جلد اول ص ۲۰۵، ۲۰۶)

(۵۷) ڈاکٹر گوٹلیب ولہلم لائٹنر : ۱۸۳۰ء میں بوڈاپسٹ (ہنگری) میں پیدا ہوئے۔ تعلیم پروٹسٹنٹ کالج مالٹا میں کنگز کالج میں عربی زبان و ادب اور قانون اسلامی کے استاد مقرر ہوئے۔ ۱۸۶۲ء میں فرائی برگ سے ایم۔ اے اور پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۸۶۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور کے پہلے پرنسپل مقرر ہوئے۔ ۱۸۶۵ء میں انجمن پنجاب قائم کی۔ جس نے یہاں کے لوگوں کی ذہنی بیداری میں اہم کردار ادا کیا۔ انجمن کی اورینٹل یونیورسٹی کی تحریک کے نتیجے میں ۷۰۔ ۱۸۶۹ء کے دوران میں پنجاب یونیورسٹی اور اورینٹل کالج کی بنیاد پڑی۔ اورینٹل کالج کے پہلے پرنسپل مقرر ہوئے۔ ۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی نے ڈی۔ او۔ ایل کی ڈگری عطا کی۔ زبان دان اور زبان شناس تھے اور مشرق و مغرب کی پچیس زبانوں میں گفتگو پر قادر تھے۔ یونیورسٹی میں انہی کی کوششوں سے مشرقی زبانوں کے فروغ کو بنیادی اہمیت دی گئی۔ ۱۸۸۷ء میں اورینٹل کالج اور گورنمنٹ کالج کے پرنسپل کے عہدوں سے سبکدوش ہوئے۔ انگلستان واپسی پر ووکنگ میں رائل ڈرامیٹک کالج کی عمارت حاصل کر کے اسے اورینٹل انسٹیٹیوٹ میں تبدیل کیا۔ ۱۸۹۰ء میں سہ ماہی مجلّہ "دی ایشیاٹک کوارٹرلی ریویو" جاری کیا۔ ۲۲ مارچ ۱۸۹۹ء کو برلن (جرمنی) میں وفات پائی۔ گیارہ کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سے بیشتر کا تعلق لسانیات سے ہے۔ (زندگی نامہ، ص ۱۲۸ ۔ ۱۲۹)

(۵۸) نوبین چندر رائے : انجمن پنجاب کے رکن، مولانا محمد حسین آزاد وغیرہ کے دوستوں میں سے تھے۔

(۵۹) شیخ فیروز الدین : انجمن پنجاب کے رکن تھے۔ تفصیلی حالات فی الحال دسترس میں نہیں۔

(۶۰) میجر آے۔ آر۔ فلر: ناظم تعلیمات پنجاب، متعدد کتابوں کے مصنف اور معروف شخصیت۔

(۶۱) مولوی کریم الدین: محکمہ تعلیم پنجاب کے انسپکٹر مدارس۔ متعدد کتابوں کے مصنف۔ پنجاب کے تعلیمی تذکروں مقالات گارساں دتاسی میں ذکر موجود ہے۔

(۶۲) مولوی علمدار حسین: ممتاز شیعہ عالم دین اور پنجاب کی نامور شخصیت تھے۔

(۶۳) سر ڈینس فٹز پیٹرک (Fitzpatric Sir Dennis): ۲۶ اگست ۱۸۳۷ء کو پیدا ہوئے۔ ٹرنٹی کالج ڈبلن میں تعلیم پائی۔ ۱۸۵۸ء میں آئی۔ سی۔ ایس (انڈین سول سروس) کے امتحان میں کامیاب ہوئے۔ ۱۸۵۹ء میں دہلی میں اسٹنٹ مجسٹریٹ مقرر ہوئے۔ ۱۸۷۴ء سے ۱۸۷۶ء تک حکومت ہند کے محکمہ، قانون سازی میں ڈپٹی سیکرٹری رہے۔ ۷۷-۱۸۷۶ میں پنجاب چیف کورٹ کے جج مقرر ہوئے۔ ۱۸۸۵ء کے اواخر میں سی۔ پی کے چیف کمشنر کا عہدہ ملا۔ ۱۸۸۷ء میں یکے بعد دیگرے میسور کے ساتھ ریذیڈنٹ، کورگ کے چیف کمشنر اور پھر آسام کے چیف کمشنر بنائے گئے۔ ۱۸۸۹ء میں حیدر آباد دکن کے ریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ ۱۸۹۲ء میں پنجاب کے لیفٹیننٹ گورنر کا عہدہ ملا۔ ۱۸۹۷ء میں ملازمت سے سبکدوش ہونے کے فوراً بعد کونسل آف انڈیا کے ممبر بنائے گئے اور ۱۸۰۱ میں اس کے نائب صدر مقرر ہوئے۔ ۱۸۸۷ء میں سی۔ ایس۔ آئی، ۱۸۹۰ء میں کے۔ سی۔ ایس۔ آئی اور ۱۹۱۱ء میں جی۔ سی۔ ایس۔ آئی کے خطابات عطا ہوئے۔ ۲۰ فروری ۱۹۲۰ء کو لندن میں انتقال کر گئے۔ (زندگی نامہ ص ۴)

(۶۴) کرنل ڈبلیو آر۔ ایم۔ ہالرائیڈ: محکمہ تعلیمات پنجاب کے ناظم تھے۔ پنجاب میں اردو کی ترویج کے لیے انتھک کوشش کی۔ ۱۸۶۹ء میں ان کی کتاب رسوم ہند شائع ہوئی۔ ۱۸۹۰ء میں محکمہ تعلیم کی نظامت سے سبکدوش ہو گئے۔ (اردو جامع انسائیکلوپیڈیا ص ۱۸۳۷ء مدیر اعلیٰ مولانا حامد علی خاں ناشر: غلام علی اینڈ سنز، لاہور ۱۹۸۸ء)

(۶۵) سر چارلس امفرسٹن ایچیسن (Aitchison Sir Charles Umpherston): مئی ۱۸۳۲ء میں پیدا ہوئے۔ ایڈنبرا یونیورسٹی میں تعلیم پائی۔ سول سروس کے امتحان میں کامیاب ہو کر ۱۸۵۶ء میں برصغیر میں پہنچے۔ ۶۵ - ۱۸۵۹ء کے دوران میں حکومت ہند کے محکمہ خارجہ میں انڈر سکرٹری رہے۔ ۸۰ - ۱۸۷۸ء تک پنجاب کے لیفٹیننٹ گورنر رہے۔ بہ حیثیت عہدہ پنجاب یونیورسٹی کے پہلے چانسلر بننے کا اعزاز حاصل ہے۔ ۸۸ - ۱۸۸۷ء میں سپریم کونسل کے رکن اور پبلک سروس کمشن کے صدر رہے۔ ایڈنبرا یونیورسٹی سے ایل ایل ڈی کی ڈگری ملی۔ ۱۸۸۱ء میں سی - آئی - ای اور ۱۸۸۲ء میں کے - سی - آئی کا خطاب عطا ہوا۔ سوانحی اور تاریخی نوعیت کی تین کتابوں کے مصنف ہیں۔ سال انتقال ۱۸۹۶ء ہے۔ (زندگی نامہ ص ۱)

ماخذ و منابع (مقدمہ و حواشی)

۱۔ کلیات غالب فارسی (جلد اول) مرتبہ مرتضیٰ حسین فاضل، مجلس ترقی ادب لاہور ۱۹۶۷ء

۲۔ کلیات غالب فارسی (جلد دوم) مرتبہ مرتضیٰ حسین فاضل، مجلس ترقی ادب لاہور ۱۹۶۷ء

۳۔ ڈکشنری آف انڈین بائیو گرافی : بک لینڈ : سنگ میل، لاہور

۴۔ باغ دو در مرتبہ : سید وزیر الحسن عابدی، مجلس یادگار غالب لاہور، ۱۹۶۹ء

۵۔ اوراق معانی (ترجمہ پنج آہنگ) : ڈاکٹر کنور احمد علوی، اردو اکادمی دہلی، ۱۹۹۲ء

۶۔ اسرار الغالب : صاحبزادہ ناصر الدین احمد خاں، دہلی ۱۹۶۹ء

۷۔ یادگار غالب : الطاف حسین حالی، مجلس ترقی ادب لاہور

۸۔ خطوط غالب (مقالہ) : ڈاکٹر خلیق انجم، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی ۱۹۹۵ء

۹۔ غالب : مولانا غلام رسول مہر، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور

۱۰۔ حیات غالب : شیخ محمد اکرام : مکتبہ جامعہ، دہلی اکتوبر، ۱۹۷۷ء

۱۱۔ فسانہ غالب : مالک رام : مکتبہ جامعہ دہلی اکتوبر، ۱۹۵۰ء

۱۲۔ فسانہ غالب : مالک رام، مکتبہ جامعہ دہلی، ۱۹۷۷ء

۱۳۔ بزم غالب : عبدالرؤف عروج، یادگار غالب کراچی، مارچ ۱۹۶۹ء

۱۴۔ دود چراغ محفل : سید حسام الدین راشدی، یادگار غالب، کراچی، مارچ ۱۹۶۹ء

۱۵۔ غالب اور عصر غالب : ڈاکٹر محمد ایوب قادری، غضنفر اکیڈمی کراچی ۱۹۸۲ء

۱۶۔ تلامذہ غالب : مالک رام مکتبہ جامعہ دہلی ۱۹۸۲ء

۱۷۔ آثار غالب : قاضی عبدالودود، علی گڑھ میگزین ۱۹۴۸ء

۱۸۔ زندگی نامہ : ڈاکٹر عبدالشکور احسن : ادارہ تحقیقات پاکستان لاہور، ۱۹۸۳ء

۱۹۔ غالب اور آہنگ غالب : ڈاکٹر یوسف حسین خان، غالب اکیڈمی نئی دہلی، ۱۹۷۱ء

۲۰۔ اختر حسن : چراغ دیر (مقدمہ)، انڈین لینگو یجز فورم، حیدر آباد

۲۱۔ حیات غالب کا ایک باب : ملک حسن اختر، مکتبہ عالیہ لاہور ۱۹۸۷ء

۲۲۔ جاگیر غالب : پرتھوی چندر، مرتبہ ڈاکٹر سید معین الرحمٰن، مکتبہ کاروان لاہور ۱۹۹۴ء

۲۳۔ جاگیر غالب : پرتھوی چندر، مرتبہ پروفیسر لطیف الزمان، ماہنامہ سورج لاہور

۲۴۔ مطالعہ غالب : ڈاکٹر گوہر نوشاہی، مکتبہ عالیہ لاہور

۲۵۔ غالب کا مقدمہ پنشن : انیس ناگی، القمر انٹر پرائزز لاہور ۱۹۹۶ء

۲۶۔ غالب نامہ : شمارہ جولائی ۱۹۸۲ء تا جنوری ۱۹۹۵ء

۲۷۔ اردو جامع انسائیکلو پیڈیا : چیف ایڈیٹر مولانا حامد علی خاں، غلام علی اینڈ سنز لاہور۔

الفاظ نامہ

عدالت عالیہ (عربی فارسی) : مجلس اعلیٰ، انجمن اعلیٰ، سپریم کونسل

عالیہ (عربی) : اعلیٰ، بلند دیکھیے عدالت اور کونسل

عملہ (عربی) (عامل بمعنی افسر کی جمع) : عدالت انصاف یا عدالت مالگزاری کے افسران جو جج یا افسر محاصل کے ماتحت ہوں۔

نوٹ : انگریزی گلاسری کے مرتب نے اس لفظ کے معنی محدود کر دیے ہیں۔ اس کے اصل معانی کسی محکمہ کے ملازم، دفتر کے ملازم، کارکن لوگ اور اہلکار ہیں۔

عرضداشت : (عربی فارسی) : دعویٰ، خطاب، یادداشت، کوئی مؤدبانہ گزارش یا ترجمانی چاہے وہ زبانی ہو یا تحریری۔

ایمہ : (عربی، یہ لفظ عربی نہیں بلکہ ترکی ہے انگریزی گلاسری کے مرتب کو غلط فہمی ہوئی انھوں نے ائمہ جو امام کی جمع سمجھ کر اسے عربی گردانا ہے) مغل حکومت کی طرف سے خیراتی یا اسلام سے متعلق مذہبی مقاصد کے لیے عطا کردہ جاگیر جس پر لگان یا تو بالکل معاف ہو یا اس پر معمولی سا مقررہ لگان مقرر ہو، سرکار برطانیہ نے ایسی جاگیروں کو تسلیم کیا اور انھیں موروثی اور قابل انتقال قرار دیا۔

بندوبست (فارسی) : محاصل کا تصفیہ جو کسی زمیندار کی طرف سے واجب الادا ہوں حکومت کا لگان دار یا مزارعہ

نوٹ : انگریزی گلاسری میں جو پہلے معانی درج کیے گئے ہیں وہ صحیح ہیں باقی معانی غلط ہیں اس کے صحیح معانی یہ ہیں : انتظام و انصرام، ضابطہ، سلیقہ، تجویز، تدبیر زمین کی حد بندی اور نظام مال گزاری۔

بارگیر (فارسی) : ایسا اسپ سوار جسے گھوڑا حکومت کی طرف سے یا اس سردار کی طرف سے جس کے ہاں ملازم ہے فراہم کیا گیا ہو۔ سائیس۔

بستہ (فارسی) : مسل، کاغذات کا پلندا، جزدان۔

قانون گو فارسی) : لغوی معانی قانون کا شارح لیکن برصغیر پاک و ہند میں یہ لفظ گاؤں یا ضلع کے افسر محاصل کے لیے استعمال ہوتا ہے،

نوٹ : انگریزی گلاسری کے مرتب نے لغوی معانی تو صحیح تحریر کیے ہیں مگر عمومی معانی میں مغالطے کا شکار ہو گئے ہیں یہ دراصل پٹواریوں کے ایک حلقے کا افسر ہوتا ہے اور اس مخصوص علاقے کی زمینوں کا بندوبست اس کے پاس ہوتا ہے۔ ایک تحصیل یا ضلع میں کئی قانون گو ہو سکتے ہیں۔

ہوتا ہے۔ ایک تحصیل یا ضلع میں کئی قانون گو ہو سکتے ہیں۔
چٹھی (ہندی) : خط، مختصر خط، رقعہ، یادداشت، مراسلہ، کوئی یادداشت یا مراسلہ جس میں کوئی حکم یا فرمان جاری کیا گیا ہو۔
چودھری (ہندی) : (لغوی معنوی چار کا حامل شاید حصص یا منافع) کسی پیشہ یا حرفہ کا سربراہ کسی گاؤں کا سربراہ، حامل زمین جو زمینداروں کے زمرے میں آتے ہیں۔
کونسل عالیہ : (انگریزی لفظ کونسل اور عربی و فارسی لفظ عالیہ کا مرکب جس میں زیر بطور اضافت لگا کر لفظ بنایا گیا ہے) مجلس اعلیٰ، عدالت عالیہ، سپریم کونسل۔
کوڑی (ہندی) : سب سے کم مالیت کا سکہ۔
دفترخانہ (فارسی) : سرکاری ریکارڈ کا دفتر۔
دربار (فارسی) : بادشاہ کے درباری یا خدم و چشم کی مجلس، شاہی عدالت۔
فصل ربیع (عربی) (فصل + ربیع) : ربیع کی فصل، جو فصل سردیوں میں بوئی جاتی اور گرمیوں میں برداشت کی جاتی ہے۔
فدوی (عربی) : جان نثار، قربان ہونے والا، بندہ، عاجز، خاکسار، عاجزی کے لیے استعمال ہونے والا اصطلاح۔
فصلانہ (عربی) : پیداوار یا فصل سے متعلق، وہ رقم یا جنس جو فصل تیار ہونے پر حکومت یا کسی اور شخص کو ادا کی جائے۔
فصلی (عربی) : فصل یا پیداوار سے متعلق،
فصلی سال، فصلی سال ۱۲۳۲-۱۲۴۱ بمطابق ۱۸۲۹-۱۸۳۲ سال عیسوی۔ فصلی سال در اصل مغل شہنشاہ اکبر اعظم سے منسوب ہے جس نے برصغیر پاک و ہند پر ۱۵۵۶ء سے ۱۶۰۵ء تک حکومت کی۔ اس کے حکم پر بکرمی سال ۱۶۱۲ بمطابق ۹۶۳ ہجری (۱۵۵۵ء) کو جبراً ۹۶۳ سال فصلی قرار دیا گیا۔
استمراری (عربی) : دوامی، ہمیشہ کے لیے۔
استمرار (عربی) : ہمیشگی، دوام، کوئی زمین یا پٹہ جو حکومت یا زمیندار کی طرف سے دواماً عطا کیا جائے۔
استمرار دار (عربی فارسی) : حامل استمرار، جسے زمین یا پٹہ دیا گیا ہو۔
جاگیر (فارسی) : محاصل کی تفویض، وہ گاؤں یا زمین جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے عطا کی جائے۔
جاگیردار (فارسی) : جاگیر کی معافی/جاگیر رکھنے والا، حامل جاگیر۔
جائیداد (فارسی) : ملکیت، زمین پر مشتمل ملکیت، مال و اسباب، جاگیر، پونجی، اثاثہ، پیدوار۔
خام (فارسی) : کچا، ناپختہ، ان پکا، بطور محاصل اس اصطلاح سے مراد مجموعی محاصل (کٹوتی سے قبل) ہیں۔ یہ کسی گاؤں یا تصفیہ شدہ جائیداد سے جو کسی تیسرے شخص یا زمیندار کی مداخلت کے بغیر طے کیے گئے خالص محاصل سے ممیز ہیں۔
قلعہ دار شپ (عربی، فارسی قلعہ دار اور انگریزی شپ کا مرکب) کسی قلعہ کے گورنر یا کمانڈر کا عہدہ۔

قسط (عربی) حصہ، جز، ٹکڑا، وہ رقم جو حسب معاہدہ تھوڑی تھوڑی کر کے ادا کی جائے۔
معافی (عربی و فارسی) : بخشش، رہائی، نجات، عفو، وہ زمین یا جائیداد جس پر لگان معاف ہو، یہ اصطلاح ایسی زمینوں اور زمینداروں کے لیے استعمال ہوتی ہے جن پر کسی بھی قسم کا ٹیکس یا لگان وغیرہ نہیں ہوتا۔ ایسی جائیداد دوامی ہوتی ہے اور نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہے۔
مسل (مثل (عربی) فائل : ایک ہی قسم یا ایک ہی موضوعات پر مشتمل کاغذات جو اکٹھے منسلک ہوں۔ روداد مقدمہ۔
مقرری (عربی) : تقرر یا لگان۔ مقررہ لگان سے متعلق۔ یہ اصطلاح ایسی جائیداد/جاگیر کے لیے استعمال کی جاتی ہے جس پر حکومت یا مالک کو مقررہ لگان دیا جاتا ہے۔
مختار (عربی) : ایجنٹ، گماشتہ، یا مُیب، مُیم، مجاز، اختیار دیا گیا، ایک قسم کا وکیل، نمائندہ۔
مختاری (عربی) : مختار کا پیشہ امام، سربراہی، ترجمانی، نمائندگی۔
محال (عربی) : کسی تعلقہ یا ضلع کا حصہ جس پر علیحدہ مال گزاری کی تشخیص ہو۔ وہ جائیداد غیرمنقولہ جس میں بہت سی پٹیاں ہوں، اور ان کے محاصل کی علیحدہ علیحدہ تشخیص کی جائے۔
مقدم (عربی) : (سردار، راہنما) کسی گاؤں یا کارپوریشن کا سربراہ، نمبردار، سرکردہ، چودھری۔
متعلقین (عربی) : متوسلین، اہل خانہ، بال بچے، نوکر چاکر۔
متصدی (عربی) : کلرک، منشی، دیوان، محاسب، جمع خرچ نویس۔ محرر، کاتب، نائب، گماشتہ، منتظم، ذمہ دار، کفیل۔
نواب (عربی (نائب بمعنی نائب السلطنت، نائب مختار مگر ترکیبات میں بطور واحد استعمال ہوتا ہے اور قابل عزت لفظ ہے)) : گورنر یا نائب، سلطنت شہر یا علاقے کا سردار، صوبہ دار، ناظم، عہد مغلیہ کا ایک خطاب۔
پالکی (ہندی) : ایک قسم کی ڈولی، محافہ، فنس، ایک قسم کی ڈولی جو کہار اٹھاتے ہیں۔
پروانہ (فارسی) : حکم، تحریری حکمنامہ، حاکم مجاز کی جانب سے ماتحت کو دیا گیا حکم، فرمان، پرمٹ، اجازت نامہ۔
پن ارتھ (ہندی، پن ارتھ بھی تلفظ کیا جاتا ہے پن/پن اور اورتھ کا مرکب) : پن یا پن ایک بہت بڑے حصے جیسے کسی مشترکہ گاؤں کا چوتھائی یا آدھا اور اس کی زمینیں جن کا سردار یا مقدم علیحدہ ہو۔ کچھ مقامات پر اس زمین کی طبقہ کے اراکین درمیان تقسیم نو کی جاتی ہے۔ جیسے برطانوی دور ہندوستان کے شمال مغربی صوبہ جات میں کیا گیا۔ ارتھ کا مطلب ہے دولت، زر، پن ارتھ ایسی زمینوں پر لگائے گئے لگان یا محصل کو کہتے ہیں۔
رسالہ (عربی) : گھوڑوں پر مشتمل دستہ، اسپ سواروں پر مشتمل دستہ۔
صدر (عربی) : (صدر کا مطلب عدالت صدر ہے یعنی عدالت اور صدر کے درمیان اضافت ہے) حتمی فیصلہ کرنے کی عدالت، عدالت عالیہ یا سپریم کونسل، صدر عدالت، سب سے بڑی عدالت۔
سائر (عربی) : لگان زمین کے علاوہ بقیہ یا دیگر تمام ذرائع، در آمدات، آبکاری، کسٹم، لائسنس فیس گھریلو ٹیکس نقل و حمل کے ٹیکس سے حاصل ہونے والے محاصل جو حکومت یا کسی شخص کو واجب الادا ہوں۔

سند (عربی) : دستاویز، تمسک، تصدیق نامہ، منظوری، عطیہ، اجازت نامہ، ڈپلومہ، ایسی دستاویز جس کے ذریعے کسی شخص کو اس کی خدمات کے متعلق معاوضہ، لقب، سہولیات، عہدوں وغیرہ سے متعلق آگاہ کیا جائے۔

شقہ (عربی) : شاہی فرمان، حاکم اعلیٰ کی طرف سے فرمان، وہ رقعہ یا حکم جو بادشاہ یا بڑے بڑے امیر اپنے سے کم مرتبہ حاکموں یا امیروں کو لکھیں۔

سکہ (عربی) : سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے۔

صوبہ (عربی) : ریاست یا ملک کا وہ حصہ جس میں بہت سے اضلاع شامل ہوں۔ مغل سلطنت کی سب سے بڑی انتظامی وحدت مثلاً اودھ، بنگال، بہار وغیرہ۔ مرہٹوں کی سلطنت میں بعض اوقات یہ نسبتاً" چھوٹی وحدت کے لیے استعمال ہوتا تھا جس میں پانچ سے آٹھ طرف ہوتے تھے۔ (دیکھیے طرف۔) صوبہ آگرہ میں دو پرگنے شامل تھے۔

صوبہ داری (عربی فارسی) : صوبہ دار یا گورنر کا عہدہ۔

سرکار (فارسی) : حکومت، سلطنت، مقتدر اعلیٰ۔ صوبہ کی انتظامی وحدت جس میں کئی پرگنے شامل ہوں۔

سوار (فارسی) : گھڑسوار، رسالے کا ملازم، سواری پر بیٹھا ہوا۔

تعدد خام (عربی فارسی) : جملہ حسابات، مجموعی شمار، دیکھیے خام۔

تنخواہ (فارسی) : مشاہرہ، مقتدر اعلیٰ یا حکومت کی جانب سے کسی علاقے کے محصولات سے کسی کو مختص رقم ادا کرنے کی تعیین، مزدوری، وظیفہ، معاوضہ نوکری کا صلہ۔ پنشن، گریجوایٹی، عطیہ

طرف (عربی) : لغوی معنی جانب، سمت، حصہ، کسی ملک یا پرگنہ کی انتظامی وحدت جس میں بہت سے گاؤں شامل ہوں۔ کچھ مقامات پر یہ لفظ ایسی زمینوں یا جاگیروں کے لیے استعمال ہوتا ہے جو ایک ہی آدمی کی ملکیت ہوں اور اس کے نام سے منسوب ہوں۔

وگھاروا (مرہٹی، گجراتی، اردو، سنسکرت کے لفظ وگوری بمعنی جال اور وگاری کا مرکب ہے اس ذات یا فرد کے لیے استعمال ہوتا ہے جن کا پیشہ جنگلی درندوں کو پھندا ڈال کر پکڑنا ہوتا ہے) : ایک محصول جو جنگل درندوں کا شکار کرنے اور انھیں پکڑنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

وکیل (عربی) : کسی دوسری کی ترجمانی کرنے والا شخص یا مختار، نائب، قائم مقام، وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے، سفیر، ایجنٹ عدالت قانون میں کسی کی قانونی پیروی کرنے والا۔

زمیندار (فارسی) : زمین کا مالک، وہ شخص جو زمینوں کا مالک ہو۔

زمینداران (فارسی) : زمیندار کی جمع۔

ضلع : ملک کا حصہ جو کسی ڈپٹی کمشنر یا ڈپٹی کلکٹر کے ماتحت ہو۔

(ترجمہ : قاضی محمد عزیز الرحمٰن عاصم)

of Oriental studies, and the promotion of the acquisition of Western knowledge through the veranacular Sir John Lawrence called him "cunctator" he died from the effects of an accident on the London Underground Railway, Nov 28, 1872 (D.I B P 281)

27. **LEITNER, GOTTLIEB WILHELM (1840 - 1899)** Born in Budapest. 1840 son of a physician to Turkey. 1847 educated at Malta Protestant College at 15 was appointed Chief Interpreter to H M.'s Commissionariat in the crimean war. with rank of Colonel attended the Muhammadan Theological School at Constantinople entered at King's College London. 1858· appointed there. 1861. Professor of Arabic and Muhammadan Law M R A S , 1861 M A and Ph D Freiburg, 1862 Principal of the Government College, Lahore. 1864 founded the Anjuman-e-Punjab worked for the foundation of the Panjab University organised many schools, free libraries. literary Societies and Journals in India Registrar of the Lahore University College explored among, studied, and wrote on. the wild tribes of the N W frontier, Dards, Hanizas, etc. establishmed the Journal *Indian Public Opinion* collected information on the origins of Indian art. and specimens of Graeco-Buddhistic art claimed, to be the originator of the title Kaisar-I-Hind retired. 1887 acquired the Royal Dramatic College at Woking. and adapted it to on oriental Institute there published *Languages and Races of Dardistan The Language and People of Hanza* and many works on education. philogoy, trade, dialects, etc. spoke, read, and wrote 25 languages edited the *Asiatic Quarterly Review* from Jan 1890 died at Bonn. March 22, 1899 : Ph.D. : LL.D. : D.O.L., 1882. (D.I.B. P. 249.)

28. **FITZPATRICK, SIR DENNIS (1837-)** I.C S. : born 1837 , educated at Trinity College, Dublin entered the Indian Civil Service called to the bar from the Inner Temple acted as Judge of the Panjab Chief Court, 1879-7 was Secretary to the Government of India in the Legislative Department, 1877-85 , Secretary in the Home Department, 1885 acting Chief Commissioner of the Central Provinces 1885-87 Acting Resident in Mysore Chief Commissioner of Assam Resident at Hyderabad Lieutenant-Governor of the Panjab, 1892-7 Member of the Council of India since 1897 K C S I 1890. (D.I.B. P. 147.)

29. **AITCHISON, SIR CHARLES UMPHERSTON** (1832 - 1896) I C S born May 20, 1832, son of Hugh Aitchison, of Edinburgh educated at the High School and University there and at the University of Halle passed in the first competitive examination, while Haileybury was being abolished arrived in India in 1856 he narrowly escaped the massacre of Europeans at Hissar in 1857 was Undr Secretary in the Foreign Department of the Government of India, 1859-65, and, after some executive work, was Foreign Secretary, 1868-78. Sharing, as he did, the views of Lord Lawrence on questions of Central Asian and Afghan policy, he was strongly opposed to the meassures which led to the second Afghan War of 1878-80 He was Chief Commissioner of British Burma from March, 1878, to July, 1880, Lieutenant-Government of the Panjab, 1882-87 , Member of the Supreme Council from April, 1887, to Nov 1888 also President of the important Public Service Commission in 1887-88 K C S I in 1881, C I E in 1882 also LL D of Edinburgh an honorary M A of Oxford He compiled the first edition of the *Treaties Engagements and Sunnuds,* and authoritative work of reference, always quoted under his name Wrotes also *The Native States of Indai* and *Lord Lawrence* in the Rulers of India series he died at Oxford Feb, 18, 1896 (D I B P 8)

24. HARDINGE, HENRY, FIRST VISCOUNT, OF LAHORE (1785 - 1856) Governor-General Field Marshal born March 30, 1785 son of Rev Henry Hardinge entered the Army in 1799 went through the Royal Military College at High Wycombe, 1806-7 through the Peninsular war, first as D A Q M G , afterwards with the Portuguese Army present in a number of battles several times wounded K C B in 1815 lost an arm at Quatre Bras Commissioner with the Prussians in France, 1818 D C L of Oxford M P 1820-44, for Durham Newport and Launceston Secretary at War, 1818 30 and 1841-4 Irish Secretary in 1830, and 1834-5 Lt General in 1841 G C B in 1844 was Governor-General of India from July, 1844, to Jan 1848 the first to go out overland The Punjab being in a state of anarchy since Ranjit Singh's death in 1839, and the Sikh *Khalasa* army dominant, Hardinge strengthened the Satlaj frontier with troops when the Sikhs crossed the Satlaj they were defeated at Mudki and Firozshahi in Dec 1845, and in Feb 1846, at Sobraon, Hardinge serving as second in command under Sir Hugh Gough, the C in C On peace being made on terms dictated to the Sikhs, Hardinge received a Peerage, and pensions from Parliament and the E I Co Kashmir was annexed and made over to the Raja of Jammu for a large sum a British Resident (Sir H Lawrence), at Lahore, was appointed On returing from India he claimed to have left it in complete peace Hardinge also left his mark on the internal administration of India he established schools prohibited Sunday work in Government offices promoted railways and irrigation determined important military questions, both in the native and the European armies His equestrian statue was subsequently erected in Calcutta He was made Master-General of the Ordinance in 1852, and was C in C of the Forces, 1852-6 Field Marshal in 1855: died Sep. 24, 1856. (D.I.B. p. 189)

25. ELLIOT, SIR HENRY MIERS (1808 - 1853) ICS son of John Elliot born March 1, 1808 educated at Winchester gained his appointment to the E I. Co.'s Civil Service by open competition, 1826 served in the N W P Secretary to the Board of Revenue Foreign Secretary to the Government of India, 1847· accompained Lord Hardinge and Lord Dalhousie to the Punjab· negotiated the treaty with the Sikhs, 1849 K.C.B. brought out the first volume of a *Bibliographical Index to the Historians of Muhammadan India* his materials for *The History of India as told by its own Historians*, were edited after his death by Professor John Dowson *(q v)* and Sir E C Bayley, *(q v)* his *Memoirs of the History Folklore and Distribution of the Races of the N W P* were edited by Mr J. Beames *(q v)* he died at the Cape of Good Hope on his way home, Dec 20, 1853. A mural tablet in St Paul's Cathedral at Calcutta, testifies to his remarkable abilities and attainments, his manly rectitude of conduct, his gentle disposition and noble qualities He (like Augustus Cleveland) *(q v)* was called by Sir W W Hunter *the dulce decus* of the Bengal Civil Service. D.I.B. p - 135).

26. McLEOD, SIR DONALD FRIELL (1810 - 1872) Lieutenant-Governor . son of Lt General Duncan McLeod born May 6, 1810, at Fort William, Calcutta educated at Edinburgh High School, Dulwich, Putney, and Haileybury , arrived in Bengal in 1828, commencing his career in that province in the Sagar and Nerbudda territories and Benares, 1831-49 Commissioner of Jalandhar, 1849 Judicial Commissioner of 1854 Punjab was at Lahore during the mutiny of 1857 , C B Lieutenant-Governor of the Punjab, 1865-70 K C S I in 1866 Chairman of the Sind, Panjab and Delhi Raiway, he had pronounced religious opinions and was a philanthropist established the Panjab University, and had warm syspathy with the people he advocated a greater encouragement

